(۳) وحشی لوگ جو جنگلوں اور پہاڑوں اور ویرانوں میں غیر متمدن زندگی بسر کرتے تھے اور جنہیں حضرت سلیمان نے تابع کرر کھا تھا ۔
● وحشر لسلیمان جنوده من الجن والانس ۔۔۔ [س ۲۷ : ۱۷
● و من الجن من یعمل بین یدیه باذن ربه ۔۔۔ یعملون له ما یشاء من محاریب وتماثیل و جفان کالجواب وقدور راسیات [س ۳۴ : ۱۲ و ۱۳
= کتاب عہد عتیق سلاطین (۱) باب ۵ وکتاب سموایل (۲) باب ۵ آیت ۱۱
● فلما قضینا علیه الموت مادلهم علی موته الادابة الارض تاکل منساته ۔ فلما خرتبینت الجن ان لو کانوا یعلمون الغیب ما لبثوا فی العذاب المهین [س ۳۴ : ۱۴
● قال عفریت من الجن انا اتیک به قبل ان تقوم من مقامک [س ۲۷ : ۳۹
(۴) نجومی ۔ کاهن ۔
● قل اوحی انه استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرانا عجبا یهدی الی الرشد فامنا به ۔ ولن نشرك بربنا احدا ۔۔۔ وانا لمسنا السماء فوجدناها ملئت حرسا شدیدا و شهبا وانا کنا نقعد منها مقاعد للسمع ۔ فمن یستمع الان یجد له شهابا رصدا و انا لاندری أشر ارید بمن فی الارض ام اراد بهم ربهم رشدا ۔۔۔ [س ۷۲ : ۱ و ۲ و ۸ ۔ ۱۰
= ما قرا رسول الله علی الجن ولا رآهم ۔ (ابن عباس ۔ ترمذی)
● ۔۔۔ یامعشر الجن قد استکثرتم من الانس ۔ وقال اولیاؤهم من الانس ربنا استمتع بعضنا ببعض ۔۔۔ [س ۶ : ۱۲۹
(۵) بدمعاش لوگ ۔
● ۔۔۔ وکذلك جعلنا لکل نبی عدوا شیاطین الانس والجن یوحی بعضهم إلی بعض زخرف القول غرورا ۔ ولوشاء ربك ما فعلوه فذرهم وما یفترون ۔ ولتصغی الیه افئدة الذین لا یؤمنون بالاخرة ولیرضوه ولیقترفوا ماهم مقترفون [س ۶ : ۱۱۳ و ۱۱۴
(۶) کیڑے ۔ مکوڑے ۔ سانپ ۔ بچھو ۔ جَنَّةٌ (جمع جَنَّاتٌ) (۱) باغ ۔
● وهو الذی انشا جنات معروشات وغیر معروشات [س ۶ : ۱۴۳
● ۔۔۔ ویجعل لکم جنات ویجعل لکم انهارا [س ۷۱ : ۱۲
(۲) مقام آسائش ۔ حالات آسائش ۔
● ۔۔۔ فلا یخرجنکما من الجنة فتشقی ۔ ان لك الا تجوع فیها ولا تعری و انك لا تظمؤا فیها ولا تضحی [س ۲۰ : ۱۱۷
● سابقوا الی مغفرة من ربکم وجنة عرضها کعرض السماء والارض ۔۔۔ [س ۵۷ : ۲۱
● وازلفت الجنة للمتقین [س ۲۶ : ۹۰
● واما الذین سعدوا ففی الجنة [س ۱۱ : ۱۰۸
● ۔۔۔ الا اصحاب الیمین فی جنات یتساءلون عن المجرمین ۔۔۔ [س ۷۴ : ۳۸

Marfat.com

(٣) جنت نشان مُلك ۔

● لقد كان لسبا فی مسكنهم آية ۔ جنتان عن يمين و شمال ۔ كلوا من رزق ربكم و اشكروا له ۔ بلدة طيبة و رب غفور ۔ ۔ ۔
[س ٣٤ : ١٣

● ولمن خاف مقام ربه جنتان ۔ ۔ ۔ ذواتا افنان ۔ ۔ ۔ فيهما عينان تجريان ۔ ۔ ۔ فيهما من كل فاكهة زوجان ۔ ۔ ۔ فيهن قاصرات الطرف ۔ ۔ ۔ كانهن الياقوت و المرجان
[س ٥٥ : ٤٦

جُنَّةٌ ڈھکن ۔ ڈھال ۔ [س ٥٨ : ١٧

جِنَّةٌ (١) (جمع ۔ واحد جِنِّيٌّ) جن ۔

(٢) پاگل پن ۔ دیوانگی ۔ جنون ۔
[س ٢٣ : ٢٥

أَجِنَّةٌ (جمع ۔ واحد جَنِينٌ) کوئی ڈھکی ہوئی یا چھپی ہوئی چیز ۔ پیٹ میں بچہ ۔

● واذ انتم اجنة فی بطون [س ٥٣ : ٣٢

جَانٌّ اِسم جمع ۔ (١) = جِنّ

● فيومئذ لا يسئل عن ذنبه انس ولا جان
[س ٥٥ : ٣٩

(٢) = شیطان ۔

● وخلق الجان من مارج من نار [س ٥٥ : ١٥

(٣) سانپ ۔

● ۔ ۔ ۔ فلما رآها تهتز كانها جان [س ٢٧ : ١٠

مَجْنُونٌ (اِسم مفعول) جِن یا شیطان کے اثر میں ۔ مجنون ۔ دیوانہ ۔ [س ٨١ : ٢٢

جَنَبَ

جَنَبَ اعراض کرنا ۔ پھیر دینا ۔

جَنْبٌ (جمع جُنُوبٌ) جانب ۔ بغل ۔

أَلصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ (س ٤ : ٣٠) پاس بیٹھنے والا ۔ = الرفیق (اِبن عباس)

فِی جَنْبِ اللهِ (س ٣٩ : ٥٦) پاسِ خدا ملحوظ رکھنے میں ۔

جُنُبٌ (١) اجنبی ۔ دور سے آنے والا ۔

أَلْجَارِ الْجُنُبِ (س ٤ : ٣٦) همسائے اجنبی (شاہ رفیع الدین رح) ۔ اجنبی پڑوسی (حافظ نذیر احمد) ۔

= الذی لیس بینک و بینه قرابة (ابن عباس) ۔ جس سے تم سے کوئی قرابت نہیں، جو اجنبی ہے، جو دوسری قوم یا مذہب کا آدمی ہے ۔

عَنْ جُنُبٍ (س ٢٨ : ١٠) دور سے ۔

(٢) وہ حالت جس میں غسل کی ضرورت ہو ۔

● وان كنتم جنبا فاطهروا [س ٥ : ٧

جَانِبٌ (١) طرف ۔ پہلو ۔

وَنَأَا بِجَانِبِهِ (س ١٧ : ٨٥) اور بچائے اپنا پہلو (مولینا محمود حسن رح) ۔ اور پہلوتہی کرتا ہے ۔ (حافظ نذیر احمد)

(٢) زمین یا مُلك کا حصہ ۔

جَنَّبَ اعراض کرانا ۔ دور سر کا دینا ۔ علحدہ کرنا ۔ [س ٩٢ : ١٧

تَجَنَّبَ پھرجانا ۔ اعراض کرنا ۔ اپنے تئیں علحدہ کرنا ۔ [س ٨٧ : ١١

اِجْتَنَبَ اجتناب کرنا ۔ گریز کرنا ۔ بچنا ۔
[س ٣٩ : ١٩

Marfat.com

جَنَحَ

جَنَحَ (+ لِ) جُھکنا ۔ مائل ھونا ۔
[س ٨ : ٦٣

جَنَاحٌ (مذکر و مؤنث ۔ جمع أَجْنِحَةٌ)
(١) ھاتھ ۔ (پرند کا) بازو ۔ بانھ ۔ بغل ۔
جَنَاحُ الذُّلِّ (س ١٧ : ٢٤) خاکساری کا پہلو ۔
وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ (س ١٥ : ٨٨) اپنا بازو جھکا رکھ ، تواضع اختیار کر ۔
(٢) قوّت ۔ طاقت ۔
---أُولِي أَجْنِحَةٍ مَثْنَىٰ وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ (س ٣٥ : ١) زبردست طاقت والے (ملئکہ)

جُنَاحٌ (١) گناہ ۔ [س ٥ : ٩٣
(٢) = حَرَجٌ ۔ (ابن عباس) ۔ مضائقہ ۔
[س ٢ : ١٩٨

جند

جُنْدٌ (جمع جُنُودٌ) فوج ۔ لشکر ۔ ساتھی ۔
[س ٣٦ : ٧٥

جَنَفَ

جَنَفٌ (اسم فعل) سیدھے راستہ سے بہک جانا ۔
[س ٢ : ١٨٢

مُتَجَانِفٌ (اِسم فاعل) برائی کی طرف جھکنے والا (+ لِ) ۔ [س ٥ : ٥

جَنَى

جَنًى (= جَنَىٌ) میوہ ۔ پھل ۔

● --- جنی الجنتین دان [س ٥٥ : ٥٤

جَنًى تازہ میوے ابھی توڑے ہوئے ۔
[س ١٩ : ٢٥

جَهَدَ

جَهْدٌ (اسم فعل) پوری طاقت کے ساتھ کام کرنا ۔
جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ (س ٥ : ٥٣) اُن کی زبردست قسمیں ۔

جُهْدٌ (١) طاقت ۔ استطاعت ۔
(٢) محنت کی کمائی ۔

● لا یجدون الا جهدهم [س ٩ : ٨٠

جَاهَدَ جہد کے ساتھ ، پوری طاقت سے کام لینا ۔
● --- وان جاهداك علی ان تشرك بی --- --- فلا تطعهما --- [س ٣١ : ١٤
● وجاهدوا فی الله حق جهاده [س ٢٢ : ٧٨
● وجاهدوا باموالكم وانفسكم فی سبیل الله [س ٩ : ٤١
● یا ایها النبی جاهد الكفار والمنافقین --- [س ٩ : ٧٣
● --- فلا تطع الكافرین وجاهدهم به جهادا كبیرا [س ٢٥ : ٥٢

جِهَادٌ (اِسم فعل) سخت جد و جہد کرنا ۔ پوری طاقت سے کام لینا ۔ (اس لفظ کے معنی قرآن مجید میں کہیں بھی غیر مسلموں سے محض لڑائی کرنے کے نہیں آئے ہیں ۔)
● --- وجاهدهم به جهادا كبیرا
[س ٢٥ : ٥٢

مُجَاهِدٌ (اِسم فاعل) وہ جو پورے جد و جہد سے کام لے ، کام میں پوری طاقت صرف کرے

Marfat.com

یہاں تک کہ جس نے ضرورت پڑنے پر لڑائی میں بھی شرکت کی ہو۔

● لایستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر والمجاھدون فی سبیل اللہ باموالھم وانفسھم ۔۔۔ [س ۴ : ۹۷

جَهَرَ

جَهَرَ ظاہر ہونا ۔ اظہار کرنا ۔ اِعلان کرنا ۔ پکار دینا ۔ [س ۱۷ : ۱۱۰

جَهْرٌ وہ جو ظاہر ہے ۔ بآواز بولنا ۔ کھلم کھلا عام مجمع میں کہنا ۔ [س ۷ : ۲۰۴

جَهْرًا کھلے طور پر ۔ سب کے سامنے ۔ [س ۱۶ : ۷۷

جَهْرَةً کھلے طور پر ۔ ظاہر طور پر ۔ نظروں کے سامنے ۔ [س ۲ : ۵۲

جِهَارًا (اِسم فعل) عام مجمع میں ۔ کھلم کھلا ۔ [س ۷۱ : ۷

جَهَزَ

جَهَازٌ اسباب و سامان ۔ سامان سفر ۔ [س ۱۲ : ۵۹

جَهَّزَ (+ بِ) ساز و سامان تیار کرنا ۔ ضروریات کی چیزیں مہیا کرنا ۔ [س ۱۲ : ۵۹

جَهِلَ

جَهِلَ جاہل ہونا ۔ نہ جاننا ۔

جَاهِلٌ (اِسم فاعل) جاہل ۔ [س ۲ : ۲۷۴

جَهُولٌ بہت ہی جاہل اور بے وقوف ۔ [س ۳۳ : ۷۲

جَهَالَةٌ جہالت ۔

بِجَهَالَةٍ (س ۴ : ۱۲) بغیر جانے ۔ لاعلمی سے ۔

جَاهِلِيَّةٌ (۱) جہالت کی حالت ۔ [س ۳ : ۱۵۴

(۲) قبل اِسلام عرب کی حالت ۔ [۳۳ : ۳۳

جَهَنَّمُ

جَهَنَّمُ (۱) عبرانی میں وادی ہِنَّمْ جہاں آدمیوں کو جلا کر قوم اَمُّوْنْ مُلَكْ دیوتا کو قربانیاں پیش کرتی تھی ۔ یہ زندہ آدمیوں کے جلائے جانے کی جگہ تھی ۔ (عہد عتیق کی کتاب اول سلاطین ۱۱ : ۷)

یہی لفظ قرآن میں مقام عذاب کے لئے آیا ہے ۔

(۲) حالت عذاب ۔

● انہ من یات ربہ مجرما فان لہ جھنم ۔ لا یموت فیھا ولا یحییٰ [س ۲۰ : ۷۶

● ان جھنم کانت مرصادا للطاغین مابا ۔۔۔ ۔۔۔ لا یذوقون فیھا بردا ولا شرابا الا حمیما وغساقا [س ۷۸ : ۲۱-۲۵

● وجایٔ یومئذ بجھنم یومئذ یتذکر الانسان وانی لہ الذکری ۔ یقول یالیتنی قدمت لحیاتی ۔ فیومئذ لا یعذب عذابہ احد ولا یوثق وثاقہ احد [س ۸۹ : ۲۳

● ۔۔۔ من ورائہ جھنم ویسقی من ماء صدید یتجرعہ ولا یکاد یسیغہ ویاتیہ الموت من کل مکان وما ھو بمیت ۔ ومن ورائہ عذاب غلیظ [س ۱۴ : ۱۹ و ۲۰

● من ورائھم جھنم ۔ ولا یغنی عنھم ما کسبوا شیئا ولا ما اتخذوا من دون اللہ اولیاء ۔ و

Marfat.com

لهم عذاب عظيم [س ۴۵ : ۹

● يعرف المجرمون بسيماهم فيؤخذ بالنواصى والاقدام - هذه جهنم التى يكذب بها المجرمون - يطوفون بينها و بين حميم آن [س ۵۵ : ۴۱ - ۴۴

● وللذين كفروا بربهم عذاب جهنم ---
اذا القوا فيها سمعوا لها شهيقا وهى تفور
تكاد تميز من الغيظ [س ۶۷ : ۶ - ۸

● --- فى جهنم خالدون - تلفح وجوههم النار وهم فيها كالحون
[س ۲۳ : ۱۰۵ و ۱۰۶

● لهم نار جهنم - لا يقضى عليهم فيموتوا ولا يخفف عنهم من عذابها [س ۳۵ : ۳۴

● ان المجرمين فى عذاب جهنم خالدون - لا يفتر عنهم وهم فيه مبلسون [س ۴۳ : ۷۵

● وان جهنم لمحيطة بالكافرين [س ۲۹ : ۵۴

● --- ثم جعلنا له جهنم - يصليها مذموما مدحورا [س ۱۷ : ۱۹

● و عرضنا جهنم يومئذ للكافرين عرضا
[س ۱۸ : ۱۰۰

● --- سيدخلون جهنم داخرين
[س ۴۰ : ۶۲

جَوّ

جَوّ هوا - آسمان - [س ۱۶ : ۸۱

جَوَابِ [جَبَا

جَوَارِ [جَرَى

جَوَارِحُ [جَرَحَ

جَابَ

جَابَ چیرنا - پھاڑنا - کاٹنا - [س ۸۹ : ۹

جَوَابٌ جواب - [س ۷ : ۸۱

أَجَابَ (۱) جواب دینا - [س ۲ : ۱۸۶
(۲) بات سننا ، بات ماننا - [س ۱۴ : ۴۴

مُجِيبٌ (اِسم فاعل) جواب دینے والا - سوال پورا کرنے والا - [س ۳۷ : ۷۳

اِسْتَجَابَ (۱) جواب دینا - سوال پورا کرنا - [س ۳ : ۱۹۵
(۲) بات سننا - [س ۳ : ۱۷۲

جَادَ

جِيَادٌ (جمع - واحد جَوَادٌ) تازی گھوڑے - [س ۳۸ : ۳۱

جُودِيٌّ پہاڑ جس پر حضرت نوحؑ کی کشتی آکر ٹھہری تھی - [س ۸ : ۴۸

جَارَ

جَارٌ (۱) نزدیک - وہ جو نزدیک ہو - پڑوسی
(۲) حامی - مددگار - [س ۸ : ۴۸

أَلْجَارِ ذِى الْقُرْبٰى (س ۴ : ۳۶) وہ پڑوسی جو قریب رہتا ہو ، یا جس سے قریبی تعلقات ہوں -

أَلْجَارِ الْجُنُبِ (س ۴ : ۳۶) وہ پڑوسی جو دور رہتا ہو ، جو اجنبی ہو جس سے کوئی تعلقات نہیں -

جَائِرٌ (اِسم فاعل) وہ جو پھر جائے ، اِعراض کرے - [س ۱۶ : ۹

جَاوَرَ پڑوسی بننا - نزدیک رہنا - [س ۳۳ : ۶۰

أَجَارَ بچانا - تکلیف سے چھڑانا -

Marfat.com

وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ (س ۲۳ : ۹۰)
وہ بچاتا ہے اور اُس کے خلاف کوئی بچا نہیں سکتا۔

مُتَجَاوِرٌ (اِسم فاعل) ایک دوسرے کے نزدیک۔ [س ۱۳ : ۴

اِسْتَجَارَ بچاؤ کے لئے پناہ مانگنا۔ [س ۹ : ۷

جَازَ

جَاوَزَ گزر جانا۔ پار اُترنا۔ پار کرادینا۔ [س ۱۸ : ۶۳

تَجَاوَزَ (+ عَنْ) درگزر کرنا۔ [س ۴۶ : ۱۶

جَاسَ

جَاسَ تلاش کرنا۔ چھان مارنا۔
جَاسُوا خِلَالَ الدِّيَارِ (س ۱۷ : ۵) اُنہوں نے تمہاری کھوج میں تمام گلی کوچوں کو چھان مارا۔ (لغت جذام)

جَاعَ

جَاعَ بھوکا ہونا۔ [س ۲۰ : ۱۱۸

جُوعٌ بھوک۔ [س ۱۰۶ : ۴

جَافَ

جَوْفٌ پیٹ۔ اندرونی حصہ۔ [س ۳۳ : ۴

جَاءَ

جَاءَ (۱) آنا۔ پہنچنا۔
(۲) لیکر آنا۔ لانا۔ (+ بِ)
لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا فَرِيًّا (س ۱۹ : ۲۸) تو لائی ہے ایک چیز، ایک مفتری (عیسیٰ[۴]، کہ باتیں گڑھ گڑھ کر کہتا ہے، کہتا ہے کہ میں نبی ہوں۔)

(۳) = أَتَى مرتکب ہونا۔
● لقد جئت شيئا امرا [س ۱۸ : ۷۰
جَاءَ = جِئَ = جِئَ = جِيءَ (مفعول)
وَجِاْيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ (س ۸۹ : ۲۳)
اور لایا جائے گا اُس دن جہنم۔

أَجَاءَ (+ إِلَى) آنے پر مجبور کرنا۔
● فاجاءها المخاض الى جذع النخلة [س ۱۹ : ۲۳

جَابَ

جَيْبٌ (جمع جُيُوبٌ) (۱) قمیص کا گریبان۔
(۲) سینہ۔
وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَى جُيُوبِهِنَّ (س ۲۴ : ۳۱) اور چاہئے کہ بیبیاں اپنے سینوں پر اوڑھنیاں ڈال لیں۔
وَأَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ (س ۲۷ : ۱۲)
= أَسْلُكْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ (س ۲۸ : ۳۲)
اور تُو اپنے گریبان میں ہاتھ ڈال (اُردو میں کہتے ہیں سنہ ڈال، اور دیکھ تو کیا تُو سچ مچ قصور وار ہے جو تو ڈرتا ہے)۔

جَادَ

جَادَ (= جَيِّدَ)
جِيدٌ گردن۔ [س ۱۱۱ : ۵

Marfat.com

ـ« باب الحاء »ـ

حَبَّ

حَبٌّ دانه ـ اناج ـ غلّه ـ [س ۱۲ : ۵۵

حَبَّةٌ (واحدة) ایک اناج ـ [س ۲ : ۲۶۱

حُبٌّ محبت ـ

عَلٰى حُبِّه (س ۲ : ۱۷۷)

= علی قلته وشهوته ـ(ابن عباس) ـ باوجود اس کی کمی اور ضرورت کے ـ

● وآتى المال على حبه ذوى القربى واليتامى و المساكين وابن السبيل ـ ـ ـ

[س ۲ : ۱۷۷

أَحَبُّ (افعل التفضيل) زیادہ پیارا ـ زیادہ پسندیدہ ـ [س ۱۲ : ۳۳

أَحِبَّآءُ (جمع ـ واحد حَبِيبٌ) پیارے ـ احباب ـ [س ۵ : ۲۰

مَحَبَّةٌ محبت ـ پیار ـ [س ۲۰ : ۳۹

حَبَّبَ (+ إِلٰى) پیارا بنانا ـ [س ۴۹ : ۷

أَحَبَّ پیار کرنا ـ خواهش کرنا ـ پسند کرنا ـ [س ۶ : ۷۶

إِسْتَحَبَّ (۱) پیار کرنا ـ (۲) ترجیح دینا ـ (+ عَلٰى)

● ـ ـ ـ ان استحبوا الكفر على الايمان

[س ۹ : ۲۳

حَبَرَ

حَبَرَ مجلس موسیقی میں گانے بجانے کا لطف اُٹھانا ـ (زجاج ـ تاج)

● الذين آمنوا باياتنا وكانوا مسلمين ـ ادخلوا الجنة انتم وازواجكم تحبرون

[س ۴۳ : ۶۹ و ۷۰

● فاما الذين آمنوا وعملوا الصالحات فهم فى روضة يحبرون [س ۳۰ : ۱۵

حَبْرَةٌ جلسه نغمه وسرود ـ مجلس موسیقی جس میں گانے بجانے سب شامل ہیں ـ (زجاج ـ تاج ـ قاموس)

أَحْبَارٌ (جمع ـ واحد حَبْرٌ یا حِبْرٌ) یہودی علماء ـ [س ۵ : ۴۷

حَبَسَ

حَبَسَ روکنا ـ بند کرنا ـ [س ۵ : ۱۰۹

حَبِطَ

حَبِطَ باطل ہونا ـ بیکار ہونا ـ ضائع ہونا ـ

أَحْبَطَ بیکار کرنا ـ [س ۴۷ : ۳۴

حَبَكَ

حُبُكٌ (جمع ـ واحد حِبَاكٌ) ستاروں کے چلنے کے راستے ـ

● والسماء ذات الحبك [س ۵۱ : ۷

Marfat.com

= الطرائق ۔ (لغت جرهم)

حَبَلَ

حَبْلٌ (اِسم فعل ۔ جمع حِبَالٌ)

(۱) رسّا ۔ [س ۲۰ : ۶۶

(۲) نَس ۔ رگ ۔ [س ۵۰ : ۱۶

(۳) عہد ۔ [س ۳ : ۱۱۲

حَتَمَ

حَتْمٌ (اِسم فعل) فیصلہ ۔ حکم ۔

حَتْماً مَقْضِیّاً (س ۱۹ : ۷۲) لازم ہے ، جو پورا ہو کر رہیگا ۔

حَتَّی

حَتَّی (۱) (= اِلٰی) اِنتہا و غایت ۔ یہاں تک کہ ۔

● قالوا لن نبرح علیہ عاکفین حتی یرجع الینا موسی [س ۲۰ : ۹۱

(۲) = کَیْ (تعلیلیہ) ۔ تاکہ ۔ (مغنی)

● ولا یزالون یقاتلونکم حتی یردوکم عن دینکم ان استطاعوا ۔ [س ۲ : ۲۱۷

(۳) = اِلا اِستثنائیہ ۔ (قاموس)

● ومایعلمان من احد حتی یقولا اِنما نحن فتنۃ فلاتکفر [س ۲ : ۱۰۲

● ماکان لنبی ان یکون لہ اسری حتی یثخن فی الارض [س ۸ : ۶۷

(۴) = وَ ۔ (صحاح)

● فاذا لقیتم الذین کفروا فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتموھم فشدوا الوثاق

[س ۴۷ : ۴ ◉

(۵) ابتدائیہ ۔

● حتی اذا اتوا علی واد النمل ۔ ۔ ۔

[س ۲۷ : ۱۸

● حتی اذا فتحت یاجوج و ماجوج وھم من کل حدب ینسلون [س ۲۱ : ۹۶

(۶) زائدہ ۔

حَثَّ

حَثِیثًا جلدی کرنے والا بن کر ۔

● ۔ ۔ ۔ یطلبہ حثیثا [س ۷ : ۵۴

حَجَّ

حَجَّ حج کے لئے جانا ۔ [س ۲ : ۱۵۸

حَجٌّ (اِسم فعل) حج کعبہ ۔ [س ۲ : ۱۹۳

حِجّ = حَجّ [س ۳ : ۹۷

حَاجٌّ (اِسم فاعل) حج کرنے والا ۔ حاجی ۔

[س ۹ : ۲۰

حِجَجٌ (جمع ۔ واحد حِجَّۃٌ) سال ۔ برس ۔

[س ۲۸ : ۲۷

حُجَّۃٌ (۱) حجت ۔ جھگڑا ۔ بحث ۔

[س ۴۲ : ۱۵

(۲) دلیل ۔

فَلِلّٰہِ الْحُجَّۃُ الْبَالِغَۃُ (س ۶ : ۱۵۰) بس خدا ہی کی دلیل ہے لگتی ہوئی ۔

حَاجَّ (+ فِیْ) کسی بارے میں حجت کرنا ۔ کسی سے حجت کرنا ۔ [س ۳ : ۶۵

● ۔ ۔ ۔ لیحاجوکم بہ عند ربکم (س ۲ : ۷۶) تاکہ وہ اس سے تم پر فوقیت لے جائیں تمہارے رب کے حضور میں ۔ (اِبن عباس) ۔

Marfat.com

تاکہ وہ تمہارے خلاف تمہارے پروردگار کے حضور اس سے حجت پکڑیں یعنی تمہارے پروردگار کے کلام سے تمہارے خلاف استدلال کریں ۔ (مولینا ابوالکلام احمد)

تَحَاجَّ (+ فِیْ) آپس میں جھگڑنا ۔ [س ۴۰ : ۴۷

حَجَبَ

حِجَابٌ حجاب ۔ پردہ ۔ اوٹ ۔ [س ۷ : ۴۵

مَحْجُوبٌ (اسم مفعول) روکے ہوئے ۔ روک دئے گئے ۔ (+ عَنْ) [س ۸۳ : ۱۵

حَجَرَ

حِجْرٌ (اسم فعل)

(۱) کوئی ممنوع شئی، حرام چیز ۔

● ۔۔۔ ھذہ انعام و حرث حجر لا یطعمھا ۔۔۔ [س ۶ : ۱۳۹

(۲) روک ۔ رکاوٹ ۔

● ۔۔۔ وجعل بینھما برزخا و حجرا محجورا [س ۲۵ : ۵۵

(۳) دل ۔ عقل ۔ سمجھ ۔

● ۔۔۔ ھل فی ذلک قسم لذی حجر [س ۸۹ : ۴

حُجُورٌ (جمع) ولایت ۔ حفاظت ۔

● ۔۔۔ و ربائبکم التی فی حجورکم من نسائکم ۔۔۔ [س ۴ : ۲۳

اَلْحِجْرُ وادی القری جہاں قوم ثمود رہتی تھی ۔

اَصْحَابُ الْحِجْرِ (س ۱۵ : ۸۰) قوم ثمود ۔

حِجْرًا مَحْجُورًا لفظی معنی ہیں روک آڑ کی گئی یعنی ہم میں اور ان میں آڑ ہوجائے کہ اُن کی صورت ہم کو نہ دکھائی دے ۔ دور دفان !

● یوم یرون الملائکۃ لا بشری یومئذ للمجرمین و یقولون حجرا محجورا [س ۲۵ : ۲۲

حَجَرٌ (جمع حِجَارَۃٌ)

(۱) پتھر ۔ چٹان ۔ پتھریلی زمین ۔ پہاڑ ۔

(۲) مصیبت ۔ عذاب ۔

● واذ قالوا اللھم ان کان ھذا ھوالحق من عندک فامطر علینا حجارۃ من السماء اوائتنا بعذاب الیم [س ۸ : ۳۲

(۳) شقی القلب لوگ جو فھی کالحجارۃ او اشد قسوۃ (س ۲ : ۷۴) کے مصداق ہیں ۔

(۴) قوم کے با وقار لوگ یعنی سردار ان قوم جن کے بارے میں لفظ جبال بھی آیا ہے ۔

جَبَلَ

● ۔۔۔ فاتقوا النار التی وقودھا الناس والحجارۃ [س ۲ : ۲۴

حِجَارَۃٌ (جمع) چیچک کے دانے ۔

● ۔۔۔ ترمیھم بحجارۃ من سجیل [س ۱۰۵ : ۴

(چنانچہ ابرھہ کا لشکر مرض چیچک سے غارت ہوا تھا) ۔

حِجَارَۃٌ مِنْ سِجِّیْلٍ (۱) کنکر پتھر جو آتشفشاں پہاڑوں سے آتشفشانی کے وقت نکلتے ہیں اور جس سے آس پاس کی تمام بستیاں نیست و نابود ہوجاتی ہیں ۔

● فلما جاء امرنا جعلنا عالیھا سافلھا و امطرنا علیھا حجارۃ من سجیل منضود مسومۃ عند ربک [س ۱۱ : ۸۲ و ۸۳

Marfat.com

(۲) ملاحظہ ہو سِجِّیْلٌ تحت لفظ سَجَلَ ۔

حُجْرَۃٌ (جمع حُجُرَاتٌ) حجرہ ۔ [س ۴۹ : ۴

مَحْجُوْرٌ (اِسم مفعول) (۱) آڑ کیا ہوا ۔ سامنے سے دور ۔
(۲) ممنوع ۔ [س ۲۵ : ۲۲

حَجَزَ

حَجَزَ (+ عَنْ) روکنا ۔

حَاجِزٌ (اِسم فاعل) روکنے والا ۔ روک ۔ آڑ ۔ پانی روکنے کا بند ۔ [س ۶۹ : ۴۷

حَدَّ

حُدُوْدٌ (جمع ۔ واحد حَدٌّ) (۱) حدیں ۔ بندشیں ۔
(۲) احکام ۔

حُدُوْدُ اللّٰہِ (س ۶۵ : ۱) خدا کی مقرر کی ہوئی بندشیں جن سے تجاوز کرنا گناہ ہے ۔

حَدِیْدٌ لوہا ۔ [س ۵۰ : ۲۱

حِدَادٌ (جمع ۔ واحد حَدِیْدٌ) تیز ۔

بِأَلْسِنَۃٍ حِدَادٍ (س ۳۳ : ۱۹) تیز زبانوں سے ۔

حَادَّ روکنا ۔ راہ میں حائل ہونا ۔ مخالفت کرنا ۔ [س ۵۸ : ۲۲

حَدَبَ

حَدَبٌ اُونچی زمین ۔ [س ۲۱ : ۹۶

حَدَثَ

حَدِیْثٌ نئی بات ۔ نیا واقعہ ۔ حال کا واقعہ ۔ قصہ ۔ تاریخ ۔ بیان ۔ ذکر ۔ بات ۔

لَھْوَ الْحَدِیْثِ (س ۳۱ : ۵) کھیل کی باتیں ۔

اَحَادِیْثُ (جمع ۔ واحد حَدِیْثٌ) قصّے ۔ باتیں ۔

مِنْ تَأْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ (س ۱۲ : ۶)
باتوں کے کچھ مطالب ۔

وَجَعَلْنٰھُمْ اَحَادِیْثَ (س ۲۳ : ۴۶) ہم نے اُن کے افسانے بنادئے ۔

حَدَّثَ بیان کرنا ۔ آگاہ کرنا ۔ بتانا ۔ [س ۹۹ : ۴

اَحْدَثَ واقعہ پیش کرانا ۔ واقع کرنا ۔ بات پیدا کرنا ۔ [س ۱۸ : ۶۹

مُحْدَثٌ کوئی نئی پیدا کی ہوئی بات یا واقعہ ۔ [س ۲۱ : ۲

حَدَقَ

حَدَائِقُ (جمع ۔ واحد حَدِیْقَۃٌ) باغات جن میں درخت لگے ہوں ۔ [س ۲۷ : ۶۱

حَذِرَ

حَذِرَ خبردار ہونا ۔ ہوشیار ہونا ۔ خیال رکھنا ۔ ڈرنا ۔

حِذْرٌ اِحتیاط ۔ پیش بندی ۔ حفظ ماتقدم ۔ [س ۴ : ۷۳

حَذَرٌ (اِسم فعل) ڈر ۔ [س ۲ : ۱۸

حَاذِرٌ (اِسم فاعل) اِحتیاط رکھنے والا ۔ ہوشیار ۔ محتاط ۔ [س ۲۶ : ۵۶

Marfat.com

مَحْذُوْرٌ (اِسم مفعول) جس بات کا اندیشہ ہو۔ [س ۱۷ : ۵۹

حَذَّرَ کسی بات سے ہوشیار کردینا۔ [س ۳ : ۲۷

حَرَّ

حَرٌّ (اِسم فعل) گرمی۔ [س ۹ : ۸۲

حُرٌّ آزاد آدمی۔ [س ۲ : ۱۷۸

حَرُوْرٌ (مؤنث) رات کو چلنے والی گرم ہوا۔ [س ۳۵ : ۲۱

حَرِيْرٌ ریشم۔ [س ۲۲ : ۲۳

حَرَّرَ (۱) غلامی سے آزاد کرنا۔ (۲) خدا کی عبادت میں لگا دینا۔

تَحْرِيْرٌ (اِسم فعل) آزاد کرنا۔

تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ (۱) کسی جاندار کی گردن سے ظلم کا بار ہٹانا۔ کسی کو بیجا دباؤ سے آزاد کرنا۔ کسی مظلوم کو ظلم سے بچانا۔ [س ۵ : ۹

(۲) اِنسان کو غلامی سے آزاد کرنا۔ [س ۴ : ۹۱

مُحَرَّرًا (اِسم مفعول) سب طرف سے آزاد کر کے خدا کی عبادت میں لگایا ہوا۔ [س ۳ : ۳۱

حَرَبَ

حَرْبٌ (اِسم فعل۔ مؤنث) لڑائی۔ [س ۵ : ۶۴

مِحْرَابٌ (جمع مَحَارِيْبُ) حجرہ۔ [س ۳ : ۳۹

حَارَبَ لڑائی کرنا۔ [س ۹ : ۱۰۸

حَرَثَ

حَرَثَ بیج بونا۔ [س ۵۶ : ۶۳

حَرْثٌ (اِسم فعل) (۱) کھیت۔ کاشت کی ہوئی زمین۔ زراعت۔ کھیت کی پیداوار۔ میوے۔ جُتائی۔

(۲) اولاد پیدا کرنے کا ذریعہ۔

● نساءکم حرث لکم ۔۔۔ [س ۲ : ۲۰۳

حَرِجَ

حَرَجٌ (اِسم فعل) تنگ۔ قید۔ دقت۔ جُرم۔ [س ۷ : ۱ و س ۲۴ : ۶۱

حَرَدَ

حَرْدٌ (اِسم فعل) غرض۔ مقصد۔

عَلٰى حَرْدٍ قَادِرِيْنَ (س ۶۸ : ۲۵) اپنے تئیں مقصد پر قادر سمجھکر۔

حَرَسَ

حَرَسٌ (اِسم جمع) چوکیدار۔ [س ۷۲ : ۸

حَرَصَ

حَرَصَ (+ عَلٰى) حرص کرنا [س ۱۲ : ۱۰۳

حَرِيْصٌ (+ عَلٰى) (۱) حریص۔ (۲) بھلائی کا متمنی، خواہشمند۔

حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ (س ۹ : ۱۲۹) تمہارا زبردست بہی خواہ۔

أَحْرَصُ (افعل التفضیل) سب سے زیادہ آرزومند۔ [س ۲ : ۹۰

Marfat.com

حَرَضَ

حَرَضٌ بیماری سے اخیر حالت میں پہنچا ہوا ۔ گھلا ہوا ۔ از کار رفتہ ۔

● ۔۔۔ حتی تکون حرضا [س ۱۲ : ۸۵

حَرَّضَ (+ عَلٰی) ترغیب دینا ۔ اُبھارنا ۔ [س ۸ : ۶۶

حَرَفَ

حَرْفٌ کنارہ ۔ طریقہ ۔

عَلٰی حَرْفٍ (س ۲۲ : ۱۱) کنارے ہی پر کھڑا ، اندر نہیں آتا (اپنے موقعہ کی تاک میں) ۔

= مذبذبین بین ذلك ۔ لا إلی هؤلاء ولا إلی هؤلاء ۔ (س ۴ : ۱۴۳)

= علی شک ۔ (زجاج)

حَرَّفَ (+ عَنْ) اُلٹ پلٹ کرنا ۔ غلط کردینا ۔ [س ۴ : ۴۵

مُتَحَرِّفٌ (اِسم فاعل) وہ جو پیچھے ہٹ جائے ۔ (+ لِ)

● ۔۔۔ الا متحرفا لقتال [س ۸ : ۱۶

حَرَقَ

حَرِيقٌ جلتا ہوا ۔ [س ۳ : ۱۷۷

حَرَّقَ جلانا ۔ [س ۲۱ : ۶۸

اِحْتَرَقَ جلایا جانا ۔ [س ۲ : ۲۶۸

حَرَكَ

حَرَّكَ (+ بِ) حرکت دینا ۔ [س ۷۵ : ۱۶

حَرَمَ

حَرَمٌ امن کی جگہ ۔

حُرُمٌ (جمع ۔ واحد حَرَامٌ) (۱) ممنوع ۔ حرام ۔ (۲) مقدس ۔ (۳) احرام کی حالت میں ۔ [س ۵ : ۱

اَلْحُرُمَاتُ خدا کے احکام ۔ [س ۲ : ۱۹۰

حَرَامٌ (۱) ممنوع ۔ [س ۱۶ : ۱۱۷

(۲) = وَاجِبٌ ۔ (اِبن عباس ۔ کسائی)

وَحَرَامٌ عَلٰی قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ (س ۲۱ : ۹۱)

اور واجب ہوئی (سزا) اُن بستیوں پر جن کو ہم نے ہلاک کیا اس لئے کہ وہ (کسی طرح) رجوع نہ ہوتے تھے ۔

مَحْرُومٌ (اِسم مفعول) (۱) ممنوع ۔

إِنَّا لَمُغْرَمُونَ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ (س ۵۶ : ۶۶)

ہم تو قرضدار ہوگئے ، بلکہ ہم پر تو اپنی محنت کے ثمر بھی حرام ہوگئے ۔

(۲) وہ جو اپنی حاجت بتا نہیں سکتا ۔

(۳) گونگے جانور ۔ (زمخشری)

وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ (س ۵۱ : ۱۹)

اور اُن کے مالوں میں حق ہے سوال کرنے والے کا اور اس کا جو اپنے تئیں سوال کرنے سے محروم پائے (جو سوال نہ کرسکے) ۔

حَرَّمَ (۱) حرام کرنا ۔ ممنوع قرار دینا (+ عَلٰی) ۔ [س ۴ : ۱۵۸

Marfat.com

(۲) مقدس قرار دینا ۔
● ۔۔۔ ولا تقتلوا النفس التی حرم اللہ الا بالحق [س ۶ : ۱۵۲
(۳) واجب کرنا ۔
● قل تعالوا اتل ما حرم ربکم علیکم الا تشرکوا به شیئا ۔۔۔ ذلکم وصّٰکم به [س ۶ : ۱۵۲

تَحْرِیمٌ (اِسم فعل) ممانعت ۔ [س ۶۶
مُحَرَّمٌ (اِسم مفعول) (۱) وہ جو حرام یا ممنوع کیا گیا ۔ [س ۲ : ۸۵
(۲) وہ جو مقدس قرار دیا گیا ۔ [س ۱۴ : ۳۷

حَرَی

تَحَرَّی ایک چیز کے قصد اور طلب میں کوشش بلیغ کرنا ۔
● ۔۔۔ فاولئک تحروا رشدا [س ۷۲ : ۱۴

حَزَبَ

حِزْبٌ (جمع اَحْزَابٌ) گروہ ۔ طائفہ ۔ لوگوں کی جماعت ۔ [س ۵۸ : ۲۰
اَلْاَحْزَابُ (۱) عرب کے وہ قبیلے جنہوں نے ملکر آنجنابؐ پر حملہ کیا اور جنگ خندق واقع ہوئی ۔ [س ۳۳ : ۲۰
(۲) وہ قومیں جنہوں نے ملکر اپنے پیغمبران وقت کی مخالفت کی ۔ [س ۴۰ : ۳۱

حَزَنَ

حَزَنَ افسوس کرنا ۔
حَزِنَ غمگین ہونا ۔ کسی بارے میں رنج کرنا ۔ (+ عَلٰی)

حَزَنٌ (اِسم فعل) رنج ۔ افسوس ۔ [س ۳۵ : ۳۱
حُزْنٌ = حَزَنٌ [س ۱۲ : ۹۴

حَسَّ

حَسَّ پوری طرح سے ہلاک کرنا یا برباد کرنا ۔ [س ۳ : ۱۵۲
حَسِیْسٌ ہلکی آواز ۔ آہٹ ۔ [س ۲۱ : ۱۰۲
اَحَسَّ (+ مِنْ) محسوس کرنا ۔ دیکھنا ۔ پانا ۔ آگاہ ہونا ۔ معلوم کرنا ۔ [س ۳ : ۵۲
تَحَسَّسَ (+ مِنْ) کسی کا پتہ لگانا ۔ [س ۱۲ : ۸۷

حَسَبَ

حَسَبَ گننا ۔ حساب کرنا ۔
حَسِبَ خیال کرنا ۔ گمان کرنا ۔ رائے رکھنا ۔ [س ۲۹ : ۲
حَسْبٌ (اِسم فعل) وہ جو کفایت کرے ، کافی ہو ۔ جس کو کوئی مجبوراً کافی سمجھے ۔ [س ۲ : ۲۰۲
حَسْبُنَا اللّٰہُ (س ۹ : ۵۹) ہمارے لئے خدا ہی بس ہے ۔
حَاسِبٌ (اِسم فاعل) حساب کرنے والا ۔ حساب لینے والا ۔ [س ۲۱ : ۴۷
حِسَابٌ (جمع حُسْبَانٌ) (۱) حساب ۔ گنتی ۔ [س ۱۳ : ۴۲
(۲) گمان ۔ خیال ۔
بِغَیْرِ حِسَابٍ (۱) بے شمار ۔ بے حساب ۔ بے اِنتہا ۔

Marfat.com

(۲) بے گمان ۔ غیر متوقع ۔ (لسان ۔ تاج)
● واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب
[س ۲ : ۲۰۸
= و یرزقه من حیث لایحتسب (س ٦٥ : ۳)

حِسَابِیَهْ (س ٦٩ : ۲۰)

= حِسَابِیْ میرا حساب (+ هاء الوقف)

حَسِیْبٌ حساب لینے والا ۔ [س ۴ : ۸٥

حُسْبَانٌ (جمع ۔ واحد حِسَابٌ) (۱) حساب ۔
● والشمس والقمر حسبانا [س ٦ : ۹۷
= عدد الایام والشهور والسنین ۔ (ابن عباس)
(۲) = بَرْدًا (لغت حمیر) پالا ۔ ٹھنڈ ۔
●۔۔۔ و یرسل علیها حسبانا من السماء فتصبح صعیدا زلقا [س ۱۸ : ۴۰
(۳) عذاب ۔ (صحاح ۔ قاموس)

حَاسَبَ (+ بِ) حساب مانگنا ۔ جواب مانگنا ۔ [س ٦٥ : ۸

اِحْتَسَبَ کسی چیز کا حساب کرنا، توقع کرنا ۔
●۔۔۔ من حیث لایحتسب [س ٦٥ : ۳

حَسَدَ

حَسَدَ حسد کرنا ۔ [س ۱۱۳ : ٥

حَاسِدٌ (اِسم فاعل) حسد کرنے والا ۔
[س ۱۱۳ : ٥

حَسَدٌ حسد ۔ [س ۲ : ۱۰۹

حسر

حَسْرَةٌ (جمع حَسَرَاتٌ) حسرت ۔ افسوس ۔ رنج ۔ کوفت ۔

●۔۔۔ ثم تکون علیهم حسرة [س ۸ : ۳٦
●۔۔۔ لیجعل اللہ ذلك حسرة فی قلوبهم [س ٥ : ۱۰٥

یَا حَسْرَتٰی (س ۳۹ : ٥٦) ہائے افسوس !

حَسِیْرٌ تھکا ہوا ۔

مَحْسُوْرٌ (اِسم مفعول) ننگا ۔ مفلس ۔
[س ۱۷ : ۲۱

اِسْتَحْسَرَ تھک کر چور ہوجانا ۔

حَسَمَ

حسوم جس کی بُرائی منقطع نہ ہو بلکہ مسلسل جاری رہے ۔

سَبْعَ لَیَالٍ وَثَمَانِیَةَ اَیَّامٍ حُسُوْمًا (س ٦۹ : ۷) سات رات اور آٹھ دن متواتر ۔

حَسَنَ

حَسَنَ اچھا ہونا ۔ خوبصورت ہونا ۔

حُسْنَ = حسن

وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِیْقًا (س ۴ : ٦۹)
اور یہ لوگ کیا ہی اچھے ساتھی ہونگے ۔

۔۔۔ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا (س ۱۸ : ۳۱)
کیا ہی اچھی جگہ ہوگی آسائش کی !

حُسْنٌ اچھائی ۔ خوبصورتی ۔ فضیلت ۔ مہربانی ۔
[س ۳ : ۱۲

حَسَنٌ خوبصورت ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ نیک ۔
[س ۲ : ۲۴٦

حَسَنَةٌ اچھی چیز ۔ منفعت ۔ اچھا کام ۔ نیک کام ۔ [س ۳ : ۱۱٦

Marfat.com

حِسَانٌ (جمع - مذکر و مؤنث - واحد حَسَنٌ ، حَسَنَةٌ ، حَسْنَاء ، حَسِيْنٌ) اچھے - خوبصورت - [س ۵۵ : ۷۰

خَيْرَاتٌ حِسَانٌ (س ۵۵ : ۷۰) (۱) اچھی چیزیں - خوبصورت چیزیں -
(۲) نیک سیرت اور خوبصورت بیبیاں -

أَحْسَنُ (افعل التفضیل - مؤنث حُسْنٰى) نہایت خوبصورت - بہترین -

حُسْنٰى (مؤنث - مذکر أَحْسَنُ) اچھی بات - اچھے کام - اچھی حالت - اچھا انجام -

إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ (س ۹ : ۵۲) دو بہترین باتوں میں سے ایک ، یا فتح یا شہادت -

أَحْسَنَ اَچھا کرنا - ٹھیک کرنا - مہربانی کرنا - خوشگوار بنانا - خوبصورت بنانا - [س ۲۸ : ۷۷

إِحْسَانٌ (اِسم فعل) اَچھا کام کرنا - نیک کام کرنا - مہربانی کرنا - بھلائی کرنا - [س ۵۵ : ۶۰

مُحْسِنٌ (اِسم فاعل) نیکی کرنے والا - بھلائی کرنے والا - نیک آدمی - [س ۲۰ : ۱۰۶

حَشَرَ

حَشَرَ (۱) اِکٹھا کرنا - [س ۷۹ : ۲۳
(۲) جَلا وطن کرنا -

حَشْرٌ (اِسم فعل) (۱) مجمع [س ۵۰ : ۴۴
(۲) جلا وطن - ترک وطن - [س ۵۹ : ۲

حَاشِرٌ (اِسم فاعل) جمع کرنے والا - [س ۷ : ۱۱۰

مَحْشُورٌ (اِسم مفعول) اِکٹھا کیا ہوا - [س ۳۸ : ۱۹

حَصَبَ

حَصَبٌ جو چیز آگ میں جلائی جائے - اِیندھن - [س ۲۱ : ۹۸

حَاصِبٌ پتھروں کی آندھی جیسا کہ آتشفشانی کے وقت آتشفشاں پہاڑوں کی چاروں طرف چھا جاتی ہے -

● إنا ارسلنا عليهم حاصبا الا آل لوط [س ۵۴ : ۳۴

= فاخذتهم الصيحة مشرقين فجعلنا عاليها سافلها وامطرنا عليهم حجارة من سجيل [س ۱۵ : ۷۴

حَصْحَصَ

حَصْحَصَ = تَبَيَّنَ ظاہر ہو گیا - (اِبن عباس)

● قالت امرات العزيز الان حصحص الحق [س ۱۲ : ۵۱

حَصَدَ

حَصَدَ (کھیت) کاٹنا - [س ۱۲ : ۴۷

حَصَادٌ (اِسم فعل) کھیت کاٹنا - [س ۶ : ۱۴۱

حَصِيْدٌ کٹی ہوئی کھیتی - تباہ کی ہوئی کھیتی [س ۱۰ : ۲۴

حَصَرَ

حَصَرَ محاصرہ کرنا - گھیر لینا -

حَصِرَ قید لگایا جانا - روکا جانا -

حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ (س ۴ : ۸۹) اُن کے

Marfat.com

دل بزدلی کی وجہ سے تنگ ہو رہے ہیں ۔

حَصُوْرٌ (۱) پاکدامن ۔ [س ۳ : ۳۸

(۲) مرد جو بیبیوں سے علحدہ رہے ۔ (اِبن عباس) ۔ برہمہ چاری ۔

حَصِیْرٌ قید خانہ ۔ [س ۱۷ : ۸

أَحْصَرَ روکنا ۔ ملک میں تصرف کرنے سے روکنا ۔

● فاذا انسلخ الاشهر الحرم فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم وخذوهم واحصروهم ۔۔۔ [س ۹ : ۵

= واحصروهم وقيدوهم وامنعوهم من التصرف فی البلاد وعن اِبن عباس حصرهم ان يحال بينهم وبين المسجد الحرام ۔ (زمخشری)

= وقيل امنعوهم من دخول مكة والتصرف فی بلاد الاسلام ۔ (معالم التنزیل)

= وقال الفراء حصرهم ان يمنعوا من البيت الحرام ۔ (رازی)

حَصَلَ

حَصَّلَ ظاہر کرنا ۔ [س ۱۰۰ : ۱۰

حَصَنَ

حَصَنَ مستحکم طور پر قلعبند ہونا ۔

حَصُنَ مکان پر رہنا ۔

حُصُوْنٌ (جمع ۔ واحد حِصْنٌ) قلعے [س ۵۹ : ۲

مُحَصَّنٌ (اِسم مفعول) محفوظ ۔ قلعبند ۔ [س ۵۹ : ۱۴

أَحْصَنَ (+ مِنْ) (۱) حفاظت سے رکھنا ۔

وَالَّتِيْ أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا (س ۲۱ : ۹۱)

اور وہ بی بی جس نے اپنی عفت محفوظ رکھی ۔

(۲) نکاح کرنا ۔

● فاذا احصن ۔۔۔ [س ۴ : ۲۵

= تزوجن ۔ (اِبن عباس)

مُحْصِنٌ (اِسم فاعل) پاکدامن مرد ۔

● ۔۔۔ محصنين غير مسافحين ولا متخذی اخدان [س ۵ : ۵

مُحْصَنَةٌ (اِسم مفعول ۔ مؤنث ۔ جمع مُحْصَنَاتٌ)

(۱) پاکدامن بی بی ۔

● ۔۔۔ محصنات غير مسافحات ولامتخذات اخدان [س ۴ : ۲۵

= عفائف غير زوان فی السروالعلانية (اِبن عباس)

● حرمت عليكم امهاتكم ۔۔۔ والمحصنات من النساء الاماملكت ايمانكم [س ۴ : ۲۳

(۲) آزاد بی بی ۔

● ۔۔۔ فعليهن نصف ما على المحصنات من العذاب ۔۔۔ [س ۴ : ۲۵

= على الحرائر ۔ (اِبن عباس)

تَحَصُّنٌ (اِسم فعل) عفت ۔ پاکدامنی ۔

● ۔۔۔ ان اردن تحصنا [س ۲۴ : ۳۳

حَصَی

أَحْصَی (= أَحْصَى افعل التفضیل) سب سے اچھا گننے والا ۔ خوب گننے والا ۔ [س ۱۸ : ۱۲

أَحْصَی گننا ۔ حساب کرنا ۔ حساب لینا ۔ جاننا ۔ [س ۷۲ : ۲۸

حَضَّ

حَضَّ (+ عَلٰی) اُبھارنا ۔ ترغیب دینا ۔ [س ۶۹ : ۳۴

Marfat.com

تَحَاضَّ (+ عَلٰی) ایک دوسرے کو ترغیب دینا ۔

● ۔۔۔ ولا تحاضون علی طعام ۔۔۔ [س ۸۹ : ۱۸

حَضَرَ

حَضَرَ (۱) حاضرھونا ۔ سامنے کھڑاھونا ۔ [س ۲ : ۱۳۳

(۲) مصیبت میں مبتلا کرنا ۔

أَنْ يَحْضُرُونِ (س ۲۳ : ۱۰۰) = يَحْضُرُونِ

حَاضِرٌ (اِسم فاعل) وہ جوحاضر ھے، نزدیک ھے ۔ [س ۱۸ : ۵۰

حَاضِرَةَ الْبَحْرِ (س ۷ : ۱۶۳) دریا پر واقع ۔

تِجَارَةً حَاضِرَةً (س ۲ : ۲۸۲) نقد تجارت ۔ نقد سودا ۔

أَحْضَرَ پیش کرنا ۔ حاضر کرنا ۔

أُحْضِرَتِ الْأَنْفُسُ الشُّحَّ (س ۴ : ۱۲۷) آدمیوں کی طبیعتوں میں تولالچ موجود ھی ھے ۔

مُحْضَرٌ (اِسم مفعول) (۱) وہ جوسامنے لایاجائے یا پیش کیا جائے، حاضر کیا ھوا ۔ [س ۳ : ۲۹

(۲) مبتلائے عذاب کیاھوا ۔

● ۔۔۔ فاولئک فی العذاب محضرون [س ۳۰ : ۱۵

مُحْتَضَرٌ (اِسم مفعول) حاضر کیاھوا ۔

كُلُّ شِرْبٍ مُحْتَضَرٌ (س ۵۴ : ۲۸) ھرایک اپنے اپنے پینے کی باری پر حاضرھوا کرے ۔

حَطَّ

حِطَّةٌ گناہ کی بوجھ سے سبکدوش ھونے کی دعا ۔ خدا سے اپنے گناھوں کے لئے استغفار ۔ (لغت عبری) [س ۲ : ۵۸

حَطَبَ

حَطَبٌ (۱) اِیندھن ۔ جلانے کی لکڑی ۔

(۲) لگائی بجھائی ۔ آگ لگانا ۔

● ۔۔۔ حمالة الحطب [س ۱۱۱ : ۴

[حَمَلَ

حَطَمَ

حَطَمَ چور چور کرڈالنا ۔ برباد کرڈالنا [س ۲۷ : ۱۸

حُطَامٌ جوسوکھکر چور چور ھوجائے ۔ [س ۳۹ : ۲۱

اَلْحُطَمَةُ خدا کا وہ عذاب جولوگوں کے دلوں پر اُن کے اعمال کی وجہ سے ظاھرھوتا ھے ۔

● ۔۔۔ وما ادریک ما الحطمة ۔ نارالله الموقدة التی تطلع علی الافئدة [س ۱۰۴ : ۵

حَظَّ

حَظٌّ (اِسم فعل) حصہ ۔ نصیب ۔ قسمت ۔

ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ (س ۴۱ : ۳۵) بڑانصیب والا ۔

حَظَرَ

مَحْظُوْرٌ (اِسم مفعول) روکا ھوا ۔ عام لوگوں کے خلاف کسی خاص گروہ یا جماعت سے

Marfat.com

مخصوص - (قاموس)
● وما کان عطاء ربک محظورا [س ۱۷ : ۲۰
مُحْتَظِرٌ (اِسم فاعل) جانوروں کی حفاظت کے لئے احاطہ یا باڑا بنانے والا -
کَهَشِیْمِ الْمُحْتَظِرِ (س ۵۴ : ۳۱) باڑ والے کی روندی ہوئی باڑ کی طرح پامال - (حافظ نذیر احمد)

حَفَّ

حَفَّ (+ بِ) گھیرلینا - [س ۱۸ : ۳۱
حَافِّ (اِسم فاعل) گردا گرد پھرنے والا - [س ۳۹ : ۷۵

حَفَدَ

حَفَدَةٌ (جمع یا اِسم جمع - واحد حَافِدٌ اور حَفِیْدٌ) (۱) لڑکیاں -
(۲) بیوی کی طرف سے قرابتدار -
(۳) بیٹے کا بیٹا - پوتا - (اِبن عباس)
● وجعل لکم من ازواجکم بنین وحفدة ---
[س ۱۶ : ۷۲

حَفَرَ

حُفْرَةٌ گڈھا - [س ۳ : ۹۹
حَافِرَةٌ (۱) اصلی حالت - پہلی حالت -
[س ۷۹ : ۱۰
(۲) = حیات - (اِبن عباس)

حَفَظَ

حَفِظَ (+ مِنْ) بچانا - حفاظت کرنا - خبر گیری کرنا - [س ۴ : ۴۸
حِفْظٌ (اِسم فعل) حفاظت کرنا - بچانا -
وَحِفْظًا مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ مَارِدٍ (س ۳۸ : ۷) اور ہر سرکش بدمعاش (کاهن) کے شر سے حفاظت کے لئے -
حَافِظٌ (اِسم فاعل) وہ جو بچائے، خبر گیری کرے - محافظ - [س ۸۶ : ۴
حَفَظَةٌ (جمع - واحد حَافِظٌ) (۱) محافظ -
(۲) ملائك حفظه - وہ قوی جو خدا نے اِنسان میں پیدا کئے ہیں اور جو باعث حیات ہیں اور جن کے مختل ہوجانے سے اِنسان مرجاتا ہے -

چار طبع مخالف و سرکش
چند روزے بوند باہم خوش
چون یکے زین چہار شد غالب
جان شیرین براید از قالب

چنانچہ فرماتا ہے :
له معقبات من بین یدیه و من خلفه یحفظونه من امر الله (س ۱۳ : ۱۱)
● ویرسل علیکم حفظة حتی اذا جاء احدکم الموت توفته رسلنا وهم لا یفرطون
[س ۶ : ۶۱
حَفِیْظٌ = حَافِظٌ (۱) کاموں پر نظر رکھنے والا (+ عَلٰی) [س ۱۱ : ۵۷
(۲) خدا کے احکام کی پابندی کرنے والا -
● --- لکل اواب حفیظ [س ۵۰ : ۳۱
مَحْفُوْظٌ (اِسم مفعول) (۱) حفاظت میں رکھا ہوا - اچھی طرح بچا ہوا -
(۲) = مَرْفُوْعٌ اُونچا -

Marfat.com

● وجعلنا السماء سقفا محفوظا [س ۲۱ : ۳۳
= المراد بالمحفوظ هنا المرفوع - (فتح البیان)

حَافَظَ (+ عَلٰی) پوری طرح پابندی کرنا -

● حافظوا علی الصلوٰة --- [س ۲ : ۲۳۹

اِسْتَحْفَظَ کسی کی حفاظت میں دینا - کسی کے ذمہ کرنا -

● --- بما استحفظوا من کتاب الله [س ۵ : ۴۴

حَفِیَ

حَفِیٌّ (۱) اچھی طرح آگاہ (+ عَنْ)

● --- کانك حفی عنها [س ۷ : ۱۸۷

(۲) مہربان (+ بِ)

● انه کان بی حفیا [س ۱۹ : ۴۸

أَحْفٰی تنگ کرنا - چپٹ جانا - [س ۴۷ : ۳۹

حَقَّ

حَقَّ (۱) ٹھیک ہونا - موزوں ہونا - لایق ہونا -

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (س ۸۴ : ۲) اور وہ اپنے پروردگار کا حکم سنیگی اور وہ تو اسی مناسبت سے بنائی گئی ہے (اِس میں یہی حقیقت ودیعت کی گئی ہے) -

(۲) واجب ہونا (+ عَلٰی)

● فحق علینا قول ربنا [س ۳۷ : ۳۱

حَقٌّ (ضد بَاطِلٌ)

(۱) وہ جو بیکار، بے فائدہ نہ ہو بلکہ کارآمد اور فائدہ مند ہو - اِنصاف کی بات ہو، جو سچ ہو، جو کرنا چاہئے -

● انا ارسلناك بالحق بشیرا [س ۲ : ۱۱۹

● --- نزل کتاب بالحق [س ۲ : ۱۷۵

(۲) مطابقت، موافقت - (راغب)
وہ جو ٹھیک اور مناسب ہو -

(۳) ہر قول و فعل جو مطابق ہو حقیقت کے، جو موافق ہو اس کے جو واجب ہے -

اَلَّذِیْ عَلَیْهِ الْحَقُّ (س ۲ : ۲۸۲) جس کے اوپر واجب ہے ادا کرنا -

حَقَّ عَلَیْهِمُ الضَّلَالَة (س ۷ : ۳۰) اُن پر واجب ہوئی گمراہی - اُن کا گمراہ ہونا ضروری تھا - وہ خدائی قانون کی رو سے گمراہ ہوئے -

فَحَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ (س ۱۷ : ۱۶) بس آگیا اُن پر (میرا) حکم -

= فَحَقَّ وَعِیْدِ (س ۵۰ : ۱۴)

= فَحَقَّ عِقَابِ (س ۳۸ : ۱۴)

--- حَقَّ تِلَاوَته (س ۲ : ۱۲۱) جس طرح اس کی پیروی کرنی چاہئے -

--- حَقَّ تُقَاته (س ۳ : ۱۰۲) جس طرح اُس کا لحاظ رکھنا چاہئے -

--- حَقَّ قَدْرِه (س ۶ : ۹۱) جیسی اس کی قدر کرنی چاہئے -

--- حَقًّا عَلَیْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِیْنَ (س ۱۰ : ۱۰۳) ہم پر واجب ہے کہ ہم مؤمنوں کو بچائیں -

Marfat.com

--- حَقَّ جِهَادِهٖ (س ۲۲ : ۷۸) جیسا جد وجہد کرنا چاہئے -

● --- حَقَّ رِعَايَتِهَا (س ۵۷ : ۲۷) جیسا اس کو نباہنا چاہئے - جیسا اس کا لحاظ کرنا چاہئے -

حَقِيْقٌ مناسب - ٹھیک - [س ۷ : ۱۰۴

أَحَقُّ (افعل التفضیل) زیادہ اہل یا لایق - زیادہ ٹھیک - زیادہ حق -

اَلْحَاقَّةُ وہ حقیقت جو آ کر رہے گی - خدا کا اِنصاف -

أَحَقَّ ٹھیک ثابت کرنا - تصدیق کرنا -

● ویحق اللہ الحق بکلماتہ [س ۱۰ : ۸۲

اِسْتَحَقَّ (۱) جرم کا مرتکب ہونا -

● استحقا اثما [س ۵ : ۱۰۶

(۲) مرتکب سمجھنا -

--- مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْأَوْلَيَانِ (س ۵ : ۱۰۶) اُن میں سے جن کے خلاف اول دو نے جرم کا ارتکاب کیا تھا -

حَقَبَ

حُقُبٌ (جمع أَحْقَابٌ) اسّی سال کا زمانہ - سالہا سال - زمانہ دراز - [س ۱۸ : ۶۰

أَحْقَابًا مدتوں -

● --- لابثین فیہا احقابا [س ۷۸ : ۲۳

حَقَفَ

اَلْأَحْقَافُ ملک عرب کا ایک حصہ جس میں کبھی قوم عاد رہتی تھی - [س ۴۶ : ۲۱ ⊙

حَكَمَ

حَكَمَ (۱) اِنصاف کرنا -

(۲) فیصلہ کرنا (+ بَيْنَ)

(۳) کسی کے حق میں فیصلہ کرنا (+ لَ)

(۴) کسی کے خلاف فیصلہ کرنا (+ عَلٰى)

حُكْمٌ (۱) قوت فیصلہ - عقل -

(۲) فیصلہ کا قاعدہ - قانون -

● افحکم الجاھلیۃ یبغون [س ۵ : ۵۰

● انزلناہ حکما عربیا [س ۱۳ : ۳۷

حَكَمٌ اِنصاف کرنے والا -

حَاكِمٌ (اِسم فاعل - جمع حُكَّامٌ اور حَاكِمُوْنَ) اِنصاف کرنے والا - منصف -

حِكْمَةٌ عقل -

حَكِيْمٌ عقلمند - جاننے والا -

أَحْكَمُ (افعل التفضیل) زیادہ جاننے والا - زیادہ عقلمند -

حَكَّمَ کسی کو حکم قبول کرنا - کسی کو حکم بنانا - [س ۵ : ۴۶

أَحْكَمَ مستحکم کرنا -

أُحْكِمَتْ (ماضی مجہول) حکمت سے بنائی ہوئی، مقرر کی ہوئی -

اَلٓرٰ - كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهٗ (س ۱۱ : ۱) ا، ل، ر، حروف ہیں جن کی نشانیاں مقرر کی گئی ہیں حکمت سے -

مُحْكَمٌ (اسم مفعول) جس میں معنی اور مطلب کے

Marfat.com

اعتبار سے کسی شبہ کی گنجائش نہ ہو۔
واضح۔
آیَاتٌ مُحْکَمَاتٌ (س ۳ : ۵) آیتیں جن کے معنی صاف ہیں، واضح ہیں۔
تَحَاکَمَ (+ اِلٰی) سب مل کر فیصلہ چاہنا۔ [س ۴ : ۶۳

حَلَّ

حَلَّ (۱) گرہ کھولنا۔ حل کرنا۔ (+ مِنْ) [س ۲۰ : ۲۷
(۲) حج کے رسوم ادا کرنا۔
(۳) حالت احرام سے نکلنا۔ [س ۵ : ۲
(۴) حلال ہونا۔ (+ لِ)
(۵) (+ عَلٰی) اُترنا۔ کسی مقام پر ٹھہر جانا۔ (راغب۔ تاج)
(۶) (+ عَلٰی) واجب ہونا۔ (صحاح)
● فیحل علیکم غضبی [س ۲۰ : ۸۳
حِلٌّ (۱) = حَلَالٌ
● --- وطعامکم حل لھم [س ۵ : ۷
(۲) = مُسْتَحَلٌّ یا حَلَالٌ بمعنی قتل مباح بخلاف حَرَامٌ بہ معنی قتل ممنوع۔
--- وَاَنْتَ حِلٌّ بِھٰذَا الْبَلَدِ (س ۹۰ : ۲)
(۱) اور اس شہر مکہ میں (جہاں درندے جانور بھی نہیں مارے جاتے لوگوں نے) تیرا خون مباح کر رکھا ہے۔
(۲) اور تُو تو اسی شہر میں رہتا ہے۔
= و حالانکہ تو فرود آمدۂ باین شہر۔ (سعدی رح)
= اور تم اس شہر میں ٹھہرے ہوئے ہو۔ (حافظ نذیر احمد)
(۳) تیروں کا ھدف یا نشانہ۔ (قاموس)
(۴) = حَلٌّ۔ رہنے والا۔
حَلَالٌ (۱) حلال۔
(۲) وہ جو حالت احرام سے فارغ ہو چکا ہو۔
حَلَائِلُ (جمع۔ واحد حَلِیْلٌ) بیویاں۔
تَحِلَّةٌ قسم کا توڑنا۔ قسم کی پابندی سے سبکدوش ہونا۔ [س ۶۶ : ۲
مَحِلٌّ قربانی دینے کی جگہ۔ [س ۲۲ : ۳۳
اَحَلَّ حلال کرنا۔ حلال ہونے کی اجازت دینا۔ تقدس کو توڑنا۔ حرمت کی ہتک کرنا۔ اُتارنا۔ رہنے دینا۔ [س ۱۴ : ۲۸
مُحِلٌّ (اِسم فاعل) وہ جو حرام کی ہوئی چیز کو حلال سمجھے۔
غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ (س ۵ : ۱) مگر حلال نہ سمجھو شکار کو احرام کی حالت میں۔
مُحِلِّیْ = مُحِلِّیْنَ

حَلَفَ

حَلَفَ قسم کھانا۔
وَیَحْلِفُوْنَ عَلَی الْکَذِبِ (س ۵۸ : ۱۵)
اور جھوٹی باتوں پر قسمیں کھاتے ہیں۔
حَلَّافٌ بڑا قسم کھانے والا۔ [س ۶۸ : ۱۰

حَلَقَ

حَلَقَ حجامت کرنا۔ [س ۲ : ۱۹۶

Marfat.com

مُحَلِّقٌ (اسم فاعل) حجامت کرنے والا ۔
[س ۴۸ : ۲۷

حَلْقَمَ

حُلْقُومٌ حلق ۔ [س ۵۶ : ۸۳

حَلُمَ

حُلْمٌ (جمع أَحْلَامٌ) خواب ۔ [س ۱۲ : ۴۴
حِلْمٌ (جمع أَحْلَامٌ) سمجھ ۔ عقل ۔
● ۔۔۔ ام تامرھم احلامھم بھذا
[س ۵۲ : ۳۲
حُلُمٌ بلوغ ۔ سن تمیز ۔ [س ۲۴ : ۵۹
حَلِيمٌ مہربان ۔ سمجھدار ۔
● فبشرناہ بغلام حلیم [س ۳۷ : ۱۰۱

حَلِيَ

حَلَى زیوروں سے آراستہ کرنا ۔ [س ۱۸ : ۳۰
حِلْيَةٌ (اسم جمع یا جمع ۔ واحد حَلْيٌ) زیورات ۔
[س ۱۶ : ۱۴
حَلَّى = حَلَى

حَمَ

حا ، مِيْمْ ، حروف تہجی محض ۔
حم ۔ تنزیل الکتاب من اللہ العزیز العلیم
[س ۴۰ : ۱
(حا ، میم ، یہ کتابت یا حروف زبردست اور علم والے خدا کی طرف سے نازل ہوئے ہیں) ۔
● حٰمٓ ۔۔۔ کِتَابٌ فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا ۔۔۔ (س ۴۱ : ۱-۳)

حا ، میم ، ۔۔۔ لکھائی ہے کہ اس کی نشانیاں جدا جدا واضح کردی گئی ہیں ، عربی زبان میں پڑھنے کی چیز ۔۔۔

حَمَّ

حَمِيمٌ (۱) کھولتا ہوا گرم پانی [س ۶ : ۶۹
(۲) قرابتدار ۔ دوست ۔ [س ۷۰ : ۱۰

حَمَأَ

حَمَأٌ کیچڑ ۔ سیاہ سڑی مٹی ۔ وہ کائی جو پانی کے کنارے زمین پر جم جاتی ہے [س ۱۵ : ۲۶
حَمَإٍ مَسْنُونٍ (س ۱۵ : ۲۶) [تحت سَنَّ
حَمِئَةٌ (مؤنث ۔ مذکر حَمِئٌ) کیچڑ کا بنا ہوا ۔ کیچڑ کی طرح ۔
عَيْنٍ حَمِئَةٍ (س ۱۸ : ۸۶) گدلے پانی کا چشمہ ۔ سمندر کا پانی جو خود میلا اور کیچڑ سا دکھائی دیتا ہے اور سورج کے غروب کے وقت اس کی شعاعوں سے اس پر سرخی جھلکتی ہے ، اِس لئے اس کو گدلے پانی کے چشمہ سے تشبیہ دی ہے ۔
● ۔۔۔ حتی اذا بلغ مغرب الشمس وجدھا تغرب فی عین حمئة [س ۱۸ : ۸۶

حَمِدَ

حَمِدَ تعریف کرنا ۔ [س ۳ : ۱۸۵
حَمْدٌ (اسم فعل) (۱) تعریف ۔ [س ۱ : ۱
(۲) شکر ۔ (اِبن عباس)
(۳) = أَمْرٌ (ابن عباس) ۔ حکم ۔
● ۔۔۔ وان من شیء الا یسبح بحمدہ
[س ۱۷ : ۴۴

Marfat.com

● ویسبح الرعد بحمده ۔۔۔ [س ۱۳ : ۱۳

حَامِدٌ (اِسم فاعل) حمد کرنے والا ۔ احکام کی پابندی کرنے والا ۔ [س ۹ : ۱۱۳

حَمِيدٌ تعریف کے لایق ۔ فرمانبرداری کے لایق ۔ [س ۲ : ۲۷۰

أَحْمَدُ (اَفعل التفضیل) (۱) مبالغہ فاعل ۔ خدا کی بہت زیادہ فرمانبرداری کرنے والا ۔ (۲) مبالغہ مفعول ۔ جس کی بہت زیادہ فرمانبرداری کی جائے، بہت زیادہ فرمانبرداری کے لایق ۔

● ۔۔۔ ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمه احمد [س ۶۱ : ۶

۔۔۔ اِسمُهٗ اَحمَدُ (س ۶۱ : ۶) اُس کے اوصاف ہونگے یہ کہ وہ زبردست خدا کا فرمانبردار ہوگا اور اس لئے وہ اس لایق بھی ہوگا کہ اُس کی زبردست فرمانبرداری کی جائے ۔

مَحْمُودٌ (اِسم مفعول) جس کی تعریف کی جائے تعریف کے لایق [س ۱۷ : ۸۱

مُحَمَّدٌ (اِسم مفعول) جس کی تعریف کی جائے ۔ جس کی فرمانبرداری کی جائے ۔ نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔ [س ۳ : ۱۳۸

حَمَرَ

حِمَارٌ (جمع حُمُرٌ اور حَمِيرٌ) گدھا [س ۶۲ : ۵

حُمْرٌ (جمع ۔ واحد اَحْمَرُ) لال ۔ [س ۳۵ : ۲۷

حَمَلَ

حَمَلَ (۱) لیکر چلنا ۔ اُٹھانا ۔

وَحَمَلْنَاهُمْ (س ۳۳ : ۷۲) = حَمَلَ الْاَمَانَةَ امانت کا بار اپنی گردن پر رکھے رہا، امانت کے بار سے سبکدوش نہ ہوا ۔ اُس نے امانت میں خیانت کی ۔ (لسان ۔ قاموس)

= خَانَ الْاَمَانَةَ ۔ (رازی)

● انا عرضنا الامانة علی السموت و الارض والجبال فابین ان یحملنها واشفقن منها وحملها الانسان ۔ انه کان ظلوما جهولا [س ۳۳ : ۷۲

= خانها الانسان ۔ (تاج)

(۲) بوجھ لادنا ۔ کسی پر کوئی ذمہ داری ڈالنا ۔ بوجھ ڈالنا ۔

(۳) کسی پر حملہ کرنا، کسی کو برباد کرنا (+ عَلٰی) ۔

● وحملت الارض و الجبال [س ۶۹ : ۱۴

(۴) حاملہ ہونا ۔

● ۔۔۔ فحملته فانتبذت به ۔۔۔ [س ۱۹ : ۲۱

(۵) کسی کام کا ذمہ لینا ۔ سفر کے لئے بار برداری کا سامان مہیا کردینا ۔ سواری پر چڑھانا ۔

● ۔۔۔ اذا ما اتوك لتحملهم قلت لا اجد ما احملكم علیه [س ۹ : ۹۳

فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ (س ۱۹ : ۲۸) لائی اس کو سواری پر چڑھائے ہوئے اپنی قوم کے پاس ۔

وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ (س ۶۹ : ۱۴) اور مُلک اور رؤسائے قوم برباد کردئے جائینگے ۔

ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا (س ۶۲ : ۵) پھر اُنہوں نے حق ادا نہ کیا اس کے ذمہ کا، عمل نہ کیا جیسا چاہئے تھا ۔

Marfat.com

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا (س ٦٢ : ٥)
جیسے مثال اس گدھے کی کہ (بے سمجھے یا فائدہ اٹھائے) بڑی بڑی کتابیں لئے پھرتا ھے۔

اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ (س ٤٠ : ٧) جو ھیں حامل عرش کے۔ خدا کی مخلوق۔

حَمَلَ کے معنی اُٹھانے کے ھیں، مگر اِس کا استعمال شئے مادی موجود فی الخارج کی نسبت بھی ھوتا ھے اور شئے عقلی غیر مادی غیر موجود فی الخارج پر بھی ھوتا ھے۔

● مثل الذين حملوا التورية ثم لم يحملوها كمثل الحمار يحمل اسفارا [س ٦٢ : ٥

جب کسی کو کسی شئے کا حامل کہتے ھیں اس سے اُس کا ظہور لازمی تصور کیا جاتا ھے۔ حاملان توراۃ اسی لئے کہتے ھیں کہ اُن سے احکام توراۃ ظاھر اور معلوم ھوتے ھیں اور حاملان شریعت سے اَحکام شریعت۔ اِسی طرح جس چیز سے جو چیز ظاھر ھو اُس کو اُس کا حامل کہتے ھیں۔ خدا کی مخلوق سے جو خدا کی سلطنت و بادشاھت ظاھر ھوتی ھے اُن پر حاملان عرش کا اطلاق ھوتا ھے۔ (از سید احمد رح)

حَمْلٌ (اِسم فعل۔ جمع أَحْمَالٌ) (۱) بوجھ۔ [س ۷ : ۱۸۸

(۲) پیٹ کا بچہ۔ جنین۔ [س ۲۲ : ۲

(۳) پیٹ میں بچہ رھنے کی مدت۔

● وحمله و فصاله ثلاثون شهرا [س ٤٦ : ١٤

حِمْلٌ بوجھ۔ [س ۲۰ : ۱۰۱

حَامِلٌ (اِسم فاعل) اُٹھا کر چلنے والا۔ حکم کی تعمیل کرنے والا۔

● ۔۔۔ فالحاملات و قرا [س ۵۱ : ۲

حَمَّالَةٌ (مؤنث) لیکر پھرنے والی۔

حَمَّالَةَ الْحَطَبِ (س ۱۱۱ : ۴)
= تمشی بالنمیمة۔ (مجاھد۔ بخاری)۔ لگائی بجھائی کرنے والی۔ بُھس میں چنگاری چھوڑنے والی۔

حَمُوْلَةٌ باربرداری کا جانور۔ [س ٦ : ١٤٣

حَمَّلَ کسی پر بوجھ ڈالنا۔ کسی کے ذمہ کوئی کام ڈالنا۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰةَ (س ٦٢ : ٥)
مثال اُن کی جن پر ڈالا گیا بار یا ذمہ تورات (پر عمل کرنے) کا۔

اِحْتَمَلَ اپنے اوپر کوئی بار لینا۔ کوئی بوجھ اُٹھانا۔

● ۔۔۔ فقد احتمل بهتانا و اثما [س ۴ : ۱۱۱

حَمِيَ

حَمِيَ گرم ھونا۔

حَامٍ ایام جاھلیت میں اُس اُونٹ کو کہتے تھے جس پر نہ بوجھ لادتے نہ اُس کا اُون اُتارتے اور نہ اُس کو کہیں چرنے اور پانی پینے سے روکتے۔ (اِبن عباس) [س ۵ : ۱۰۲

حَامِيَةٌ (اِسم فاعل۔ مؤنث) وہ جو بہت تیز جلتی ھو۔ تیز جلنے والی (آگ) [س ۱۰۱ : ۸

حَمِيَّةٌ غیرت۔ ضد۔ [س ۴۸ : ۲٦

Marfat.com

أَحْمَى گرم کرنا ۔
يُحْمَى عَلَيْهَا (س ۹ : ۳۵) چاندی اور سونے کو آگ میں گرم کیا جائیگا ۔

حَنَّ

حَنَانٌ ماں کی ما متا ۔ ماں کی جیسی محبت ۔ رحم ۔ [س ۱۹ : ۱۳
حُنَيْنٌ مکہ کے نزدیک کی وادی جہاں ایک جنگ ہوئی تھی ۔ [س ۹ : ۲۵

حَنِثَ

حَنِثَ گناہ یا جرم کرنا ۔ (قاموس)
● ۔۔۔ ولا تحنث [س ۳۸ : ۴۳
حِنْثٌ گناہ ۔ جرم ۔ نافرمانی ۔ (صحاح ۔ قاموس) [س ۵۶ : ۴۵
أَلْحِنْثُ الْعَظِيْمِ (س ۵۶ : ۴۵) بڑا گناہ ۔ شرک ۔ خدا کو چھوڑ کر دوسرے کی بات ماننا ۔

حَنْجَرَ

حَنَاجِرُ (جمع ۔ واحد حَنْجَرَةٌ) حلق ۔ [س ۴۰ : ۱۸

حَنَذَ

حَنِيْذٌ بھنا ہوا ۔ [س ۱۱ : ۷۲

حَنَفَ

حَنِيْفٌ (جمع حُنَفَاءُ) سیدھی راہ پر چلنے والا ۔ آنجنابؑ کی بعثت سے کچھ قبل مکہ میں ایک گروہ کا نام جو طلب حق کے لئے سرگرداں تھا ۔
● و قالوا کونوا هودا او نصاری تهتدوا ۔ قل بل ملة ابراهيم حنيفا [س ۲ : ۱۳۵

حَنَكَ

اِحْتَنَكَ (۱) تابع کرنا ۔ (۲) جڑ سے کھود پھینکنا ۔ استیصال کرنا ۔ (لغت اشعریئین) [س ۱۷ : ۶۴

حَابَ

حُوْبٌ (اِسم فعل) گناہ ۔ (لغت شام)
● ۔۔۔ انه كان حوبا كبيرا [س ۴ : ۲

حَاتَ

حُوْتٌ (جمع حِيْتَانٌ) بڑی مچھلی ۔ [س ۳۷ : ۱۴۲

حَاجَ

حَاجَةٌ کوئی ضروری چیز ۔ ضرورت ۔ چیز ۔ شئی ۔ خواهش ۔ حاجت ۔
اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا (س ۱۲ : ۶۸) سوا اِس کے نہیں کہ یعقوب کے دل میں ایک بات تھی جو اُس نے پوری کی ۔

حَاذَ

اِسْتَحْوَذَ (+ عَلٰى) حاوی ہونا ۔ شکست دینا ۔ [س ۵۸ : ۲۰

حَارَ

حَارَ واپس ہونا ۔ [س ۸۴ : ۱۴

Marfat.com

حُوْرٌ (جمع) واحد { أَحْوَرُ (مذکر) / حَوْرَآءُ (مؤنث)
سفید ، گورے ، خوبصورت ، بڑی بڑی آنکھ والے مرد و ببیان ۔ (صحاح ۔ قاموس)
وہ مرد اور ببیاں جن کی آنکھوں کی سفیدی اور سیاھی اعلی درجہ کی ھو ، اور جن کا رنگ بھی سفید ھو ۔ (ازھری ۔ تاج)
--- وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُورٍ عِيْنٍ (س ۴۴ : ۵۴)
اور ھم اُنہیں گوری گوری بڑی بڑی آنکھوں والی ببیوں کا ھمنشین بنائینگے ۔
= ای قرناھم بھن ولم یجئ فی القرآن زوجنا ھم حورا کما یقال زوجته امرأة تنبیھا علی ان ذلک لایکون علی حسب المتعارف فیما بیننا من المناکحة ۔ (راغب)

حَوَارِيٌّ حضرت عیسیٰ کے اصحاب ۔ [س ۳ : ۴۵
(۱) کپڑے صاف کرنے والے ۔
= حُوَّارَى (لغت نبط ۔ ضحاك)
(۲) انبیاء کے خالص اور برگزیدہ احباب ۔ (زجاج ۔ لسان)
یہ اپنی خلوص نیت اور سیرت کی پاکیزگی کی وجہ سے حواری کہلائے ۔ (مولینا محمد علی لاھوری)
(۳) = رسول ۔ (لغت حبش) ۔

حَاوَرَ بحث میں ایک دوسرے کو جواب دینا ۔
تَحَاوُرٌ (اِسم فعل) دو یا زیادہ آدمیوں میں بحث ۔ [س ۵۸ : ۱

حَازَ

مُتَحَيِّزٌ (= مُتَحَوِّزٌ) پیچھے ھٹنا ۔ مورچہ

چھوڑنا (+ عَنْ اِلٰی) [س ۸ : ۱۶

حَاشَ

حَاشَ دُور ھے ، یا ھو ، یہ بات !
تنزیہ کے معنی میں اسم ھے ۔ قرآن میں یہ لفظ حرف استثنائیہ آیا ھے ۔
حَاشَ لله (س ۱۲ : ۵۱) جملہ استعجاب ۔ قسم بخدا ۔ سبحان اللہ !

حَاطَ

أَحَاطَ (۱) گھیر لینا ۔ [س ۱۰ : ۲۲
(۲) سمجھنا ۔ جاننا (+ بِ)
● ولا یحیطون بشئ من علمه [س ۲ : ۲۵۵
مُحِيطٌ (اِسم فاعل) وہ جو گھیر لے یا سمجھ لے ۔ وہ جو اپنے علم سے یا طاقت سے احاطہ کرے ۔
--- وَاللهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِيْنَ (س ۲ : ۱۸)
خدا کافروں کو سب طرف سے گھیرے ھوئے ھے (وہ جائیں گے کہاں ؟)
● --- الا انه بکل شئ محیط [س ۴۱ : ۵۴

حَالَ

حَالَ گزر جانا ۔ بیچ میں حائل ھونا ۔
● وحال بینھما الموج [س ۱۱ : ۴۳
وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ (س ۳۴ : ۵۴) اور اُن میں اور اُن کی آرزؤں میں ایک رکاوٹ حائل ھو جائیگی ۔ وہ نامراد رھینگے ۔
حَوْلَ چاروں طرف ۔ اِرد گرد ۔ [س ۲ : ۱۷
حَوْلٌ (اِسم فعل) (۱) طاقت ۔

Marfat.com

(۲) سال۔ [س ۲ : ۲۴۱

حَوْلٌ تبدیلی۔ [س ۱۸ : ۱۰۸

حِیْلَةٌ تدبیر۔

● لا یستطیعون حیلة [س ۴ : ۱۰۰

تَحْوِیْلٌ (اِسم فعل) تبدیلی۔ پھر جانا۔

● ۔۔۔ ولا تجد لسنتنا تحویلا [س ۱۷ : ۷۹

حَوَی

حَوَایَا (= حَوَایِیُّ جمع۔ واحد حَوِیَّةٌ) آنتیں۔ [س ۶ : ۱۴۶

أَحْوَی (حَوِیَ سے) کالے رنگ کا۔

● ۔۔۔ فجعله غثاء احوی [س ۸۷ : ۵

حَیَّ

حَیَّ = حَیِیَ (= حَیِوَ)

یَحْیَا (مضارع) = یَحْیَوُ (+ فِیْ) زندہ رہنا۔ [س ۸ : ۴۳

حَیٌّ (جمع أَحْیَاءٌ) (۱) زندہ۔ [س ۲۱ : ۳۰

(۲) علم و ہوش رکھنے والا۔

● ۔۔۔ لینذر من کان حیا [س ۳۶ : ۶۹

● وما یستوی الاحیاء ولا الاموات ۔۔۔ وما انت بمسمع من فی القبور [س ۳۵ : ۲۲

حَیَّةٌ سانپ۔ [س ۲۰ : ۲۱

حَیَاةٌ (= حَیَوٌ = حَیْوَةٌ) زندگی۔

۔۔۔ وَلَكُمْ فِی الْقِصَاصِ حَیٰوةٌ ۔۔۔ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (س ۲ : ۱۷۹) اور قصاص کے حکم میں تمہارے لئے زندگی مقصود ہے تاکہ تم (لوگوں کے ظلم سے) بچو۔

أَلْحَیٰوةُ الدُّنْیَا (۱) فوری عیش۔ بدیہی عیش۔ موجودہ عیش۔

● انما الحیوة الدنیا لعب ولهو [س ۴۷ : ۳۶

(۲) موجودہ زندگی۔

● ۔۔۔ فاذاقهم الله الخزی فی الحیوة الدنیا [س ۳۹ : ۲۶

حَیَوَانٌ زندگی۔ حیات حقیقی۔

● ۔۔۔ وان الدارالاخرة لهی الحیوان [س ۲۹ : ۶۴

یَحْیٰی یوحنا نبیؑ۔ [س ۳ : ۳۴

مَحْیًا (= مَحْیً = مَحْیٰیٌ) زندگی۔ [س ۴۵ : ۲۰

مَحْیَایَ (س ۶ : ۱۶۳) میری زندگی۔

حَیَّ (+ بِ) زندہ رہنے کی دعا دینا۔ [س ۴ : ۸۵

تَحِیَّةٌ (اِسم فعل) دُعا دینا۔ [س ۴ : ۸۵

أَحْیَی (= أَحْیَا) (۱) زندہ کرنا۔ جان ڈالنا۔ [س ۲ : ۲۸

(۲) جان بچانا۔ [س ۵ : ۳۲

(۳) ہدایت کرنا۔

● ۔۔۔ استجیبوا لله وللرسول اذا دعاکم لما یحییکم [س ۸ : ۲۴

● او من کان میتا فاحییناه وجعلنا له نورا یمشی به فی الناس کمن مثله فی الظلمات لیس بخارج منها [س ۶ : ۱۲۲

= ضالا فهدینا۔ (اِبن عباس)

Marfat.com

يُحْيِيْنِ (س ۲۶ : ۸۱) = يُحْيِيْنِيْ وہ مجھکو زندہ کریگا۔

مُحْيٖ (= مُحْيِيٌ - اِسم فاعل) وہ جو زندہ کرتا ہے۔ [س ۳۰ : ۵۰

اِسْتَحْيٰ (۱) زندہ بچا لینا - [س ۴۰ : ۲۶ (۲) شرمانا - (۳) باقی چھوڑنا -

● ان اللہ لا یستحیی ان یضرب مثلا ما بعوضة فما فوقها [س ۲ : ۲۶

(مثال بیان کرنے میں خدا مچھر یا اِس سے بڑھکر کسی اور چیز کو بھی نہیں چھوڑتا - وہ چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی چیز کی مثال یکساں دے دیتا ہے) -

= لا یستبقی - (صحاح - قاموس)

اِسْتِحْيَآءٌ حیا - شرم - [س ۲۸ : ۲۵

حَيْثُ

حَيْثُ جہاں - جہاں کہیں -

مِنْ حَيْثُ جہاں سے - جہاں کہیں سے - جس وقت بھی - جس طرح بھی -

حَيْثُ مَا (س ۲ : ۱۳۹) جہاں کہیں -

حَادَ

حَادَ (+ مِنْ) روک دینا -

●--- ذلك ما كنت منه تحيد [س ۵۰ : ۱۹

حَارَ

حَارَ (= حَيِرَ)

حَيْرَانُ مخبوط الحواس - پاگل - [س ۶ : ۷۰

حَاصَ

مَحِيْصٌ بچنے کی یا بھاگنے کی جگہ یا وقت -

●--- مالهم من محيص [س ۴۱ : ۴۸

حَاضَ

حَاضَ حائضہ ہونا -

--- وَاللَّآئِيْ لَمْ يَحِضْنَ (س ۶۵ : ۴) اور اُن کی بھی عدت جنہیں (کسی وجہ سے) حیض نہیں آتا -

يَحِضْنَ جمع مؤنث غائب مضارع -

مَحِيْضٌ (۱) حیض کا وقت - حیض کے ایام -

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ - قُلْ هُوَ اَذًى

---(س ۲ : ۲۲۲) اور لوگ تجھ سے حیض کے وقت کے بارے میں پوچھیں (کہ بیوی کے پاس جائیں یا نہیں) تو کہہ دے ایسا کرنا نقصان دہ ہے -

(۲) حیض - [س ۶۵ : ۴

حَافَ

حَافَ (+ عَلٰى) بے انصافی کرنا -

[س ۲۴ : ۴۹

حَاقَ

حَاقَ (+ بِ) گھیر لینا - اِحاطہ کرنا -

● وحاق بآل فرعون سوء العذاب

[س ۴۰ : ۴۸

حَانَ

حِيْنٌ وقت -

Marfat.com

حِيْنٌ مِنَ الدَّهْرِ (س ۷۶ : ۱) زمانہ میں ایک وقت۔

عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ (س ۲۸ : ۱۴) لوگوں کی غفلت کے وقت۔ ایسے وقت جب لوگ آرام کرتے ہیں۔

حِيْنَ جب۔ جس وقت۔ [س ۱۱ : ۵

حِيْنَئِذٍ (= حِيْنَ + إِذْ یا إِذَا) تب۔ اُس وقت۔ [س ۵۶ : ۸۳

Marfat.com

ـ« باب الخاء »ـ

خَاسِئًا (اِسم فاعل) [خَسَأَ

خَاوِيَةٌ (مؤنث ـ مذکر خَاوٍ (= خَاوِیٌ) [خَوَی

خَبَأَ

خَبْءٌ (اِسم فعل) وہ جو چھپا ہوا ہے ـ [س ۲۷: ۲۵

خَبَتَ

خَبَتَ تسلیم کرنا ـ [س ۲۲: ۵۳

أَخْبَتَ = خَبَتَ (+ إِلٰی یا + لِ) [س ۱۱: ۲۳

مُخْبِتٌ (اِسم فاعل) جو اپنے تئیں اِنکسار سے کام لے ـ [س ۲۲: ۳۵

خَبُثَ

خَبُثَ بُرا ہونا ـ [س ۷: ۵۷

خَبِيثٌ بُرا ـ بد ـ خبیث ـ [س ۵: ۱۰۰

خَبَائِثُ (جمع ـ واحد خَبِيثَةٌ) پلیدی ـ بُرے کام ـ بُری چیزیں ـ [س ۷: ۱۵۶

خَبَرَ

خَبَرَ جاننا ـ

خُبْرٌ (اِسم فعل) سمجھ ـ علم ـ

●ـــ علی مالم تحط به خبرا [س ۱۸: ۶۸

خَبَرٌ (جمع أَخْبَارٌ) خبر ـ [س ۲۷: ۷

خَبِيرٌ جاننے والا ـ [س ۲: ۲۳۴

خَبَزَ

خُبْزٌ روٹی ـ [س ۱۲: ۳۶

خَبَطَ

تَخَبَّطَ مخبوط الحواس کرنا ـ ہلاک کرنا ـ [س ۲: ۲۷۶

خَبَلَ

خَبَالٌ رکاوٹ ـ خرابی ـ

لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا (س ۳: ۱۱۸) وہ تم کو خراب کرنے سے باز نہ آئیں گے ـ

خَبَا

خَبَا معدوم ہونا ـ نابود ہونا ـ

خَتَرَ

خَتَّارٌ دغا باز آدمی ـ [س ۳۱: ۳۲

خَتَمَ

خَتَمَ (+ عَلٰی) مہر کر دینا ـ [س ۲: ۶

● افرءیت من اتخذ الهه هویه واضله الله علی علم وختم علی سمعه وقلبه وجعل علی بصره غشاوة [س ۴۵: ۲۳

Marfat.com

● ختم الله علی قلو بهم وعلی سمعهم - وعلی ابصارهم غشاوة [س ۲ : ٦
= لهم قلوب لا یفقهون بها ولهم اعین لا یبصرون بها ولهم اذان لا یسمعون بها - - - اولئك هم الغافلون (س ۷ : ۱۷۹)

خَاتَمٌ (۱) = ما یختم به جس سے مہر لگائی جائے - جس سے تصدیق کی جائے - مہر -

(۲) = مُصَدِّقٌ - تصدیق کرنے والا -

● ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول الله وخاتم النبین [س ۳۳ : ۴۰
= رسول من عند الله مصدق لما معهم (س ۲ : ۱۰۱)
= قول حضرت عائشه رض : قولوا انه خاتم الانبیاء ولا تقولوا لانبی بعده - (درمنثور)

(۳) افضل - اشرف -

(۴) = زِینَةٌ - خاتم بمعنی الزینة ماخوذ من الخاتم الذی هو زینة للابسة - (مجمع البحرین)

خِتَامٌ مہر - مہر کرنے کے سامان مثلاً گارے وغیرہ - [س ۸۳ : ۲٦

مَخْتُومٌ (اِسم مفعول) مہر کیا ہوا - [س ۸۳ : ۲۵

خَدَّ

خَدٌّ گال -

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ (س ۳۱ : ۱۷)
اور اپنے گال نہ پھلا لوگوں سے (تکبر کے مارے بے رخی نہ کر) -

أُخْدُودٌ خندق - گڈھا -

أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ (س ۸۵ : ۴) کچھ ظالم لوگ تھے کہ بے بس مسیحیوں کو زندہ جلا دیتے تھے -

خَدَعَ

خَدَعَ دھوکا دینا - [س ۲ : ۸

خَادِعٌ (اِسم فاعل) دھوکا دینے والا - [س ۴ : ۱۴۱

خَادَعَ دھوکا دینے کی کوشش کرنا -

● --- یخادعون الله والذین آمنوا [س ۲ : ۸

خِدْنٌ

أَخْدَانٌ (جمع - واحد خِدْنٌ) یار - دوست - [س ۴ : ۲۹

خَذَلَ

خَذَلَ مایوس کرنا - وقت پر ساتھ چھوڑ دینا - [س ۳ : ۱۵۴

خَذُولٌ وہ جو وقت پر اپنے دوستوں کو چھوڑ دے - باغی - غدار - [س ۲۵ : ۲۹

مَخْذُولٌ (اِسم مفعول) مفلس - [س ۱۷ : ۲۲

خَرَّ

خَرَّ گر پڑنا - [س ۲۲ : ۳۱

خَرَبَ

خَرَابٌ خراب کرنا - برباد کرنا - تہس نہس کرنا - [س ۲ : ۱۰۸

أَخْرَبَ (+ ب) برباد کرڈالنا - [س ۵۹ : ۲

Marfat.com

خَرَجَ

خَرَجَ نکل پڑنا ۔ چل پڑنا ۔ خروج کرنا ۔

خَرْجٌ خراج ۔ انتظام کا خرچ ۔ [س ۱۸ : ۹۵

خَرَاجٌ = خَرْجٌ [س ۲۳ : ۷۲

خُرُوْجٌ (اِسم فعل) نکل پڑنا ۔ اُٹھ کھڑا ہونا ۔ مردنی کی حالت سے زندہ ہونا ۔

یَوْمُ الْخُرُوْج (س ۵۰ : ۴۲) وہ وقت جب حق کے غلبہ کے ساتھ قوم میں نئی زندگی آجائے گی ۔

خَارِجٌ (اِسم فاعل) وہ جو نکل پڑے ۔ [س ۶ : ۱۲۲

مَخْرَجٌ نکلنے کی جگہ ۔ نکلنا ۔ [س ۶۵ : ۲

أَخْرَجَ نکالنا ۔ نکال باہر کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ پھینک دینا ۔ [س ۴۱ : ۴۷

إِخْرَاجٌ (اِسم فعل) نکال باہر کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ [س ۲ : ۲۱۴

مُخْرِجٌ (اِسم فاعل) وہ جو پیدا کرے، نکالے ۔ [س ۶ : ۹۵

مُخْرَجٌ (اِسم مفعول) (۱) وہ جو لایا گیا یا پیدا کیا گیا ۔

(۲) جگہ جہاں سے کوئی چیز لائی یا نکالی جائے ۔

(۳) وقت جب کوئی چیز لائی یا نکالی جائے یا پیدا کی جائے ۔

وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ (س ۱۷ : ۸۲) اور نکال لے چل مجکو نکلنے کے ایسے وقت کہ مبارک ہو (میرے کام کے لئے) ۔

اِسْتَخْرَجَ نکال لینا ۔ نکالنا ۔ [س ۱۸ : ۸۱

خَرْدَلَ

خَرْدَلٌ رائی کے دانے ۔

● ۔۔۔ مثقال حبة من خردل [س ۲۱ : ۴۷

خَرَصَ

خَرَصَ اٹکل باتیں کرنا ۔ جھوٹ بولنا ۔ [س ۶ : ۱۱۶

خَرَّاصٌ اٹکل باتیں کرنے والا ۔ جھوٹا ۔

● قتل الخراصون [س ۵۱ : ۱۰

خَرْطَمَ

خُرْطُوْمٌ (۱) ہاتھی یا گینڈے ایسے جانوروں کا تھوتھنا ۔

(۲) بدکار آدمی کی ناک ۔

سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ (س ۶۸ : ۱۶) ہم اس کی بڑی ناک کو داغ دیں گے، نیچی کر دکھائیں گے ۔

خَرَقَ

خَرَقَ (۱) چیر ڈالنا ۔ پھاڑ ڈالنا ۔ چھید کرنا ۔ پھانک کرنا ۔ [س ۱۷ : ۳۷

(۲) جھوٹی بات بنانا ۔

● ۔۔۔ وخرقوا له بنين و بنات [س ۶ : ۱۰۸

خَزَنَ

خَزَآئِنُ (جمع ۔ واحد خَزَانَةٌ) خزانے ۔ مخزن ۔

Marfat.com

● ولا اقول لکم عندی خزائن اللہ
[س ۶ : ۵۰

خَازِنٌ (اِسم فاعل - جمع خَزَنَةٌ) جمع کرنے والا - خزانہ رکھنے والا - حفاظت کرنے والا - محافظ - [س ۳۹ : ۷۵

خَزِیَ

خَزِیَ ذلیل ہونا -

(۴) فضل ۔

● ۔۔۔ یبسط الرزق لمن یشآء و یقدر [س ۳۰ : ۳۶

أَرْحَمُ (افعل التفضیل) سب سے زیادہ رحم کرنے والا ۔ [س ۷ : ۱۵۰

أَرْحَامٌ (جمع ۔ واحد رَحِمٌ اور رِحْمٌ ۔ مذکر و مؤنث) (۱) ماؤں کے رَحِم ، کوکھ ، جس میں بچے ہوتے ہیں ۔ بچے دانیاں ۔

● یصورکم فی الارحام [س ۳ : ۶

(۲) مائیں ۔ جنس نساء ۔ بی بیاں ۔

Marfat.com

● واتقوا الله ۔۔۔ والارحام [س ۴ : ۱

(۳) = أولوا الارحام ۔ رحمی رشتے والے ۔

● لن تنفعكم ارحامكم ولا اولادكم [س ۶۰ : ۳

رُحْمٌ شفقت ۔

● ۔۔۔ واقرب رحما [س ۱۸ : ۸۲

رَاحِمٌ (اِسم فاعل) رحم کرنے والا ۔ [س ۲۳ : ۱۱۰

رَحْمَانٌ ماں کی طرح مامتا والا ۔ جس طرح ماں اپنے رحم (کوکھ) کے جنے بچے سے محبت کرتی ھے ویسی محبت کرنے والا خدا ۔ حدیث قدسی میں آیا ھے : أنا الرحمان وأنت الرحم ۔ شققت اسمك من اسمی ۔ فمن وصلك وصلته ومن قطعك قطعته ۔

گویا خداوند کریم جنس نساء کو مخاطب کر کے فرماتا ھے :

میں رحمان (رحم والا) ھوں اور تو مجسمہ رحم ۔ میں نے تیرے نام کو اپنے نام سے مشتق کیا ھے ۔ تو جو کوئی تجھ سے ملا رھیگا میں بھی اُس سے ملا رھونگا اور جو کوئی تجھ سے قطع تعلق کریگا میں بھی اُس سے قطع تعلق کرونگا ۔

ایک اور حدیث میں ھے :

اِنَّ الرَّحِمَ اَخَذَتْ بِحُجْزَةِ الرَّحْمَانِ جنس نساء نے خدائے رحمان کے قرب کا ذریعہ پکڑ رکھا ھے (یعنی خدا کے قرب کا ذریعہ جنس نساء ھی کے ھاتھ میں ھے) ۔

اَلرَّحْمَانُ خدائے رحمان ۔ یہ لفظ خدا کے سوا اور کسی کے لئے نہیں آتا ۔

اَلرَّحِيمُ = اَلرَّحْمَانُ

رُحَمَاءُ (جمع ۔ واحد رَحِيمٌ) رحم کرنے والا ۔

مَرْحَمَةٌ = رَحْمَةٌ رحمت ۔ شفقت ۔

رَخِيَ

رُخَاءٌ دھیمی ھوا ۔ [س ۳۸ : ۳۵

رَدَّ

رَدَّ (۱) ھٹا دینا ۔ ٹال دینا ۔ رد کرنا ۔ (+ عَنْ)

(۲) واپس کرنا ۔ پھیر دینا ۔ واپس دینا ۔ واپس لانا ۔ رجوع کرنا ۔ (+ اِلٰی)

(۳) روکنا ۔ [س ۱۶ : ۷۲

(۴) مخصوص رکھنا ۔

● اليه يرد علم الساعة [س ۴۱ : ۴۷

فَرَدُّوا اَيْدِيَهُمْ فِي اَفْوَاهِهِمْ (س ۱۴ : ۱۰)

(۱) تو منکروں نے اپنے ھاتھ رسولوں کے مونھوں پر مارا (اُن کو بات کرنے نہ دیا) ۔

= پس بازگردانیدند دستہائے خود را در دھن ھائے اینہا ۔ (سعدی رح)

(۲) = پس باز آوردند دست خود را در دردھان خود ۔ (شاہ ولی اللہ رح) ۔ تعجب کر کے خاموش ھوگئے ۔

(۳) تو اُنھوں نے اُن رسولوں کی نعمتوں کو (احسان کو) اُنہیں کے منھ پر مارا، یعنی ناقدری سے قبول نہ کیا ۔

= لیکن اُنھوں نے اُن کی باتیں اُن ھی پر لوٹا دیں (اور کان دھرنے سے اِنکار کیا) ۔ (مولینا ابو الکلام احمد)

Marfat.com

وَمِنْكُمْ مَنْ يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ (س ۱۶ : ۷۲) اور کوئی تم میں سے (موت سے) روک لیا جاتا ہے نکمی عمر تک۔

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ (س ۴۱ : ۴۷) عذاب کی گھڑی کا علم خدا ہی سے متعلق ہے، وہی جانے۔

--- أَوْ يَخَافُوا أَنْ تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ (س ۵ : ۱۰۷) یا اندیشہ کریں کہ اُن کی قسمیں دوسرے فریق کی قسموں کے بعد رد نہ کردی جائیں۔

رَدٌّ (اِسم فاعل) ٹالنا۔ واپس لانا۔

رَادٌّ (اِسم فاعل) وہ جو ٹال دے، واپس کردے۔ [س ۱۶ : ۷۳

فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُوا بِرَادِّي رِزْقِهِمْ عَلَىٰ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَاءٌ (س ۱۶ : ۷۳) تو جن کو دی گئی ہے فراخی پھر نہیں دیتے اپنی روزی ان لوگوں کو جن پر ان کا دسترس ہے حالانکہ اس میں تو وہ سب برابر ہیں۔

بِرَادِّي (س ۱۶ : ۷۳) = بِرَادِّينَ (مَا نافیہ کے بعد بِ فجائیۃ۔)

مَرَدٌّ (۱) لوٹ کر آنے کا وقت یا مقام۔

● --- يقولون هل الى مرد من سبيل [س ۴۲ : ۴۴

(۲) اِسم فعل بہ معنی ٹالنا۔

● --- ان ياتى يوم لا مرد له [س ۳۰ : ۴۳

مَرْدُودٌ (اِسم مفعول) (۱) واپس کیا ہوا۔ لوٹا یا ہوا۔

● يقولون ء انا لمردودون فى الحافرة [س ۷۹ : ۱۰

(۲) ٹالا ہوا۔ رد کیا ہوا۔

غَيْرُ مَرْدُودٍ (س ۱۱ : ۷۸) جو ٹالا نہیں جاسکتا۔

تَرَدَّدَ متردد ہونا۔ پریشان ہونا۔

● --- فهم فى ريبهم يترددون [س ۹ : ۴۵

اِرْتَدَّ (۱) واپس ہونا۔ پھر جانا۔ (+ عَلَىٰ) فَارْتَدَّا عَلَىٰ آثَارِهِمَا (س ۱۸ : ۶۴) تب وہ دونوں اپنے نقش قدم پر واپس آئے۔

لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ (س ۱۴ : ۴۳) اُن کی نگاہ اُن کی طرف لوٹ کر نہ آئیگی (اُن کو ٹکٹکی لگی ہوگی)۔

أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ (س ۲۷ : ۳۹) میں لا دیتا ہوں اُس کو تیرے پاس قبل اس کے کہ تیری پلک جھپکے۔

(۲) مرتد ہونا۔ (+ عَنْ) [س ۵ : ۵۹

رَدْءاً

رِدْءٌ مددگار۔

● فارسله معى ردءا [س ۲۸ : ۳۴

Marfat.com

رَدِفَ

رَدِفَ (+ لَ) پیچھے آنا ۔ قریب ہونا ۔

● ۔۔۔ عسیٰ ان یکون ردف لکم [س ۲۷ : ۷۲

رَادِفٌ (اِسم فاعل) قریب آنے والا (واقعہ) ۔ پیچھے آنے والا ۔ جزا وسزا کا وقت ۔

● ۔۔۔ تتبعها الرادفة [س ۷۹ : ۶

مُرْدِفٌ (اِسم فاعل) (۱) = رَادِفٌ

(۲) ایک کے پیچھے ایک لگا ہوا ۔

● ۔۔۔ من الملائكة مردفين [س ۸ : ۹

رَدَمَ

رَدْمٌ مضبوط دیوار ۔

● ۔۔۔ اجعل بينكم وبينهم ردما [س ۱۸ : ۹۶

رَدَى

رَدِيَ ہلاک ہونا ۔

● ۔۔۔ واتبع هويه فتردى [س ۲۰ : ۱۶

أَرْدَى ہلاکت کو پہنچانا ۔

● وذلكم ظنكم ۔۔۔ اردىكم [س ۴۱ : ۲۳

تَرَدَّى سر کے بل گرنا ۔ [س ۹۲ : ۱۱

مُتَرَدِّيَةٌ (مؤنث ۔ اِسم فاعل) جو سر کے بل گرے یا اور کسی طرح گر کر مر جائے ۔ [س ۵ : ۴

رَذُلَ

أَرْذَلُ (جمع أَرْذَلُوْنَ اور أَرَاذِلُ ۔ افعل التفضیل) نہایت رذیل ، کمینہ ۔ [۲۶ : ۱۱۱

إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ (س ۱۶ : ۷۲) نکمی عمر تک ۔

رَزَقَ

رَزَقَ ضروریات زندگی کے اسباب بہم پہنچانا ، مہیا کرنا ، عطا کرنا ۔

● ۔۔۔ الذى خلقكم ثم رزقكم [س ۳۰ : ۴۰

رِزْقٌ (۱) ضروریات زندگی کے تمام سامان اور لوازمات ۔ اسباب زندگی ۔ [س ۱۱ : ۶

(۲) بارش ۔ پانی ۔ (صحاح ۔ قاموس)

● وما انزل الله من السماء من رزق فاحيا به الارض بعد موتها [س ۴۵ : ۵

● ۔۔۔ وفى السماء رزقكم ۔۔۔ [س ۵۱ : ۲۲

(۳) پھل ۔ میوہ ۔

● ۔۔۔ فاخرج به من الثمرات رزقا لكم ۔۔۔ [س ۲ : ۲۲

(۴) کھانے کا سامان ۔

● ۔۔۔ فلينظر ايها ازكى طعاما فليأتكم برزق منه [س ۱۸ : ۱۹

(۵) چار پائے جانور ۔

● ۔۔۔ على مارزقهم من بهيمة الانعام ۔۔۔ [س ۲۲ : ۲۸

(۶) نفع کی چیز ۔ کام کی چیز ۔ (صحاح ۔ قاموس)

(۷) مال و دولت ۔

● ۔۔۔ وانفقوا مما رزقهم الله [س ۴ : ۳۹

(۸) علم ۔

Marfat.com

● کلما دخل علیها زکریا المحراب وجد عندها رزقا ۔ قال یا مریم انی لک هذا ۔ قالت هو من عنداللہ [س ۳ : ۳۶

= علما ۔ (مجاهد)

(۹) شکر ۔ قدردانی ۔ (صحاح ۔ تاج)

● ۔۔۔ وتجعلون رزقکم انکم تکذبون [س ۵۶ : ۸۲

(۱۰) = نَصِیبٌ ۔ حصه ۔ (راغب)

[س ۵۶ : ۸۲

رَازِقٌ (اِسم فاعل) رزق دینے یا بہم پہنچانے والا ۔ [س ۵ : ۱۱۷

رَزَّاقٌ (مبالغه به معنی فاعل) زبردست رزق دینے والا ۔

اَلرَّزَّاقُ خدا ۔ [س ۵۱ : ۵۸

رَسَّ

اَلرَّسِّ مدین کے پاس ایک کنویں کا نام ۔ [س ۲۵ : ۳۸

رَسَخَ

رَاسِخٌ (اِسم فاعل) زبردست پایگاہ رکھنے والا ۔

اَلرَّاسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ (س ۴ : ۱۶۰) زبردست عالم ۔ وہ عالم جو اپنے علم کے سبب حق سے نہیں ٹلتے ۔

رَسَلَ

رَسُوْلٌ (جمع رُسُلٌ) رسول ۔ پیغامبر ۔

اَلرَّسُوْلَا (س ۳۳ : ۶۶) = اَلرَّسُوْلَ (بطور اِشباع)

لفظ رَسُوْلٌ مذکر و مؤنث ، واحد تثنیه اور جمع هر طرح سے استعمال هوتا هے ۔ (صحاح ۔ قاموس)

● فاتیا فرعون فقولا انا رسول رب العالمین [س ۲۶ : ۱۵

رِسَالَةٌ پیغام ۔ پیام ۔ نیابت ۔ تفویض ۔

اَرْسَلَ (۱) بھیجنا ۔ (+ اِلٰی)

(۲) (+ عَلٰی) مسلط کرنا ۔ (قاموس)

● ۔۔۔ انا ارسلنا الشیاطین علی الکافرین ۔۔۔ [س ۱۹ : ۸۳

فَاَرْسِلُوْنِ (س ۱۲ : ۴۵) = فَاَرْسِلُوْنِیْ

مُرْسِلٌ (اِسم فاعل) بھیجنے والا ۔ [س ۴۵ : ۲

مُرْسَلٌ (اِسم مفعول) وہ جو بھیجا گیا ۔

وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا (س ۷۷ : ۱) رسولوں کی شہادت جو ہمیشه آتے رہے ہیں ۔

رَسَا

رَوَاسِیْ (جمع ۔ واحد رَاسِیَةٌ مؤنث ۔ مذکر رَاسٍ = رَاسِیٌ = رَاسِیٌ ۔ اِسم فاعل)

(۱) چیزیں جو مضبوطی سے جمی ہوئی ہوں ۔

● وقدور راسیات [س ۳۴ : ۱۳

(۲) پہاڑ ۔

● وجعل فیها رواسی [س ۱۳ : ۳

اَرْسٰی مضبوطی سے جمانا ۔

مُرْسٰی (مصدر ، اِسم زمان ، مکان اور مفعول

Marfat.com

بھی) وقت یا مقام مقررہ ۔
أَيَّانَ مُرْسَاهَا (س ۷ : ۱۸۶) کب ہے اُس کا وقت مقررہ ؟
مَجْرِيهَا وَمُرْسَاهَا (س ۱۱ : ۴۳)
اُس کشتی کے چلنے اور ٹھہرنے کا وقت یا مقام ۔

رَشَدَ

رَشَدَ ٹھیک راستہ پر چلنا ۔ ٹھیک ہدایت پانا ۔
رَشَدٌ = رَشَادٌ = رُشْدٌ ٹھیک راستہ پر چلنا ۔ سچی ہدایت ۔ ٹھیک طریقہ عمل ۔
--- فَإِنْ آنَسْتُم مِنهُم رُشْدًا (س ۴ : ۶)
اگر تم اُن میں صلاحیت پاؤ ۔
= صلاحا ۔ (ابن عباس)
رَاشِدٌ (اسم فاعل) وہ جو ٹھیک ہدایت پر ہے ۔ وہ جو ٹھیک راستہ پر ہے ۔
رَشِيدٌ (فعیل بہ معنی فاعل)
(۱) ہدایت یافتہ ۔ نیک ۔ صالح ۔
[س ۱۱ : ۸۷
(۲) ٹھیک راہ بتانے والا ۔
● --- انک لانت الحلیم الرشید
[س ۱۱ : ۸۶
مُرْشِدٌ (اسم فاعل) وہ جو ٹھیک ہدایت کرے ۔ ہادی ۔ [س ۱۸ : ۱۷

رَصَّ

مَرْصُوصٌ (اسم مفعول) مضبوطی سے اور پختہ طور پر ملا ہوا ۔
● --- کانھم بنیان مرصوص [س ۶۱ : ۴

رَصَدَ

رَصَدٌ (اسم فعل) (۱) تاک میں رہنا ۔ گھات میں بیٹھنا ۔
(۲) گھات ۔ تاک ۔
(۳) تاک رکھنے والے (اسم جمع)
● --- یجد لہ شھابا رصدا [س ۷۲ : ۹
مَرْصَدٌ تاک میں بیٹھنے کی جگہ ۔ [س ۹ : ۶
مِرْصَادٌ رصدگاہ ۔
● ان ربک لبالمرصاد [س ۸۹ : ۱۴
اِرْصَادٌ (اسم فعل) = رَصَدٌ
● --- وارصادا لمن حارب اللہ و رسولہ --- [س ۹ : ۱۰۷

رَضَعَ

رَضَاعَةٌ (اسم فعل) بچے کو دودھ پلانا ۔
أَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ (س ۴ : ۲۷)
تمھاری دودھ شریک بہنیں ۔
مَرَاضِعُ (جمع ۔ واحد مَرْضَعٌ)
(۱) چھاتیاں ۔ سینے ۔ دودھ پینے کی جگہ ۔ (کشاف ۔ بیضاوی)
(۲) (اسم فعل) چھاتی سے دودھ پینا ۔ (کشاف ۔ بیضاوی)
● --- وحرمنا علیہ المراضع --- [س ۲۸ : ۱۲
أَرْضَعَ دودھ پلانا ۔ [س ۲۲ : ۲
مُرْضِعَةٌ (مؤنث ۔ اسم فاعل) دودھ پلاتی

Marfat.com

ہوئی بی بی - [س ۲۲ : ۲

اِسْتَرْضَعَ بچے کے لئے دودھ پلانے والی اَنَّا ڈھونڈنا - [س ۲ : ۲۳۳

رَضِیَ

رَضِیَ (۱) راضی ہونا - خوش ہونا - (+عَنْ) [س ۵ : ۱۲۲

(۲) پسند کرنا - چن لینا - (+ بِ)

رَضِیٌّ خوشگوار - مقبول - [س ۱۹ : ۶

رَاضٍ (= رَاضِیٌ - اِسم فاعل - مؤنث رَاضِیَةٌ) (۱) جو راضی ہے، خوش ہے - [س ۸۸ : ۹

(۲) خوشگوار - پسندیدہ - [س ۸۹ : ۲۸

رِضْوَانٌ خوشنودی - [س ۹ : ۲۲

مَرْضِیٌّ (اِسم مفعول) مقبول - بہت خوش - [س ۱۹ : ۵۶

مَرْضَاتٌ (= مَرْضَاةٌ اِسم فعل) خوش کرنا - [س ۲ : ۲۰۳

اَرْضَی خوش کرنا - راضی کرنا - [س ۴ : ۱۰۸

تَرَاضَی (+ بَیْنَ) ایک دوسرے سے خوش ہونا - آپس میں خوش اور راضی ہونا - [س ۴ : ۲۸

تَرَاضٍ (= تَرَاضِیٌ = تَرَاضٌ اِسم فعل) آپس کی رضامندی - [س ۲ : ۲۳۳

اِرْتَضَی (+ لِ) خوش ہونا - خوش کرنا - [س ۲۱ : ۲۹

رَطَبَ

رَطْبٌ (اِسم فعل) سبز چیز - [س ۶ : ۵۹

رُطَبٌ (اِسم جمع) تازہ پکے کھجور - [س ۱۹ : ۲۵

رَعَبَ

رُعْبٌ (اِسم فعل) ڈر - خوف - [س ۱۸ : ۱۷

رَعَدَ

رَعْدٌ بجلی کی کڑک - [س ۲ : ۱۸

رَعَی

رَعَی (۱) مویشی کو چراگاہ میں چھوڑنا، اُن کو چرانا، اُن کی حفاظت کرنا - [س ۲۰ : ۵۴

(۲) کسی کام کو ٹھیک طرح سے انجام دینا - ●--- فما رعوها حق رعایتها [س ۵۷ : ۲۷

رِعَایَةٌ (اِسم فعل) ٹھیک طور پر انجام دینا - [س ۵۷ : ۲۷

رِعَاءٌ (جمع - واحد رَاعٍ = رَاعِیٌ اِسم فاعل) چرواہا - گڈریا - [س ۲۸ : ۲۳

مَرْعًی (اِسم مفعول و اِسم ظرف) چارہ - چراگاہ - [س ۷۱ : ۳۱

رَاعَی پابندی کرنا - لحاظ کرنا - پاس کرنا - [س ۲۳ : ۸

رَاعِنَا آنحضرتؐ کو مخاطب کرتے وقت مدینہ کے کچھ یہود راعنا کہا کرتے - مخاطب کرنے کے لئے تو یہ لفظ بالکل درست تھا -

Marfat.com

اور اسی سے مسلمان بھی آپ کو اس سے مخاطب کرنے لگے ۔ مگر یہود آپ سے طنزاً زبان کو دبا کر راعنا کے بدلے رعن کہتے (س ۴ : ۴۸) ۔ اس اخیر جملہ کے معنی ہوتے یہ احمق ہے ۔

● یا ایها الذین آمنوا لا تقولوا راعنا و قولوا انظرنا واسمعوا ۔۔۔ [س ۲ : ۹۸

رَغِبَ

رَغِبَ (+ اَنْ) (۱) رغبت کرنا ۔ خواہش کرنا ۔ [س ۴ : ۱۲۶

(۲) التجا کرنا ۔ دعا کرنا ۔

● ۔۔۔ والی ربك فارغب [س ۹۴ : ۸

(۳) (+ عَنْ) بیزار ہونا ۔ انحراف کرنا ۔

● ومن یرغب عن ملة ابراهیم الا من سفه نفسه [س ۲ : ۱۳۰

وَلَا یَرْغَبُوا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَفْسِهٖ (س ۹ : ۱۲۱) اور نہ ہوں یہ حریص اپنی جانوں کے لئے رسول کی جان سے زیادہ ۔

رَغَبٌ شوق ۔ رغبت [س ۲۱ : ۹۰

رَاغِبٌ (اسم فاعل) (۱) بیزار ۔ (+ عَنْ)

● اراغب انت عن آلهتی یا ابراهیم [س ۱۹ : ۴۶

(۲) رغبت کرنے والا، خواہش کرنے والا ۔ (+ اِلٰی)

● انا الی ربنا راغبون [س ۶۸ : ۳۲

رَغِدَ

رَغَدًا افراط سے ۔ [س ۲ : ۳۵

رَغَمَ

مُرَاغَمٌ (اسم مکان) پناہ کی جگہ ۔ [س ۴ : ۹۹

رَفَثَ

رُفَاثٌ دھول ۔ خاک ۔ کوئی چور چور کی ہوئی چیز ۔ [س ۱۷ : ۴۹

رَفَثَ

رَفَثٌ (۱) بی بیوں کے بارے میں بیہودہ یا بری یا لغو بات کہنا ۔ (تاج)

● فمن فرض فیهن الحج فلا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج [س ۲ : ۱۹۷

(۲) = اَفْضٰی اِلٰی بیوی کے پاس جانا ۔ (+ اِلٰی) [س ۲ : ۱۸۷

رَفَدَ

رِفْدٌ ہدیہ ۔ تحفہ ۔

مَرْفُوْدٌ (اسم مفعول) دیا ہوا ۔ عطا کیا ہوا ۔

● ۔۔۔ ویوم القیامة بئس الرفد المرفود [س ۱۱ : ۱۰۰

رَفْرَفَ

رَفْرَفٌ بچھونے کی چادریں ۔ (قتادہ)

کمخواب یا زربفت کے پارچے ۔ (قاموس)

● ۔۔۔ متکئین علی رفرف خضر [س ۵۵ : ۷۶

رَفَعَ

رَفَعَ (۱) اونچا کرنا ۔ بلند کرنا ۔

● رفع السموات بغیر عمد [س ۱۳ : ۲

● رفع سمکها [س ۷۹ : ۲۸

Marfat.com

(۲) اِعزاز بخشنا ۔ مرتبہ بلند کرنا ۔

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (س ۹۴ : ۴) اور ہم نے بلند کیا تیرا نام تیرے (کمال) کی وجہ سے ۔

● ورفعنا بعضهم فوق بعض [س ۴۳ : ۳۲

● ۔۔۔ یرفع الله الذین آمنوا [س ۵۸ : ۱۱

● ۔۔۔ ورفع ابویه علی العرش [س ۱۲ : ۱۰۰

وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا (س ۱۹ : ۵۷) اور ہم نے ادریس کو عالی مقام اعزاز بخشا ۔

(۳) اُٹھالینا بہ معنی وفات دینا ، طبعی موت دینا ۔

۔۔۔ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًا بَل رَّفَعَهُ اللهُ إِلَيْهِ (س ۴ : ۱۵۸) اور بلا شک اُنہوں نے عیسی کو قتل نہیں کیا بلکہ خدا نے اُس کو اپنے پاس اُٹھا لیا (اُسے طبعی موت دی) ۔

لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ (س ۴۹ : ۲) نہ اُونچی کرو اپنی آواز (دھیرے بولو) ۔

يَا عِيسَىٰ إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ ۔۔۔ (س ۳ : ۴۸) اے عیسی ! میں تجھکو طبعی موت دونگا اور تجھے اپنے پاس اُٹھا لونگا (یعنی اپنی قربت میں جگہ دونگا) ۔

(۴) مکان اُٹھانا یا زمین پر کوئی عمارت قائم کرنا ۔ نیو ڈالنا ۔

● واذ یرفع ابراهیم القواعد من البیت ۔۔۔ [س ۲ : ۱۲۷

● ۔۔۔ فی بیوت اذن الله ان ترفع ۔۔۔ [س ۲۴ : ۳۶

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ ۔۔۔ (س ۲ : ۶۳) اور جب ہم نے تم سے اِقرار لیا تھا درآنحالیکہ ہم نے تمہارے (سر) پر کوہ طور کھڑا کر رکھا تھا (یعنی کوہ طور کے نیچے اس کی وادی میں ہم نے تم سے اقرار لیا تھا) ۔

رَافِعٌ (اِسم فاعل) اعزاز بخشنے والا ۔

● ۔۔۔ خافضة رافعة [س ۵۶ : ۳

رَفِيعٌ اُونچا ۔ بلند ۔

● ۔۔۔ رفیع الدرجات [س ۴۰ : ۱۵

مَرْفُوعٌ (اِسم مفعول) (۱) اُونچا کیا ہوا ۔ اُونچا بنا ہوا ۔

● ۔۔۔ والسقف المرفوع [س ۵۲ : ۵

(۲) عالی مرتبہ ۔ اُونچے درجہ کا ۔ عمدہ سے عمدہ ۔

● ۔۔۔ وفرش مرفوعة [س ۵۶ : ۳۴

● ۔۔۔ فیها سرر مرفوعة [س ۸۸ : ۱۳

● ۔۔۔ فی صحف مکرمة مرفوعة مطهرة [س ۸۰ : ۱۴

رَفَقَ

رَفِيقٌ ساتھی ۔ دوست ۔ [س ۴ : ۶۸

مِرْفَقٌ (۱) کہنی ۔ (۲) فائدہ ۔ آسائش ۔

مِرْفَقًا آسائش کے ساتھ ۔

● من امرکم مرفقا [س ۱۸ : ۱۶

مَرَافِقُ (جمع) کہنیاں ۔ [س ۵ : ۷

مُرْتَفَقٌ (اِسم مکان) آرام و آسائش کی جگہ ۔

● وحسنت مرتفقا [س ۱۸ : ۳۱

Marfat.com

رَقَّ

رَقٌّ مہین کھال (یا جھلی) جس پر لکھا جاتا ہے ۔ (صحاح ۔ قاموس)

فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ (۵۲ : ۳) چوڑے چکلے کھال یا جھلی پر ۔

رَقَبَ

رَقَبَ پابندی کرنا ۔ پاس کرنا ۔ لحاظ کرنا ۔

● ۔۔۔ لا یرقبوا فیکم الا [س ۹ : ۹

رَقِیْبٌ دیکھنے والا ۔ خیال رکھنے والا ۔

● ۔۔۔ الالدیہ رقیب عتید [س ۵۰ : ۱۸

رَقَبَۃٌ (جمع رِقَابٌ) (۱) گردن ۔ [س ۴۷ : ۴

فَضَرْبَ الرِّقَابِ (س ۴۷ : ۴) گردن مارنا ۔ قتل کرنا ۔

(۲) مجازاً اِنسان ۔ [س ۵ : ۹۲

(۳) گردن کا بوجھ ، بار ۔ ناجائز دباؤ ۔ ظلم ۔ تشدد ۔

● ۔۔۔ فک رقبۃ [س ۹۰ : ۱۳

(۴) غلام ۔

● فتحریر رقبۃ مؤمنۃ [س ۴ : ۹۲

تَرَقَّبَ اِرد گرد دیکھنا ، خیال رکھنا ۔

● فخرج منھا خائفا یترقب [س ۲۸ : ۲۱

اِرْتَقَبَ غور سے دیکھنا ۔ خیال رکھنا ۔ [س ۴۴ : ۱۰

مُرْتَقِبٌ (اِسم فاعل) دیکھنے والا ۔ خیال رکھنے والا ۔ [س ۴۴ : ۵۹

رَقَدَ

رُقُوْدٌ (اِسم فعل) سو رہنا ۔ [س ۱۸ : ۱۸

مَرْقَدٌ بچھونا ۔ [س ۳۶ : ۵۲

رَقَمَ

رَقِیْمٌ کتبہ ۔

الرقیم الکتاب مرقوم مکتوب من الرقم ۔ (بخاری)

اصحاب الکھف والرقیم ایک ہی گروہ کا لقب ہے ۔ اصحاب کھف ان کو اس لئے کہتے ہیں کہ وہ ایک ظالم بادشاہ کے ظلم سے بھاگ کر ایک پہاڑ کی کھوہ (کھف) میں جا چھپے تھے اور ان کو اصحاب الرقیم اس لئے کہتے ہیں کہ ان کے حالات اور نام ایک زمانہ میں جست کے پتر پر کندہ کرا کر اور بعض روایتوں کے مطابق پتھر پر کھود کر رکھے گئے تھے ۔

قال سعید عن ابن عباسؓ الرقیم اللوح من الرصاص کتب عاملھم اسماء ھم ۔ (بخاری)

● ام حسبت ان اصحاب الکھف و الرقیم کانوا من ایاتنا عجبا [س ۱۸ : ۹

مَرْقُوْمٌ (اِسم مفعول) لکھا ہوا ۔ [س ۸۳ : ۹

رَقِیَ

رَقِیَ (+ فِیْ) (۱) سیڑھی پر چڑھنا ۔ [س ۱۷ : ۹۳

(۲) جادو کرنا

رُقِیٌّ (اِسم فعل) چڑھنا ۔ [س ۱۷ : ۹۳

رَاقٍ (= رَاقِیٌ اِسم فاعل) جادوگر ۔ [س ۷۵ : ۲۷

Marfat.com

تَرَاقِیَ (جمع - واحد تَرْقُوَۃٌ) گلے کی ہنسلیاں - [س ۷۵ : ۲۶

اِرْتَقَی (+ فِیْ) چڑھنا - [س ۳۸ : ۱۰

رَکِبَ

رَکِبَ سوار ہونا (جانور یا کشتی پر) - [س ۱۸ : ۷۲

رَکْبٌ اُونٹوں پر سوار دس یا زیادہ آدمیوں کا قافلہ - کوئی چھوٹا قافلہ - [س ۸ : ۴۲

رُکْبَانٌ (جمع - واحد رَاکِبٌ - اِسم فاعل) سوار - [س ۲ : ۲۳۹

رِکَابٌ (اِسم جمع) اُونٹ - [س ۵۹ : ۶

رَکُوْبٌ اُونٹ کی سواری - [س ۳۶ : ۷۲

رَکَّبَ یکجا جمع کرنا - [س ۸۲ : ۸

مُتَرَاکِبٌ (اِسم فاعل) ڈھیروں پڑا ہوا - [س ۶ : ۱۹۹

رَکَدَ

رَوَاکِدُ (جمع مؤنث - واحد رَاکِدٌ - اِسم فاعل) وہ جو ٹھہرا ہوا ہو - [س ۴۲ : ۳۱

رَکَزَ

رِکْزٌ دھیمی آواز - سرگوشی - [س ۱۹ : ۹۹

رَکَسَ

أَرْکَسَ اُلٹ دینا - مصیبت میں ڈالنا -

● واللہ ارکسھم بما کسبوا [س ۴ : ۸۸

= اوقعھم - (ابن عباس)

رَکَضَ

رَکَضَ (۱) گھوڑے یا اُونٹ کو ایڑ مارنا - (تاج - قاموس)

●--- ارکض برجلك --- [س ۳۸ : ۴۲

(۲) زوروں سے بھاگنا - (+ مِنْ) [س ۲۱ : ۱۲

رَکَعَ

رَکَعَ جھکنا - بات ماننا - نماز پڑھنا -

رَاکِعٌ (جمع رَاکِعُوْنَ اور رُکَّعٌ اِسم فاعل) حق کو ماننے والے - نماز پڑھنے والے - [س ۲ : ۴۳

رَکَمَ

رَکَمَ ڈھیروں جمع کرنا - [س ۸ : ۳۸

رُکَامٌ ڈھیر -

رُکَامًا ڈھیر کی طرح - ڈھیروں - [س ۲۴ : ۴۳

مَرْکُوْمٌ (اِسم مفعول) ڈھیروں جمع کیا ہوا - [س ۵۲ : ۴۴

رَکَنَ

رَکَنَ (+اِلٰی) اپنے تئیں رجوع کرنا - مائل ہونا - [س ۱۱ : ۱۱۴

رُکْنٌ (۱) سہارا - پشتہ - ٹیک -

(۲) قوت - [س ۱۱ : ۸۰

(۳) سردار -

رَمَّ

رَمِیْمٌ (صفت مشبہ - مذکر و مؤنث) سڑا ہوا -

Marfat.com

گلا ہوا - [س ۳۶ : ۷۸

رُمَّانٌ

رُمَّانٌ انار [س ۵۵ : ۶۸

رَمَحَ

رِمَاحٌ (جمع - واحد رُمْحٌ) نیزہ - برچھی - [س ۵ : ۹۷

رَمَدَ

رَمَادٌ خاکستر - راکھ - [س ۱۴ : ۱۸

رَمَزَ

رَمْزٌ (اِسم فعل) اِشارہ - [س ۳ : ۴۱

رَمَضَ

رَمَضَانُ عربی سال کا نواں مہینہ جس میں روزہ رکھنے کا حکم ہے - [س ۲ : ۱۸۸

رمی

رَمَی (۱) ڈالنا - پھینکھنا - [س ۷۷ : ۳۲

---وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ تَرْمِيهِمْ بِحِجَارَةٍ مِنْ سِجِّيلٍ (س ۱۰۵ : ۳ و ۴)

اور خدا نے بھیجی اُن پر پے درپے ان کی شامت اعمال کہ گراتی ہیں ایسوں پر عذاب جو مقدر ہو چکا ہے ان کے لئے -

(۲) تیر چلانا -

●--- وما رميت إذ رميت ولكن الله رمى - [س ۸ : ۱۷

(۳) تہمت دینا - الزام دینا -

● ان الذين يرمون المحصنات الغافلات المؤمنات لعنوا فى الدنيا والاخرة [س ۲۴ : ۲۳

رَهِبَ

رَهِبَ ڈرنا - (خدا کے لحاظ سے کسی بات سے) احتیاط کرنا - [س ۷ : ۱۵۴

رَهْبٌ (اِسم فعل) ڈر - خوف - [س ۲۸ : ۳۲

رَهَبٌ = رَهْبَةٌ = رَهْبٌ [س ۲۱ : ۹۰؛ س ۵۹ : ۱۳؛ س ۲۸ : ۳۲

رُهْبَانٌ (جمع - واحد رَاهِبٌ) راہب - وہ پرہیزگار لوگ جو احتیاط کرنے میں بلا ضرورت تشدد کرکے اپنے تئیں مشقت میں ڈالتے ہیں - [س ۹ : ۳۲

رَهْبَانِيَّةٌ رہبانیت - رہبان کے طریقے - [س ۵۷ : ۲۷

أَرْهَبَ ڈرانا - ڈردلانا - [س ۸ : ۶۱

اِسْتَرْهَبَ ڈرانا - [س ۷ : ۱۱۵

رَهَطَ

رَهْطٌ (اِسم فعل) قبیلہ یا قوم -

تِسْعَةُ رَهْطٍ (س ۲۷ : ۴۹) ایک قبیلہ کے نو آدمی -

رَهِقَ

رَهِقَ (۱) پیچھا کرنا - ڈھانک لینا - [س ۱۰ : ۲۷

(۲) مصیبت میں مبتلا کرنا - ظلم کرنا - بری

Marfat.com

عادتوں میں پڑنا ۔

● ۔۔۔ ان یرھقھا طغیانا ۔۔۔ [س ۱۸ : ۸۰
= یکلفھا ۔ (اِبن عباس)

رَھَقٌ (اِسم فعل) (۱) ظلم ۔ نقصان ۔ [س ۷۲ : ۱۳

(۲) سرکشی ۔

● فزادوھم رھقا [س ۷۲ : ۶

أَرْھَقَ کسی پر مشکل کام کا بارڈالنا ، مصیبت ڈالنا ۔ [س ۷۴ : ۱۷

رَھَنَ

رَھِیْنٌ (فعیل بہ معنی فاعل = ثابتۃ مقیمۃ کھڑا ہونے والا ، اور بہ معنی مفعول) = مقامۃ فی جزاء ما قدم من عملہ وہ جو کھڑا کیا جائیگا اپنے اعمال کی جزا کے بارے میں ۔ رھن رکھا ہوا ۔ گرفتار ۔

کُلُّ امْرِیٍ بِمَا کَسَبَ رَھِیْنٌ (س ۵۲ : ۲۱)
ہر شخص اپنے کئے کی وجہ سے گرفتار ہے ۔

رِھَانٌ (جمع اور مصدر ۔ واحد رَھْنٌ) وہ چیز جو بطور ضمانت رکھی جائے ۔

رَھَا

رَھْوٌ (اِسم فعل) سکون کی حالت میں ہونا ۔

رَھْوًا (۱) ساکن ۔ ٹھہرا ہوا ۔ بغیرجوش و خروش (دریا) ۔ (لغت قبط ۔ صحاح ۔ تاج)

(۲) = سَمْتًا ایک طرف سے ۔ (اِبن عباس)

واترک البحر رھوا [س ۴۴ : ۲۴

رَوَاسِیَ

[رَسَا

رَاحَ

رَوْحٌ (۱) راحت ۔ آسائش ۔ وسعت ۔

● ۔۔۔ فروح و ریحان [س ۵۶ : ۸۹

(۲) رحمت ۔ فیض ۔

ولا تایئسوا من روح اللہ [س ۱۲ : ۸۷

رُوْحٌ (مذکر و مؤنث)

(۱) رُوح ۔ انسان کی جبلت میں وہ اعلیٰ جوھر جو اس کو دوسرے جانداروں سے ممتاز کرتا ہے ۔

● بدا خلق الانسان من طین ۔ ثم جعل نسلہ من سلالۃ من ماء مھین ثم سویہ و نفخ فیہ من روحہ [س ۳۲ : ۷

(۲) روحانی قوت ۔ قوائے روحانی ۔

● ۔۔۔ تعرج الملائکۃ والروح الیہ فی یوم کان مقدارہ خمسین الف سنۃ [س ۷۰ : ۴

● یوم یقوم الروح والملائکۃ صفا ۔۔۔ [س ۷۸ : ۳۸

● ۔۔۔ اولئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم بروح منہ [س ۵۸ : ۲۲

● فارسلنا الیھا روحنا فتمثل لھا بشرا سویا [س ۱۹ : ۱۶

(۳) رحمت ۔ (لسان)

● ۔۔۔ القمھا الی مریم و روح منہ [س ۴ : ۱۷۰
= ورحمۃ منا ۔ (س ۱۹ : ۲۱)

(۴) روحانی اِشارات ۔ وحی ۔

● ۔۔۔ تنزل الملائکۃ والروح فیھا باذن ربھم من کل امر ۔۔۔ [س ۹۷ : ۴

● ۔۔۔ ینزل الملئکۃ بالروح من امرہ علی من یشاء من عبادہ ۔۔۔ [س ۱۶ : ۲
= بالوحی ۔ (اِبن عباس)

Marfat.com

● یلقی الروح من امرہ علی من یشاء من عبادہ لینذر یوم التلاق [س ۴۰ : ۱۵

● ۔۔۔ فارسلنا الیھا روحنا [س ۱۹ : ۱۶

● والتی احصنت فرجھا فنفخنا فیھا من روحنا ۔۔۔ [س ۲۱ : ۹۱

● تنزل الملئکۃ والروح فیھا باذن ربھم [س ۹۷ : ۴

● و یسئلونک عن الروح ۔ قل الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الا قلیلا ۔ ولئن شئنا لنذھبن بالذی اوحینا الیک ثم لا تجد لک بہ علینا وکیلا ۔۔۔ [س ۱۷ : ۸۵

وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا (س ۴۲ : ۵۲) اِسی طرح ہم تجکو اپنے احکام روحانی طور پر اِشارہ سے بتاتے ہیں ۔

رُوحُ الْأَمِينُ (س ۲۶ : ۱۹۳) = رُوحُ الْقُدُسِ امانت دار فرشتہ ۔

رُوحُ الْقُدُسِ (۱) فرشتۂ رحمت ۔ [س ۱۶ : ۱۰۲

= جِبْرِيلُ (س ۲ : ۹۱) خدا کی قوت ، قدرت ۔ (لغت عبری)

(۱) انبیاء علیھم السلام کی خلقت میں جو ملکۂ نبوت ہے اور جو ذریعہ مبدء فیاض سے ان امور کے اقتباس کا ہے جو نبوت یا رسالت سے علاقہ رکھتے ہیں ۔ (سید احمد رح)

(۲) خدا کی طرف سے نبیوں اور مؤمنوں کی تقویت کے لئے فرشتہ رحمت ۔ [س ۵۸ : ۲۲

(۳) وحی اِنجیل ۔ [س ۲ : ۸۷

رِيحٌ (مؤنث ۔ جمع رِيَاحٌ)

(۱) ہوا ۔

وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ (س ۳۴ : ۱۱) اور ہم نے ہوا کو سلیمان کا مسخر کر دیا کہ اس کی صبح کی منزل ایک مہینہ کی اور شام کی منزل ایک مہینہ کی ہوتی ۔ (وہ اس سے اپنی بادبان کشتیوں کے چلانے میں کام لیتے تھے جو ایک مہینہ کی راہ ایک صبح یا ایک شام میں طے کرتی) ۔

(۲) خوشبو ۔ مہک ۔

(۳) اقبال مندی ۔

● ولما فصلت العیر قال ابوھم انی لاجد ریح یوسف ۔۔۔ [س ۱۲ : ۹۴

(۴) طاقت ۔

● ۔۔۔ ولا تنازعوا فتفشلوا وتذھب ریحکم [س ۸ : ۴۶

رَوَاحٌ شام کا وقت ۔

رَوَاحُهَا شَهْرٌ (س ۳۴ : ۱۱) اس کی ایک شام کی منزل ایک مہینہ کی (منزل کے برابر ہوتی) ۔

رَيْحَانٌ (۱) خوشبو دار نباتات ، پھول ، وغیرہ

● ۔۔۔ والحب ذوالعصف والریحان [س ۵۵ : ۱۲

(۲) = رِزْقٌ (لغت ہمدان ۔ اِبن عباس ۔ تاج ۔ لسان)

(۳) فضل خدا ۔

● ۔۔۔ فروح و ریحان و جنت نعیم ۔ [س ۵۶ : ۸۸

(۴) پھولتی پھلتی اولاد ۔ خوشحال اولاد ۔ (راغب) [س ۵۶ : ۸۸

Marfat.com

أَرَاحَ شام کے وقت مویشیوں کو گھر ہنکا کر لانا۔ [س ۱۶ : ۶

رَادَ

رُوَيْدًا (۱) نرمی سے۔ (صحاح۔ قاموس) (۲) = مَهْلًا تھوڑی سی مہلت دیکر۔
● امهلهم رويدا [س ۸۷ : ۱۷

رَاوَدَ آرزو کرنا۔ اِرادہ کرنا۔
رَاوَدَتْهُ ... عَنْ نَفْسِه (س ۱۲ : ۲۳) اُس بی بی نے ارادہ کیا یوسف سے یوسف کی طبعیت کے خلاف۔
سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ (س ۱۲ : ۶۱) ہم طلب کرینگے اس کو اس کے باپ سے اس کے باپ کی طبیعت کے خلاف (گو اس کا باپ اس لڑکے کو ہمارے حوالہ کرنا نہ چاہیگا مگر ہم اس سے ضرور طلب کرینگے)۔

أَرَادَ اِرادہ کرنا۔ خواہش کرنا۔
يُرِدْنِ (س ۳۶ : ۲۲) = يُرِدْنِي

رَاضَ

رَوْضَةٌ (جمع رَوْضَاتٌ) سبزہ زار سیراب زمین۔

رَاعَ

رَوْعٌ (اِسم فعل) دل میں ڈرنا۔ خوف۔

رَاغَ

رَاغَ (۱) متوجہ ہونا۔ رخ کرنا۔ (+ إِلَىٰ) [س ۳۷ : ۹۱

(۲) حملہ آور ہونا۔ (+ عَلَىٰ) [س ۳۷ : ۹۳

رَامَ

اَلرُّوْمُ سلطنت رومۃ الکبری جس کا بادشاہ ہرقل تھا اور جو شام اور بیت المقدس تک پھیلی ہوئی تھی۔
غُلِبَتِ الرُّوْمُ (س ۳۰ : ۲) سلطنت رومۃ الکبری مغلوب ہوگئی۔ یہ اس شکست کا ذکر ہے جو سنہ ۶۱۶ مسیحی میں ہرقل قیصر روم کو ایران کے بادشاہ خسرو پرویز سے ہوئی اور جس میں خسرو نے بیت المقدس فتح کرلیا، حالانکہ چند ہی سال میں یعنی سنہ ۶۲۲ مسیحی میں پھر ہرقل نے خسرو کو زبردست شکست دی اور اس کی سلطنت کے بڑے حصے پر مالک ہوگیا۔

رَابَ

رَيْبٌ (اِسم فعل) (۱) شک۔ (۲) مصیبت۔
رَيْبَ الْمَنُوْنِ (س ۵۲ : ۳۰) زمانہ کی گردش۔
رِيْبَةٌ شبہ۔ بے اطمینانی۔ [س ۹ : ۱۱۰
مُرِيْبٌ (اِسم فاعل) (۱) بے چین یا پریشان کرنے والی چیز۔ [س ۱۱ : ۶۲
(۲) مجرم۔ [س ۵۰ : ۲۵

اِرْتَابَ شک میں ہونا۔ شبہ میں پڑنا۔ [س ۲۹ : ۴۸
مُرْتَابٌ (اِسم فاعل) وہ جو شک میں پڑا ہو۔ شک کرنے والا۔ [س ۴۰ : ۳۴

Marfat.com

رَاشَ

رِيْشٌ (۱) پرندوں کے پر۔

(۲) خوبصورت پہناوے۔ [س ۷ : ۲۰

رَاعَ

رِيْعٌ اونچی پہاڑی۔ [س ۲۶ : ۱۲۸

رَانَ

رَيْنٌ میل اور زنگ جو کسی صاف چمکیلی چیز مثلاً شیشے پر لگ جائے۔ (راغب)

رَانَ (+ عَلٰی) ڈھانک لینا۔ مغلوب کرنا۔ (صحاح۔ قاموس)

● کلا بل ران علی قلوبھم ماکانوا یکسبون [س ۸۳ : ۱۴

Marfat.com

ـ« باب الزای »ـ

زَبَدَ

زَبَدٌ جھاگ ۔ [س ۱۳ : ۱۸

زَبَرَ

زُبُرٌ (جمع زَبُورٌ) کتاب ۔

اَلزَّبُوْرُ حضرت داؤد کی کتاب جو اب بھی عہد عتیق میں شامل ہے ۔ [س ۲۱ : ۱۰۵

زُبَرٌ (جمع ۔ واحد زُبْرَةٌ) (۱) لوہے کے بڑے ٹکڑے ۔ ٹکڑے ۔ حصے ۔ [س ۱۸ : ۹۵

(۲) فرقے ۔ [س ۲۳ : ۵۲

مطابق قرأت زُبَرًا

زُبُرٌ (جمع ۔ واحد زَبُوْر ۔ زُبْرَةٌ بروزن فُعْلَةٌ کی جمع زُبُرٌ بروزن فُعُلٌ نہیں ہوتی) کتابیں ۔ لکھی ہوئی چیزیں ۔

●۔۔۔ جاءتھم رسلھم بالبینات و بالزبر ۔۔۔ [س ۳۵ : ۲۵

●۔۔۔ فتقطعوا امرھم بینھم زبرا [س ۲۳ : ۵۲

زَبَنَ

زَبَانِيَةٌ (جمع ۔ واحد زِبْنِيَةٌ) زبردست پیادے ۔ [س ۹۶ : ۱۸

زَجَّ

زُجَاجَةٌ (وحدۃ) شیشہ ۔ شیشہ کی بنی ہوئی کوئی چیز ۔ [س ۲۴ : ۳۵

زَجَرَ

زَجْرٌ (اسم فعل) ڈانٹنا ۔ روکنا ۔ منع کرنا ۔ [س ۳۷ : ۲

زَاجِرَاتٌ (مؤنث ۔ جمع ۔ اسم فاعل) برے کاموں سے ڈانٹنے والے، روکنے والے (رسول) ۔ نصیحت کرنے والے ۔

●۔۔۔ فالزاجرات زجرا [س ۳۷ : ۲

زَجْرَةٌ ایک ڈانٹ ۔ [س ۳۷ : ۱۹

اِزْدَجَرَ (= اِزْتَجَرَ) ڈانٹ کر بھگا دینا ۔ نہ ماننا ۔

●۔۔۔ وقالوا مجنون واذدجر [س ۵۴ : ۹

مُزْدَجَرٌ (اسم مفعول) منع کیا ہوا ۔ روکا ہوا ۔ [س ۵۴ : ۴

زَجَا

أَزْجَى دھکیلنا ۔ آگے کو بڑھانا ۔ [س ۲۴ : ۴۳

مُزْجَاةٌ (مؤنث ۔ مذکر مُزْجًى اسم مفعول) قلیل ۔ چھوٹی ۔ تھوڑی ۔ [س ۱۲ : ۸۸

Marfat.com

زَحْزَحَ

زَحْزَحَ (+ عَنْ) کسی چیز کو جگہ سے دور ہٹا دینا۔ [س ۳ : ۱۸۲

مُزَحْزِحٌ (اسم فاعل) ہٹا دینے والا۔ [س ۲ : ۹۶

زَحَفَ

زَحْفٌ (اسم فعل) جنگ کی حالت میں دشمن سے مٹھ بھیڑ۔ [س ۸ : ۱۵

زُخْرُفٌ

زُخْرُفٌ (۱) سونا۔
(۲) اثاث البیت اور اس کا تجمل۔ (ابن زید)
(۳) کوئی چیز جس کو ملمع یا نقش و نگار سے زینت دی جائے۔ [س ۴۳ : ۳۴

زُخْرُفَ الْقَوْلِ (س ۶ : ۱۱۲) ملمع کی ہوئی باتیں جو بظاہر بڑی اچھی دکھائی دیں۔

اِذَا اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ (س ۱۰ : ۲۴) جب زمین نے اپنا سنگار کرلیا اور خوشنما بن گئی۔

زَرَبَ

زَرَابِيُّ (جمع۔ واحد زِرْبِيَّةٌ) [لغت حبش
(۱) = نَمَارِقُ چھوٹے تکئے۔ (صحاح۔ قاموس)
(۲) نفیس مسندیں۔
(۳) = طنافس قالینیں۔ (قاموس)

● وزرابی مبثوثة [س ۸۸ : ۱۶

زَرَعَ

زَرَعَ بیج بونا۔ بڑھانا۔ اُگانا۔ [س ۵۶ : ۶۴

زَرْعٌ (جمع زُرُوْعٌ) (۱) بیج۔ اناج۔
(۲) کھیت جس میں زراعت کی جائے۔ [س ۱۳ : ۴

زُرَّاعٌ (جمع۔ واحد زَارِعٌ۔ اسم فاعل) زراعت کرنے والے۔

زَرَقَ

زُرْقٌ (جمع۔ واحد اَزْرَقُ)
(۱) نیلی آنکھوں والے۔
(۲) دہشت کے مارے جن کی آنکھوں کا رنگ بدل جائے۔
● ۔۔۔ ونحشر المجرمین یومئذ زرقا ۔۔۔ [س ۲۰ : ۱۰۲

زَرَی

اِزْدَرَی (= اِزْتَرَی) حقیر جاننا۔

لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ (س ۱۱ : ۳۱) اُن کے بارے میں جن کو تمہاری آنکھیں حقیر سمجھتی ہیں۔

زَعَمَ

زَعَمَ ایسی بات بیان کرنا جو جھوٹ ہو۔ خیال کرنا۔ گمان کرنا۔ [س ۶۴ : ۷

زَعْمٌ (اِسم فعل) خیال۔ گمان۔ [س ۶ : ۱۳۶

Marfat.com

زَعِیْمٌ ضامن ۔ ذمہ دار ۔ [س ۱۴ : ۷۲

زَفَّ

زَفَّ جلدی چلنا ۔ تیزی سے دوڑتے ہوئے چلنا ۔ [س ۳۷ : ۹۴

زَفَرَ

زَفِیْرٌ سانس کا اندر کھینچنا ۔ غم سے ٹھنڈی گہری سانس لینا ۔ (گدھے کی آواز کا پہلا حصہ زفیر اور اخیر حصہ شہیق کہلاتا ہے) ۔

زَفِیْرٌ وَشَهِیْقٌ (س ۱۱ : ۱۰۸) گدھے کی طرح چیخنا اور دھاڑنا ۔

سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا (س ۲۵ : ۱۲) وہ سنیں گے بھڑکتی ہوئی آگ کا غیظ اور غضب ۔

زَقَمَ

زَقُّوْمٌ ایک جنگلی درخت جس میں ایک طرح کا نہایت کڑوا بادام ہوتا ہے ۔

اِس کو عرب جانتے تھے، چنانچہ ایک اعرابی نے امام ابوحنیفہ کو خبر دی کہ یہ ایک سیاہ سا درخت ہے جس کے چھوٹے چھوٹے پتے ہوتے ہیں اور اس کے پتوں کے سرے بہت بدنما ہوتے ہیں ۔ (از مولینا محمد علی) [س ۳۷ : ۶۰

زَكَرِيَّآءُ

حضرت زکریاؑ ۔

زَكَى

زَكَى (= زَكَا) (۱) کھیتی میں نمو آنا اور اس کا بڑھنا ۔

(۲) کسی مصیبت سے صاف نکل جانا ۔

(۳) صاف ہونا ۔ پاک ہونا ۔ بری ہونا ۔ (لغت عبری)

● ۔۔۔ مازکی منکم من احد ابدا [س ۲۴ : ۲۱

زَكٰوةٌ (= زَكَاةٌ) (لغت شام)

(۱) عمل صالح ۔ ٹھیک کام ۔ مناسب عمل ۔ (لسان)

● والذین هم للزکوة فاعلون [س ۲۳ : ۴

● ۔۔۔ واوصانی بالصلوة والزکوة [س ۱۹ : ۳۱

(۲) اپنی کمائی میں سے ہر ایک کا حصہ الگ الگ ادا کر کے اپنے مال کو اپنے لئے حلال کرلینا ۔

● ۔۔۔ و اقاموا الصلوة و آتوا الزکوة [س ۲ : ۲۷۷

(۳) = صلاح ۔ صلاحیت ۔

● ۔۔۔ و آتیناه الحکم صبیا و حنانا من لدنا و زکوة [س ۱۹ : ۱۲

● ۔۔۔ فاردنا ان یبدلها ربها خیرا منه زکوة [س ۱۸ : ۸۰

زَكِيٌّ (۱) بے عیب بمعنی تندرست ۔ صحیح و سالم ۔

● ۔۔۔ لاهب لك غلاما زکیا [س ۱۹ : ۱۹

(۲) صلاحیت رکھنے والا ۔

(۳) بے قصور ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ قال اقتلت نفسا زکیة بغیر نفس [س ۱۸ : ۷۴

أَزْكَى (= أَزْكَىٰ افعل التفضیل) ۔
(۱) بہت اچھا ۔ نہایت اچھا [س۱۸ : ۱۹
(۲) زیادہ مناسب ۔
● ۔۔۔ ذلکم ازکی لکم [س ۲ : ۲۳۲

زَكَّى (۱) اصلاح کرنا ۔ اچھا بنانا ۔ تیز بنانا ۔ ترقی پذیر کرنا ۔
● ۔۔۔ قد افلح من زکھا ۔۔۔ [س۹۱ : ۹
(۲) اچھا دکھانا ، ظاہر کرنا ، سمجھنا ۔
● ۔۔۔ فلا تزکوا انفسکم [س ۵۳ : ۳۲

تَزَكَّى اچھے بننے کی کوشش کرنا ۔
● ۔۔۔ و من تزکی فانما یتزکی لنفسه [س ۳۵ : ۱۸
● ۔۔۔ الذی یؤتی ماله یتزکی [س ۹۲ : ۱۸

إِزَّكَّى = تَزَكَّى [س ۸۰ : ۳

زَلَّ

زَلَّ پاؤں کا ڈگمگا جانا ۔ پھسل جانا ۔ [س ۲ : ۲۰۹

أَزَلَّ (+ عَنْ) ڈگمگا دینا ۔ گرادینا ۔ [س ۲ : ۳۶

اِسْتَزَلَّ ڈگمگا دینے کی خواہش کرنا ۔ [س ۳ : ۱۵۵

زَلْزَلَ

زَلْزَلَ ہل جانا ۔ کانپ اُٹھنا ۔ تلاطم ہونا ۔
زُلْزِلُوْا (س ۲ : ۲۱۴) جمع مذکر غائب ماضی مجہول ۔ وہ دھل گئے ۔

زِلْزَالٌ (اسم فعل) زوروں سے ہلانا ۔ مصیبت میں گھر جانا ۔ گھبراہٹ اور مصیبت میں پڑنا ۔
● ۔۔۔ ھنا لك ابتلی المؤمنون و زلزلوا زلزالا شدیدا [س ۳۳ : ۱۱

زَلْزَلَةٌ کانپنا ۔ ہلنا ۔ مصیبت اور گھبراہٹ کا آنا ۔ خلفشار مچنا ۔
● ان زلزلة الساعة شیٔ عظیم [س ۲۲ : ۱

زَلَفَ

زُلْفَةٌ نزدیکی ۔ قربت ۔
زُلْفَةً نزدیک [س ۶۷ : ۲۷
زُلَفٌ (جمع)
زُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ (س ۱۱ : ۱۱۶) رات کی دو گھڑیاں (شام اور صبح) ۔
زُلَفًا = زُلُفًا = زُلْفًا = زُلْفَى
زُلْفَى (واحد) = زُلْفَةٌ درجہ ۔ مرتبہ ۔
● ۔۔۔ عندنا زلفی [س ۳۴ : ۳۶

أَزْلَفَ (+ لِ) نزدیک لانا ۔ پہنچانا ۔ [س ۲۶ : ۶۴

زَلَقَ

زَلَقٌ وہ زمین جس پر پاؤں نہ جمے ۔ پھسلتی زمین ۔ ایسی زمین جس پر سبزی نہ جمے ۔
فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا (س ۱۸ : ۴۰)

Marfat.com

پھر صبح کو رہ جائے میدان صاف۔

أَزْلَقَ (+ بِ) پھسلا دینا۔ گرادینا

● --- لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ (س ۶۸ : ۵۱)
وہ ضرور اپنی بری نظروں سے تجکو (سچے راستہ سے) بھسلا دینگے۔

زَلَمَ

أَزْلَامٌ (جمع۔ واحد زَلَمٌ) تیر کی لکڑیاں جن سے زمانہ جاھلیت میں عرب فال نکالا کرتے تھے۔ [س ۵ : ۳

زَمَرَ

زُمَرٌ (جمع۔ واحد زُمْرَةٌ) لوگوں کی قلیل جماعت۔

زُمَرًا گروہ گروہ۔ [س ۳۹ : ۷۱

زَمَلَ

زَمَلَ = اِحْتَمَلَ (صحاح۔ قاموس) بار اُٹھانا۔

زَمْلٌ (اسم فعل) بار کا اُٹھانا اور لیکر چلنا۔

مُزَّمِّلُ (اسم فاعل۔ اِزَّمَّلَ = تَزَمَّلَ سے)
= مُتَزَمِّلُ (تاج) ۔ تزمل بہ امر نبوۃ و رسالۃ۔ (عکرمہ) ۔ وہ جس پر نبوت اور رسالت کا بار ڈالا گیا۔

● یا ایھا المزمل --- انا سنلقی علیک قولا ثقیلا [س ۷۳ : ۱ و ۵

زَمْهَرَ

زَمْهَرِيرٌ شدت کی سردی۔ [س ۷۶ : ۱۳

زَنْجَبِيلٌ

زَنْجَبِيلٌ سونٹھ۔ [س ۷۶ : ۱۷

زَنَمَ

زَنِيمٌ (۱) = ظَلُومٌ بڑا ظالم۔ موذی۔ (بخاری روایت ابن عباس بطریق علی ابن ابی طلحہ)

● --- بعد ذلك زنيم [س ۶۸ : ۱۳

(۲) کمینہ خصلت۔ (صحاح۔ قاموس۔ تاج)
برے اخلاق والا۔ (عکرمہ)
شریر۔ (سعید ابن جبیر۔ ابن جریر)

زَنَى

زَنَى زنا کا مرتکب ہونا۔ [س ۲۵ : ۶۸

زِنًا (اِسم فعل) زنا۔ [س ۱۷ : ۳۲

زَانٍ (اسم فاعل) = اَلزَّانِي (مذکر۔ مؤنث اَلزَّانِيَةُ) وہ جو زنا کا مرتکب ہو۔
[س ۲۴ : ۳

زَهَدَ

زَاهِدٌ (اِسم فاعل) وہ جس کو کوئی خاص رغبت نہ ہو۔ بے رغبتی دکھانے والا۔
[س ۱۲ : ۲۰

زَهَرَ

زَهْرَةٌ آرائش۔ تروتازگی و حسن و نمائش۔
[س ۲۰ : ۱۳۱

زَهَقَ

زَهَقَ باطل ہوجانا۔ غائب ہو جانا۔ ہلاک ہونا۔ [س ۱۷ : ۸۱

Marfat.com

زَاهِقٌ (اسم فاعل) وہ جو باطل ہو جائے ۔ وہ جو ہلاک ہوجائے ۔ [س ۲۱ : ۱۸

زَهُوْقٌ بیکار ۔ باطل ۔ [س ۱۷ : ۸۱

زَاجَ

زَوْجٌ (جمع أَزْوَاجٌ)

(۱) جانداروں میں کسی جوڑے کا فرد ، نر ہو یا مادہ ۔

--- ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ (س ۶ : ۱۴۴) آٹھ زوج یعنی آٹھ فرد نر و مادہ ملا کر ۔

(۲) میاں یا بیوی ۔

(۳) = قَرِيْنٌ (راغب) ۔ ساتھی یا دوست ۔

● احشروا الذین ظلموا واز واجهم و ما کانوا یعبد ون من دون الله [س ۳۷ : ۲۲

= أمثالهم ۔ (حضرت عمر)

= اتباعهم و من اشبههم من الظلمة ۔ (ابن جریر)

(۴) قسم ۔

● فانبتنا فیها من کل زوج کریم [س ۳۱ : ۹

زَوْجَانِ (تثنیه)

(۱) دو زوج (فرد) یعنی ایک نر اور ایک مادہ ۔

● --- وانه خلق الزوجین الذکر و الانثی [س ۵۳ : ۴۶

(۲) دو متقابل و متضاد چیزیں ، مثلاً رات دن ، اندھیرا اُجالا ، وغیرہ ۔

● ومن کل شیٔ خلقنا زوجین [س ۵۱ : ۴۹

(۳) قسم قسم ۔

● --- فیها من کل فاکهة زوجان [س ۵۵ : ۵۲

= اُن دونوں میں ہر میوہ قسم قسم کا ہوگا ۔ (مولینا محمود حسن رح)

زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ جوڑے کے دو یعنی ایک نر اور ایک مادہ ۔

● --- قلنا احمل فیها من کل زوجین اثنین [س ۱۱ : ۴۲

● --- ومن کل الثمرات جعل فیها زوجین اثنین [س ۱۳ : ۳

أَزْوَاجٌ (جمع ۔ واحد زَوْجٌ) (۱) جوڑے ۔

(۲) افراد ۔ اشخاص ۔

● --- ما متعنا به ازواجا منهم [س ۱۵ : ۸۸

(۳) ساتھی ۔ دوست ۔ ہم مشرب ۔

أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ صاف ستھرے خیالات اور عادات کے ہم مشرب لوگ ۔

● والذین آمنوا وعملوا الصالحات سندخلهم جنات --- لهم فیها ازواج مطهرة --- [س ۴ : ۶۰

(۳) اقسام ۔

● --- وآخر من شکله ازواج [س ۳۸ : ۵۷

= اور کچھ اسی شکل کی طرح طرح کی چیزیں ۔ (مولینا محمود حسن رح)

(۴) گروہ ۔

--- وکنتم ازواجا ثلاثة [س ۵۶ : ۷

زَوَّجَ (۱) جوڑا ملا کر بنانا یا ملا کر دینا ۔

● --- یهب لمن یشاء اناثا و یهب لمن یشاء الذکورا او یزوجهم ذکرانا و اناثا [س ۴۲ : ۴۹

Marfat.com

(۲) هم جنس کو هم جنس سے ملانا ۔ هم مشرب کو هم مشرب سے ملانا ۔
وَاِذَا النفوس زُوِّجَتْ (س ۸۱ : ۷) اور جب تمام جاندار اپنے اپنے هم جنس سے ملائے جائیں گے ۔
وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ (س ۴۴ : ۵۴) اور هم اُن کو گورے گورے بڑی بڑی آنکھ والے مرد اور گوری گوری بڑی بڑی آنکھ والی بی بیوں کا هم نشین بنائیں گے، (محفلوں میں ایسے ایسے مرد اور بیبیوں کی صحبتیں رهیں گی) ۔
= ای قرناهم بهن ولم یجئ فی القرآن زوجناهم حورا کما یقال زوجته امراة تنبیها علی ان ذلك لایکون علی حسب المتعارف فیما بیننا من المناکحة ۔ (راغب)
(۳) مناکحت میں ملادینا ۔ نکاح میں دینا ۔
● ـ ـ ـ فلما قضی زید منها وطرا زوجناکها [س ۳۳ : ۳۷

زَادَ

زَادٌ (۱) وہ جمع کی هوئی چیز جو ضرورت سے زیادہ هو اور جو کسی خاص مطلب سے رکھی جائے ۔
(۲) زاد راہ ۔ زاد سفر ۔ [س ۲ : ۱۹۷
تَزَوَّدَ سفر کے لئے زاد راہ لینا ۔
● ـ ـ ـ وتزودوا فان خیرالزاد التقوی [س ۲ : ۱۹۷

زَارَ

زَارَ زیارت کرنا ۔ [س ۱۰۲ : ۲
زُوْرٌ جھوٹ ۔ جھوٹی بات ۔ [س ۲۲ : ۳۰

تَزَاوَرَ (+ عَنْ) ڈھلنا ۔ کترا کر نکل جانا ۔
تَزَاوَرُ (س ۱۸ : ۱۶) = تَتَزَاوَرُ (واحد مؤنث غائب مضارع)

زَالَ

زَالَ ایک چیز کا اپنی جگہ سے هٹ جانا ۔ علحدہ هونا ۔ [س ۱۴ : ۴۷
زَوَالٌ (اسم فعل) کسی ثابت چیز کا اپنی جگہ سے ٹل جانا ۔ [س ۱۴ : ۴۶

زَاتَ

زَيْتٌ تیل ۔ [س ۲۴ : ۳۵
زَيْتُوْنٌ (اسم جمع) زیتون ۔ [س ۸۰ : ۲۹
اَلزَّيْتُوْن زیتا نام پہاڑی جو ارض فلسطین میں هے ۔ (س ۹۵ : ۱) [تِيْنٌ
زَيْتُوْنَةٌ (واحدة) زیتون کا درخت ۔ [س ۲۴ : ۳۵

زَادَ

زَادَ زیادہ هونا ۔ بڑھنا ۔ بڑھانا ۔ تعداد میں بڑھنا ۔
زَيْدٌ زید بن حارثہ ۔ آپ مسیحی تھے اور کمسنی میں عرب لٹیروں نے آپ کو لاکر مکہ میں بیچ ڈالا تھا ۔ آپ کو حضرت خدیجة الکبری کے ایک بھتیجے نے خرید لیا تھا اور بعد کو جب آنجناب صلعم کا نکاح حضرت خدیجہ سے هوا تو یہ حضرت خدیجہ کو تحفہ میں ملے ، اور اُنہوں نے آنجناب کی نذر کردی ۔ آنجناب نے زید کو فوراً آزاد کردیا مگر یہ آپ هی کے پاس رهنے لگے ۔ کچھ

Marfat.com

دنوں کے بعد جب زید کے باپ کو ان کا پتہ لگا تو وہ آپ کے پاس آکر سرے سے فدیہ دیکر زید کو لے جانا چاہے ۔ آنجناب نے زید کو بلایا اور بلا فدیہ لئے اجازت دی کہ وہ اپنے باپ کے ساتھ جائے ، مگر زید آنجناب کو چھوڑ کر باپ کے ساتھ جانے پر راضی نہ ہوئے تو آنجناب نے فرمایا اگر زید جانا نہیں چاہتا تو میں اُسے کیوں نکالوں ؟ اس پر حارثہ خوش ہو کر چلا گیا ۔ تو آنجناب نے زید کو اپنا بیٹا بنا کر رکھا ۔ اِس وقت زید کی عمر قریب بیس سال کے تھی ۔ قد چھوٹا ، رنگ سیاہ ، چھوٹی دبی ہوئی ناک : یہ تھا ان کا حلیہ ۔ (سر ولیم میور) ۔
آگے چلکر یہ اسلام لائے اور آنجناب آپ کو بہت عزیز رکھتے تھے یہاں تک کہ آپ نے اپنی پھوپی زاد بہن حضرت زینب بنت جحش سے ان کا نکاح کر دیا ، گو یہ نکاح دیرپا نہ ہوا ۔ عرب کے اعلی خاندان کی بی بی زینب کا مزاج ان سے نہ ملا اور زید نے ان کو طلاق دے دی ۔ آپ اخیر وقت تک آنجناب کے زبردست عاشق رہے ۔
[س ۳۳ : ۳۷]

زِیَادَۃٌ زیادہ ۔ [س ۱۰ : ۲۶]

مَزِیْدٌ زیادہ ۔ مزید ۔ [س ۵۰ : ۳۵]

اِزْدَادَ (= اِزْتَادَ) بڑھنا ۔ بڑھنے دینا ۔

● --- ثم ازدادوا کفرا [س ۳ : ۸۹]

--- وَازْدَادُوْا تِسْعًا (س ۱۸ : ۲۴)
اور (اس پر) نو (سال) اور زیادہ رہے ۔

زَاغَ

زَاغَ اِستقامت سے ایک طرف کو جھک جانا ۔ ٹیڑھا چلنا ۔ کجرفتاری کرنا ۔

● --- فلما زاغوا ازاغ اللہ قلوبھم [س ۶۱ : ۵]

--- مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَاطَغٰی (س ۵۳ : ۱۷)
آپ کی نگاہ نہ بہکی اور نہ حقیقت سے تجاوز کی ، یعنی آپ نے جو کچھ دل کی آنکھ سے دیکھا بالکل ٹھیک دیکھا ، آپ کے محسوسات میں غلطی ہرگز نہ ہوئی ۔

--- وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ (س ۳۳ : ۱۰)
جب مارے خوف کے نظریں کج ہو کر رہ جائیں گی (جب اُن کو کچھ نہ دکھائی دیگا) ۔

زَیْغٌ (اِسم فعل) ایک طرف کو جھک جانا ، بہک جانا [س ۳ : ۷]

اَزَاغَ اِستقامت سے ایک طرف کو جھکا دینا ، بہکا دینا ۔ [س ۶۱ : ۵]

زَالَ

زَالَ بازآنا ۔ (+ عَنْ) [س ۴۰ : ۳۴]

مَا زَالَ / لَا یَزَالُ بازنہ آئیگا ۔ ہمیشہ رہیگا ۔ [س ۹ : ۱۱۰]

زَیَّلَ (+ بَیْنَ) الگ الگ کردینا ۔ جدائی ڈال دینا ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ فزیلنا بینھم [س ۱۰ : ۲۸
تَزَیَّلَ ایک دوسرے سے الگ ہوجانا۔
[س ۴۸ : ۲۵

زَانَ

زِیْنَۃٌ (۱) زینت ۔ زیبائش ۔ [س ۷ : ۲۹
(۲) زیورات ۔ [س ۲۰ : ۹۰
یَوْمُ الزِّیْنَۃِ (س ۲۰ : ۶۱) بناؤسنگار کا دن ۔ عید ۔ تہوار۔

زَیَّنَ آراستہ کرنا ۔ تیار کرنا ۔ کسی بات یا چیز کو خوشنما بنا کر دکھانا ۔

۔۔۔ لَأُزَیِّنَنَّ لَھُمْ فِی الْاَرْضِ (س ۱۵ : ۳۹) میں اُن کو ضرور ملک میں بہاریں دکھاؤنگا ۔

اِزَّیَّنَ (= تَزَیَّنَ) زینت دیا جانا ۔
[س ۱۰ : ۲۴

Marfat.com

ـ« باب السین »ـ

س

سَ حرف ہے ۔ مضارع کے ساتھ آتا ہے ۔ یہ کبھی استمرار کا فائدہ دینے کے لئے بھی آتا ہے ۔ مثلاً سیقول السفہاء (س ۲ : ۱۴۲) ۔ کبھی یہ حرف فعل کے حاصل ہونے کے وعدہ کا فائدہ دیتا ہے ۔ لہذا اس کا کسی ایسے کلام میں داخل ہونا جس سے وعدہ یا وعید کا فائدہ حاصل ہو اس کلام کی توکید کا موجب ہوگا اور اس کے معنی کو ثابت کریگا ۔ مثلاً فسیکفیکھم اللہ (س ۲ : ۱۳۷) اور اولئك سیرحمھم اللہ (س ۹ : ۷۱) ۔

سَأَلَ

سَأَلَ (۱) پوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔ سوال کرنا ۔
● سال سائل بعذاب واقع [س ۷۰ : ۱
(۲) مانگنا ۔ درخواست کرنا ۔
● یسئلہ من فی السموات والارض
[س ۵۵ : ۲۹
اِسْئَلْ اور سَلْ (اَمر)
سُؤْلٌ درخواست ۔
● قد اوتیت سؤلك یا موسی [س ۲۰ : ۳۶
سُؤَالٌ (اِسم فعل) مانگنا ۔
● ـ ـ ـ ظلمک بسؤ ال نعجتک
[س ۳۸ : ۲۴

سَآئِلٌ (اِسم فاعل) (۱) پوچھنے والا ۔
● سال سائل بعذاب واقع [س ۷۰ : ۱
(۲) دریافت کرنے والا ۔ تحقیق کرنے والا ۔
● ـ ـ ـ واما السائل فلاتنھر [س ۹۳ : ۱۰
= من یسأل العلم ۔ (رازی ۔ تاج) ۔ جو کوئی بات جاننا چاہے ۔
(۳) مانگنے والا ۔ حاجتمند ۔
● وجعل فیھا رواسی من فوقھا و بارك فیھا وقدر فیھا اقواتھا ـ ـ ـ سواء للسائلین
[س ۴۱ : ۱۰
● ـ ـ ـ و السائلین و فی الرقاب
[س ۲ : ۱۷۶

مَسْئُوْلٌ (اِسم مفعول) (۱) جس سے سوال کیا جائے ۔
● ـ ـ ـ وقفوھم انھم مسئولون
[س ۳۷ : ۲۴
(۲) جس کے بارے میں پوچھا جائے ۔
● ان العھد کان مسئولا [س ۱۷ : ۳۴
كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا (س ۲۵ : ۱۶) یہ ہے حتمی وعدہ جس کے ایفاء کا خدا سے سوال کیا جاسکتا ہے ۔

تَسَآءَلَ (۱) ایک دوسرے سے دریافت کرنا ، پوچھنا ۔ (+ عَنْ)
● عم یتساءلون [س ۷۸ : ۱
(۲) ایک دوسرے کو واسطہ دینا (+ بِ) ۔

Marfat.com

● و اتقوا الله الذی تساءلون به والارحام
[س ۴ : ۱

تَسَآءَلُوْنَ = تَتَسَآءَلُوْنَ

سَئِمَ

سَئِمَ (+ مِنْ) (۱) اُکتا جانا ۔ تھک جانا ۔
● لایسأم الانسان من دعاء الخیر
[س ۴۱ : ۴۹
(۲) حقیر سمجھنا ۔ غفلت کرنا ۔ (+ أَنْ)
● ۔۔۔ ولا تسأموا ان تکتبوہ [س ۲ : ۲۸۲

سَبَّ

سَبَّ گالیاں دینا ۔
● ولا تسبوا الذین یدعون من دون اللہ ۔۔۔
[س ۶ : ۱۰۶

سَبَبٌ (جمع أَسْبَابٌ) (۱) وہ چیز جس سے دوسری چیز تک پہنچا جائے ۔ ذریعہ ۔
(۲) راستہ ۔ ● فاتبع سببا [س ۱۸ : ۸۵
(۳) تعلق ۔
● ۔۔۔ و تقطعت بھم الاسباب
[س ۲ : ۱۶۶
(۴) ضروریات کے سامان ۔
● وآتیناہ من کل شیٔ سببا [س ۱۸ : ۸۵
(۵) ڈور ۔ رسّا ۔
۔۔۔ فَلْیَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَی السَّمَآءِ ثُمَّ لْیَقْطَعْ ۔۔۔ (س ۲۲ : ۱۵) ۔ یہ اُن لوگوں کے بارے میں ہے جن کا ذکر شروع رکوع میں ہوا کہ یَعْبُدُ اللہَ عَلٰی حَرْفٍ (آیۃ ۱۱) ۔ اِسلام میں داخل نہیں ہوتے بلکہ کنارے ہی پر کھڑے ہیں جب تک ان کو فائدہ پہنچا خوش رہے اور ذرا سی تکلیف ہوئی مُنہ پھیر لئے اور خدا کو چھوڑ کر دوسروں سے رجوع ہو گئے ۔ مگر خدا نے اپنا قاعدہ صاف صاف ظاہر کر دیا ہے کہ جو لوگ اس کی بات مانیں اور ٹھیک کام کریں وہ ان کو ضرور کامیاب کر کے رہیگا (آیۃ ۱۴) ۔ اس پر بھی ان میں سے جو کوئی مایوس ہو کر اپنے تئیں غیظ و غضب میں ڈالے تو وہ ایسا ہی ہے جیسا کوئی بڑی اونچائی سے ایک رسّا تان لے اور پھر اس کو قطع کر دے (اللہ تعلٰی سے جس طرح اس نے تعلق پیدا کرتے ہوئے بھی اس کو قطع کر ڈالا ، محض اپنی تنک مزاجی سے ۔ تو کیا اس سے اس کا غیظ جاتا رہا ؟ یہ تو محض اُس کی حماقت ہی رہی ۔ اگر یہ بھی ایسے ہی مایوس ہیں تو یہ بھی ایسا ہی کر کے دیکھیں ۔
(۶) = اَلسَّمَاءُ ۔ (ابن عباس)
● ۔۔۔ فلیرتقوا فی الاسباب [س ۳۸ : ۱۰

سَبَآءٌ [سَبَی

سَبَتَ

سَبَتَ (یہودیوں میں) سبت کے دن کا احترام کرنا ۔ [س ۷ : ۱۶۲
سَبْتٌ یہودیوں میں شنبہ کے دن جب یہ اپنے کاروبار بالکل بند کر کے صرف خدا کی عبادت کرتے ۔
● ۔۔۔ إعتدوا منکم فی السبت
[س ۲ : ۶۵

Marfat.com

سُبَاتٌ آرام کرنا ۔
● ۔۔۔ وجعلنا نومکم سباتا [س ۷۸ : ۹

سَبَحَ

سَبَحَ (+ فِیْ) تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا ۔
تیرنا (پانی میں یا ہوا میں) ۔
● ۔۔۔ وکل فی فلك یسبحون [س ۳۶ : ۴۰
سَبْحٌ (اِسم فعل)
(۱) ہاتھ پاؤں مارنا ، جیسا تیرنے میں ۔
(۲) محنت میں لگے رہنا ۔
● ان لك فی النھار سبحا طویلا [س ۷۳ : ۷
سَابِحٌ (اِسم فاعل) (۱) وہ جو تیرے ۔
(۲) وہ جو محنت میں لگا رہے ۔
سَابِحَاتٌ (جمع ۔ مؤنث) فلک پر تیرنے والے سیارے ۔
● ۔۔۔ والسابحات سبحا [س ۷۹ : ۳
سُبْحَانٌ (مصدر) لگاتار خدمت ، عبادت ۔
سُبْحَانَ اللّٰہِ = أُسَبِّحُ سُبْحَانَ اللّٰہِ
سُبْحَانَہٗ = أُسَبِّحُ اللّٰہَ سُبْحَانَہٗ
فَسُبْحَانَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ ۔۔۔ (س ۳۰ : ۱۶)
= فَسَبِّحُوْا سُبْحَانَ اللّٰہِ ۔۔۔ (فراء ۔ زجاج)
سُبْحَانَ رَبِّیْ (س ۱۷ : ۹۳)
= سُبْحَانَ اللّٰہِ (جملۂ استعجاب)
سَبَّحَ (۱) اپنی اپنی جگہ پر پوری طاقت سے ہاتھ پاؤں مارنا ، پوری طاقت سے کام میں لگے رہنا ۔
● سبح للہ ما فی السموات وما فی الارض [س ۵۹ : ۱
وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ ۔۔۔ (س ۱۳ : ۱۳)
بجلی کی کڑک اور ملائکہ بھی خدا کے حکم سے کام میں لگے ہیں ۔
(۲) نماز ادا کرنا ۔
● وسبح بالعشی والابکار [س ۳ : ۴۱
= صل الصلوۃ غدوۃ وعشیا کما کنت تصلی (اِبن عباس)
تَسْبِیْحٌ (اِسم فعل) اپنی اپنی جگہ پر پوری طاقت سے کام میں لگے رہنا ۔
۔۔۔ کُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَہٗ وَتَسْبِیْحَہٗ (س ۲۴ : ۴۱) ہر ایک اپنا فرض اور اپنا ہاتھ پیر مارنا (کام کا طریقہ) خوب جانتا ہے ۔
مُسَبِّحٌ (اِسم فاعل) (۱) کام میں لگا رہنے والا ۔
[س ۳۷ : ۱۶۶
(۲) (مبالغہ) زبردست تیراک ۔
● ۔۔۔ فلولا انہ کان من المسبحین للبث فی بطنہ الی یوم یبعثون [س ۳۷ : ۱۴۳

سَبَطَ

أَسْبَاطٌ (جمع ۔ واحد سِبْطٌ)
(۱) ایک باپ کی نسل ۔
● ۔۔۔ اثنی عشرۃ اسباطا [س ۷ : ۱۶۰
(۲) بنی اسرائیل کے قبیلے [س ۲ : ۱۳۶

Marfat.com

سبع

سَبْعٌ (مؤنث ۔ مذکر سَبْعَةٌ) سات عدد ۔ متعدد ۔ کثرت تعداد ۔

● ۔۔۔ فسویھن سبع سموات [س ۲ : ۲۹

= فان قال قائل فھل یدل التخصیص علی سبع سموات علی نفی العدد الزاید قلنا الحق ان تخصیص العدد بالذکر لا یدل علی نفی الزاید ۔ (رازی)

● ۔۔۔ کمثل حبة انبتت سبع سنابل [س ۲ : ۲۶۱

سَبْعُوْنَ ستر عدد ۔ کثرت تعداد ۔

● ان تستغفر لھم سبعین مرة فلن یغفر اللہ لھم [س ۹ : ۸۰

سَبُعٌ درندہ جانور یا چڑے ۔

● ۔۔۔ وما اکل السبع [س ۵ : ۳

سبغ

سَابِغَةٌ (جمع سَابِغَاتٌ) زرہ ۔

۔۔۔ أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ (س ۳۴ : ۱۱) کہ زرہیں بناؤ ۔

أَسْبَغَ (+ عَلٰی) وسیع کرنا ۔ کثرت سے دینا ۔

● ۔۔۔ واسبغ علیکم نعمة ظاھرة و باطنة [س ۳۱ : ۱۹

سبق

سَبَقَ (۱) چلنے میں آگے بڑھنا ۔ سبقت لے جانا ۔ آگے چلنا ۔ [س ۸ : ۵۹

(۲) کسی حکم کا پہلے نافذ ہوجانا ۔

● لولا کلمة سبقت من ربک ۔۔۔ [س ۲۰ : ۱۲۹

مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِنَ الْعَالَمِيْنَ (س ۷ : ۸۰) تم سے پہلے یہ کام کسی قوم نے بھی نہ کیا ۔

لَا يَسْبِقُوْنَهُ بِالْقَوْلِ (س ۲۱ : ۲۷) وہ اس کے سامنے بڑھکر نہیں بولتے، اس کی بات نہیں کاٹتے ۔

إِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنٰى ۔۔۔ (س ۲۱ : ۱۰۱) وہ جن کے لئے ہماری طرف سے پہلے سے (ان کے اعمال کے مطابق) بھلائی کا وعدہ ہوچکا ہے ۔

سَبْقٌ (اسم فعل) چلنے میں آگے بڑھ جانا ۔ سبقت لے جانا ۔

سَابِقٌ (اسم فاعل) آگے چلنے والا ۔ سبقت لے جانے والا ۔ فضیلت حاصل کرنے والا ۔

● السابقون السابقون [س ۵۶ : ۱۰

أَلسَّابِقَاتُ (جمع مؤنث) تیز چلنے والے سیارے ۔

● فالسابقات سبقا [س ۷۹ : ۴

مَسْبُوْقٌ (اسم مفعول) وہ جس سے آگے کوئی دوسرا سبقت لے گیا ۔ عاجز ۔

● ۔۔۔ وما نحن بمسبوقین علی ان نبدل امثالکم ۔۔۔ [س ۵۶ : ۶۰

سَابَقَ (+ إِلٰی) دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ۔

Marfat.com

●---وسابقوا الی مغفرة [س ۵۷ : ۲۱

اِسْتَبَقَ ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرنا۔

●---فاستبقوا الخیرات [س ۲ : ۱۴۸

سَبَلٌ

سَبِیْلٌ (جمع سُبُلٌ) (۱) راہ ۔ راستہ ۔ طریقہ ۔

---ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَہٗ (س ۸۰ : ۲۰) پھر جس کام کےلئے اس کو مقدر کیا ہے اس کے لئے راستہ آسان کردیا ۔

(۲) دعوت ۔ پکار ۔

● قل ھذہ سبیلی --- [س ۱۲ : ۱۰۸

= دعوتی ۔ (ابن عباس)

(۳) گرفت ۔ الزام ۔ (+ عَلٰی)

●---قالوا لیس علینا فی الامیین سبیل ۔ [س ۳ : ۶۹

اِبْنُ السَّبِیْلِ راہ گیر ۔ مسافر ۔ بے گھرا آدمی ۔ وہ جس کے زیادہ تر اوقات مسافرت میں گزریں ۔ [س ۲ : ۱۷۷

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ (س ۲ : ۱۹۰) خدا کی راہ میں، محض خدا کےلئے ، حق کےلئے ، کسی خود غرضی کےلئے نہیں ۔ محض فرض سمجھ کر ۔

فِیْ سَبِیْلِ الطَّاغُوْتِ (س ۴ : ۷۶) جھوٹ کےلئے ، ناحق کےلئے ، خود غرضی کےلئے ۔ محض شیطانی سے ۔

سَبَیَ

سَبَاءٌ یمن کا ایک پرانا شہر جو سیلاب سے برباد ہوگیا ۔ [س ۲۷ : ۲۲

سِتٌّ

سِتٌّ (= سدْسٌ مؤنث ۔ مذکر سِتَّۃٌ) چھ ۔

فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ (س ۷ : ۵۴) طبقات الارض کے چھ زمانے میں ۔

سِتُّوْنَ ساٹھ ۔

سَتَرَ

سِتْرٌ (اسم فعل) اوٹ ۔ آڑ ۔

---لَمْ نَجْعَلْ لَّھُمْ مِّنْ دُوْنِھَا سِتْرًا (س ۱۸ : ۹۰)

جن کےلئے ہم نے (سورج سے) کوئی اوٹ نہیں رکھی تھی (جو اس کی مشرقی جانب آخری آبادی تھی) ۔

مَسْتُوْرٌ (اسم مفعول) چھپا ہوا ۔

● واذا قرأت القرآن جعلنا بینك و بین الذین لایؤمنون بالاخرۃ حجابا مستوراً [س ۱۷ : ۴۵

یعنی ہمارا ٹھہرایا ہوا قانون یہ ہے کہ ایسے لوگوں میں اور صدائے حق میں ایک پردہ سا حائل ہوجاتا ہے ۔ (مولینا ابوالکلام احمد)

اِسْتَتَرَ چھپنا ۔

●---وما کنتم تستترون [س ۴۱ : ۲۲

سَجَدَ

سَجَدَ (۱) فرمانبردار ہونا ۔ اطاعت قبول کرنا ۔ سر جھکانا ۔ سجدہ کرنا ۔

(۲) تابع ہونا (اختیاری طور پر ہو یا تسخیری طور پر) ۔

Marfat.com

● فسجد الملائكة كلهم [س ۱۵ : ۳۰
● يسجد له من فى السموات ومن فى الارض و الشمس و القمر و النجوم و الجبال و الشجر و الدواب وكثير من الناس ---
[س ۲۲ : ۱۸
● و النجم و الشجر يسجدان [س ۵۵ : ۶
= اى يفقادان له تعلى فيما يريد بهما طبعا انقياد الساجدين من المكلفين طوعا - (ابن جرير)
(۳) سیدھا کھڑا ہونا - (قاموس)

سَجْدَةٌ سجدہ -

سَاجِدٌ (جمع سُجُود اور سُجَّد اِسم فاعل) سجدہ کرنے والا - اطاعت کرنے والا -

مَسْجِدٌ (جمع مَسَاجِدُ) سجدہ کرنے کی جگہ -
● خذوا زينتكم عند كل مسجد [س ۷ : ۲۹

اَلْمَسْجِدُ الْحَرَام (۱) خانۂ کعبہ -
● فول وجهك شطر المسجد الحرام
[س ۲ : ۱۴۴
(۲) وہ مسجد جس کے اندر خانہ کعبہ ہے -
(۳) شہر مکہ - [س ۲ : ۱۹۶

اَلْمَسْجِدُ الْاَقْصَى (س ۱۷ : ۱) بہت دور والی مسجد - شہر یثرب جہاں بعد کو مسجد نبوی بھی بنی - یہ مکہ سے دو سو چھیاسی میل (بارہ منزل) پر شمال کی طرف واقع ہے - مکہ سے ہجرت کر کے آنجناب راتوں رات یہاں پہنچے تھے اور یہاں مکہ کے تیرہ سال کی ناکام کوششوں کے بعد خدا نے اپنی قدرت کاملہ سے اِسلام کو بار آور کیا -
● سبحان الذي اسرى بعبده ليلا من المسجد الحرام الى المسجدالاقصى الذى باركنا حوله لنريه من آياتنا --- [س ۱۷ : ۱

مَسَاجِدُ (جمع) (۱) واحد مَسْجِدٌ - عبادت خانے -
(۲) واحد مَسْجِدٌ - اِنسان کے وہ اعضاء جن سے سجدہ کیا جائے - (لسان) - پیشانیاں (صحاح - قاموس) - پیشانی، ناک، ہاتھ، گھٹنے، پاؤں - ساتوں آراب - (مدالقاموس)
● وان المساجد لله فلا تدعوا مع الله احدا
[س ۷۲ : ۱۸

سَجَرَ

سَجَرَ (+ فِیْ) جلانا -
● --- ثم فى النار يسجرون [س ۴۰ : ۷۲

مَسْجُورٌ (اِسم مفعول) (۱) = مملوء بھرا ہوا -
● --- والبحر المسجور [س ۵۲ : ۶
(۲) ساکن - (لسان)

سَجَّرَ جوش مارنا (دریاکا) - ملا کر ایک کر دینا -
● --- واذا البحار سجرت [س ۸۱ : ۶

سَجَلَ

سِجِلٌّ (۱) = رَجُلٌ آدمی - شخص - (لغت حبش)
(۲) = صحيفة - (لسان)
● يوم نطوى السماء كطى السجل للكتب
[س ۲۱ : ۱۰۴
= كطى الصحيفة على الكتاب - (ابن عباس)
(۳) کاتب -

Marfat.com

سِجِّيلٌ (۱) = سِجِلٌّ به معنی صحیفه -

(۲) = سِجِّينٌ - (قاموس)

= کتاب مرقوم (س ۸۳ : ۸) لکھا ہوا - مقرر کیا ہوا -

● - - - و امطرنا علیہا حجارۃ من سجیل منضود مسومۃ عند ربک [س ۱۱ : ۸۲

= مسومۃ عند ربک للمسرفین (س ۵۱ : ۳۴)

= ای ما کتب لھم انھم یعذبون بھا (قاموس)

(۳) = فارسی سنگ وگل - (تاج - قاموس) [س ۱۱ : ۸۲

حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ (س ۱۱ : ۸۲) [تحت حَجَرَ

سَجَنَ

سَجَنَ قید کرنا - [س ۱۲ : ۲۵

مَسْجُونٌ (اِسم مفعول) قید کیا ہوا - [س ۲۶ : ۲۹

سِجْنٌ قید خانہ - [س ۱۲ : ۳۳

سِجِّينٌ لکھا ہوا - مقرر کیا ہوا -

● و ما ادریک ماسجین - کتاب مرقوم [س ۸۳ : ۸

سَجَا (= سَجَى)

سَجَا (رات کا) اندھیرا ہونا -

● - - - واللیل اذا سجی [س ۹۳ : ۲

سَحَبَ

سَحَبَ گھسیٹنا - (+ فِیْ)

● یوم یسحبون فی النار [س ۵۴ : ۴۸

سَحَابٌ بادل - [س ۲۴ : ۴۳

سَحَتَ

سَحَتَ برباد کرنا - تباہ کرنا - جڑ سے اُکھاڑ پھینکنا -

سُحْتٌ مال حرام - (تاج)

● - - - اکالون للسحت [س ۵ : ۴۵

أَسْحَتَ (+ بِ) = سَحَتَ [س ۲۰ : ۶۱

سَحَرَ

سَحَرَ جادو کرنا - کسی چیز کو اس طرح دکھانا کہ دیکھنے والے پر اثر پڑجائے -

● - - - فلما القوا سحروا اعین الناس [س ۷ : ۱۱۶

سِحْرٌ (۱) وہ بات جو قلب کو اپنی طرف کھینچے عام اس سے کہ وہ بات سچ ہو یا جھوٹ -

(۲) سحر - جادو - دھوکے کی بات -

(۳) جادو بیانی -

● قالوا ان ھذا لسحر مبین [س ۱۰ : ۷۷

(۴) جھوٹ - (رازی)

● ولئن قلت انکم مبعوثون من بعد الموت لیقولن الذین کفروا ان ھذا الا سحر مبین [س ۱۱ : ۸

سَحَرٌ (جمع أَسْحَارٌ) صبح سویرا -

سَاحِرٌ (جمع سَحَرَةٌ - اِسم فاعل)

Marfat.com

(۱) سحر کرنے والا ۔ جادوگر ۔
[س ۷ : ۱۰۸
(۲) جس کی بات قلب کو اس کی طرف مائل کرے، عام اس سے کہ وہ بات سچ ہو یا جھوٹ ۔
● ۔۔۔ ولایفلح الساحرون [س ۱۰ : ۷۷
سَحَّارٌ (مبالغہ کا مبالغہ) زبردست جادوگر ۔
[س ۲۶ : ۳۷
مَسْحُورٌ (اِسم مفعول) (۱) جس پر سحر کیا گیا ۔ جو دھوکے میں آگیا ۔
(۲) = سَاحِرٌ
● ۔۔۔ ان تتبعون الارجلا مسحورا
[س ۱۷ : ۴۷
مُسَحَّرٌ (اِسم مفعول) (۱) = مَسْحُور
[س ۲۶ : ۱۵۳
(۲) = سَاحِرٌ

سَحَقَ

سُحْقٌ (اِسم فعل) دور ہونا ۔ دفع ہونا ۔
فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ (س ۶۷ : ۱۱)
= فاسحقهم الله سحقا
سَحِيقٌ بہت دور ۔
● فی مکان سحیق [س ۲۲ : ۳۱
إِسْحَاقُ حضرت اسحاقؑ ۔ حضرت ابراہیمؑ کے دوسرے لڑکے اور حضرت اسمعیل کے چھوٹے بھائی ۔ [س ۲ : ۱۴۰

سَحَلَ

سَاحِلٌ دریا کا کنارہ ۔ [س ۲۰ : ۳۹

سَخَرَ

سَخِرَ (+ مِنْ) ہنسی اُڑانا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔
[س ۹ : ۷۹
سَاخِرٌ (اِسم فاعل) ہنسی اُڑانے والا ۔
[س ۳۹ : ۵۶
سُخْرِيٌّ ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔
● ۔۔۔ فاتخذ تموهم سخريا [س ۲۳ : ۱۱۰
سُخْرِيٌّ وہ جو دوسرے کے لئے بیگاری کرے ۔ وہ جو خدمت کرنے پر مجبور کیا جائے ۔
● ۔۔۔ لیتخذ بعضکم بعضا سخریا
[س ۴۳ : ۳۲
سَخَّرَ (۱) تابع کرنا ۔ کام میں لگا دینا ۔
● وسخرلکم الانهار [س ۱۴ : ۳۳
(۲) کسی کو قابو میں رکھنا اور اس سے کام لینا ۔
● ۔۔۔ وسخر الشمس والقمر [س ۱۳ : ۲
(۳) کسی کے خلاف کام لینا (+ عَلٰی) ۔
● سخرها علیهم سبع لیال [س ۶۹ : ۷
مُسَخَّرٌ (اِسم مفعول) تابع کیا ہوا ۔ کام کرنے پر مجبور ۔ کام میں لگایا ہوا ۔
● والسحاب المسخر بین السماء والارض ۔۔۔
[س ۲ : ۱۶۴
اِسْتَسْخَرَ کسی بات کو ٹھٹھے میں اُڑانا ۔
● واذا راوا آیة یستسخرون [س ۳۷ : ۱۴

سَخِطَ

سَخِطَ (+ عَلٰی) غصہ ہونا ۔ [س ۵ : ۸۳

Marfat.com

سَخَطٌ غصہ ۔ غضب ۔ [س ۳ : ۱۶۲

أَسْخَطَ غصہ دلانا ۔ [س ۴۷ : ۲۸

سَدَّ

سَدٌّ رکاوٹ ۔ دیوار ۔ پہاڑ ۔ [س ۳۶ : ۹

سُدٌّ = سَدٌّ

سِدٌّ = سَدٌّ

سد ذوالقرنین یہ وہی مشہور دیوار ہے جو چین اور تاتار یا سایتھیا (Scythia) کی سرحد پر بنائی گئی ہے اور جس کو چی وانگ ٹی (Che-hwang-te) فغفور چین نے درمیان سنہ ۲۴۰ و ۲۳۰ قبل مسیح میں بنایا تھا ۔ (سید احمد رح)

یہ دیوار پہاڑی ملک میں پتھروں کی چٹانوں سے بنائی گئی اور پتھروں کی چٹانوں کے مضبوط کرنے اور ایک کو دوسرے سے جوڑنے کو لوہے منگائے ۔ چٹانوں کو برابر رکھ کران کے سروں کے پاس سوراخ کئے گئے اور ان میں لوہے کے پاؤں لگائے گئے تا کہ سب جڑجائیں اور نکالنے سے نہ نکلیں اور لوہے کے پاؤں کو جس کا ایک سرا ایک چٹان کے چھید میں اور دوسرا سرا دوسرے چٹان کے چھید میں رکھا آگ سے لال کر کے ان چھیدوں میں لگائے اور پگھلا تانبا یا پیتل ان چھیدوں میں ڈال دیئے تا کہ پاؤں کے سرے چھیدوں میں جم جائیں اور پتھر نکلنے نہ پائیں اور کسی طرح بغیر دیوار کے منہدم کئے نہ دیوار میں چھید ہوسکے اور نہ کوئی پتھر ٹل سکے ۔

یہ دیوار ہوانگ ہو (Huang-ho) دریا کی غربی موڑ سے جو ایک پہاڑ کے قریب ۳۷ درجہ ۱۵ دقیقہ عرض بلد اور ۱۰۷ درجہ طول بلد پر واقع ہے بنانی شروع ہوئی اور پھر اس دریا کے دوسرے موڑ کو قریباً ۳۹ درجہ عرض بلد اور ۱۱۱ درجہ طول بلد پر کاٹ کر اور خنجان پہاڑوں کے جنوبی سلسلہ کے نیچے ہو کر خلیج لیاؤٹنگ (Liau-Tung) کے کنارہ پر ٹھیک ۴۰ درجہ عرض بلد اور ۱۲۰ درجہ طول بلد پر ختم ہوئی ہے ۔ طول اس دیوار کا ۱۲۰۰ سے ۱۵۰۰ میل کا بیان ہوا ہے ۔ اُونچائی ۳۰ گز اور اس قدر چوڑی کہ چھ سوار پہلو بہ پہلو فراغت سے اس پر گھوڑے دوڑا سکتے ہیں ۔ سو سو قدم پر دو منزلہ اور سہ منزلہ برج بنے ہیں آٹھ سو کوس تک جو کچھ موانع سامنے آئے سب کو دفع کرتی ہوئی یہ دیوار اپنی منزل مقصود تک پہنچی ہے ۔ اور کئی مقام پر آدھ آدھ کوس اُونچے پہاڑوں کی چوٹی پر سے یہ دیوار کھنچی ہے اور بعض جگہ بڑے بڑے دریا پر پلوں کے اوپر سے ہو کر یہ گئی ہے اور زیادہ تکلف یہ کہ سمندر کے بیچ سے شروع اس طرح پر ہوئی ہے کہ صدہا جہاز پتھروں سے لدے ہوئے ڈبائے گئے اور اس پر اس کی بنیاد قائم ہوئی ۔ [ذوالقرنین تحت قَرَنَ)

سَدِيْدٌ سیدھا ۔

● ۔۔۔ ولیقولوا قولا سدیدا [س ۴ : ۹

سَدَرَ

سِدْرٌ (اِسم جنس) بیری کا درخت ۔ عرب میں یہی درخت ہے جس کے سایہ میں مسافر ٹھہرتے اور آرام کرتے ہیں ، جس کے سایہ میں لوگ جمع ہوتے ہیں ۔

● ۔۔۔ فی سدر مخضود [س ۵۶ : ۲۸

= وندخلهم ظلا ظليلا [س ۴ : ۵۷

سِدْرَةٌ (واحدۃ) بیری کا ایک درخت ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ اذ یغشی السدرة مایغشی [س ۵۳ : ۱۶

سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى (س ۵۳ : ۱۴) ایک بیری کا درخت جو ایک شاداب خطہ کی ایک طرف کنارہ پر تھا ، جہاں آنجنابؐ نے اپنے تئیں ایک خاص کیف میں پایا تھا ۔

● ولقد رآہ نزلة اخری عند سدرة المنتهی ۔ عندها جنة الماوی [س ۵۳ : ۱۴

اِذْ یَغْشَی السِّدْرَةَ مَا یَغْشَی ۔۔۔ لَقَدْ رَاٰی مِنْ آیَاتِ رَبِّهِ الْکُبْرٰی (س ۵۳ : ۱۶ و ۱۸) جب چھائی ہوئی تھی (دیکھنے والے کے لئے) ایک کیفیت بیری کے درخت پر (جس کا بیان ممکن نہیں ، بس چھائی ہوئی تھی کیفیت) جو چھائی ہوئی تھی ۔ (یہ تھا روحانی مکاشفہ آنجناب صلعم کا جس میں) آپ نے خدا کی کچھ زبردست قدرت دیکھ لی ۔

سَدَسَ

سُدُسٌ ایک چھٹا حصہ ۔ [س ۴ : ۱۲

سَادِسٌ چھٹا ۔ [س ۱۸ : ۲۱

سَدَا

سُدًی مہمل ۔ بیکار ۔ اکیلا چھوٹا ہوا کہ خود چرتا پھرے ۔ (صحاح ۔ قاموس)

● ایحسب الانسان ان یترك سدی [س ۷۵ : ۳۶

سَرَّ

سَرَّ خوش کرنا ۔ [س ۲ : ۶۹

سُرُورٌ خوشی ۔ [س ۷۶ : ۱۱

سِرٌّ راز ۔ بھید ۔ [س ۲۰ : ۷

سِرًّا چھپا کر ۔

● سرا و علانیة [س ۲ : ۲۷۴

سُرُرٌ (جمع ۔ واحد سَرِیرٌ) تخت [س ۱۵ : ۴۷

سَرَّآءُ خوشی ۔ خوشی کی حالت ۔ آسودگی ۔ [س ۳ : ۱۳۳

سَرَآئِرُ (جمع ۔ واحد سَرِیرَةٌ) راز کی باتیں [س ۷۶ : ۹

مَسْرُورٌ (اسم مفعول) خوش کیا ہوا ۔ خوش [س ۸۴ : ۹

أَسَرَّ (۱) چھپانا ۔ (۲) ظاہر کرنا ۔

● ۔۔۔ واسروا الندامة لما راوا العذاب [س ۱۰ : ۵۴

(۳) کسی سے راز کی بات کہنا (+ اِلٰی) [س ۶۶ : ۳

(۴) راز کی باتیں کرنا (+ لِ)

● ۔۔۔ واسررت لهم اسرارا [س ۷۱ : ۹

اِسْرَارٌ راز کی بات ۔ [س ۴۷ : ۲۶

سَرَبَ

سَرَبَ نیچے کی طرف جانا ۔

سَرَبٌ (اسم فعل) آزادی سے چلنا ۔

● ۔۔۔ فاتخذ سبیله فی البحر سربا [س ۱۸ : ۶۱

= سرب فی البحر سربا ۔ (رازی) ۔ وہ مچھلی سمندر میں آزادی سے چلتی ہوئی ۔

Marfat.com

سَرَابٌ وہ چمکتی ہوئی شئی جو بیابان میں پانی کی طرح نظر آتی ہے اور جوں جوں پیاسا جانور اس کے لئے آگے بڑھتا ہے وہ اور آگے بڑھتی جاتی ہے۔ غرضیکہ پیاسا جانور اخیر کو تھک جاتا ہے اور اسے پانی بھی نہیں ملتا۔

(۲) وہ شئی جس کی حقیقت کچھ نہ ہو۔

● ۔۔۔ اعمالھم کسراب [س ۲۴ : ۳۹

سَارِبٌ (اسم فاعل) آزادی سے چلنے والا۔

[س ۱۳ : ۱۰

سَرْبَلَ

سَرَابِیْلُ (جمع۔ واحد سِرْبَالٌ) (۱) کرتے۔ قمیص۔

● ۔۔۔ سرابیلھم من قطران [س ۱۴ : ۵۰

(۲) زرہ۔

● ۔۔۔ وسرابیل تقیکم باسکم [س ۱۶ : ۸۳

سَرَجَ

سِرَاجٌ (۱) چراغ۔ (لغت فارس)

● وجعل الشمس سراجا [س ۷۱ : ۱۶

(۲) سورج۔ آفتاب۔ (لغت ھند)

● وجعلنا سراجا وھاجا [س ۷۸ : ۱۳

سَرَحَ

سَرَحَ (۱) مویشیوں کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔

(۲) مویشیوں کو صبح کے وقت چراگاہ لے جانا۔

● ۔۔۔ وحین تسرحون [س ۱۶ : ۶

سَرَاحٌ (اِسم فعل) رخصت کرنا۔

● ۔۔۔ واسرحکن سراحا جمیلا [س ۳۳ : ۲۸

سَرَّحَ نکاح سے آزاد کرنا۔

● ۔۔۔ وسرحوھن بمعروف [س ۲ : ۲۳۱

تَسْرِیْحٌ (اسم فعل) رخصت کرنا۔ طلاق دینا (بیوی کو)

● ۔۔۔ اوتسریح باحسان [س ۲ : ۲۲۹

سَرَدَ

سَرْدٌ زرہ بنانے میں مناسبت کے ساتھ حلقوں کا ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

● ۔۔۔ وقدر فی السرد [س ۳۴ : ۱۱

سَرْدَقَ

سُرَادِقٌ (۱) قنات جو خیمہ کے چاروں طرف گھیرا جاتا ہے۔

(۲) دھواں جو قنات کی طرح گھیر لے۔ آگ کی لُو اور لپٹ۔ (لغت فارسی)

● ۔۔۔ احاط بھم سرادقھا [س ۱۸ : ۲۹

سَرُعَ

سَرِیْعٌ (جمع سِرَاعٌ) وہ جو کام میں سستی یا دیر نہیں کرتا۔ تیز۔

● واللہ سریع الحساب [س ۲ : ۲۰۲

سِرَاعًا یکا یک۔ جلدی سے۔

● ۔۔۔ تشقق الارض عنھم سراعا [س ۵۰ : ۴۴

أَسْرَعُ (افعل التفضیل) نہایت تیز۔

[س ۶ : ۶۲

Marfat.com

سَارَعَ جلدی کرنے میں سبقت کرنا یا لوگوں کا ساتھ دینا۔

● وسارعوا الی مغفرة من ربکم [س۳ : ۱۳۲

سَرَفَ

أَسْرَفَ (+ عَلٰی) کسی فعل میں حد سے گزر جانا۔ زیادتی کرنا۔

● ۔۔۔ الذین اسرفوا علی انفسهم [س ۳۹ : ۵۳

اِسْرَافٌ (اسم فعل) حد سے گزر جانا۔ زیادتی کرنا۔ [س ۳ : ۱۴۷

مُسْرِفٌ (اِسم فاعل) حد سے گزر جانے والا۔ فضول خرچ کرنے والا۔

● انه لا یحب المسرفین [س ۶ : ۱۴۲

سَرَقَ

سَرَقَ چوری کرنا۔ [س ۱۲ : ۸۱

سَارِقٌ (اِسم فاعل) چوری کرنے والا۔ چور۔ [س ۵ : ۳۱

اِسْتَرَقَ چوری سے لے لینا۔

اِسْتَرَقَ السَّمْعَ (س ۱۵ : ۱۸)

= خَطِفَ الْخَطْفَةَ (س ۳۷ : ۱۰)

[تحت خَطِفَ

سَرْمَدَ

سَرْمَدٌ ہمیشہ۔ لگاتار۔

سَرْمَدًا ہمیشہ کے لئے۔ [س ۲۸ : ۷۱

سَرَی

سَرَی رات کو سفر کرنا۔

● واللیل اذا یسر [س ۸۹ : ۴

یَسْرِ = یَسْرِی

سَرِیٌّ چھوٹی نہر۔ [س ۱۹ : ۲۴

أَسْرَی (۱) رات کو چلنا یا سفر کرنا۔

(۲) رات کو سفر کرانا۔ (+ بِ)

● ۔۔۔ ان اسر بعبادی [س ۲۰ : ۷۹

(۳) [سَرْوٌ سے ہے] ایک دور دراز زمین (سفر) طے کرنا۔

● سبحان الذی اسری بعبده لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی ۔۔۔ [س ۱۷ : ۱

= ای ذهب به فی سراة من الارض۔ (راغب)

[وقیل ان أَسْرَی لیست من لفظة سَرَی یَسْرِیْ و انما هی من السَّرَاةِ و هی ارض واسعة و اصله من الواو و منه قول الشاعر :

بسر و حمیر ابوال البغال به
فاسری نحوا جبل واتهم (راغب)

سَطَحَ

سَطَحَ بچھانا۔ پھیلانا۔ [س ۸۸ : ۲۰

سَطَرَ

سَطَرَ لکھنا۔

● ن والقلم وما یسطرون [س ۶۸ : ۱

أَسَاطِیْرُ (جمع۔ واحد أُسْطُوْرَةٌ۔ لغت روم) قصے۔ کہانیاں۔ [س ۱۶ : ۶۴

مَسْطُوْرٌ (اسم مفعول) لکھا ہوا۔ [س ۱۷ : ۵۸

Marfat.com

مُسَیْطِرٌ (= مُصَیْطِرٌ - اِسم فاعل) وہ جسے کسی کام پر مسلط کیا گیا - داروغہ - [س ۵۲ : ۳۷

مُسْتَطَرٌ (اسم مفعول) لکھا ہوا - [س ۵۴ : ۵۳

سَطَا

سَطَا زوروں سے حملہ کرنا -

● --- یکادون یسطون [س ۲۲ : ۷۲

سَعَةٌ [وَسِعَ

سَعَدَ

سَعِدَ خوش ہونا (آدمی کا) - کامیاب ہونا -

● --- و اما الذین سعدوا ففی الجنة [س ۱۱ : ۱۰۸

سَعِیدٌ خوش - خوش وقت - خوش نصیب - [س ۱۱ : ۱۰۶

سَعَرَ

سَعِیرٌ (مؤنث) دھکتی ہوئی آگ - [س ۴ : ۹

سُعُرٌ پاگلپن - جنون -

● --- انا اذا لفی ضلال وسعر [س ۵۴ : ۲۴

سَعَّرَ آگ بھڑکانا -

● --- واذا الجحیم سعرت [س ۸۱ : ۱۲

سَعَی

سَعَی (+ اِلٰی) تیز چلنا - دوڑنا - مستعدی سے کام کرنا - منصوبہ کرنا - کوشش کرنا - محنت کرنا - جد و جہد کرنا -

● --- وان لیس للانسان الا ما سعی [س ۵۳ : ۳۹

● --- و اما من جاءك یسعی [س ۸۰ : ۸

سَعْیٌ (اسم فعل) سعی - کوشش - دوڑ دھوپ -

--- فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ (س ۳۷ : ۱۰۲) اور جب وہ پہنچا اس عمر کو کہ باپ کے ساتھ دوڑ دھوپ کرے -

وَسَعَیٰ لَهَا سَعْیَهَا (س ۱۷ : ۲۰) اور کوشش کی اس کے لئے جیسی اس کی کوشش چاہئے تھی -

سَغَبَ

مَسْغَبَةٌ (۱) بھوک اور پیاس جس کے ساتھ تکان بھی ہو - (۲) قحط - [س ۹۰ : ۱۴

سَفَحَ

مَسْفُوحٌ (اسم مفعول) خون یا پانی بہایا ہوا - [س ۶ : ۱۴۵

مُسَافِحٌ (اسم فاعل) بغیر کسی عقد کے بی بی کے ساتھ رہنے والا مرد - [س ۴ : ۲۴

مُسَافِحَاتٌ (مؤنث جمع) [س ۴ : ۲۵

سَفَرَ

سَفَرٌ سفر - [س ۲ : ۱۸۴

أَسْفَارٌ (جمع) (۱) واحد سَفَرٌ - (۲) (واحد سِفْرٌ) بڑی بڑی کتابیں - (لغت کنانہ)

● --- کمثل الحمار یحمل اسفارا [س ۶۲ : ۵

Marfat.com

سَفَرَةٌ (جمع - واحد سَافِرٌ) پڑھنے والے - (لغت قبط)

● ---- بایدی سفرة کرام برزة [س ۸۰ : ۱۳

= هم اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم وقیل هم القراء - (رازی)

أَسْفَرَ چمکنا - صبح کا چمک اُٹھنا -

● والصبح اذا اسفر [س ۷۴ : ۳۴

مُسْفِرٌ (اِسم فاعل) چمکنے والا -

● وجوه یومئذ مسفرة [س ۸۰ : ۳۸

سَفَعَ

سَفَعَ (+ بِ) گھسیٹنا -

● ---- لنسفعا بالناصیة [س ۹۶ : ۱۵

سَفَكَ

سَفَكَ (خون) بہانا -

● لاتسفکون دماء کم [س ۲ : ۸۵

(اپنے ہم جنس کا خون نہ بہاؤ) -

سَفَلَ

سَافِلٌ (اِسم فاعل) وہ جو نیچ ہو، کمینہ ہو، ذلیل ہو -

جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا (س ۱۱ : ۸۴) کردیں ہم نے وہ بستیاں اُوپر نیچے - ہم نے اُن کا تختہ اُلٹ دیا -

أَسْفَلُ (افعل التفضیل - مؤنث سُفْلٰی) سب سے نیچا - ذلیل ترین -

● ---- ثم رددناه اسفل سافلین [س ۹۵ : ۵

سَفَنَ

سَفِينَةٌ کشتی - جہاز - [س ۱۸ : ۷۲

سَفِهَ

سَفِهَ کسی کو بیوقوف بنانا -

مَنْ سَفِهَ نَفْسَهُ (س ۳ : ۱۳۰) جس نے اپنے تئیں بیوقوف بنایا -

سَفَهٌ (اِسم فعل) بیوقوفی -

سَفَهًا بیوقوفی سے - [س ۶ : ۱۴۰

سَفِيهٌ (جمع سُفَهَآءُ) (۱) جاهل - (اِبن عباس) [س ۲ : ۱۴۲

(۲) جو اپنا معاملہ نہیں سمجھتا - بیوقوف -

● ---- ولا تؤتوا السفهاء اموالکم التی جعل الله لکم قیاما --- [س ۴ : ۴

سَفَاهَةٌ بیوقوفی - جہالت - [س ۷ : ۶۶

سَقَرَ

سَقَرُ (مؤنث) جھلس دینے والی آگ -

[س ۷۴ : ۲۷

سَقَطَ

سَقَطَ (+ فِیْ) گرنا -

سُقِطَ فِيْ أَيْدِيهِمْ (س ۷ : ۱۴۸) لفظی معنی ہیں اُن کے ہاتھوں میں یا اُن کے آگے گرا دیا گیا - وہ نادم ہوئے - حافظ نذیر احمد ترجمہ کرتے ہیں اُن کا کیا اُن کے آگے آیا -

Marfat.com

سَاقِطٌ (اِسم فاعل) وہ جو گرے۔
● ۔۔۔ من السماء ساقطا [س ۵۲ : ۴۴

سَاقَطَ گرنے دینا۔
● ۔۔۔ تساقط علیك رطبا جنیا [س ۱۹ : ۲۴

أَسْقَطَ گرا دینا۔ [س ۲۶ : ۱۸۷

سَقَفَ

سَقْفٌ (جمع سُقُفٌ) چھت۔
● وجعلنا السماء سقفا [س ۲۱ : ۳۲
= سمی السماء سقفا لانها للارض کالسقف للبیت۔ (رازی)

سَقِمَ

سَقِيمٌ (۱) وہ جو تھک گیا۔ تھکا ہوا۔
● ۔۔۔ فنبذناہ بالعراء وھو سقیم [س ۳۷ : ۱۴۵

(۲) بیزار۔
● ۔۔۔ فا ظنکم برب العالمین ۔ فنظر نظرۃ فی النجوم فقال انی سقیم [س ۳۷ : ۸۷
= سقیم بما اری من عبادتکم غیر اللہ۔ (نہایہ)

سَقَى

سَقَى پانی دینا۔ پانی پلانا۔
● ولا تسقی الحرث [س ۲ : ۷۱
● ۔۔۔ وسقاھم ربھم شرابا طھورا [س ۷۶ : ۲۱

سِقَايَةٌ (۱) پانی پلانا۔ (اِسم فعل) [س ۹ : ۲۰

(۲) پیالہ۔ [س ۱۲ : ۷۰

سُقْيَا (= سُقْيٰى) پانی پلانا۔
۔۔۔ نَاقَةَ اللهِ وَسُقْيَاهَا (س ۹۱ : ۱۳)
(تنگ نہ کرو) خدا کی (مخلوق) اُنٹنی کو، اور (نہ روکو) اس کے پانی پینے کو۔

أَسْقَى پانی پلانا۔ پانی دینا۔
● ۔۔۔ یسقی ربہ خمرا [س ۱۲ : ۴۱

اِسْتَسْقَى کسی سے پانی مانگنا۔ [س ۲ : ۶۰

سَكَبَ

سَكَبَ (پانی) بہانا۔ ڈالنا۔
مَسْكُوبٌ (اِسم مفعول) بہایا ہوا، بہتا ہوا۔
● ۔۔۔ وماء مسکوب [س ۵۶ : ۳۱

سَكَتَ

سَكَتَ (+ عَنْ) (غصہ) کم ہونا۔
● ولما سکت عن موسی الغضب [س ۷ : ۱۵۳

سَكِرَ

سَكَرٌ (۱) = خَمْرٌ شراب۔
(۲) = اَلْخَلُّ سرکہ (لغت حبش۔ اِبن عباس۔ قاموس)
● ومن ثمرات النخیل والاعناب تتخذون منہ سکرا او رزقا حسنا [س ۱۶ : ۶۷

سَكْرَةٌ غنودگی۔ غشی۔
● ۔۔۔ وجاءت سکرۃ الموت بالحق [س ۵۰ : ۱۸

سُكَارَى (جمع۔ واحد سَكْرَانُ) (۱) نیند

Marfat.com

سے مخمور ۔ (ضحاك ۔ رازی ۔ تاج)

● لاتقربوا الصلوٰة و انتم سکاری حتی تعلموا ما تقولون [س ۴ : ۴۳

= سکرالنوم ۔ (لسان)

(۲) نشہ میں چور ۔ [س ۲۲ : ۲

سَکَّرَ بے ہوش بنانا ۔ مخمور کرنا ۔

سُکِّرَتْ اَبْصَارُنَا (س ۱۵ : ۱۵) ہماری آنکھیں مخمور ہوگئی ہیں ، ٹھیک دکھائی نہیں دیتا ۔

سَکَنَ

سَکَنَ (۱) ٹھہر جانا ۔ ساکن ہونا ۔

(۲) (+ فِیْ) کسی مکان یا حالت میں رہنا ۔ آرام کرنا ۔

● ۔۔۔ یا آدم اسکن انت و زوجک الجنة [س ۲ : ۳۵

(۳) (+ اِلٰی) اطمینان قلب کے لئے رجوع ہونا ۔ ہمراز بنانا ۔

● ۔۔۔ خلق لکم من انفسکم ازواجا لتسکنوا الیها ۔۔۔ [س ۳۰ : ۲۱

وَلَهٗ مَا سَکَنَ فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ (س ۱۳ : ۶) رات اور دن میں سکون کی کیفیت سب اسی کے اختیار میں ہے ۔

سَکَنٌ (۱) رہنے کی جگہ ۔

● والله جعل لکم من بیوتکم سکنا [س ۱۶ : ۸۰

(۲) سکون ۔ آسائش ۔

● وجعل اللیل سکنا [س ۶ : ۹۷

(۳) تسکین قلب ۔ اطمینان ۔

● ۔۔۔ ان صلوتک سکن لهم [س ۹ : ۱۰۳

سَاکِنٌ (اِسم فاعل) وہ جو ساکن رہے ۔ ٹھہرا رہے ۔

● ۔۔۔ ولوشاء لجعله ساکنا [س ۲۵ : ۴۷

سِکِّیْنٌ (مذکر و مؤنث) چھری ۔ [س ۱۲ : ۳۱

سَکِیْنَةٌ (۱) تسکین ۔ اطمینان قلب ۔

● هوالذی انزل السکینة فی قلوب المؤمنین لیزدادوا ایمانا مع ایمانهم [س ۴۸ : ۴

(۲) = خلوص ۔ (بیضاوی)

مَسَاکِنُ (جمع ۔ واحد مَسْکَنٌ) رہنے کی جگہیں [س ۱۴ : ۴۵

مَسْکَنَةٌ مسکینی ۔ افلاس ۔

● وضربت علیهم الذلة والمسکنة [س ۲ : ۶۱

مَسْکُوْنٌ (اسم مفعول) آباد کیا ہوا ۔

● ۔۔۔ بیوتا غیر مسکونة [س ۲۴ : ۲۹

مِسْکِیْنٌ (جمع مَسَاکِیْنُ) محتاج ۔ حاجتمند ۔ مفلس ۔

● ۔۔۔ او مسکینا ذامتربة [س ۹۰ : ۱۶

اَسْکَنَ (۱) گھر میں رکھنا ۔ بسانا ۔

● اسکنوهن من حیث سکنتم [س ۶۵ : ۶

(۲) تسکین دینا ۔ سکون دینا ۔

سَلَّ

سُلَالَةٌ جوہر ۔ ست ۔

● ولقد خلقنا الانسان من سلالة من طین [س ۲۳ : ۱۲

Marfat.com

تَسَلَّلَ اپنے تئیں نکال لے جا نا ۔ چھپکر علحدہ ہوجانا ۔

● الذین یتسللون منکم [س ۲۴ : ۶۳

سَلَاسِلُ [سَلْسَلَ

سَلَبَ

سَلَبَ کسی سے کچھ چھین لینا

[س ۲۲ : ۷۳

سَلَحَ

أَسْلِحَةٌ (جمع ۔ واحد سِلَاحٌ ۔ مذکر و مؤنث) ہتھیار ۔ اسلحہ ۔ [س ۴ : ۱۰۱

سَلَخَ

سَلَخَ (+ مِنْ) جاندار کی کھال کھینچ لینا ۔ کوئی چیز کھینچ لینا یا نکال لینا ۔

● ۔۔۔ نسلخ منه النهار [س ۳۶ : ۳۷

اِنْسَلَخَ (+ مِنْ) نکل جانا ۔

● ۔۔۔ فاذا انسلخ الاشهر الحرم

[س ۹ : ۵

سَلْسَبِيلٌ

سَلْسَبِيلٌ (= سَلْ + سَبِيلٌ) تیز بہتا ہوا چشمہ ۔

● ۔۔۔ عینا فیها تسمی سلسبیلا

[س ۷۶ : ۱۸

سَلْسَلَ

سِلْسِلَةٌ (جمع سَلَاسِلُ) زنجیر ۔

[س ۷۶ : ۴

سَلَطَ

سُلْطَانٌ (مذکر و مؤنث) غلبہ ۔ طاقت ۔ سند ۔ دلیل ۔ استدلال ۔

● ۔۔۔ لیس لك علیهم سلطان ۔۔۔

[س ۱۵ : ۴۲

● ۔۔۔ ام لکم سلطان مبین

[س ۳۷ : ۱۵۶

سُلْطَانِيَهْ (س ۶۹ : ۲۹) = سُلْطَانِي + هْ (هَآءُ الْوَقْف)

سَلَّطَ (+ عَلٰى) طاقت یا اختیار دینا ۔ مسلط کرنا ۔

● ۔۔۔ لسلطهم علیکم [س ۴ : ۸۹

سَلَفَ

سَلَفَ گزرنا ۔ گزرجانا ۔ پہلے ہو گزرنا ، یا واقع ہونا ۔

فَلَهٗ مَا سَلَفَ (س ۲ : ۲۷۶) تو جو پہلے لے چکا ہے وہ اس کا ہے ۔

سَلَفٌ (اِسم فعل) تقدم ۔ پیشروی ۔

۔۔۔ فَجَعَلْنَاهُمْ سَلَفًا (س ۴۳ : ۵۶) اور ہم نے ان کو گیا گزرا کردیا ۔ (حافظ نذیر احمد)

أَسْلَفَ گذشتہ زمانہ میں کیا ہوا (کام) ۔

۔۔۔ بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ (س ۶۹ : ۲۴) بہ سبب اس کے جو تم نے گذشتہ زمانہ میں کیا ۔

Marfat.com

سَلَقَ

سَلَقَ (+ بِ) باتوں سے اذیت پہنچانا ۔ طعن مارنا ۔

● ۔۔۔ سلقوکم بالسنة حداد [س ۳۳ : ۶۹

سَلَكَ

سَلَكَ (۱) چلانا ۔

● ۔۔۔ وسلك لكم فيها سبلا [س ۲۰ : ۵۵

(۲) داخل کرنا ۔ ڈالنا ۔

● ۔۔۔ كذلك سلكناه فى قلوب المجرمين [س ۲۶ : ۲۰۰

(۳) چلنا ۔

● ۔۔۔ لتسلكوا منها سبلا فجاجا [س ۷۱ : ۱۹

سَلِمَ

سَلِمَ صحیح و سالم ہونا ۔

سَلْمٌ صلح ۔

● ۔۔۔ وان جنحوا للسلم فاجنح لها ۔۔۔ [س ۸ : ۶۳

سِلْمٌ (مذکر و مؤنث) (۱) = سَلْمٌ صلح ۔ (۲) اطاعت ۔

● ۔۔۔ ادخلوا فى السلم كافة [س ۲ : ۲۰۸

سَلَمٌ (۱) صلح ۔

● ۔۔۔ فلم يقاتلوكم والقوا اليكم السلم ۔۔۔ [س ۴ : ۹۲

(۲) اطاعت ۔

● ۔۔۔ والقوا الى الله يومئذ السلم ۔۔۔ [س ۱۶ : ۸۹

سَلَمًا مطیع ۔ تابع ۔

● ۔۔۔ ورجلا سلما لرجل [س ۳۹ : ۳۰

سَالِمٌ (اسم فاعل) وہ جو محفوظ ہے ۔ صحیح و سالم ۔

● ۔۔۔ وقد كانوا يدعون الى السجود وهم سالمون [س ۶۸ : ۴۳

سَلَامٌ (۱) سلامتی ۔ امن (برخلاف خوف) ۔ عافیت ۔

● ۔۔۔ يهدى به الله من اتبع رضوانه سبل السلام ۔۔۔ [س ۵ : ۱۸

(۲) تحیة ۔ سلام ۔

● ۔۔۔ ويلقون فيها تحية و سلاما [س ۲۵ : ۷۵

(۳) حفاظت ۔ ضمانت ۔

● قيل يا نوح اهبط بسلام منا و بركات عليك ۔۔۔ [س ۱۱ : ۵۰

(۴) دورکا سلام ۔ نہ سننا نہ لڑنا ۔ قطع تعلق ۔

● ۔۔۔ واذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما [س ۲۵ : ۶۳

● فاصفح عنهم وقل سلام [س ۴۳ : ۸۹

فَسَلَامٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ (س ۵۶ : ۹۱) تیرے لئے عافیت ہے ، تو مبارک لوگوں میں سے ہے ۔

= فسلام لك انت من اصحاب اليمين ۔ (ابن جریر)

= مُسَلَّمٌ یہ بات مسلم ہے کہ تو مبارک لوگوں میں ہے ۔ (بخاری)

اَلسَّلَامُ سلامتی اور عافیت کا سرچشمہ ، خدا ۔ [س ۵۹ : ۲۳

Marfat.com

مِنْ كُلِّ أَمْرٍ سَلَامٌ (س ۹۷ : ۴) هر حالت میں یہ ان کی سلامتی کا موجب بھی ہے۔

دَارُ السَّلَامِ (س ۶ : ۱۲۸) عافیت کی جگہ۔

سُلَّمٌ (مذکر و مؤنث) سیڑھی۔
[س ۵۲ : ۳۸

سَلِيمٌ = مُسَلَّمٌ پورا۔ خالص۔

بِقَلْبٍ سَلِيمٍ (س ۳۷ : ۸۲) آدھے دل سے نہیں، پورے دل سے، خلوص کے ساتھ۔

سُلَيْمَانُ حضرت داؤدؑ کے بیٹے، حضرت سلیمانؑ۔
[س ۲ : ۱۰۲

سَلَّمَ (۱) حفاظت کرنا۔ مصیبت سے نجات دینا۔ بچانا۔

● ۔۔۔ ولكن الله سلم [س ۸ : ۴۳

(۲) سپرد کرنا۔

● ۔۔۔ اذا سلمتم ما آتيتم [س ۲ : ۲۳۳

(۳) کسی کے فیصلہ کو تسلیم کرنا۔ اطاعت کرنا۔

● ۔۔۔ ويسلموا تسليما [س ۴ : ۶۵

(۴) سلام کرنا۔ سلام بھیجنا۔
[س ۳۳ : ۵۶

فَإِذَا دَخَلْتُم بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَىٰ أَنفُسِكُمْ (س ۲۴ : ۶۱) اور جب تم مکانوں میں داخل ہو تو اپنے لوگوں کو (یا ایک دوسرے کو) سلام کرو۔

تَسْلِيمٌ (اِسم فعل) اطاعت کرنا۔ فرمانبرداری کرنا۔ تسلیم کرنا۔

● ۔۔۔ وما زادهم الا ايمانا و تسليما
[س ۳۳ : ۲۲

مُسَلَّمَةٌ (اِسم مفعول۔ مؤنث) (۱) صحیح وسالم۔

● ۔۔۔ مسلمة لاشية [س ۲ : ۷۱

(۲) ادا کیا ہوا۔

● ۔۔۔ فدية مسلمة الى اهله [س ۴ : ۹۲

أَسْلَمَ (۱) اِطاعت قبول کرنا۔ اپنے تئیں سپرد کرنا، حوالہ کرنا۔ تابع ہونا۔ اطاعت کرنا۔

● ۔۔۔ من اسلم وجهه لله [س ۲ : ۱۱۲

● وله اسلم من فى السموات والارض
[س ۳ : ۸۲

(۲) اسلام قبول کرنا۔

● فمن اسلم فاولئك تحروا رشدا
[س ۷۲ : ۱۴

اِسْلَامٌ (اِسم فعل) (۱) اِطاعت کرنا۔
[س ۹ : ۷۵

(۲) یہ لفظ عبری شَلَمَ سے مشتق ہے۔ اس کے معنی ہیں پوری طاقت سے جد و جہد کرنا۔

= فمن اسلم فاولئك تحروا رشدا (س ۷۲ : ۱۴)

اَلْاِسْلَامُ دین اسلام۔ وہ دین جس میں خدا کی اِطاعت ہو اور عمل میں پورے جد وجہد سے کام لیا جائے۔ اِسی کو قرآن میں تمام اگلے بزرگان دین کا طریقہ بتایا ہے۔

● الدين عندالله الاسلام [س ۳ : ۱۹

مُسْلِمٌ (اِسم فاعل) (۱) وہ جو اِسلام قبول

Marfat.com

کرے۔ [س ۳ : ۶۷

(۲) (+ لِ) فرمانبردار۔

● ۔۔۔ ونحن له مسلمون [س ۲ : ۱۳۳

مُسْتَسْلِمٌ (اِسم فاعل) فرمانبردار بنا ہوا۔

● ۔۔۔ بل هم اليوم مستسلمون

[س ۳۷ : ۲۶

= مستنجدون۔ (ابن عباس)۔ سنجیدہ بنے ہوئے۔

سَلَا

سَلْوَیٰ (= سَلْوَیٰ اسم جنس) بٹیر کی قسم کا ایک پرند۔ [س ۲ : ۵۷

سَمَّ

سَمٌّ سوراخ۔

سَمُّ الْخِيَاطِ (۱) سوئی کا ناکہ۔

(۲) بڑے پھاٹک میں جو چھوٹا دروازہ ہوتا ہے جس سے پیدل چلنے والے آتے جاتے ہیں۔ دریچہ۔

● ۔۔۔ حتى يلج الجمل فى سم الخياط

[س ۷ : ۴۰

سَمُومٌ (مؤنث) تیز گرم ہوا جو زہر کا سا اثر رکھتی ہے۔

● ۔۔۔ فى سموم وحميم [س ۵۶ : ۴۲

نَارُ السَّمُومِ (گرم ہوا کی آگ) سخت تیز آگ۔ [س ۱۵ : ۲۷

سَمَدَ

سَامِدٌ (اسم فاعل) اکڑ کر چلنے والا۔ (ابن عباس) [س ۵۳ : ۶۱

سَمَرَ

سَامِرٌ (اسم فاعل) رات کو بیٹھے باتیں بنانے والا۔ (جمع کے معنی میں استعمال ہوا ہے)۔

● مستكبرين به سامرا تهجرون

[س ۲۳ : ۶۷

سَامِرِيُّ غالباً ایک قبطی تھا جو حضرت موسیٰ کے ساتھ مصر سے چلا آیا تھا مگر بعد کو مرتد ہو کر بنی اسرائیل سے بچھڑے کی پوجا کرائی۔ [س ۲۰ : ۹۶

سَمِعَ

سَمِعَ سُننا۔ بات ماننا۔

● خذوا ما آتيناكم بقوة واسمعوا

[س ۲ : ۹۳

فَاسْمَعُونِ (س ۳۶ : ۲۴) = فَاسْمَعُونِي تو میری سنو۔

سَمْعٌ (اسم فعل) (۱) سُننا۔

● ۔۔۔ لا يستطيعون سمعا [س ۱۸ : ۱۰۲

(۲) سننے کی قوت۔

● ۔۔۔ وختم على سمعه ۔۔۔ [س ۴۵ : ۲۲

اِسْتَرَقَ السَّمْعَ (س ۱۵ : ۱۸) = خَطِفَ الْخَطْفَةَ [تحت خَطِفَ

سَمِيعٌ سننے والا۔

● انت سميع الدعاء [س ۳ : ۳۸

اَلسَّمِيعُ سب کچھ سننے والا، جاننے والا، خدا۔

Marfat.com

- سَمَّاعٌ جاسوسی کرنے والا - کنسوئیاں لینے والا -

● - - - وفیکم سماعون لهم [س ۹ : ۴۷

سَمَّاعُوْنَ لِلْكَذِبِ (س ۵ : ۴۱)
جاسوسی کرنے والے جھوٹ بولنے کے لئے - (مولینا محمود حسن رح)

جھوٹی باتوں کی کنسوئیاں لیتے پھرنے والے - (حافظ نذیر احمد)

أَسْمَعَ سُنانا -

أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُوْنَنَا (س ۱۹ : ۳۹) کیا ھی سننا ھوگا اُن کا اور کیا ھی دیکھنا جب وہ ھمارے پاس آئیں گے !

أَبْصِرْ بِهٖ وَأَسْمِعْ (س ۱۸ : ۲۵) کیا ھی ھے دیکھنا خدا کا اور کیا ھی سننا ! (وہ غضب کا دیکھنے والا اور سننے والا ھے) -

مُسْمِعٌ (اسم فاعل) وہ جو سنائے - سنانے والا -

● وما انت بمسمع من فی القبور
[س ۳۵ : ۲۲

مُسْمَعٌ (اسم مفعول) وہ جس کو سنایا جائے -

وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ (س ۴ : ۴۸) اور (یہود میں سے کچھ شریر لوگ آنجناب کو خطاب کر کے کہتے) سنو ، (خدا کرے تم کو) نہ سنائی دے - زبان کو دبا کر اس طرح بولتے کہ ان الفاظ کے دوسرے معنی بھی لئے جا سکتے - اس طرح یہ محض آپ پر طعنہ زن ھوتے تھے -

تَسَمَّعَ (+ إِلٰى) سُننا -

اِسَّمَّعَ (+ إِلٰى) = تَسَمَّعَ

● - - - لا یسمعون الی الملأ الاعلی
[س ۳۷ : ۸

اِسْتَمَعَ (+ لِ یا + إِلٰى) (۱) کان لگا کر سننا -

● - - - فاستمع لما یوحی [س ۲۰ : ۱۳
(۲) چھپ کر سن لینا -

● - - - انه استمع نفر من الجن [س ۷۲ : ۱

مُسْتَمِعٌ (اسم فاعل) وہ جو سنے - سننے والا -
[س ۵۲ : ۳۸

سَمَكَ

سَمْكٌ بلندی - عمارت کی اندرونی بلندی -

● - - - رفع سمکها [س ۷۹ : ۲۸

سَمَنَ

سَمِيْنٌ (جمع سِمَانٌ) موٹا - [س ۵۱ : ۲۶

أَسْمَنَ موٹا کرنا یا بنانا -

● - - - لا یسمن ولا یغنی [س ۸۸ : ۷

سَمَا

سَمَاءٌ (مذکر و مؤنث - جمع سَمٰوٰتٌ)
(۱) آسمان - وہ نیلی چیز جو ھم کو اُوپر دکھائی دیتی ھے -

● - - - والسماء بناء [س ۲ : ۲۲
(۲) فضائے بلند محیط -

● و السماء ذات الحبک [س ۵۱ : ۷

Marfat.com

(۳) کوکب ۔ ستارہ ۔

● واوحی فی کل سماء امرھا [س ۴۱ : ۱۲

(۴) اُوپر ۔ اُونچائی ۔

= سماء کل شیٔ اعلاہ ۔ (لسان)

(۵) السَّقْفُ چھت ۔ (لسان)

● ۔۔۔ فلیمدد بسبب الی السماء

[س ۲۲ : ۱۶

(۶) بادل ۔ (لسان ۔ قاموس)

● ففتحنا ابواب السماء بماء منھمر

[س ۵۴ : ۱۱

(۷) بارش ۔ پانی ۔ (صحاح ۔ قاموس)

● و ارسلنا السماء علیھم مدرارا [س ۶ : ۶

سَمٰوٰتٌ (جمع) (۱) فضائے محیط بلحاظ اس کے انقسام و ابعاد متعددہ کے ۔

(۲) کواکب ۔ (مجازاً ظرف سے مظروف)

● الم تروا کیف خلق اللہ سبع سمٰوٰت طباقا و جعل القمر فیھن نورا و جعل الشمس سراجا

[س ۷۱ : ۱۵

اَبْوَابُ السَّمَاءِ (س ۷ : ۳۹) خیرو برکت کی راھیں ۔

[فی قولہ لا تفتح لھم ابواب السماء (س ۷ : ۳۹) اقوال و القول الرابع لا تنزل علیھم البرکۃ والخیر وھو ماخوذ من قولہ ففتحنا ابواب السماء بماء منھمر (س ۵۴ : ۱۱) ۔] (رازی)

اِسْمٌ (جمع اَسْمَاءٌ)

(۱) تعریف ۔ صفت ۔ علامت ممیزہ ۔ والاسم باعتبار الاشتقاق مایکون علامۃ لشیٔ و دلیلا یرفعہ الی الذھن من الالفاظ والصفات والافعال ۔ (بیضاوی)

● و اذ قال عیسی ابن مریم ۔۔۔ انی رسول اللہ الیکم ۔۔۔ و مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد ۔۔۔ [س ۶۱ : ۶

وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ کُلَّھَا (س ۲ : ۳۱) خدا نے جوقوی انسان میں پیدا کئے ھیں اور جن کے سبب اس کا ذھن ایک نشان یا دلیل سے دوسری طرف منتقل ھوتا ھے اورنتیجہ پیدا کرتا ھے اُس کو اسماء کے لفظ سے بیان کیا ھے ۔ اور جو کہ یہ قوی ایسے تھے جن سے انسان تمام چیزوں محسوسات و معقولات کو جان سکتا ھے اسی لئے کلھا کے لفظ سے اس کی تاکیدکی ھے جس سے اس بات کا اشارہ ھے کہ تمام چیزوں کے جاننے کا مادہ انسان میں ودیعت کیا گیا ھے ۔ ان قوی کوجو اسماء کے لفظ سے تعبیر کیا ھے اس میں بڑا دقیقہ یہ ھے کہ انسان کسی چیز کی حقیقت و ماھیت کو نہیں جانتا ۔ جو کچھ وہ جانتا ھے وہ صرف اسماء ھی اسماء ھیں ۔ پس علم آدم الاسماء کلھا کہنا بالکل انسان کی فطرت کے مطابق اوراس کے بیان کے نہایت ھی مناسب ھے ۔ (سید احمد رح)

ھر شیٔ کا علم بالقوۃ جو انسان کی فطرت میں ھے اسی کو علم آدم الاسماء کلھا سے تعبیر کیا ھے ۔ فاعلم ان اللہ جل اسمہ اوجد فی آدم ما یحتاج الیہ من کون خلقہ علی ما ھو علیہ من القوۃ الناطقہ و ھداھا بنور العقل و اشھدہ بذلک النور مایجب لکل مسمی من اسم و قد علمت ان کل منطوق بہ اسم فعلمہ علی الاجھل معہ وھذا العلم فی جبلۃ ذریتہ موجود لایزول فھو علم کل شیٔ بالقوۃ وکانہ بزر اذاجیدت فلاحۃ صار کل شیٔ بالفعل علم الانسان مالم یعلم نظھر من ھذا العلم

Marfat.com

فی کل زمن و قوم یحسب ما اراد الله ۔ (تفسیر کشف الاسرار) ۔

● ولله الاسماء الحسنی [س ۷ : ۱۸۰

(۲) نام ۔

(۳) حکم ۔

● اقرا باسم ربک الذی خلق ۔۔۔ [س ۹۶ : ۱

= بامر ربک ۔ (ابن عباس)

سَمِیٌّ نظیر ۔ (مجاهد) ۔ برابری کرنے والا ۔ همسر ۔ ایسا موصوف جس پر اُس کی صفات صادق آسکیں ۔

● رب السموات و الارض و ما بینهما فاعبده و اصطبر لعبادته ۔ هل تعلم له سمیا [س ۱۹ : ۶۵

● لم نجعل له من قبل سمیا [س ۱۹ : ۷

سَمَّی نام رکھنا نام سے پکارنا ۔

● ۔۔۔ هو سماکم المسلمین [س ۲۲ : ۷۸

تَسْمِیَةٌ (اِسم فعل) لقب ۔ تسمیه ۔

● ۔۔۔ لیسمون الملائکة تسمیة الانثی [س ۵۳ : ۲۷

مُسَمًّی = **مُسَمًّی** (اِسم مفعول) نام دیا هوا ۔ مقرره ۔

● ۔۔۔ کل یجری الی اجل مسمی [س ۳۱ : ۲۹

سَنَّ

سِنٌّ (مؤنث) دانت ۔ [س ۵ : ۴۵

سُنَّةٌ (= سنت ۔ جمع سُنَنٌ)

(۱) طریقه ۔ قاعده ۔

● ولا تجد لسنتنا تحویلا [س ۱۷ : ۷۷

(۲) عذاب ۔ هلاکت ۔

● ۔۔۔ فهل ینظرون الا سنة الاولین [س ۳۵ : ۴۳

(۳) = **أُمَّةٌ** قوم ۔

● قد خلت من قبلکم سنن ۔۔۔ [س ۳ : ۱۳۱

مَسْنُونٌ (اِسم مفعول) (۱) سَنا هوا ۔

(۲) چکنا ۔ (صحاح ۔ لسان)

(۳) متغیر ۔ (راغب)

● ۔۔۔ من صلصال من حما مسنون [س ۱۵ : ۲۶

سُنْبُلٌ

سُنْبُلٌ (جمع سَنَابِلُ) خوشه ۔ بال ۔ [س ۲ : ۲۶۱

سُنْبُلَةٌ (واحدة) ایک خوشه [س ۲ : ۲۶۱

سَنَةٌ [وَسِنَ

سَنَدَ

مُسَنَّدٌ (اسم مفعول) (۱) ٹیک لگائے هوئے ۔

(۲) لباس پہنائے هوئے ۔ (لسان)

● ۔۔۔ کانهم خشب مسندة [س ۶۳ : ۴

سندس

سُنْدُسٌ باریک ریشم ۔ (لغت فارسی) [س ۱۸ : ۳۱

سَنَسِمُهُ [وَسَمَ

Marfat.com

سَنَهَ

تَسَنَّهَ زمانہ گزرنے سے کسی چیز میں تغیر پیدا ہونا۔ [س ۲ : ۲۵۹

سَنَا

سَنًا (= سَنَوٌ) چمکتی ہوئی روشنی۔ [س ۲۴ : ۴۳

سَنَةٌ (جمع سِنُوْنَ) (۱) سال۔ [س ۵ : ۲۹

(۲) قحط یا خشکسالی۔

● ولقد اخذنا آل فرعون بالسنین [س ۷ : ۱۳۰

سَهِرَ

سَاهِرَةٌ جاگتے۔ بیدار۔

●۔۔۔ فاذاهم بالساهرة [س ۷۹ : ۱۴

سَهُلَ

سُهُوْلٌ (جمع۔ واحد سَهْلٌ) ہموار زمین۔ [س ۷ : ۷۴

سَهَمَ

سَاهَمَ کسی کے ساتھ شریک ہونا۔

●۔۔۔ فساهم فکان من المدحضین [س ۳۷ : ۱۴۱

سَهَا

سَاهٍ (= سَاهِیٌ اِسم فاعل۔ + عَنْ) باوجود علم کے غافل ہوجانا۔

●۔۔۔ هم عن صلاتهم ساهون [س ۱۰۷ : ۵

سَاءَ

سَاءَ برا ہونا۔ شاق گزرنا۔ تکلیف دہ ہونا۔

۔۔۔ سَآءَ سَبِیْلًا (س ۴ : ۲۱) برا ہے یہ طریقہ۔

۔۔۔ سَآءَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (س ۹ : ۱۰) یہ برا کرتے ہیں۔

۔۔۔ لِیَسُوْٓءُوْا وُجُوْهَکُمْ (س ۱۷ : ۷) کہ وہ تم کو تکلیف پہنچائیں، تمہارا برا حال کریں۔

سِیْٓءَ (= سُوِءَ + بِ۔ واحد مذکر غایب ماضی مجہول) غمگین کیا جانا۔ رنج پہنچایا جانا۔

● ولما جاءت رسلنا لوطا سیٔ بهم [س ۱۱ : ۷۷

سُوْءٌ (اِسم فعل) بد۔ برا۔ [س ۱۹ : ۲۸

سُوْٓءٌ بدی۔ برائی۔

●۔۔۔ لم یمسسهم سوء [س ۳ : ۱۶۸

سَیِّءٌ برا۔ بد۔ [س ۳۵ : ۴۱

سَیِّئَةٌ (۱) برائی۔ برا کام۔ [س ۳ : ۱۱۶

(۲) مصیبت۔

● وما اصابک من سیئة فمن نفسک [۴ : ۸۱

(۳) برے کاموں کی سزا۔

● و بدالهم سیآت ما کسبوا ۔۔۔ [س ۳۹ : ۴۹

سَوْءَةٌ (جمع سَوْاٰتٌ) (۱) شرم۔ شرمگاہ۔

Marfat.com

(۲) لاش ۔ نعش ۔ مردہ جسم ۔ (بیضاوی)
● ۔۔۔ لیریہ کیف یواری سواۃ اخیہ
[س ۵ : ۳۱
(۳) عمل قبیحہ ۔ اخلاق قبیحہ ۔ برائی ۔
● فوسوس لھا الشیطان لیبدی لھما ماوری عنھما من سوآتھما [س ۷ : ۲۰
(۴) عیب ۔
أَسْوَءُ (افعل التفضیل) نہایت برا ۔
● ۔۔۔ اسوا الذی کانوا یعملون
[س ۳۹ : ۳۵
أَسَآءَ برا کرنا ۔
● ۔۔۔ ومن اساء فعلیھا [س ۴۱ : ۴۶
مُسِیءٌ (اسم فاعل) برا کرنے والا ۔ بدکار ۔
● ۔۔۔ وعملوا الصالحات ولا المسیٔ
[س ۴۰ : ۵۸

سَاحَةٌ

سَاحَةٌ گھر کا صحن ۔ [س ۳۷ : ۱۷۷

سَادَ

سَیِّدٌ (جمع سَادَةٌ) (۱) سردار ۔ [س ۳ : ۳۸
(۲) شوہر ۔ (لغت قبط)
● ۔۔۔ والفیا سیدھا لدا الباب
[س ۱۲ : ۲۵

سَوِدَ

أَسْوَدُ (جمع سُوْدٌ) کالا ۔ [س ۳۵ : ۲۷
اِسْوَدَّ (۱) کالا ہونا ۔ ذلیل ہونا ۔
● ۔۔۔ وتسود وجوہ [س ۳ : ۱۰۵

(۲) مغموم ہونا ۔
مُسْوَدٌّ (اِسم مفعول) کالا کیا ہوا ۔
● ظل وجھہ مسودا [س ۱۶ : ۵۸

سَارَ

سُوْرٌ دیوار ۔ [س ۵۷ : ۱۳
سُوْرَةٌ (جمع سُوَرٌ) قرآن کی سورت ۔
سِوَارٌ (جمع أَسْوِرَةٌ اور أَسَاوِرُ) کنگن ۔
● یحلون فیھا من اساور [س ۱۸ : ۳۱
● ۔۔۔ اسورۃ من ذھب [س ۴۳ : ۵۳
تَسَوَّرَ دیوار پھاند کر اندر جانا ۔
● ۔۔۔ اذ تسوروا المحراب [س ۳۸ : ۲۰

سَاطَ

سَوْطٌ (اِسم فعل) (۱) مخلوط کرنا ۔ ملانا ۔
(۲) کوڑا ۔ چابک ۔
سَوْطَ عَذَابٍ (س ۸۹ : ۱۲) انواع و اقسام کے عذاب ۔

سَاعَ

سَاعَةٌ (۱) گھڑی ۔ وقت ۔ (۲) تھوڑی دیر ۔
اَلسَّاعَةُ عذاب کی گھڑی ۔ حساب کا وقت ۔
[س ۵۴ : ۱
سُوَاعٌ ایک بت کا نام جو عرب جاھلیت میں پوجا جاتا تھا ۔ [س ۷۱ : ۲۳

سَاغَ

سَآئِغٌ (اسم فاعل) وہ جو مزے کے ساتھ گلے

Marfat.com

سے اُتر جائے ۔ مزیدار پینے کی چیز ۔
[س ۱۶ : ۶۶

أَسَاغَ حلق سے آسانی سے اُتارنا ۔
● ۔۔۔ ولا یکاد یسیغه [س ۱۴ : ۱۵

سَافَ

سَوْفَ حرف سین کی طرح یہ بھی حرف ہے اور اُنہیں معنوں میں آتا ہے مگر زمانہ کے لحاظ سے اس میں زیادہ وسعت پائی جاتی ہے ۔ سوف بہ نسبت سین کے اس بارے میں منفرد ہے کہ اس پر لام بھی داخل ہوتا ہے ۔
ولسوف یعطیک ربک فترضی (س ۹۳ : ۵)

سَاقَ

سَاقَ ہانکنا ۔ لے جانا ۔
سِیْقَ (+ إِلٰی ماضی مجہول) ہنکایا جانا ۔
[س ۳۹ : ۷۱

سَاقٌ (مؤنث ۔ جمع سُوْقٌ) پیر ۔ پنڈلی ۔
وَکَشَفَتْ عَنْ سَاقَیْهَا (س ۲۷ : ۴۴)
لفظی معنی تو ہوئے کہ اس نے اپنی پنڈلیاں کھول دیں یعنی پائینچے اُٹھا لئے (اور گھبرا گئی) ۔ یہ استعارہ مشکل یا مصیبت میں پائینچے اُٹھا کر بھاگنے سے لیا گیا ہے ۔
یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ (س ۶۸ : ۴۲)
جس دن لوگ (گھبراہٹ میں) پنڈلی کھولے دوڑتے پھرینگے ۔
وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ (س ۷۵ : ۲۹)
اور (سکرات موت کی سختی سے) ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ لپٹ جائیگی ۔

أَسْوَاقٌ (جمع ۔ واحد سُوْقٌ ۔ مذکر و مؤنث) بازار ۔
[س ۲۵ : ۷

سَائِقٌ (اسم فاعل) ہانکنے والا ۔
۔۔۔ مَعَهَا سَائِقٌ وَشَهِیْدٌ (س ۵۰ : ۲۰)
(۱) اس کے ساتھ ہونگے اس کا ہادی اور اس کا نفس ۔ (حضرت عثمان ۔ ابن عباس)
(۲) اس کے ساتھ ہوگا اس کو لے راہ چلانے والا اور اس کا اپنا نفس لوامہ ۔

مَسَاقٌ (اسم فعل) ہانکنا ۔ [س ۷۵ : ۳۰
● ۔۔۔ الی ربک یومئذ المساق
[س ۷۵ : ۳۰

سَالَ

سَالَ (= سَأَلَ) (۱) پوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔
[س ۷۰ : ۱
(۲) مانگنا ۔ طلب کرنا ۔

سَوَّلَ ایک بات کو اچھا دکھانا ، اِس طرح کہ معلوم ہو وہ اچھا ہی ہے ۔
● ۔۔۔ الشیطان سول لهم [۴۷ : ۲۵
وَکَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِیْ نَفْسِیْ (س ۲۰ : ۹۶)
اور میرے جی میں ایسا ہی اچھا معلوم ہوا ۔
= فعلت ما دعتنی الیه نفسی ۔ وسولت ماخوذ من السوال فالمعنی لم یدعنی الی ما فعلته احد غیری بل اتبعت هوای فیه ۔ (رازی)

سَامَ

سَامَ تکلیف پہنچانا ۔ کسی پر سخت کام یا

Marfat.com

مصیبت ڈالنا ۔
● ۔۔۔ یسومونکم سوء العذاب
[س ۲ : ۴۹
سِیْمَا علامت ۔ نشانی ۔ [س ۲ : ۲۷۳
مُسَوِّمٌ (اسم فاعل) تباہی ڈھانے والا ۔
عذاب دینے والا ۔(لسان)
● ۔۔۔ من الملائکة مسومین [س ۳ : ۱۲۴
مُسَوَّمٌ (اسم مفعول) (۱) نشان کیا ہوا ۔
مقرر کیا ہوا ۔ مقدر کیا ہوا ۔
● ۔۔۔ مسومة عند ربک للمسرفین
[س ۵۱ : ۳۴
= من سجیل
(۲) = مَرْعِیَّةٌ چرنے کے لئے چھوٹا ہوا
یا پلا ہوا (گھوڑا) ۔
● ۔۔۔ والخیل المسومة [س ۳ : ۱۳
(۳) = المطهمة الحسان ۔(مجاهد ۔ بخاری)
موٹے خوبصورت گھوڑے ۔
أَسَامَ چرنے کے لئے چھوڑ دینا ۔(+ فِیْ)
● ۔۔۔ منه شجر فیه تسیمون [س ۱۶ : ۱۰

سَوَی

سُوًی برابر ۔ درمیانی ۔
مَکَانًا سُوًی (س ۲۰ : ۶۰) ایسی حالت
یا جگہ جہاں سب برابر ہوں ، جہاں سب
کو انصاف کی برابر توقع ہو ۔
سَوَآءٌ = وَسَطٌ (ابن عباس) ۔ برابر ۔ ایک ہی ۔
ٹھیک ۔ [س ۴۴ : ۴۷
سَوَآءُ السَّبِیْلِ (س ۲ : ۱۰۸) ٹھیک راہ ۔
سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ (س ۴۱ : ۹) (۱) حاجت
والوں کے لئے یکساں ۔ جن لوگوں کو ضرورت
ہو سب کے لئے یکساں دستیاب ۔
(۲) تحقیق کرنے والوں کے لئے یکساں ۔
اِلٰی کَلِمَةٍ سَوَآءٍ (س ۳ : ۶۳) ایسی بات
جس میں ہم سب برابر متفق ہیں ، جو ہم
میں اور تم میں متفقہ مسئلہ ہے ، جس بارے
میں ہم میں کوئی اختلاف نہیں ۔
● ۔۔۔ تعالوا الی کلمة سواء بیننا و بینکم
الا نعبد الا الله ۔۔۔ [س ۳ : ۶۳
عَلٰی سَوَآءٍ = عَلَی الْحَقِّ وَالْعَدْلِ (لحیانی)
= کھلم کھلا ۔ (صحاح)
● فانبذ الیهم علی سواء [س ۸ : ۶۰
آذَنْتُکُمْ عَلٰی سَوَآءٍ (س ۲۱ : ۱۰۹) میں نے
تم سب کو یکساں خبر سنادی ۔
سَوِیٌّ (۱) برابر ۔ ٹھیک ۔
● ۔۔۔ من اصحاب الصراط السوی
[س ۲۰ : ۱۳۵
(۲) صحیح و سالم ۔
● ۔۔۔ فتمثل لها بشرا سویا [س ۱۹ : ۱۷
سَوَّی (۱) مناسبت دینا ۔ ترتیب دینا ۔
● ۔۔۔ فخلق فسوی [س ۷۵ : ۳۸
● ۔۔۔ فسوٰهن سبع سموات [س ۲ : ۲۹
(۲) بلا تفریق سب کو برابر سزا دینا ۔
● ۔۔۔ فدمدم علیهم ربهم بذنبهم فسوٰها
[س ۹۱ : ۱۴
(۳) تکمیل کرنا ۔ کمال کو پہنچانا ۔
● ۔۔۔ ثم سوٰیه و نفخ فیه من روحه
[س ۳۲ : ۹
سَاوَی (+ بَیْنَ) برابر کرنا ۔(فن تعمیرات میں)

Marfat.com

پنسال میں کرنا۔
سَاوَی بَیْنَ الصَّدَفَیْنِ (س۱۸ : ۹۵) دونوں پہاڑوں کے درمیان دیوار کی بنیاد برابر کی۔ کیونکہ بنیاد کو برابر کر کے اس پر ردہ لگایا جاتا ہے۔ صاف مطلب یہ ہوا کہ اس نے دونوں پہاڑوں کے درمیان دیوار کو برابر یعنی موافق محاورہ عمارت لیول (level) میں یعنی پنسال میں کیا۔ (سید احمد رح)

اِسْتَوَی (۱) برابر ہونا۔ مساوی ہونا۔
● هل یستوی الاعمی و البصیر [س ۶ : ۵۰
(۲) قصد کرنا (+ اِلٰی)۔
● ۔۔۔ ثم استوی الی السماء [س ۲ : ۲۹
(۳) متمکن ہونا۔ قرار پکڑنا (+ عَلٰی)۔
● ۔۔۔ ثم استوی علی العرش [س ۱۰ : ۳
(۴) کمال حاصل کرنا۔ کمال کو پہنچنا۔
● ۔۔۔ فاستوی وهو بالافق الاعلی [س ۵۳ : ۵
[فَاسْتَوَی فاعل صَاحِبُکُمْ (آیت ۲)]
= بلغ اشده واستوی۔ (س ۲۸ : ۱۳)

سَابَ

سَائِبَةٌ وہ چوپائے جانور جن کو ایام جاہلیت میں دیوتاؤں کے نام پر آزاد کردیا کرتے تھے اور ان سے کسی طرح کا فائدہ نہیں اُٹھاتے نہ ان پر چڑھتے نہ مال لادتے نہ ان کا اُون اُتارتے اور نہ ان کا دودھ پیتے۔ (ابن عباس) [س ۵ : ۱۰۳

سَاحَ

سَاحَ (+ فِیْ) زمین پر چلنا پھرنا۔
● فسیحوا فی الارض ۔۔۔ [س ۹ : ۲
سَائِحٌ (اسم فاعل) (۱) سیر وسیاحت کرنے والا۔
(۲) پرہیزگار۔ دیندار۔
● ۔۔۔ الحامدون السائحون الراکعون ۔۔۔ [س ۹ : ۱۱۲

سَارَ

سَارَ (+ فِیْ) زمین پر چلنا۔ سفر کرنا۔
سَیْرٌ (اسم فعل) چلنا۔ سفر کرنا۔
سِیْرَةٌ حالت۔
● سنعیدها سیرتها الاولی [س ۲۰ : ۲۱
سَیَّارَةٌ مسافروں کی جماعت۔ [س ۱۲ : ۱۹
سَیَّرَ چلانا۔ سیر کرانا۔ [س ۱۰ : ۲۲

سَالَ

سَالَ (پانی کا) بہنا یا جاری ہونا۔
[س ۱۳ : ۱۷
سَیْلٌ (اسم فعل) پانی کا سیلاب۔
[س ۳۴ : ۱۶
سَیْلُ الْعَرِمِ (س ۳۴ : ۱۵) زبردست سیلاب۔
أَسَالَ بہانا۔ جاری کرنا۔
● واسلنا له عین القطر [س ۳۴ : ۱۲

سَیْنَاءُ

سَیْنَاءُ طور سینا۔ [س ۲۳ : ۲۰
سِیْنِیْنَ (مؤنث) = سَیْنَاءُ جہاں حضرت موسیٰؑ کو نبوت ملی۔ [س ۹۵ : ۲

Marfat.com

—« باب الشین »—

شَأَمَ

مَشْأَمَةٌ = شؤم (ضد یُمن) شامت - بد بختی - نحوست -

● - - - ما اصحاب المشئمة [س ۵۶ : ۹

شَأَنَ

شَأْنٌ حالت - کام -

● کل یوم هو فی شان [س ۵۵ : ۲۹

شَانِئَكَ [شَنَأَ

شَبَهَ

شَبَّهَ (ماضی مجهول شُبِّهَ) مشتبه کرنا -

شُبِّهَ لَهُمْ (س ۴ : ۱۵۶) اُن کے لئے مشتبه هوگیا - نه اُنهوں نے حضرت عیسیٰ کو قتل کیا ، نه صلیب پر مار سکے بلکه اُن پر یه امر مشتبه هوگیا - وه یقینی طور پر کچھ نه جان سکے -

= اُن کو اشتباه هوگیا - (مولینا اشرف علی)

= حقیقت اُن پر مشتبه هوگئی - (مولینا ابو الکلام احمد)

تَشَابَهَ (+ عَلٰی) (۱) ایک دوسرے سے ملتا جلتا هونا - ایک سا هونا -

● ان البقر تشابه علینا [س ۲ : ۶۵

(۲) متشابه هونا - تمثیلی یا مجازی هونا -

● - - - فیتبعون ما تشابه منه [س ۳ : ۶

مُتَشَابِهٌ (اسم فاعل) (۱) ایک دوسرے سے ملتا جلتا -

● - - - و الزیتون و الرمان متشابها و غیر متشابه [س ۶ : ۱۴۲

(۲) استعاره - کنایه - تشبیه - تمثیل - [س ۳ : ۶

مُشْتَبِهٌ (اسم فاعل) ایک دوسرے سے ملتے جلتے هوئے -

● - - - و الزیتون و الرمان مشتبها و غیر متشابه [س ۶ : ۹۹

شَتَّ

شَتٌّ (اسم فعل - جمع أَشْتَاتٌ) علحده - الگ -

أَشْتَاتًا علحده علحده -

● - - - جمیعا او اشتاتا [س ۲۴ : ۶۱

شَتَّى (واحد و جمع) (۱) مختلف - علحده - [س ۹۲ : ۴

(۲) مختلف طور پر -

شَتَا

شِتَاءٌ جاڑے کا موسم - [س ۱۰۶ : ۲

شَجَرَ

شَجَرَ (+ بَيْنَ) تنازع اور اختلاف کرنا -

● - - - فیما شجر بینهم [س ۴ : ۴۶

Marfat.com

شَجَرٌ (اسم جنس) درخت ۔ پیڑ جس کا تنہ ہو۔ [س ۳۶ : ۸۰

--- مِنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا (س ۳۶ : ۸۰) جیسے مرخ اور عفار درختوں کی ہری لکڑیوں کو رگڑ کر بھی آگ نکالتے ہیں ۔

شَجَرَةٌ (واحدۃ) درخت ۔ پیڑ ۔

● --- ولا تقربا هذه الشجرة [س ۲ : ۳۵

شَحَّ

شُحٌّ بخل اور حرص ۔ [س ۴ : ۱۲۸

أَشِحَّةٌ (جمع ۔ واحد شَحِيحٌ) بخیل اور حریص ۔ [س ۳۳ : ۱۹

شَحَمَ

شُحُومٌ (جمع ۔ واحد شَحْمٌ) چربی ۔ [س ۶ : ۱۴۶

شَحَنَ

مَشْحُونٌ (اِسم مفعول) بھرا ہوا ، لدا ہوا (جہاز) [س ۲۶ : ۱۱۹

شَخَصَ

شَخَصَ (آنکھوں کا) کھلی رہ جانا (دہشت کے مارے) ۔

● --- تشخص فيه الابصار [س ۱۴ : ۴۲

شَاخِصٌ (اسم فاعل) وہ جو کھلی کی کھلی رہ جائے (دہشت سے) ۔

● --- فاذا هي شاخصة ابصار الذين كفروا [س ۲۱ : ۹۷

شَدَّ

شَدَّ (۱) مضبوط باندھنا ۔ قوت دینا (+ بِ)

● --- اشدد به ازری [س ۲۰ : ۳۱

(۲) سخت کردینا (+ عَلٰی) ۔

● --- واشدد على قلوبهم [س ۱۰ : ۸۸

شَدِيدٌ (جمع شِدَادٌ اور أَشِدَّآءُ) مضبوط ۔ قوی ۔ زبردست ۔

● --- علمه شديد القوى [س ۵۳ : ۵

شِدَادٌ (جمع ۔ واحد شَدِيدٌ) [س ۱۲ : ۴۸

أَشِدَّاءُ (جمع ۔ واحد شَدِيدٌ)

سَبْعٌ شِدَادٌ (س ۱۲ : ۴۸) سات سخت سال (سِنُونَ) سات سال قحط کے ۔

سَبْعًا شِدَادًا (س ۷۸ : ۱۲) سات سیارے (سموات)

أَشَدُّ (= أَشْدَدُ افعل التفضيل) نہایت مضبوط اور سخت ۔

أَشَدُّ قُوَّةً (س ۴۱ : ۱۵) = أَقْوٰى بہت زیادہ سخت ۔

أَشُدُّ جسمانی اور دماغی قوت ۔ بلوغ ۔

● --- ولما بلغ اشده [س ۱۲ : ۲۲

اِشْتَدَّ (+ بِ) کسی کے خلاف سختی کرنا ۔ سخت حملہ کرنا ۔

● --- إشتدت به الريح [س ۱۴ : ۱۸

شَرَّ

شَرٌّ (جمع أَشْرَارٌ) برا ۔ بد ۔ برائی ۔ بدی ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ بل ھو شر لھم [س ۳ : ۱۰۸
● ۔۔۔ اذا مسه الشر جزوعا [س ۷۰ : ۲۰
شَرَرٌ (اسم جمع) آگ کی چنگاریاں ۔ شرارے۔
● انها ترمی شر ر [س ۷۷ : ۳۲

شَرِبَ

شَرِبَ پینا ۔
شِرْبٌ (اسم فعل) (۱) پانی پینے کا حصه ۔
[س ۲۶ : ۱۵۵
(۲) پانی پینے کا وقت ۔ [س ۲۶ : ۱۵۵
شُرْبٌ (اسم فعل) ایک بار پینا ۔
[س ۵۶ : ۵۵
شَارِبٌ (اسم فاعل) پینے والا ۔
[س ۳۷ : ۱۵
شَرَابٌ پینے کی چیز ۔ شربت ۔
مَشْرَبٌ (۱) پینے کی جگه ۔
(۲) اسم فعل ۔ پینا ۔
(۳) پینے کی چیز ۔ [س ۳۶ : ۳۶
مَشَارِبُ (جمع ۔ واحد مَشْرَبٌ)
أَشْرَبَ پینے کے لئے دینا ۔ پلانا ۔
وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ (س ۲ : ۸۷)
اُن کے دلوں میں اُس بچھڑے کی پرستش سرایت کر گئی تھی ، ان کی طینت میں رچ گئی تھی ۔

شَرَحَ

شَرَحَ کھولنا ۔ کشادہ کرنا ۔
شرح صدر سینه کشاده کرنا ، کھولنا ۔ ہمت دینا ۔ معامله سمجھنے کی طاقت دینا ۔
● قال رب اشرح لی صدری ویسر لی امری [س ۲۰ : ۲۵ و ۲۶
= قال رب انی اخاف ان یکذبون و یضیق صدری (س ۲۶ : ۱۲)
● الم نشرح لک صدرک ووضعنا عنک وزرک [س ۹۴ : ۱ و ۲

شَرَدَ

شَرَّدَ (+ بِ) عبرتناک سزا دیکر منتشر کردینا ۔
● ۔۔۔ فشردبهم من خلفهم [س ۸ : ۵۷

شِرْذِمَةٌ

شِرْذِمَةٌ چھوٹی جماعت ۔ [س ۲۶ : ۵۴

شَرَطَ

أَشْرَاطٌ (جمع ۔ واحد شَرَطٌ) علامتیں ۔ نشانیاں ۔ [س ۴۷ : ۱۸

شَرَعَ

شَرَعَ (+ ل) قانون بنادینا ۔ دین بنادینا ۔
● شرع لکم من الدین [س ۴۲ : ۱۳
شُرَّعٌ (جمع ۔ واحد شَارِعٌ اِسم فاعل) ظاہرا طور پر ، علانیه آنے والا ۔
● اذتاتیهم حیتانهم یوم سبتهم شرعا [س ۷ : ۱۶۳
شِرْعَةٌ (۱) مقرر کیا ہوا قانون ۔
(۲) ٹھیک راستہ ۔ دستور العمل ۔

Marfat.com

● لکل جعلنا منکم شرعة [س ۵ : ۴۸

شَرِیْعَةٌ = شِرْعَةٌ

● ثم جعلناك علی شریعة من الامر

[س ۴۵ : ۱۷

شَرَقَ

شَرْقٌ مشرق - پوربی - [س ۱۹ : ۱۵

مَشْرِقٌ آفتاب نکلنے کی جگہ - مشرق - پورب -

[س ۲ : ۲۱۵

اَلْمَشْرِقَیْنِ (تثنیة) (۱) دونوں مشرق - دونوں جگہیں جہاں سے آفتاب جاڑے اور گرمیوں میں نکلا کرتا ہے -

● --- رب المشرقین [س ۵۵ : ۱۷

(۲) مشرق اور مغرب -

● یالیت بینی و بینک بعد المشرقین

[س ۴۳ : ۳۸

(۳) مشرقی اور مغربی ممالك -

مَشَارِقُ (جمع) مشرقی ممالك - آفتاب نکلنے کے مختلف مواقع - [س ۳۷ : ۵

مَشَارِقُ الْاَرْضِ (س ۷ : ۱۳۷) ملك کے مشرقی حصے -

اَشْرَقَ چمکنا - روشن ہونا -

● --- واشرقت الارض بنور ربها

[س ۳۹ : ۶۹

اِشْرَاقٌ (اِسم فعل) آفتاب کا نکلنا -

[س ۳۸ : ۱۸

مُشْرِقٌ (اِسم فعل) سورج نکلتے وقت -

[س ۱۵ : ۷۳

شَرِكَ

شِرْكٌ (۱) حصہ - ساجھا - [س ۳۴ : ۲۱

(۲) شرك کرنا - خدا کے حق ملکیت میں کسی کا دخل ماننا - خدا کے ساتھ ساتھ اور دوسروں کو بھی اُسی کی طرح ماننا - خدا کو چھوڑ کر کسی اور کو ماننا ، کسی اور کا کہنا ماننا - خدا کے خلاف کسی اور کو ماننا - خدا کے خلاف خودغرضی سے کام لینا -

● ان الشرك لظلم عظیم [س ۳۱ : ۱۲

وَشَارِكْهُمْ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ (س ۱۷ : ۶۴) اور (اے شیطان) تو ان کے ساتھ ساجھا کر لے ان کی اولاد اور مال میں - مال اور اولاد میں شیطان کس طرح ساجھا کرتا ہے ؟

(۱) جب اولاد اور دولت کے لئے لوگ خدا کو چھوڑ کر کسی اور سے دعا کرتے یا منتیں مانتے -

(۲) جب اولاد اور دولت کو خدا کے خلاف حکم کسی کام میں لگاتے -

شَرِیْكٌ (جمع شُرَكَاءُ) ساتھی - ساجھی دار - حصہ دار -

● --- وجعلوا لله شرکاء [س ۶ : ۱۰۰

شَارَكَ (+ فِیْ) شریک ہونا - [س ۱۷ : ۶۴

اَشْرَكَ (+ بِ یا + فِیْ) کسی کو خدا کا شریک یا حصہ دار سمجھنا - خدا کے ساتھ ساتھ کسی اور کو اسی کی طرح ماننا - خدا کو چھوڑ کر یا خدا کے خلاف کسی اور کو ماننا اور اس کی بات پر چلنا -

Marfat.com

●۔۔۔ یا لیتنی لم اشرک بربی [س ۱۸ : ۴۳

أَشْرَكْتُمُوْنِ (س ۱۴ : ۲۷) تم نے مجکو خدا کا شریک سمجھا ۔ خدا کے ساتھ ساتھ تم نے مجکو بھی مانا ۔

مُشْرِكٌ (اِسم فاعل) وہ جو شرک کرے خدا کے ساتھ ، خدا کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی خدا کی طرح مانے ، ان کی باتوں پر چلے ۔ وہ جو خدا کو چھوڑ کر یا خلاف دوسروں کی بات پر چلے ۔

● وما یؤمن اکثرھم باللہ الاوھم مشرکون [س ۱۲ : ۱۰۶

●۔۔۔ وان اطعتموھم انکم لمشرکون [س ۶ : ۱۲۲

مُشْتَرِكٌ (اِسم فاعل - + فِیْ) وہ جو شریک ہو یا حصہ دار ہو ۔

● فانھم یومئذ فی العذاب مشترکون [س ۳۷ : ۳۳

شَرَی

شَرَی بیچنا ۔ کوئی چیز دیکر اس کے بدلے میں دوسری چیز لینا ۔ [س ۱۲ : ۲۰

اِشْتَرَی (۱) خریدنا ۔ کسی چیز کے بدلے میں دوسری چیز لینا ۔

● ان اللہ اشتری من المؤمنین انفسھم و اموالھم بان لھم الجنۃ [س ۹ : ۱۱۲

(۲) بیچنا یا بدلے میں کوئی چیز دینا ۔

●۔۔۔ بئسما اشتروا بہ انفسھم [س ۲ : ۸۴

شَطَّ

شَطَطٌ ایسی بات جو حقیقت سے بہت دور ہو ۔ زبردست جھوٹ ۔ [س ۱۸ : ۱۴

أَشَطَّ بے انصافی کرنا ۔

● فاحکم بیننا بالحق ولا تشطط [س ۳۸ : ۲۲

شَطَأَ

شَطْأٌ اُگنے والی چیز کی سوئی یا پٹھا جو اس سے نکل کر دونوں طرف پھیل جائے ۔

●۔۔۔ کزرع اخرج شطأہ [س ۴۸ : ۲۹

شَاطِئٌ دریا یا وادی کا کنارہ ۔ [س ۲۸ : ۲۰

شَطَرَ

شَطْرٌ (اِسم فعل) ایک طرف ، جانب ۔ [س ۲ : ۱۴۴

شَطْرَ جانب ۔ [س ۲ : ۱۴۴

شَطَنَ

شَیْطَانٌ (جمع شَیَاطِیْنُ)

(۱) شیطان ۔ مخلوق مزعومہ و مظنونہ غیر مرئی عرب جاھلیت ۔

● الذین یاکلون الربوا لا یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطہ الشیطان من المس [س ۲ : ۲۷۵

● و ماتنزلت بہ الشیاطین [س ۲۶ : ۲۱۰

(۲) = جِنّ ۔ وحشی اور جنگلی لوگ جو شہروں سے دور اور جنگلوں پہاڑوں اور ویران میدانوں میں رہتے ہیں ۔ (عربی میں جنان پہاڑ کو بھی کہتے ہیں ۔ قاموس)

● و من الشیاطین من یغوصون لہ ویعملون

Marfat.com

عملا دون ذلك [س ۲۱ : ۸۲
= ومن الجن من یعمل بین یدیه باذن ربه
[س ۳۴ : ۱۲
● فسخرنا الریح --- و الشیاطین کل بناء
و غواص [س ۳۸ : ۳۶ و ۳۷
= وحشر لسلیمان جنوده من الجن و الانس
(س ۲۷ : ۱۷)

[= کتاب عهد عتیق سلاطین (۱) باب ۵
و کتاب سموایل (۲) باب ۵ آیت ۱۱]
(۳) شیطانی کرنے والا - ستانے والا - گمراہ
کرنے والا - مخالف اور دشمن خواہ وہ حقیقی
وجود ہو جیسے آدمی یا حیوان خواہ کوئی
ذہنی بات ہو جیسے کوئی تکلیف -
کل عات متمرد من الجن و الانس و الدواب
فهو شیطان - (صراح و قاموس)
● الشیطان یعدکم الفقر ویامرکم بالفحشاء
--- [س ۲ : ۲۶۸
● انما یرید الشیطان ان یوقع بینکم العداوة
و البغضاء فی الخمر و المیسر و یصدکم عن
ذکرالله و عن الصلوة [س ۵ : ۹۱
● واذا خلوا الی شیاطینهم ---
[س ۲ : ۱۴
(۴) کاهن - نجومی -
● انا زینا السماء الدنیا بزینة الکواکب و
حفظا من کل شیطان مارد [س ۳۷ : ۶ و ۷
● وجعلناها رجوما للشیاطین --- [س ۶۷ : ۵
= ای انا جعلناها ظنونا و رجوما للغیب
لشیاطین الانس وهم الا حکامیون من
المنجمین - (رازی)
(۵) اِنسان کا نفس امارہ -
● فازلها الشیطان عنها فاخرجها مما کانا فیه
--- [س ۲ : ۳۶

● --- و زین لهم الشیطان ما کانوا یعملون
[س ۶ : ۴۳
● یا بنی آدم لا یفتننکم الشیطان کما اخرج
ابویکم من الجنة --- [س ۷ : ۲۷
● و اما ینزغنک من الشیطان نزغ فاستعذ
بالله - انه سمیع علیم - ان الذین اتقوا اذا
مسهم طائف من الشیطان تذکروا فاذاهم
مبصرون [س ۷ : ۲۰۰ و ۲۰۱
(۶) بلا - مصیبت -
● وقال للذی ظن انه ناج منها اذکرنی عند
ربک - فانساه الشیطان ذکر ربه ---
[س ۱۲ : ۴۲
● قال ارأیت اذاوینا الی الصخرة فانی نسیت
الحوت وما انسانیه الا الشیطان ان اذکره
[س ۱۸ : ۶۳
(۷) = شیطان الفلا العطش (قاموس)
پیاس -
● و اذکر عبدنا ایوب - اذنادی ربه انی
مسنی الشیطان بنصب و عذاب - ارکض
برجلك - هذا مغتسل بارد و شراب -
[س ۳۸ : ۴۱
● --- وینزل علیکم من السماء ماء لیطهرکم
به و یذهب عنکم رجز الشیطان ---
[س ۸ : ۱۱
(۸) سانپ - اژدها -
● انها شجرة --- طلعها کانه رءوس الشیاطین
[س ۳۷ : ۶۵

شَعَبَ

شُعُوبٌ (جمع - واحد شَعْبٌ) بڑا قبیلہ - قوم -
● --- و جعلناکم شعوبا [س ۴۹ : ۱۳
شُعَبٌ (جمع - واحد شُعْبَةٌ) قبیلہ کی شاخ -

Marfat.com

● ۔۔۔ انطلقوا الی ظل ذی ثلاث شعب [س ۷۷ : ۳۰

شُعَیْبٌ حضرت شعیبؑ پیغمبر جو مدین میں مبعوث ہوئے تھے ۔

شَعَرَ

شَعَرَ جاننا ۔ محسوس کرنا ۔ سمجھنا ۔ [س ۲ : ۱۲

شِعْرٌ (اِسم فعل) شعر ۔ فن شاعری ۔ [س ۳۶ : ۶۹

شَعْرٌ (جمع أَشْعَارٌ) بال ۔ [س ۱۶ : ۸۰

شَاعِرٌ (جمع شُعَرَآءُ ۔ اِسم فاعل) شاعر ۔ [س ۶۹ : ۴۱

شِعْرَی ایک ستارہ کا نام جس کی عرب جاھلیت میں پوجا ھوتی تھی ۔ [س ۵۳ : ۴۹

شَعَآئِرُ (جمع ۔ واحد شَعَارَةٌ) دین کے حدود اور فرائض ۔

● ۔۔۔ لاتحلوا شعائر اللہ [س ۵ : ۲

وَمَنْ یُعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللہ (س ۲۲ : ۳۳) اور جو کوئی لحاظ کرے دین کے حدود اور فرائض کا ۔

مَشْعَرٌ جہاں حج کے رسوم پورے کئے جاتے ھیں ۔

اَلْمَشْعَرُ الْحَرَامُ مقام مزدلفہ ۔ [س ۲ : ۱۹۸

أَشْعَرَ کسی کو سمجھانا ۔ بتانا ۔

● وما یشعرکم انھا اذا جاءت لا یؤمنون [س ۶ : ۱۱۰

شَعَلَ

اِشْتَعَلَ روشن ھونا ۔ چمکنا ۔

● ۔۔۔ واشتعل الراس شیبا [س ۱۹ : ۴

شَغَفَ

شَغَفَ دل کے پردے کے اندر اثر کرنا ۔ دل میں زبردست محبت پیدا کرنا ۔

● ۔۔۔ قد شغفھا حبا [س ۱۲ : ۳۰

= غلبھا ۔ (اِبن عباس)

شَغَلَ

شَغَلَ کام میں لگانا ۔ مشغول رکھنا ۔ [س ۳۸ : ۱۱

شُغُلٌ (جمع ۔ واحد شَغْلٌ ۔ اِسم فعل) کام ۔ مصروفیتیں ۔ [س ۳۶ : ۵۵

شَفَعَ

شَفَعَ (۱) کسی کے شریک حال ھو کر اس کی مدد کرنا ۔ کسی کے ساتھ ملکر اس کی اچھی یا بری بات میں اس کی امداد کرنا ۔ (راغب)

● من یشفع شفاعۃ حسنۃ یکن لہ نصیب منھا ۔ و من یشفع شفاعۃ سیئۃ یکن لہ کفل منھا ۔۔۔ [س ۴ : ۸۵

(۲) (+ عِنْدَ) شفاعت کرنا ۔ سفارش کرنا ۔

● من ذا الذی یشفع عندہ ۔۔۔ [س ۲ : ۲۵۵

شَفْعٌ (اِسم فعل) جفت ۔ جوڑا ۔

● ۔۔۔ والشفع والوتر [س ۸۹ : ۲

شَافِعٌ (اِسم فاعل) (۱) مدد کرنے والا ۔ شریک حال ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ فمالنا من شافعین [س ۲۶ : ۱۰۰
(۲) شفاعت کرنے والا ۔ [س ۴۳ : ۴۸

شَفِیْعٌ (جمع شُفَعَآءُ)
(۱) شریک حال ۔ مددگار ۔
● ۔۔۔ من دون اللہ ولی ولا شفیع
[س ۶ : ۷۰
(۲) شفاعت کرنے والا ۔

شَفَاعَةٌ شفاعت ۔ سفارش ۔ [س ۴۳ : ۴۸

شَفَقَ

شَفَقٌ غروب آفتاب کے بعد آسمان کی لالی ۔
[س ۸۴ : ۱۶

أَشْفَقَ (+ مِنْ) ڈرنا ۔ [س ۳۳ : ۷۲

مُشْفِقٌ (اِسم فاعل) وہ جو فکر اور خوف کرے ۔
● ۔۔۔ وھم من خشیته مشفقون
[س ۲۱ : ۲۹

شَفَهَ

شَفَةٌ (= شَفَهَةٌ) ہونٹھ ۔
شَفَتَانِ (تثنیة) دو ہونٹھ ۔ [س ۲۰ : ۹۰

شَفَا

شَفٰی چنگا کرنا ۔ بیماری دور کرنا ۔
[س ۲۶ : ۸۰
شَفًا (گڈھے وغیرہ کا) کنارہ ۔
● ۔۔۔ علی شفا جرف ھار [س ۹ : ۱۱۰
شِفَآءٌ (۱) دوا ۔ جسمانی صحت کا ذریعہ ۔
(۲) دل اور دماغ کے مرض یا کمزوری کی دوا ۔

● ۔۔۔ وشفاء لما فی الصدور وھدی و رحمة
۔۔۔ [س ۱۰ : ۵۷

شَقَّ

شَقَّ (۱) شق کرنا ۔ چیرنا ۔ [س ۸۰ : ۲۶
(۲) مشقت میں ڈالنا (+ عَلٰی)
● ۔۔۔ وما ارید ان اشق علیک
[س ۲۸ : ۲۷
شَقٌّ (اِسم فعل) (۱) شق کرنا ۔ (۲) شق ۔ شگاف ۔ (۳) دقت ۔ مشقت ۔ محنت ۔
شِقٌّ دقت ۔ مشقت ۔ تکلیف ۔
● ۔۔۔ الا بشق الانفس [س ۱۶ : ۷
شُقَّةٌ دور ۔ دور دراز ۔
● ۔۔۔ بعدت علیھم الشقة [س ۹ : ۴۲
أَشَقُّ (= أَشْقَقُ افعل التفضیل) نہایت تکلیف دہ ۔ برداشت سے باہر ۔
● ۔۔۔ و لعذاب الاخرة اشق
[س ۱۳ : ۳۶
شَاقَّ (۱) جھگڑنا ۔
● کنتم تشاقون فیھم [س ۱۶ : ۲۷
(۲) مخالفت کرنا ۔ مزاحمت کرنا ۔ روکنا ۔
● و من یشاقق الرسول [س ۴ : ۱۱۵
(۳) اپنے تئیں علحدہ کرلینا ۔
شِقَاقٌ (اِسم فعل) (۱) اپنے تئیں علحدہ کرنا ۔
(۲) تفرقہ ۔ اختلاف ۔ جھگڑا ۔ مخالفت ۔
● ۔۔۔ وان خفتم شقاق بینھما ۔۔۔
[س ۴ : ۳۵
شِقَاقِیْ (س ۱۱ : ۹۱) میری مخالفت ، بمعنی وہ مخالفت جو تم کو مجھ سے ہے ۔

Marfat.com

اِشَّقَّقَ (+ ب) شق ہوجانا ۔ پھٹ جانا ۔
● ۔۔۔ وانَ منها لما یشقق [س ۲ : ۷۴
تَشَقَّقَ = اِشَّقَّقَ
تَشَقَّقُ (س ۲۵ : ۲۷) = تَتَشَقَّقُ
اِنْشَقَّ شق ہوجانا ۔
۔۔۔ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ (س ۵۴ : ۱)
[تحت قَمَرَ
اِنْشِقَاقٌ (اِسم فعل) شق کرنا ۔

شَقَا

شَقِیَ (۱) شکستہ حال ہونا ۔ بیحد رنجیدہ ہونا ۔
● ۔۔۔ ما انزلنا علیک القرآن لتشقی
[س ۲۰ : ۲
(۲) ناکام ہونا ۔ نامراد ہونا ۔
● ۔۔۔ فلا یخرجنکما من الجنة فتشقی
[س ۲۰ : ۱۱۷
شَقِیٌّ (۱) نامراد ۔ ناکام ۔
● ۔۔۔ ولم اکن بدعاءک رب شقیا
[س ۱۹ : ۴
(۲) متمرد ۔ ضدی ۔
● ۔۔۔ ولم یجعلنی جبارا شقیا [س ۱۹ : ۳۲
أَشْقَی (افعل التفضیل) نہایت شقی ، نامراد ، ناکامیاب ، بدنصیب ۔ نہایت متمرد ۔
[س ۹۲ : ۱۵
شِقْوَةٌ بدبختی ۔ ناکامی ۔ [س ۲۳ : ۱۰۷

شَكَّ

شَكٌّ شک ۔ شبہ ۔ [س ۴۴ : ۹

شَكَرَ

شَكَرَ (۱) اِحسان مان کر بات قبول کرنا ۔
● ۔۔۔ ان شکرتم وآمنتم [س ۴ : ۱۴۷
(۲) قدر کرنا ۔ حصول نعمت کے اسباب سے فائدہ اُٹھانا ۔
● ۔۔۔ ومن شکر فانما یشکر لنفسه
[س ۲۷ : ۴۰
● ۔۔۔ رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علی ۔۔۔ [س ۲۷ : ۱۹
شُكْرٌ (جمع شُكُورٌ ۔ اِسم فعل) احسان سمجھنا اور اس کی قدر کرنا ۔ حصول نعمت کے اسباب سے فائدہ اُٹھانا ۔
● ولقد آتینا داود منا فضلا ۔ یا جبال اوبی معه والطیر ۔ والنا له الحدید ان اعمل سابغات وقدر فی السرد واعملوا صالحا ۔۔۔ ولسلیمان الریح غدوها شهر و رواحها شهر ۔ و اسلنا له عین القطر ۔ ومن الجن من یعمل بین یدیه باذن ربه ۔۔۔ یعملون له ما یشاء من محاریب وتماثیل وجفان کالجواب وقدور راسیات ۔ اعملوا آل داود شکرا ۔۔۔ [س ۳۴ : ۱۰
شَاكِرٌ (اِسم فاعل) (۱) احسان مان کر بات قبول کرنے والا ۔
● انا هدیناه السبیل اما شاکرا و اما کفورا
[س ۷۶ : ۳
(۲) قدر کرنے والا ۔
● ۔۔۔ وکان الله شاکرا علیما [س ۴ : ۱۴۶
شَكُورٌ = شَاكِرٌ [س ۳۴ : ۱۳
مَشْكُورٌ (اِسم مفعول) شکریہ کے ساتھ قبول کیا ہوا ۔
● ۔۔۔ وکان سعیکم مشکورا [س ۷۶ : ۲۲

Marfat.com

شَکَسَ

مُتَشَاکِسٌ (اِسم فاعل) جھگڑنےوالا - ایک دوسرے کا مخالف -
● --- مثلا رجلا فیه شرکاء متشاکسون [س ۳۹ : ۲۹

شَکَلَ

شَکْلٌ مشابہت - مماثلت -
● --- و آخر من شکله ازواج [س ۳۸ : ۵۸
شَاکِلَةٌ طور طریقه - طبیعت کا میلان - (لسان)
= سجیه یعنی طبیعت - (راغب)
خلقت اور ملکه جو انسان کے مقام اور مرتبه کے موافق اس پر غالب ہوتا ہے - وہ طریقه جس پر انسان مجبول ہے -
● --- قل کل یعمل علی شاکلته [س ۱۷ : ۸۶
= ای خلیقته و ملکته الغالبة علیه من مقامه - (اِبن عربی)
= علی طریقته التی جبل علیها - (فراء)
= علی طریقته وجهته و قیل علی خلیقته و طبیعته - (رازی)

شَکَا

شَکَا (+ اِلٰی) شکایت کرنا - غم کا اظہار کرنا -
● --- انما اشکوا بثی و حزنی الی الله [س ۱۲ : ۸۶
مِشْکَاةٌ دیوار کی طاق -
● --- کمشکاة فیها مصباح [س ۲۴ : ۳۵

اِشْتَکَی (+ اِلٰی) شکایت کرنا - [س ۵۸ : ۱

شَمِتَ

أَشْمَتَ (+ بِ) مبتلائے مصیبت پر کسی کو ہنسانا -
● --- فلا تشمت بی الاعداء [س ۷ : ۱۵۰

شَمَخَ

شَامِخٌ (اسم فاعل) وہ جو اُونچا ہے -
● --- فیها رواسی شامخات [س ۷۷ : ۲۷

شَمَزَ

اِشْمَأَزَّ سکڑنا یا تنگ ہونا (نفرت سے دل کا) - نفرت کرنا - (ابن عباس)
● --- إشمازت قلوب الذین لا یؤمنون بالاخرة [س ۳۹ : ۴۵
= ولوا علی ادبارهم نفورا (س ۱۷ : ۴۶)

شَمَسَ

شَمْسٌ (مؤنث) (۱) آفتاب -
● الشمس و القمر بحسبان [س ۵۵ : ۴
(۲) دھوپ کی گرمی -
● --- لا یرون فیها شمسا ولا زمهریرا [س ۷۶ : ۱۳
(۳) سلطنت ایران کا نشان -
● --- فاذا برق البصر وخسف القمر و جمع الشمس و القمر --- [س ۷۵ : ۸
مَطْلِعُ الشَّمْس (س ۱۸ : ۹۰) وہ جگہ جہاں آفتاب نکلتا ہوا معلوم ہوتا ہے -

Marfat.com

● ۔۔۔ حتی اذا بلغ مطلع الشمس
[س ۱۸ : ۹۰
= غاية الارض المعمورة من جهة المشرق (از مولینا محمد علی بحواله روح المعانی)۔ مشرق کی جانب اس کی مملکت کی آخری آبادی ۔

مَغْرِبُ الشَّمْسِ (س ۱۸ : ۸۶) وہ جگہ جہاں آفتاب ڈوبتا ہوا معلوم ہوتا ہے ۔

● ۔۔۔ حتی اذا بلغ مغرب الشمس
[س ۱۸ : ۸۶
= منتهی الارض من جهة المغرب (از مولینا محمد علی) ۔ مغرب کی جانب اس کی مملکت کی آخری آبادی ۔

شَمَل

شِمَالٌ (جمع شَمَائِلُ) (۱) بایاں ہاتھ ۔ بائیں طرف ۔

● ۔۔۔ تقرضهم ذات الشمال [س ۱۸ : ۱۶
(۲) = شوم بد بختی ۔ نحوست ۔

● ۔۔۔ ما اصحاب الشمال [س ۵۶ : ۴۱

مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ (س ۶۹ : ۲۵) جس کو اس کی بد بختی کا اعمالنامہ دیا گیا ۔

اِشْتَمَلَ (+ عَلٰی) مشتمل ہونا ۔ شامل کرنا ۔ حامل ہونا ۔ حاملہ ہونا (مادہ کا) ۔

أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ (س ۶ : ۱۴۴) وہ جو دونوں مادہ کے رحموں نے اپنے (پیٹ میں) رکھا ۔ اُن کے جنے بچے ۔

شَنَأَ

شَنَآنٌ (= شَنَأٌ اِسم فعل) نفرت ۔
[س ۵ : ۲

شَانِئٌ (= شَانِئٌ ۔ اِسم فاعل) (۱) وہ جو نفرت کرے ۔
(۲) دشمن ۔

● ۔۔۔ ان شانئك هو الابتر [س ۱۰۸ : ۳

شَهَبَ

شِهَابٌ (جمع شُهُبٌ)
(۱) وہ آتشین شعلہ جو کائنات الجو میں اسباب طبعی سے پیدا ہوتا ہے اور جو کسی جہت میں دور تک چلا جاتا ہے اور جس کو اُردو میں تارہ ٹوٹنا بولتے ہیں ۔ عرب جاہلیت میں اس سے بد فالی اور کسی حادثہ عظیم کے واقع ہونے کا یقین کرتے تھے ۔
(۲) فال بد یا شگون بد ۔

● ۔۔۔ الا من استرق السمع فاتبعه شهاب مبين [س ۱۵ : ۱۷
= فاتبعهم الشوم و الخسران و الحرمان فيما املوا ۔ (سید احمد رح)

شَهِدَ

شَهِدَ (۱) موقع پر حاضر ہونا ۔

لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ (س ۲۲ : ۲۹) تاکہ وہ حاضر ہوں اپنے نفع کے موقعوں پر ۔
(۲) دیکھنا ۔

● فمن شهد منكم الشهر [س ۲ : ۱۸۵
(تو جو کوئی تم میں سے دیکھے چاند) ۔۔۔

Marfat.com

● ۔۔۔ فاتوا بہ علی اعین الناس لعلھم یشھدون [س ۲۱ : ۶۲
(۳) کسی بات پر شہادت دینا ۔ کسی بات کی تصدیق کرنا ۔ (+ اَنْ)
● شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو [س ۳ : ۸۱
(۴) کسی کے خلاف شہادت دینا (+ عَلٰی)
● شھد علیھم سمعھم وابصارھم وجلودھم [س ۴۱ : ۲۰
(۵) کسی بات کی شہادت دینا ۔ (+ بِ)
(۶) فیصلہ کرنا ۔
● ۔۔۔ وشھد شاھد من اھلھا [س ۱۲ : ۲۶
= حکم حاکم ۔ (ابن عباس)
(۷) قسم کھانا ۔
● اذا جاءک المنافقون قالوا نشھد انک لرسول اللہ ۔۔۔ اتخذوا ایمانھم جنۃ فصدوا عن سبیل اللہ [س ۶۳ : ۱ و ۲
۔۔۔ اَنْ تَشْھَدَ اَرْبَعَ شَھَادَاتٍ بِاللّٰہِ (س ۲۴ : ۸) کہ وہ گواہی دے چار بار اللہ کی قسم کھا کر ۔
۔۔۔ لَا یَشْھَدُوْنَ الزُّوْرَ (س ۲۵ : ۷۲) نہیں دیتے جھوٹی گواہی ۔
شَاھِدٌ (جمع شُھُوْدٌ اور اَشْھَادٌ اسم فاعل)
(۱) وہ جو حاضر ہو ، حاضر رہے ، آنکھوں کے سامنے رہے ۔
● ۔۔۔ وبنین شھودا [س ۷۴ : ۱۳
(۲) وہ جو حکم کی تعمیل کے لئے حاضر رہے ۔
● ربنا آمنا بما انزلت واتبعنا الرسول فاکتبنا مع الشاھدین [س ۳ : ۵۲

(۳) وہ جو گواہی دے ۔ گواہ ۔
(۴) فیصلہ کرنے والا ۔ [س ۱۲ : ۲۶
شَھِیْدٌ (مبالغہ کا صیغہ ۔ جمع شُھَدَآءُ)
(۱) موقعہ پر حاضر رہنے والا ۔
● ۔۔۔ ولا یاب الشھداء اذا ما دعوا [س ۲ : ۲۸۲
(۲) گواہ ۔
● وکفی باللہ شھیدا [س ۴ : ۷۸
(۳) فیصلہ کرنے والا ۔
● اللہ شھید بینی وبینکم [س ۶ : ۱۹
● ۔۔۔ وادعوا شھداءکم ان کنتم صادقین [س ۲ : ۲۳
(۴) نظر رکھنے والا ۔ نگہبان ۔ امام ۔ ھادی ۔
● وکذلک جعلناکم امۃ وسطا لتکونوا شھداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شھیدا [س ۲ : ۱۳۷
(۵) تعمیل حکم میں اخیر دم تک مستعد رہنے والا ۔ تعمیل حکم میں جان پر کھیل جانے والا ۔ جانباز فرمانبردار ۔ [س ۴ : ۷۱
(۶) وہ جو ہر حالت میں حاضر ہے ۔
● ۔۔۔ وکفی باللہ شھیدا [س ۴ : ۷۸
سَآئِقٌ وَّشَھِیْدٌ (س ۵۰ : ۲۰) بے راہ چلانے والا اور اس کا اپنا نفس لوامہ ۔
شَھَادَۃٌ (شَھِدَ سے اِسم فعل ۔ جمع شَھَادَاتٌ)
(۱) تصدیق کرنا ۔ گواہی دینا ۔ شہادت ۔ تصدیق ۔ ثبوت ۔
(۲) آنکھ سے دیکھنا یا بصیرت سے محسوس کرنا ۔
(۳) موجود ۔ ظاہر ۔

Marfat.com

● عالم الغیب و الشهادة [س ۹ : ۹۵

مَشْهَدٌ حاضر ہونا ۔ حاضر ہونے کا وقت یا جگہ ۔

● فویل للذین کفروا من مشهد یوم عظیم [س ۱۹ : ۳۷

مَشْهُودٌ (اِسم مفعول) (۱) حاضر ہونے کا وقت ۔ [س ۱۱ : ۱۰۵

(۲) حضور قلب کا وقت ۔

● ان قرآن الفجر کان مشهودا [س ۱۷ : ۷۸

(نماز صبح کا وقت حضور قلب کا وقت ہے) ۔

أَشْهَدَ (+ عَلٰی) (۱) گواہ بنانا ۔ گواہ کر لینا ۔ (۲) گواہی کے لئے بلانا ۔ [س ۲ : ۲۸۲

إِسْتَشْهَدَ (+ عَلٰی) گواہی کے لئے بلانا ۔

● ۔۔۔ فاستشهدوا علیهن اربعة منکم [س ۴ : ۱۵

شَهَرَ

شَهْرٌ (جمع أَشْهُرٌ اور شُهُورٌ)

(۱) ماہ بمعنی نیا چاند ۔ (قاموس)

۔۔۔ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ (س ۲ : ۱۸۱)

تو جو کوئی تم میں سے دیکھے چاند ۔

(۲) ماہ بمعنی مہینہ ۔

● شهر رمضان الذی انزل فیه القرآن [س ۲ : ۱۸۱

أَلْحَجُّ اشهر معلومات (س ۲ : ۱۹۳)

حج کے ہیں چند مہینے مقررہ ۔

(أَلْحَجُّ = مبتدآء مرفوع بالابتدآء)

شَهَقَ

شَهِيقٌ (۱) غم سے سانس کا نکالنا ۔ ٹھنڈی آہیں بھرنا ۔

● ۔۔۔ لهم فیها زفیر وشهیق [س ۱۱ : ۱۰۶

(۲) گدھے کا چیخنا جب وہ سانس باہر نکالے ۔

[زَفِيرٌ تحت زَفَرَ

● ۔۔۔ سمعوا لها شهیقا وهی تفور [س ۶۷ : ۷

شَهَا

شَهَا خواہش کرنا ۔ آرزو کرنا ۔

شَهْوَةٌ (جمع شَهَوَاتٌ ۔ اِسم فعل)

(۱) خواہش نفسانی ۔ [س ۱۹ : ۵۹

(۲) = اَلْمُشْتَهٰی وہ چیز جس کی خواہش کی جائے ۔ (راغب)

● زین للناس حب الشهوات من النساء والبنین ۔۔۔ [س ۳ : ۱۳

اِشْتَهٰی = شَهَا

● ۔۔۔ ولکم فیها ما تشتهی انفسکم [س ۴۱ : ۳۱

شَابَ

شَوْبٌ (اِسم فعل) ملاوٹ ۔ ملونی ۔

● ۔۔۔ علیها لشوبا من حمیم [س ۳۷ : ۶۵

شَارَ

شُورٰی مشورہ ۔

وَأَمْرُهُمْ شُورٰی بَيْنَهُمْ (س ۴۲ : ۳۶)

Marfat.com

اور اُن کا معاملہ ہوتا ہے آپس کے مشورہ سے -

شَاوَرَ مشورہ کرنا -
● وشاورهم فی الامر [س ۳ : ۱۵۹

أَشَارَ (+ إِلٰی) اِشارہ کرنا - [س ۱۹ : ۲۹

تَشَاوُرٌ (اِسم فعل) آپس میں مشورہ کرنا - [س ۲ : ۲۳۳

شُوَاظٌ

شُوَاظٌ شعلہ جس میں دھواں نہ ہو - تیز شعلہ - [س ۵۵ : ۳۵

شَاكَ

شَوْكَةٌ ہتھیار - اسلحہ - [س ۸ : ۷

شَوَى

يَشْوِي (مضارع) گوشت بھوننا یا بھاپ سے جلانا -
●--- كالمهل يشوى الوجوه [س ۱۸ : ۲۸

شَوًى (جمع - واحد شَوَاةٌ) کھوپڑیاں - [س ۷۰ : ۱۶

شَآءَ

شَآءَ (= شَيَأَ = شَيِءَ)
يَشَآءُ (مضارع) چاہنا - خواہش کرنا -
مَنْ يَشَآءُ جس کو اُس کی مشیئت ہو - جس کو وہ مناسب سمجھے - جو اس کے قاعدہ کے موافق ہو -
● يهدي من يشاء [س ۲ : ۱۴۲

= يهدى به الله من اتبع رضوانه (س ۵ : ۱۶)
= و يهدى اليه من ينيب (س ۴۲ : ۱۳)
فان الله لا يهدى من يضل (س ۱۶ : ۳۷)
= والله لا يهدى القوم الكافرين (س ۲ : ۲۶۴)
= والله لا يهدى القوم الفاسقين (س ۵ : ۱۰۸)
= ان الله لا يهدى من هوكاذب كفار (س ۴۲ : ۳)
= ان الله لا يهدى من هو مسرف كذاب (س ۴۰ : ۲۸)
= والله لا يهدى القوم الظالمين (س ۲ : ۲۵۸)
● ان الله يضل من يشاء [س ۱۳ : ۲۷
= افرأيت من اتخذ الهه هويه واضله الله على علم وختم على سمعه وقلبه وجعل على بصره غشاوة --- (س ۴۵ : ۳۵)
= يضل الله من هو مسرف مرتاب (س ۴۰ : ۳۴)
= و يضل الله الظالمين (س ۱۴ : ۲۷)
= يضل الله الكافرين (س ۴۰ : ۷۴)
= ومايضل به الا الفاسقين (س ۲ : ۲۶)
= وما كان الله ليضل قوما بعد اذ هديهم حتى يبين لهم مايتقون (س ۹ : ۱۱۵)

شَيْءٌ (اسم فعل - جمع أَشْيَآءُ) جس کا وجود مشیئت سے ہو - چیز - معاملہ - حقیقت [س ۲ : ۲۰

شَيْئاً بالکل - کچھ بھی - [س ۲ : ۴۵

شَابَ

شَيْبٌ (اِسم فعل) بالوں کی سفیدی -

Marfat.com

● ۔۔۔ و اشتعل الراس شیبا [س ۱۹ : ۴

شَیْبَۃٌ = شَیْبٌ [س ۳۰ : ۵۴

شَیْبٌ (= شَیْبٌ = شُیُبٌ جمع ۔ واحد أَشْیَبُ) بوڑھے ۔ سن سفید ۔ [س ۷۳ : ۱۷

شَیَۃٌ [وَشَی

شَاخَ

شَیْخٌ (جمع شُیُوخٌ) بوڑھا آدمی ۔ [س ۲۸ : ۲۳

شَادَ

مَشِیْدٌ (اِسم مفعول) (۱) مضبوط ۔ (۲) بلند ۔ (بیضاوی) ۔

● ۔۔۔ و قصر مشید [س ۲۲ : ۴۵

مُشَیَّدٌ (اِسم مفعول) اُونچے پر بنے ہوئے ۔

● ۔۔۔ ولو کنتم فی بروج مشیدۃ

[س ۴ : ۷۸

شَاعَ

شَاعَ بُری خبر کا شائع ہونا ۔

● ۔۔۔ ان تشیع الفاحشۃ [س ۲۴ : ۱۸

شِیْعَۃٌ (جمع شِیَعٌ اور أَشْیَاعٌ) فرقہ ۔ گروہ ۔

● ۔۔۔ و ان من شیعتہ لابراھیم

[س ۳۷ : ۸۳

Marfat.com

—« باب الصاد »—

صٓ

صٓ محض حروف تہجی - [الٓرٰ

صَبَّ

صَبَّ (پانی) اُوپر سے گرانا - ڈھالنا - اُنڈیلنا - [س ۸۰ : ۲۵

صَبٌّ (اسم فعل) اُنڈیل دینا [س ۸۰ : ۲۵

صَبَأَ

صَابِئُوْنَ (جمع - واحد صَابِیْ) پُرانے مذہب والوں میں سے تھے جو بعد کو ستاروں کی پرستش بھی کرتے تھے -

● - - - والنصاری والصابئین [س ۲ : ۶۲

صَبَحَ

صبح صبح - [س ۸۱ : ۱۸

صَبَاح = صبح [س ۳۷ : ۱۷۷

إِصْبَاح = صبح [س ۶ : ۹۷

مِصْبَاح (جمع مَصَابِیح) (۱) چراغ - [س ۲۴ : ۳۵

(۲) ستارہ - [س ۴۱ : ۱۲

صَبَّحَ صبح کو آلینا -

● - - - ولقد صبحهم بكرة عذاب مستقر [س ۵۴ : ۳۸

أَصْبَحَ (۱) صبح کے وقت داخل ہونا -

● - - - فاصبح فی المدینة خائفا [س ۲۸ : ۱۸

(۲) = كَانَ = صَارَ ہونا - کرنا -

● - - - فاصبح من الخاسرین [س ۵ : ۳۳

فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ (س ۱۸ : ۴۰) تو وہ مارے افسوس کے اپنا ہاتھ ملنے لگا -

مُصْبِحٌ (اسم فاعل) وہ جو صبح کو کوئی کام کرے یا داخل ہو -

● فاخذتهم الصيحة مصبحين [س ۱۵ : ۸۳

صَبَرَ

صَبَرَ (۱) استقلال کے ساتھ قائم رہنا (+ عَلٰی)

● - - - الا الذین صبروا و عملوا الصالحات [س ۱۱ : ۱۱

(۲) استقلال کے ساتھ برداشت کرنا -

● - - - فصبروا علی ما کذبوا و اوذوا [س ۶ : ۳۴

صَبْرٌ (اسم فعل) (۱) استقلال کے ساتھ قائم رہنا -

● واستعینوا بالصبر والصلوة [س ۲ : ۴۵

(۲) استقلال کے ساتھ برداشت کرنا -

● - - - فصبر جمیل [س ۱۲ : ۱۸

صَابِرٌ (اسم فاعل) صبر کرنے والا - استقلال سے کام لینے والا -

Marfat.com

● یا ایها النبی حرض المؤمنین علی القتال - ان یکن منکم عشرون صابرون یغلبوا مائتین و ان یکن منکم مائة یغلبوا الفا من الذین کفروا بانهم قوم لایفقهون ---- و الله مع الصابرین [س ۸ : ۶۶ و ۶۷

صَبَّارٌ (صیغه مبالغه) نهایت صبر اور استقلال سے کام کرنے والا - [س ۱۴ : ۵

صَابَرَ (صبر سے مفاعله) استقلال میں سبقت لے جانا -

● --- اصبروا و صابروا [س ۳ : ۱۹۹

أَصْبَرَ (۱) مصیبتیں برداشت کرنا -
(۲) جرأت کرنا - (ابوعبیده - راغب)

فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ (س ۲ : ۱۷۰) کیا هی سخت مصیبت جھیلنی هوگی اُن کو آگ میں ! کیا هی جرأت هے اُن کی آگ میں جانے کی ! کیسا اصرار هے اُن کا آگ میں جانے کا !

اِصْطَبَرَ (+ لِ یا + عَلٰی) استقلال کے ساتھ قائم رهنا -

● --- فاعبده و اصطبر لعبادته [س ۱۹ : ۲۵

صَبَأَ

صَبَا (+ اِلٰی) کسی طرف مائل هونا اور لڑکوں کی طرح نا سمجھی کی باتیں کر بیٹھنا -

● --- اصب الیهن و اکن من الجاهلین [س ۱۲ : ۳۳

صَبِیٌّ بچه نرینه - لڑکا -

● قالوا کیف نکلم من کان فی المهد صبیا (س ۱۹ : ۳۰) [جب حضرت مریم کا گزر اپنی قوم کی طرف سے هوا اِس حالت میں که جناب مسیح کسی جانور پر (غالباً گدھے پر) سوار تھے تو اُن کے لوگوں نے اُن سے شکایت کی که وه تو باتیں گڑھ گڑھ کر بولتا هے اور

● وصبغ للآکلین [س ۲۳ : ۲۰

صِبْغَةٌ دین - ملت - (قاموس) - شریعت - (تاج)

صِبْغَةُ اللهِ (س ۲ : ۱۳۲)

● وقالوا کونوا هودا او نصاری تهتدوا - قل بل ملة ابراهیم حنیفا - وما کان من المشرکین - قولوا آمنا بالله وما انزل الینا وما انزل الی ابراهیم و اسمعیل واسحاق و یعقوب والاسباط وما اوتی موسی و عیسی وما اوتی النبیون من ربهم - لا نفرق بین احد منهم ونحن له مسلمون --- صبغة الله - ومن احسن من الله صبغة ونحن له عابدون [س ۲ : ۱۲۹ - ۱۳۲

= فطرة الله - (قاموس)

= دین الله - (صحاح)

= فطرت الله التی فطرالناس علیها --- ذلك الدین القیم (س ۳۰ ; ۳۰)

= صبغنا الله صبغته - لم نصبغ صبغتکم - (الکشاف)

صَبَغَ

أَصَابِعُ (جمع - مذکر و مؤنث - واحد إِصْبَعٌ) اُنگلیاں - [س ۷۱ : ۷

صَبَغَ

صِبْغٌ (۱) سالن - (۲) زیتون کا تیل - (فراء)
(۳) زیتون - (زجاج)

Marfat.com

حضرت مریم نے اپنے لڑکے ھی کی طرف اشارہ کیا کہ یہ اسی سے پوچھیں] تو وہ بولے ھم اس سے کیا باتیں کریں جو (ھم لوگوں کے سامنے) گہوارہ میں محض بچہ تھا ؟

صَحِبَ

صَاحِبٌ (جمع صَحْبٌ - جمع الجمع أَصْحَابٌ) ساتھی - شریک - ساتھ رھنے والا - ساتھ اُٹھنے بیٹھنے والا -

صَاحِبُ الْحُوْتِ (س ۶۸ : ۴۸) جس صاحب کے ساتھ مچھلی کا حادثہ ھوا تھا - حضرت یونس -

= ذُوالنُّوْن (س ۲۱ : ۸۷)

أَلصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ [جَنْبٌ تحت جَنَبَ

أَصْحَابُ النَّارِ (۱) عذاب میں گرفتار لوگ - [س ۳ : ۱۱۶

(۲) عذاب دینے والے افسران - [س ۷۴ : ۳۱

أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (س ۵۶ : ۸) خوش وقت لوگ - مبارک اصحاب -

أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ (س ۵۶ : ۹) شامت زدہ لوگ -

أَصْحَابُ الْفِيْلِ ابرھۃ الاشرم جو شاہ حبش کی طرف سے ملک عرب میں یمن کا والی تھا محض جبراً عربوں کو دین مسیحی میں لانا چاھتا تھا - اُس نے اسی غرض سے خانہ کعبہ پر (جو اُن دنوں بتخانہ تھا اور جس کی زیارت کے لئے دور دور سے عرب آیا کرتے تھے) چڑھائی کی اور اس کو منہدم کرنا چاھا کہ بت پرست عربوں کا تیرتھ برباد ھو جائے - وہ اپنے ساتھ بڑا لشکر لایا جس میں ایک ھاتھی بھی تھا - مذھب میں زبردستی ، گو یہ اھل کتاب کی طرف سے تھی اور عرب بت پرست تھے ، خدا کو پسند نہیں آئی ، چنانچہ اُس کے مکہ پہنچتے ھی اُس کی فوج میں چیچک کی وبا پھیل گئی اور سارا لشکر دیکھتے ھی دیکھتے تباہ ھوگیا - یہ واقعہ آنجناب کی پیدائش سے پچپن روز پہلے کا ھے - [س ۱۰۵

أَصْحَابُ الْأُخْدُوْد : یہ بخت نصر اور اس کے امرا تھے جن کا ذکر عہد عتیق کی کتاب دانی ایل (دانیال) باب ۳ میں آیا ھے - (بغری) - مختصر قصہ یوں ھے کہ بخت نصر یہودیوں پر بڑا ظلم کرتا تھا یہاں تک کہ اس نے دورہ نام ایک بستی میں ایک سونے کی مورت بنوا کر رکھادی اور اعلان کردیا کہ خاص خاص وقت پر ھر ادنی و اعلی اس کی پرستش کرے ورنہ زندہ جلا دیا جائے گا - تین یہودیوں نے جو اُس کے ھاں ملازم بھی تھے اس بت پرستی سے انکار کیا - چنانچہ وہ آگ کی خندق میں ڈال دئے گئے - [س ۸۵ : ۴

اصحاب الایکہ : اھل مدین جن میں حضرت شعیب[۴] مبعوث ھوئے تھے - [س ۱۵ : ۷۸

اصحاب الحجر : قوم ثمود [س ۱۵ : ۸۰

اصحاب الکہف والرقیم : یہ چند مسیحی نوجوان تھے جو تقریباً سنہ ۲۰۰ء میں ایک بت پرست بادشاہ (Decius نامی) کے ظلم سے بھاگ کر ایک پہاڑ کی کھوہ میں جا چھپے تھے - اور کچھ روز اس کھوہ میں رھنے کے

Marfat.com

بعد اسی میں بند کردئے گئے اور جاں بحق ہوئے ۔ اس کے تقریباً دو سو برس بعد (جب لوگ بھی مسیحی ہوچکے تھے) کھوہ کا منہ جو بند کردیا گیا تھا اتفاقاً کھل گیا اور اُس کھوہ میں اُن کی لاشیں جو صرف ہڈیاں باقی تھیں، دکھائی دیں۔ اُس وقت مسیحیوں نے اُن کی زیارت کی اور آپس میں مشورہ کے بعد طے پایا کہ اُن کے اُوپر ایک مقبرہ بنائیں۔ آخر کار اُن کے علماء (پادریوں) نے ایک عبادت خانہ (Chapel) بنانے کی تجویز کی۔ اُن کی ہڈیاں پتھر کے ایک بڑے صندوق میں بند کرکے مارسیلز (Marseilles) کو بھیجی گئیں اور اب بھی سینٹ وکٹر (St. Victor) کے گرجے میں موجود ہیں۔ یورپ میں اِن کا قصہ محض قصہ کی حیثیت سے سات سونے والوں (The Seven Sleepers) کے نام سے مشہور ہے۔ لیکن آنجناب صلعم کے زمانہ میں یعنی اصحاب کہف پائے جانے کے دوسو سال بعد تک ان قصوں پر مذہبی رنگ میں سخت مباحثے اور مناظرے ہو کر تضیع اوقات کا باعث بنے ہوئے تھے۔

أَصْحَابِهِمْ (س ۵۱ : ۵۹) اُنہیں کی طرح کے لوگ جو (اگلے زمانہ میں) تھے۔

صَاحِبَةٌ (مؤنث) ساتھی۔ بیوی۔

[س ۷۲ : ۳

صَاحَبَ صحبت رکھنا۔ شریک حال رہنا۔

● ---- وصاحبهما فی الدنیا معروفا

[س ۳۱ : ۱۵

أَصْحَبَ (+ مِنْ) حفاظت کرنا۔ بچانا۔ روکنا۔

● ---- ولاهم منا یصحبون [س ۲۱ : ۴۳

صَحَفَ

صُحَافٌ (جمع۔ واحد صَحْفَةٌ) پیالے۔ رکابیاں۔ بڑے برتن۔ [س ۴۳ : ۷۱

صُحُفٌ (جمع۔ واحد صَحِيفَةٌ) صحیفے۔ اوراق کتاب۔ کتابیں۔ [س ۹۸ : ۲

صَخَّ

صَاخَّةٌ لوہے سے لوہے پر مارنے کی سی آواز۔ سخت ترین مصیبت۔ [س ۸۰ : ۳۳

صَخْرٌ

صَخْرٌ (اِسم جنس۔ صَخْرَةٌ واحدة) بڑے بڑے سخت پتھر۔ چٹان۔ [س ۸۹ : ۹

صَدَّ

صَدَّ (۱) (مضارع یَصُدُّ) منہ پھیرلینا۔ اعراض کرنا۔ پھیر دینا۔ روک دینا۔ (+ عَنْ)

● ---- رایت المنافقین یصدون عنک صدودا

[س ۴ : ۶۱

(۲) (مضارع یَصِدُّ) چلّا اُٹھنا۔ فریاد کرنا۔ (+ مِنْ)

● ---- اذا قومك منه یصدون

[س ۴۳ : ۵۷

صَدٌّ (اِسم فعل) روکنا۔ پھیردینا۔ اعراض کرنا۔ [س ۲ : ۲۱۷

صُدُودٌ (اسم فعل) منہ پھیرنا۔ اعراض کرنا۔

[س ۴ : ۶۱

صَدِيدٌ نہایت کھولتا ہوا گرم پانی۔ (لسان۔ تاج۔ قاموس)

Marfat.com

● من ورائه جهنم و یسقی من ماء صدید ۔۔۔
[س ۱۴ : ۱۶
= وسقوا ماء حمیما فقطع امعاء هم (س ۴۷ : ۱۵)

صَدَرَ

صَدَرَ آگے بڑھنا ۔ نکل پڑنا ۔ خروج کرنا ۔
● یومئذ یصدرالناس اشتاتا [س ۹۹ : ۶
صَدْرٌ (اسم فعل ۔ جمع صُدُوْرٌ ۔ مذکر ومؤنث) سینه ۔ [س ۷ : ۴۲
شرح صدر [تحت شَرَحَ
أَصْدَرَ (جانوروں کو) ہٹالینا ، واپس لے جانا ۔
● ۔۔۔ حتی یصدر الرعاء [س ۲۸ : ۲۳

صَدَعَ

صَدَعَ (۱) شق کرنا ۔ فرق کرنا ۔ جدا کرنا ۔
(۲) کھولکر بیان کرنا ۔ (+ بِ)
● ۔۔۔ فاصدع بما تؤمر [س ۱۵ : ۹۴
صَدْعٌ (اسم فعل) شق ۔ پاؤں کی رگڑ سے زمین میں راستہ پیدا کرنا ۔
ذَاتُ الصَّدْعِ اپنی چال سے فضا میں راستہ بنانے والی (زمین یا کرۂ زمین) ۔
● والارض ذات الصدع [س ۸۶ : ۱۲
[جب آفتاب زمین کو اپنے گرد اگرد چکر لگاتے ہوئے کھینچتا ہے اور زمین اس کی کشش سے کھنچ آتی ہے تو فضا میں اس کی آمدورفت اور گردش کے لئے ایک راستہ بن جاتا ہے] ۔
صَدَّعَ درد سے سر کا پھٹنا ۔
● لا یصدعون عنها ولا ینزفون ۔۔۔
[س ۵۶ : ۱۹
اِصَّدَّعَ (= تَصَدَّعَ) الگ الگ ہوجانا ۔
● ۔۔۔ یومئذ یصدعون [س ۳۰ : ۴۳
= یتفرقون ۔ (اِبن عباس)
مُتَصَدِّعٌ (اِسم فاعل) پھٹا ہوا ۔ ٹوٹا ہوا ۔
● ۔۔۔ لرایته خاشعا متصدعا من خشیة الله
[س ۵۹ : ۲۱

صَدَفَ

صَدَفَ (+ عَنْ) پھرجانا ۔ اعراض کرنا ۔
[س ۶ : ۱۵۸
صَدَفٌ پہاڑ کا کنارہ ۔ [س ۱۸ : ۹۶

صَدَقَ

صَدَقَ (۱) سچا ہونا ۔ مخلص ہونا ۔
[س ۲ : ۱۷۷
(۲) سچ کہنا ۔
● وصدق المرسلون [س ۳۶ : ۵۲
(۳) سچا کرنا ۔ تصدیق کرنا ۔
● لقد صدق الله رسوله الرء یا بالحق
[س ۴۸ : ۲۷
(۴) عہد کی رعایت کرنا ۔ وعدہ کا ایفا کرنا ۔
● صدقوا ما عاهدوا الله علیه [س ۳۳ : ۲۳
صِدْقٌ (۱) سچائی ۔ خلوص ۔
(۲) صحت ۔ معقولیت ۔
(۳) مختلف امور میں شرف و فضیلت ۔
قَدَمَ صِدْقٍ صحیح سبقت ۔ بہترین شرف و فضیلت ۔
● ۔۔۔ ان لهم قدم صدق عند ربهم
[س ۱۰ : ۲

Marfat.com

مُبوَّأَ صِدْقٍ (س ۱۰ : ۹۳) رہنے کی بہترین جگہ۔

مُدْخَلَ صِدْقٍ (س ۱۷ : ۸۲) داخل ہونے کی نہایت مناسب مبارک جگہ۔ داخل ہونے کا نہایت مناسب مبارک وقت۔ [تحت دَخَلَ

مُخْرَجَ صِدْقٍ (س ۱۷ : ۸۰) نکلنے کا نہایت مناسب وقت۔ [تحت خَرَجَ

لِسَانَ صِدْقٍ حقیقی شہرت، حقیقی تعریف۔ امتیازی ذکر۔

● ۔۔۔ واجعل لی لسان صدق فی الاخرین [س ۲۶ : ۸۴

مَقْعَدَ صِدْقٍ مقام فضیلت۔

● ۔۔۔ فی مقعد صدق عند ملیك مقتدر [س ۵۴ : ۵۵

صَادِقٌ (اِسم فاعل) سچا۔ مخلص۔ سچ کہنے والا۔ [س ۱۹ : ۵۴

صَدَقَةٌ سچے دل سے، خلوص سے، جو کچھ خرچ کیا جائے۔ خیرات۔ صدقہ۔

● انما الصدقات للفقراء والمساکین ۔۔۔ [س ۹ : ۶۰

صَدُقَةٌ بیوی کا مہر۔

● ۔۔۔ وآتوا النساء صدقاتهن [س ۴ : ۳

صَدِيقٌ (مذکر و مؤنث) مخلص دوست۔ [س ۲۶ : ۱۰۱

أَصْدَقُ (افعل التفضیل) زیادہ سچا۔ نہایت سچا۔

● ۔۔۔ ومن اصدق من الله [س ۴ : ۸۶

صِدِّيقٌ بہت ہی سچا۔ بہت ہی سچا آدمی۔

● ۔۔۔ انه کان صدیقا نبیا [س ۱۹ : ۴۱

صَدَّقَ (۱) نہایت سچا اور مخلص ہونا۔
(۲) تصدیق کرنا۔ بات ماننا۔
(۳) سچ کر کے دکھانا۔

● لقد صدق علیهم ابلیس ظنه [س ۳۴ : ۱۹
(۴) قبول کرنا۔ کسی بات کی سچائی کو ماننا۔ (+ بِ)

● ۔۔۔ وصدق بالحسنی [س ۹۲ : ۶

تَصْدِيقٌ (اِسم فعل) تصدیق کرنا۔ سچائی ثابت کرنا۔

● ۔۔۔ ولکن تصدیق الذی بین یدیه [س ۱۲ : ۱۱۱

مُصَدِّقٌ (اِسم فاعل) وہ جو تصدیق کرے، کسی بات کی سچائی کو ثابت کرے۔

● ۔۔۔ مصدق لما معهم [س ۳ : ۸۱

تَصَدَّقَ (۱) صدقہ دینا۔ خیرات کرنا۔
(۲) اپنا حق چھوڑ دینا۔

● وان کان ذوعسرة فنظرة الی میسرة۔ و ان تصدقوا خیر لکم [س ۲ : ۲۸۰

اِصَّدَّقَ = تَصَدَّقَ [س ۴ : ۹۲

مُتَصَدِّقٌ (اِسم فاعل) وہ جو خیرات دے۔ [س ۱۲ : ۸۸

مُصَّدِّقٌ = مُتَصَدِّقٌ [س ۵۷ : ۱۸

صَدَا

تَصْدِيَةٌ (اِسم فعل) تالیاں پیٹنا۔ بیکار آوازیں نکالنا۔ [س ۸ : ۳۵

Marfat.com

تَصَدّٰی متوجہ ہونا ۔ خاطر کرنا ۔

● ۔۔۔ فانت له تصدی [س ۸۰ : ۶

= تَتَصَدّٰی

صَرَّ

صِرٌّ (۱) سردی کی شدت ۔ پالا ۔ [س ۳ : ۱۱۶

(۲) = نار ۔ آگ ۔ (ابن عباس)

صَرَّةٌ سخت آواز ۔ چیخ ۔ [س ۵۱ : ۲۹

أَصَرَّ (+ عَلٰی) کسی برائی پر سختی سے جم جانا ، اصرار کرنا ۔ [س ۳ : ۱۳۴

صَرَحَ

صَرْحٌ (اسم فعل) بلند مکان ۔ محل [س ۴۰ : ۳۸

صَرَخَ

صَرِیْخٌ فریاد رس ۔ مدد گار ۔ [س ۳۶ : ۴۳

مُصْرِخٌ (اسم فاعل) = صَرِیْخٌ [س ۱۴ : ۲۲

مُصْرِخِیَّ (س ۱۴ : ۲۲) = مُصْرِخِیِّ

اِصْطَرَخَ (= اِصْتَرَخَ) چلّانا ۔ [س ۳۵ : ۳۷

اِسْتَصْرَخَ کسی سے مدد مانگنا ۔ [س ۲۸ : ۱۸

صَرْصَرَ

صَرْصَرٌ (۱) شدت کی سردی ۔

(۲) ہوا جس میں مہیب آواز ہو ۔

(۳) آگ کے شعلہ کی لپٹ ۔ (لسان)

● فارسلنا علیهم ریحا صرصرا [س ۵۴ : ۱۹

صِرَاطٌ

صِرَاطٌ (مذکر ومؤنث) راستہ ۔ کھلا راستہ ۔ الصراط المستقیم : سیدھا راستہ ۔ وہ کیا ہے ؟ ۔

● ان الله هو ربی و ربکم فاعبدوه ۔ هذا صراط مستقیم (س ۴۳ : ۶۴ = س ۱۹ : ۳۶ = س ۳ : ۵۱)

اس کی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو س ۶ : ۱۵۲ - ۵۴

● ومن یعتصم بالله فقد هدی الی صراط مستقیم [س ۳ : ۱۰۰

صَرَعَ

صَرْعٰی (جمع ۔ واحد صَرِیْعٌ) منہ کے بل گرا ہوا ۔ [س ۶۹ : ۷

صَرَفَ

صَرَفَ (۱) پھیرنا ۔ پھیر دینا ۔ ایک طرف سے دوسری طرف کر دینا ۔ ٹال دینا ۔ (+ عَنْ) [س ۱۲ : ۳۴

(۲) کسی طرف کو پھیر دینا ۔ (+ اِلٰی) [س ۴۶ : ۲۹

صَرْفٌ (اسم فعل) پھیرنا ۔ ٹالنا ۔ [س ۲۵ : ۲۰

مَصْرِفٌ پھر کر جانے کی جگہ ۔ پناہ ۔

مَصْرُوْفٌ (اسم مفعول) پھیرا ہوا ۔ [س ۱۱ : ۸

Marfat.com

صَرَّفَ گھما گھما کر بیان کرنا ۔ طرح طرح سے بیان کرنا ۔
● لقد صرفنا فی هذا القرآن لیذکروا [س ۱۷ : ۴۱
وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ بَيْنَهُمْ (س ۲۵ : ۵۰) ہم نے بارش کو انسان اور مویشیوں میں طرح طرح سے کام میں دیا ۔
تَصْرِيفٌ (اِسم فعل) ہوا کا ایک رُخ سے دوسرے رخ پھرنا ۔ [س ۲ : ۱۶۴
اِنْصَرَفَ پھر جانا ۔ [س ۹ : ۱۲۷

صَرَمَ

صَرَمَ قطع کرنا ۔ کھجور کو درخت سے توڑنا [س ۶۸ : ۱۷
صَارِمٌ (اِسم فاعل) کھیتی کاٹنے والا ۔ پھل توڑنے والا ۔ [س ۶۸ : ۲۲
صَرِيمٌ وہ زمین یا باغ جس کی کھیتی (یا پھل) کاٹی جاچکی ہو ۔
● ۔۔۔ فاصبحت کالصریم [س ۶۸ : ۲۰
صَطْرٌ [سَطَرَ

صَعِدَ

صَعِدَ (+ اِلٰی) چڑھنا ۔
صَعَدٌ گھاٹی ۔ شاق اور دشوار امر ۔ سخت عذاب ۔
● ۔۔۔ یسلکه عذابا صعدا [س ۷۲ : ۱۷
صَعِيدٌ سطح زمین ۔ غبار ۔ ریت ۔
● ۔۔۔ فتیمموا صعیدا طیبا [س ۴ : ۴۳
صُعُودٌ چڑھائی ۔ مصیبت ۔ عذاب ۔
● ۔۔۔ سارهقه صعودا [س ۷۴ : ۱۷
أَصْعَدَ زمین پر دور نکل جانا ۔ (راغب)
● اذ تصعدون ولا تلوون علی احد [س ۳ : ۱۵۲
اِصَّعَّدَ (= تَصَعَّدَ) اُوپر چڑھنا (+ فِی)
۔۔۔ كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِی السَّمَاءِ (س ۶ : ۱۲۵) گویا وہ اُوپر کو چڑھ رہا ہے (گمراہ پاتا ہے اپنے سینہ کو تنگ کہ اس کے لئے رکاوٹ ہوتی ہے ۔ اس کو معلوم ہوتا ہے کہ اسلام لانا کیا گویا اُس کو آسمان پر چڑھنا ہے) ۔
= يَتَصَعَّدُ

صَعِرَ

صَعَّرَ (+ لِ) مُنہ پھلانا (تکبر سے) ۔ گردن اکڑانا ۔
● ولا تصعر خدك للناس [س ۳۱ : ۱۸

صَعَقَ

صَعِقَ بے ہوش ہوجانا ۔ [س ۳۹ : ۶۸
صَعْقٌ غش کھایا ہوا ۔
● وخر موسی صعقا [س ۷ : ۱۴۳
صَاعِقَةٌ (جمع صَوَاعِقُ) (۱) ہولناک آواز جیسے بجلی کی کڑک ، یا آتشفشانی کے وقت آتشین پہاڑ کی ۔ (۲) مہلک سزا ۔ عذاب ۔
● فاخذتکم الصاعقة وانتم تنظرون [س ۲ : ۵۵
● ۔۔۔ فاخذتهم صاعقة العذاب الهون [س ۴۱ : ۱۷

Marfat.com

أَصْعَقَ بے ہوش کردینا ۔ ہلاک کردینا ۔
● ۔۔۔ حتی یلاقوا یومھم الذی فیہ یصعقون [س ۵۲ : ۴۵

صَغَرَ

صَاغِرٌ (اسم فاعل) وہ جو چھوٹا ہے، حقیر ہے، ذلیل ہے، محکوم ہے ۔
● ۔۔۔ فاخرج انک من الصاغرین [س ۷ : ۱۳
صَغِیرٌ چھوٹا ۔ [س ۱۸ : ۴۹
أَصْغَرُ (أفعل التفضیل) نہایت چھوٹا ۔ [س ۳۴ : ۳
صَغَارٌ ذلت ۔ حقارت ۔ [س ۶ : ۱۲۵

صَغَا

صَغَا لغزش کھانا ۔ [س ۶۶ : ۴
صَغَی (+ إلٰی) مائل ہونا ۔
● ۔۔۔ ولتصغی الیہ افئدۃ [س ۶ : ۱۱۳

صَفَّ

صَفٌّ صف ۔ قطار ۔
صَفًّا صف باندھے ہوئے ۔
صَافٌّ (اسم فاعل) بازو پھیلائے ہوئے ۔
صَافَّاتٌ (جمع ۔ واحد صَافَّةٌ) صف باندھنے والی جماعت ۔ [س ۳۷ : ۱
صَوَافُّ (= صَوَافِفُ جمع ۔ واحد صَافَّةٌ = صَافِفَةٌ) صف میں کھڑے ہوئے اُونٹ ۔ [س ۲۲ : ۳۶

مَصْفُوفٌ (اسم مفعول) صف میں لگے ہوئے ۔ [س ۵۲ : ۲۰

صَفَحَ

صَفَحَ (+ عَنْ) سلامت نہ کرنا ۔ درگزر کرنا ۔
● فاصفح عنھم وقل سلام [س ۴۳ : ۸۹
صَفْحٌ (اسم فعل) درگزر کرنا ۔
أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا (س ۴۳ : ۵) تو کیا ہم درگزر کرتے ہوئے تم سے یہ نصیحت روک لیں؟ (تمہارا نہ ماننا درگزر کرنے کی بات ہرگز نہیں ہے۔)

صَفَدَ

أَصْفَادٌ (جمع ۔ واحد صَفَدٌ اور صَفَادٌ) بیڑیاں ۔ زنجیریں ۔ [س ۱۴ : ۴۹

صَفَرَ

صَفْرَآءُ (مؤنث ۔ مذکر أَصْفَرُ) زرد ۔
صُفْرٌ (جمع ۔ واحد صُفْرَةٌ ۔ مذکر و مؤنث)
(۱) زرد ۔
(۲) کالے ۔ (صحاح ۔ قاموس)
● کانہ جمالۃ صفر [س ۷۷ : ۳۳
مُصْفَرٌّ (اسم فاعل) وہ جو زرد ہے ۔ [س ۳۹ : ۲۱

صَفْصَفَ

صَفْصَفًا ہموار زمین ۔ [س ۲۰ : ۱۰۶

صَفَنَ

أَلصَّافِنَاتُ (جمع ۔ مؤنث ۔ اسم فاعل) اصیل

Marfat.com

گھوڑیاں جو تین ٹانگوں پر کھڑی ہوں اور چوتھی کے سم کو موڑلیں کہ یہ ان کی تیزی اور خوبصورتی کی شان سمجھی جاتی ہے۔

● ۔۔۔ الصافنات الجیاد [س ۳۸ : ۳۰

صَفَا

اَلصَّفَا مکہ معظمہ کے پاس کی ایک پہاڑی ۔ [س ۲ : ۱۵۸

صَفْوَانٌ سخت اور صاف پتھر۔ [س ۲ : ۲۶۴

مُصَفًّی (اِسم مفعول) صاف کیا ہوا۔

● وانھار من عسل مصفی [س ۴۷ : ۱۹

أَصْفَی کسی چیز کو ترجیح دیکر چن لینا، یا پسند کرلینا۔ ترجیح دینا۔

● افاصفکم ربکم بالبنین [س ۱۷ : ۴۰

اِصْطَفَی (= اِصْتَفَی + عَلٰی) چن لینا۔ پسند کرنا۔ ترجیح دینا۔

● ان اللہ اصطفی آدم ونوحا۔۔۔ علی العالمین [س ۳ : ۳۲

أَصْطَفَی الْبَنَاتِ عَلَی الْبَنِیْنَ (س ۳۷ : ۱۵۳) = اِاصْطَفَی کیا اُس نے چن لی ہیں؟

مُصْطَفًی (اسم مفعول) پسند کیا ہوا۔ برگزیدہ۔ [س ۳۸ : ۴۷

صَكَّ

صَكَّ زوروں سے مارنا (تعجب سے)۔

● ۔۔۔ فصکت وجھھا وقالت عجوز عقیم [س ۵۱ : ۲۹

اس نے تعجب سے اپنا منہ پیٹ لیا ۔۔۔

= یا ویلتی ء الد وانا عجوز وھذا بعلی شیخا۔ ان ھذا لشیء عجیب۔ (س ۱۱ : ۷۲)

صَلَبَ

صَلَبَ صلیب دینا بمعنی صلیب دیکر مار ڈالنا۔

● ۔۔۔ وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لھم [س ۴ : ۱۵۷

صُلْبٌ (جمع أَصْلَابٌ) پیٹھ۔

مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ (س ۸۶ : ۷) مرد کے صلب اور بی بی کے تریبہ (سینہ) کے بس ہونے سے۔ مرد اور بی بی کے اکٹھے ہونے سے۔

صَلَّبَ صلیب پر مروا ڈالنا۔ [س ۵ : ۳۳

صَلَحَ

صَلَحَ ٹھیک ہونا۔ اچھا ہونا۔ دیانت دار ہونا۔ کھرا ہونا۔ ٹھیک کام کرنا۔

● ومن صلح من آباءھم [س ۱۳ : ۲۵

صُلْحٌ صلح۔ میل۔ [س ۴ : ۱۲۷

صُلْحًا صلح کے ساتھ۔ میل سے۔ [س ۴ : ۱۲۷

صَالِحٌ (اسم فاعل) (۱) وہ جو اچھا ہے، صحیح ہے، بے عیب ہے، کامل ہے، کھرا ہے، ٹھیک کام کرنے والا ہے، دیانت دار ہے۔

(۲) وہ بات جو ٹھیک ہے، مناسب ہے، جس میں عیب نہیں۔

● ومن یؤمن باللہ ویعمل صالحا [س ۶۴ ; ۹

(۳) صحیح وسالم۔

Marfat.com

● --- رب هب لی من الصالحین
[س ۳۷ : ۱۰۰
● --- فلما اثقلت دعوا الله ربهما لئن آتیتنا صالحا لنکونن من الشاکرین ۔ فلما آتاهما صالحا جعلا له شرکاء فیما آتاهما ---
[س ۷ : ۱۸۹ و ۱۹۰
= ولدا سویا قد صلح بدنه ۔ (بیضاوی)
(۴) صلاحیت رکھنے والا ۔
● --- ان الارض یرثها عبادی الصالحون
[س ۲۱ : ۱۰۵
عَمَلًا صَالِحًا ٹھیک کام ، بے عیب کام ، خلوص کا کام ۔
● --- فلیعمل عملا صالحا [س ۱۸ : ۱۱۱
(۵) حضرت صالحؑ نبی جو قوم ثمود میں آئے تھے ۔ [س ۷ : ۷۶
اَلصَّالِحَاتُ (۱) ٹھیک کام ۔ بے عیب کام ۔
● الذین یعملون الصالحات [س ۱۷ : ۹
(۲) دیانت دار ، بے عیب بیباں ۔
● فالصالحات قانتات حافظات للغیب
[س ۴ : ۳۴
اَصْلَحَ (۱) کسی چیز کو ایسا بنانا کہ اس میں کوئی کمی یا خامی باقی نہ رہے ۔ صحیح بنانا ۔ درست کردینا ۔
(۲) اِصلاح کرنا ۔ درست کرنا ۔ اتفاق کرنا ۔
(۳) (+ بَیْنَ) میل کرانا ۔ صلح کرانا ۔
(۴) کام سنوارنا ۔ بگڑے کام کو درست کرنا ۔ کام بنا دینا ۔
(۵) ٹھیک کام کرنا ۔ راست بازی اختیار کرنا ۔
● --- یفسدون فی الارض ولا یصلحون
[س ۲۷ : ۴۹

وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ (س ۴۶ : ۱۴) اور میری (جسمانی اور دماغی حالت) ایسی صحیح رکھ کہ میری اولاد صحیح و سالم ہو ۔
اِصْلَاحٌ (اِسم فعل) راست بازی ۔ نیکی ۔ میل ۔ اصلاح ۔ تصحیح ۔
مُصْلِحٌ (اِسم فاعل) وہ جو راست باز ہے ، دیانت دار ہے ، اصلاح کرنے والا ہے ، بگڑی کو بنانے والا ۔

صَلَدَ

صَلْدٌ سخت پتھر ۔ [س ۲ : ۲۶۴

صَلْصَلَ

صَلْصَالٌ سوکھی مٹی ۔ کھنکھناتی ہوئی بجنے والی مٹی [س ۵۵ : ۱۴

صَلَا

صَلٰوۃٌ (= صَلَاۃٌ ۔ جمع صَلَوَاتٌ) (۱) فرض ۔ فرض منصبی ۔ فریضہ ۔
● --- کل قد علم صلاته و تسبیحه
[س ۲۴ : ۴۱
● حافظوا علی الصلوات والصلواة الوسطی
[س ۲ : ۲۳۸
● --- وامر اهلك بالصلوة [س ۲۰ : ۱۳۲
● --- فخلف من بعدهم خلف اضاعوا الصلوة واتبعوا الشهوات [س ۱۹ : ۵۹
(۲) دین ۔ ایمان ۔ دین داری ۔
● قالوا یا شعیب اصلوتک تامرك ان نترك ما یعبد آباءنا [س ۱۱ : ۸۷
(۳) دعا ۔

Marfat.com

● ---- ان صلوٰتك سكن لهم [س ۹ : ۱۰۳
(۴) رحمت ۔ برکت ۔
● ---- اولئك عليهم صلوات من ربهم و رحمة
[س ۲ : ۱۵۷
(۵) مسلمانوں کا یکجا جمع ہو کر صف باندھکر تمام دنیا جہان کے حقیقی بادشاہ کے لئے پریڈ کرنا اور اپنے کو اس جہاد اکبر کے لئے تیار کرنا جو ہر مؤمن کا نصب العین ہے ۔ نماز ۔
[الصلوة جامعة للناس ۔ (حدیث)]
● ---- واقم الصلوة لذكرى [س ۲۰ : ۱۴
● اقيموا الصلوة و اتوا الزكوة [س ۲ : ۸۳
● ان الصلوة كانت على المؤمنين كتابا موقوتا
[س ۴ : ۱۰۳
(۶) یہودیوں کا عبادت خانہ ۔ (لغت عبری)
● ---- وصلوات و مساجد [س ۲۲ : ۴۰

صَلَّى (۱) فرض ادا کرنا ۔ اپنے فرائض منصبی ادا کرنا ۔

● ارءيت الذى ينهى عبدا اذا صلى
[س ۹۶ : ۹
● ---- فصل لربك وانحر [س ۱۰۸ : ۳
● ---- فلا صدق ولا صلى ولكن كذب وتولى
[س ۷۵ : ۳۱
(۲) نماز ادا کرنا ۔ (+ لِ)
● ---- وهو قائم يصلى فى المحراب
[س ۳ : ۳۳
(۳) دعا کرنا (+ عَلٰی)
● يا ايها الذين آمنوا صلوا عليه ---
[س ۳۳ : ۵۶
● ---- وصل عليهم ان صلوتك سكن لهم
[س ۹ : ۱۰۳
(۴) رحمت و برکت نازل کرنا ۔

● هو الذى يصلى عليكم و ملائكته
[س ۳۳ : ۴۳
● ان الله و ملئكته يصلون على النبى
[س ۳۳ : ۵۶

مُصَلٍّ (= مُصَلِّیٌ ۔ اسم فاعل) نماز پڑھنے والا ۔
● ---- فويل للمصلين --- [س ۱۰۷ : ۴
مُصَلًّى (۱) نماز پڑھنے کی جگہ ۔ [س ۲ : ۱۱۹
(۲) قبلہ ۔

صَلَى

صَلِيَ آگ میں بھُنا جانا ۔
● ---- الذى يصلى النار الكبرى
[س ۸۷ : ۱۲
صَالٍ (اسم فاعل) وہ جو آگ میں بھُنے ، بھُنا جائے ۔ [س ۳۷ : ۱۶۳
صَالُوا النَّارِ (س ۳۸ : ۳۹)
= صَالُوْنَ
صِلِيٌّ (جمع ۔ واحد صَالٍ) (۱) آگ میں جلنے والے ۔
(۲) جلنا ۔ [س ۱۹ : ۷۰
صَلَّى بھُنا جانا ۔ بھُننے دینا ۔
● ---- ثم الجحيم صلوه [س ۶۹ : ۳۱
تَصْلِيَةٌ (اسم فعل) بھُننا ۔
● ---- فنزل من حميم و تصلية جحيم
[س ۵۶ : ۹۳
أَصْلَى بھُننے کے لئے آگ میں جھونکنا ۔
● ---- ساصليه سقر [س ۷۴ : ۲۶

Marfat.com

إِصْطَلَى (= إِصْتَلَى) آگ میں سینکنا ۔

● ۔۔۔ او آتیکم بشهاب قبس لعلکم تصطلون [س ۲۷ : ۷

صَمَّ

صَمَّ بہرا ہو جانا ۔

● ۔۔۔ ثم عموا و صموا کثیر منهم [س ۵ : ۷۱

صُمٌّ (جمع ۔ واحد أَصَمُّ)

(۱) بہرے ۔

(۲) مجازاً وہ جو بات سنکر بھی نہیں سنتے ۔

● ۔۔۔ صم بکم عمی فهم لا یرجعون [س ۲ : ۱۸

أَصَمَّ بہرا کرنا ۔

● ۔۔۔ اولئك الذین لعنهم الله فاصمهم [س ۴۷ : ۲۳

صَمَتَ

صَامِتٌ (اِسم فاعل) وہ جو چپ رہے ۔ [س ۷ : ۱۹۲

صَمَدَ

صَمَدٌ بے نیاز ۔ رفیع ۔ برتر ۔ دائم و قائم [س ۱۱۲ : ۲

صَمَعَ

صَوَامِعُ (جمع ۔ واحد صَوْمَعٌ اور صَوْمَعَةٌ) خانقاہیں ۔ [س ۲۲ : ۴۰

صَنَعَ

صَنَعَ (۱) بنانا ۔ کرنا ۔

● واصنع الفلك [س ۱۱ : ۳۷

(۲) پرورش اور تربیت کرنا ۔ (تاج)

● ۔۔۔ ولتصنع علی عینی [س ۲۰ : ۴۰

صُنْعٌ (اِسم فعل) کام ۔ کاریگری اور ہوشیاری سے بنانا ۔

● ۔۔۔ صنع الله الذی اتقن کل شیٔ [س ۲۷ : ۹۰

صَنْعَةٌ صنعت ۔ بناوٹ ۔ کاریگری ۔ [س ۲۱ : ۸۰

مَصَانِعُ (جمع ۔ واحد مَصْنَعٌ اور مَصْنَعَةٌ) صنعت کے کام، جن میں حوض، تالاب، بند، عمارتیں اور محلات و قلعے سب شامل ہیں ۔ [س ۲۶ : ۱۲۹

إِصْطَنَعَ (= إِصْتَنَعَ)

(۱) پسند کرنا ۔ (تاج)

(۲) پرورش اور تربیت کرنا ۔ (تاج)

(۳) بڑی خوبی اور اہتمام سے تیار کرنا ۔ (تاج)

● ۔۔۔ واصطنعتك لنفسی [س ۲۰ : ۴۱

صَنَمَ

أَصْنَامٌ (جمع ۔ واحد صَنَمٌ) بُت ۔ [س ۷ : ۱۳۸

صِنْوٌ

صِنْوٌ (= صِنْوٌ ۔ جمع صِنْوَانٌ) شاخ جو درخت کی ایک ہی جڑ سے نکلے ۔

● ۔۔۔ و زرع و نخیل صنوان و غیر صنوان [س ۱۳ : ۴

صَهَرَ

صَهَرَ (چربی کا) پگھلانا ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ یصھر بہ ما فی بطونھم و الجلود
[س ۲۲ : ۲۰

صِھْرٌ بیوی کی طرف سے رشتہ داری ۔

● ۔۔۔ خلق من الماء بشرا فجعلہ نسبا وصھرا
[س ۲۵ : ۵۴

= ذو نسب و ذو صھر

صَابَ

صَوَابٌ وہ جو ٹھیک اور پسندیدہ ہے ۔
[س ۷۸ : ۳۸

صَیِّبٌ پانی بھرا بادل ۔ [س ۲ : ۱۹

أَصَابَ (۱) آلینا ۔ واقع ہونا ۔ آپڑنا ۔

● ما اصاب من مصیبۃ فی الارض ۔۔۔
[س ۵۷ : ۲۲

(۲) چاھنا ۔ ارادہ کرنا ۔ (لغت عمان)

● ۔۔۔ تجری بامرہ رخاء حیث اثاب
[س ۳۸ : ۳۶

= قصد و اراد ۔ (ابن عباس)

(۳) نقصان یا نفع پہنچانا ۔

● ۔۔۔ فیھا صر اصابت حرث [س ۳ : ۱۱۳

● قد اصبتم مثلیھا [س ۳ : ۱۵۹

● ۔۔۔ اصبناھم بذنوبھم [س ۷ : ۹۸

● نصیب برحمتنا من نشاء [س ۱۲ : ۵۶

مُصِیبٌ (اسم فاعل) وہ جو اُوپر آن پڑے ۔

● انہ مصیبھا ما اصابھم [س ۱۱ : ۸۱

مُصِیبَۃٌ مصیبت ۔ [س ۴۲ : ۳۰

صَاتَ

صَوْتٌ (اسم فعل ۔ جمع أَصْوَاتٌ) آواز ۔

● ۔۔۔ و اغضض من صوتک [س ۳۱ : ۱۹

صَارَ

صَارَ (+ إِلٰی) اپنے سے ھلالینا ، ملالینا ، مانوس کرنا ۔ (لسان)

● قال فخذ اربعۃ من الطیر فصرھن الیک
[س ۲ : ۲۶۰

= وجھن ۔ (لسان)

= املھن و اجمعھن الیک ۔ (زجاج)

= فاملھن واضممھن ۔ (بیضاوی)

صُوْرٌ (۱) صور جو لڑائی کے وقت پھونکا جاتا ھے ۔ اعلان جنگ ۔ حق و باطل کا تصادم ۔ النفخ فی البوق عند الاسفار فی العساکر (رازی ۔ س ۲۰ : ۱۰۲)

● فاذا نفخ فی الصور نفخۃ واحدۃ و حملت الارض و الجبال فدکتا دکۃ واحدۃ ۔۔۔
[س ۶۹ : ۱۳

● فاذا نفخ فی الصور فلا انساب بینھم یومئذ ولا یتساءلون [س ۲۳ : ۱۰۳

(۲) جمع ۔ واحد صُوْرَۃٌ ۔ (صحاح ۔ لسان) صورتیں ۔

۔۔۔ یوم ینفخ فی الصور فتاتون افواجا و فتحت السماء فکانت ابوابا ۔۔۔
[س ۷۸ : ۱۸

= ۔۔۔ جب صورتوں میں روح پھونک دی جائیگی (ایمان سے جان آجائیگی) ۔۔۔
ان النفخ فی الصور استعارۃ و المراد منہ البعث و الحشر ۔ (رازی ۔ س ۲۳ : ۱۰۱)
بعث اور حشر کے معنی محض روحانی زندگی اور فلاح کے ھیں ۔

Marfat.com

صُوْرَةٌ (جمع صُوَرٌ اور صُوْرٌ) صورت ۔
[س ۸۲ : ۸
صَوَّرَ صورت بنانا ، گڑھنا ۔ [س ۳ : ۵
مُصَوِّرٌ (اسم فاعل) صورت بنانے والا ۔
[س ۵۹ : ۲۴

صَاعَ

صُوَاعٌ چائے یا قہوہ پینے کی چینی کی چھوٹی پیالی ۔ (لغت حمیر) [س ۱۲ : ۷۲

صَافَ

أَصْوَافٌ (جمع ۔ واحد صُوْفٌ) دُنبہ یا بھیڑ کی اُون ۔ [س ۱۶ : ۸۰

صَامَ

صَامَ روزہ رکھنا ۔
●۔۔۔ وان تصوموا خیرلکم [س ۲ : ۱۸۲
صَوْمٌ (اِسم فعل) روزہ رکھنا ۔ روزہ ۔
[س ۱۹ : ۲۶
صِيَامٌ (اِسم فعل) = صَوْمٌ [س ۲ : ۱۸۳
صَائِمٌ (اِسم فاعل) روزہ رکھنے والا ۔
[س ۳۳ : ۳۵

صَاحَ

صَيْحَةٌ (اسم فعل) (۱) ہولناك آواز جو آتشفشانی سے پہلے آتشفشان پہاڑوں کے آس پاس سنائی دیتی ہے ۔
● انا ارسلنا علیهم صیحة واحدة فکانوا کهشیم المحتظر [س ۵۴ : ۳۱
= فاخذتهم الرجفة فاصبحوا فی دارهم جاثمین (س ۷ : ۷۸)
= فتلک بیوتهم خاویة بما ظلموا (س ۲۷ : ۵۲)
(۲) عذاب ناگہانی ۔
● ان کانت الا صیحة واحدة فاذا هم خامدون [س ۳۶ : ۲۹

صَادَ

صَيْدٌ شکار (ایسے جانوروں کا جن کا گوشت کھایا جائے) [س ۵ : ۹۹
اِصْطَادَ (= اِصْتَادَ) شکار کرنا ۔
● ۔۔۔ واذا حللتم فاصطادوا [س ۵ : ۳

صَارَ

صَارَ (+ اِلٰی) جانا ۔ مائل ہونا ۔ رخ کرنا ۔
● ۔۔۔ اِلی الله تصیر الامور [س ۴۲ : ۵۳
مَصِيْرٌ (اسم فعل) (۱) جانا ۔ سفر ۔ روانہ ہونا ۔
[س ۴ : ۹۶
(۲) اِسم مکان و زمان ۔ وہ جگہ جہاں کوئی جائے یا پہنچے ۔
● ۔۔۔ والی الله المصیر [س ۳ : ۲۸
(۳) رہنے کی جگہ ۔ پناہ کی جگہ ۔
● ۔۔۔ کانت لهم جزاء و مصیرا
[س ۲۵ : ۱۵

صَاصَ

صَيَاصٍ (= صَيَاصِيُّ جمع ۔ واحد صِيْصَةٌ اور صِيْصِيَةٌ) وہ چیزیں جن سے اپنے آپ کو محفوظ کیا جائے ۔ قلعے ۔ [س ۳۳ : ۲۶

صَافَ

صَيْفٌ (اِسم فعل) موسم گرما ۔ [س ۱۰۶ : ۲

Marfat.com

ـ« باب الضاد »ـ

ضَائِنٌ

ضَائِنٌ (جمع ضَأْنٌ) بھیڑ۔ [س ۶ : ۱۴۴

ضَبَحَ

ضَبْحٌ (اِسم فعل) ھانپنا ۔ [س ۱۰۰ : ۱

ضَجَعَ

مَضَاجِعُ (جمع ۔ واحد مَضْجَعٌ)

(۱) سونے کی جگہ ۔ آرام کی جگہ ۔

[س ۳۲ : ۱۶

(۲) مرنے کی جگہ ۔ [س ۳ : ۱۴۸

ضَحِكَ

ضَحِكَ (۱) ھنسنا ۔

(۲) ٹھٹھا کرنا (+ مِنْ) [س ۸۳ : ۲۹

(۳) خوش ھونا ۔

● ۔۔۔ فلیضحکوا قلیلا ولیبکوا کثیرا

[س ۹ : ۸۲

(۴) تعجب کرنا ۔ (تاج ۔ قاموس)

● ۔۔۔ وامراته قائمة فضحکت فبشرناھا باسحاق ۔۔۔ [س ۱۱ : ۷۴

ضَاحِكٌ (اِسم فاعل) (۱) ھنستے ھوئے ۔ ھنسنے والا ۔

(۲) خوش خوش ۔

● ۔۔۔ فتبسم ضاحکا من قولھا ۔۔۔

[س ۲۷ : ۱۹

ضَحًى

ضَحِيَ دھوپ سے تکلیف اُٹھانا ۔

● وانك لا تظموٴا فیھا ولا تضحی

[س ۲۰ : ۱۱۹

ضُحًى (= ضُحَّى جمع ۔ مذکر و مؤنث ۔ واحد ضَحْوَةٌ)

(۱) دھوپ نکلنے کے بعد ھی صبح کی گھڑیاں ۔

(۲) آفتاب کی تیز روشنی ۔

● ۔۔۔ واغطش لیلھا و اخرج ضحاھا

[س ۷۹ : ۲۹

ضَدَّ

ضِدٌّ خلاف ۔ مخالف ۔ [س ۱۹ : ۸۲

ضَرَّ

ضَرَّ ضرر پہنچانا ۔ نقصان پہنچانا ۔

● ولا یضار کاتب ولا شھید [س ۲ : ۲۸۲

ضَرٌّ (اِسم فعل) نقصان ۔ چوٹ ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔

● ۔۔۔ مالا یملک لکم ضرا [س ۵ : ۷۶

ضُرٌّ (۱) نقصان ۔ تکلیف ۔ بُرائی ۔ مصیبت ۔

[س ۳۰ : ۳۳

Marfat.com

(۲) قحط ۔ [س ۱۲ : ۸۸

ضَرَرٌ نقصان ۔ تکلیف جسانی یا نفسی ۔

● ۔۔۔ من المؤمنین غیر اولی الضرر [س ۴ : ۹۵

ضَارٌّ (اسم فاعل) وہ جو تکلیف پہنچائے ۔ [س ۲ : ۹۶

ضَرَّآءُ (مؤنث) مصیبت ۔ نقصان ۔ بیماری ۔ تکلیف ۔ فقر ۔ [س ۲ : ۱۷۷

ضَارَّ تکلیف پہنچانا ۔ ستانا ۔ تنگ کرنا ۔

● ۔۔۔ لا تضار والدة بولدها ولا مولود له بولده [س ۲ : ۲۳۳

ضِرَارٌ (اسم فعل) (۱) نقصان کرنا ۔

● ۔۔۔ اتخذوا مسجدا ضرارا [س ۹ : ۱۰۸

(۲) جبر کرنا ۔ ظلم کرنا ۔

● ۔۔۔ ولا تمسکوهن ضرارا [س ۲ : ۲۳۱

مُضَارٌّ (اسم فاعل) ضرر پہنچانے والا ۔

● ۔۔۔ اودین غیر مضار [س ۴ : ۱۱

اِضْطَرَّ (= اِضْتَرَّ + اِلٰی) کسی کو ایسی حالت میں ڈالنا جس سے اس کو تکلیف ہو ۔ محتاج کرنا ۔ مجبور کرنا ۔ بے بس کرنا ۔

● ۔۔۔ ثم اضطره الی عذاب النار [س ۲ : ۱۲۶

اُضْطُرَّ (+ فِیْ یا + اِلٰی) بے بس کیا ہوا ۔ مجبور کیا ہوا ۔ (ماضی مجہول)

● ۔۔۔ فمن اضطر غیر باغ ولا عاد [س ۲ : ۱۷۳

مُضْطَرٌّ (اسم مفعول) بے بس ۔ مجبور ۔

● ۔۔۔ امن یجیب المضطر [س ۲۷ : ۶۳

ضَرَبَ

ضَرَبَ (عربی میں اس لفظ کے معنی بہت ہیں اور کچھ ہی ایسے فعل ہیں جو اس کے معنی میں داخل نہیں) :

والضرب یقع علی جمیع الاعمال الا قلیلا ۔ (تاج)

(۱) مارنا ۔

● ۔۔۔ فاضربوا فوق الاعناق واضربوا منهم کل بنان [س ۸ : ۱۲

۔۔۔ وَلَا یَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ (س ۲۴ : ۳۱)

اور نہ ماریں پاؤں (چلنے میں) ۔۔۔

ضُرِبَتْ عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ (س ۲ : ۵۸)

ان پر ذلت اور افلاس کی مار پڑی ۔

(۲) = ذَهَبَ (تاج) ۔ چلنا ۔ سفر کرنا ۔

● واذا ضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلوة [س ۴ : ۱۰۱

● فاضرب لهم طریقا فی البحر یبسا [س ۲۰ : ۷۷

= پس برو برائے ایشان در راہ خشک ۔ (شاہ ولی اللہ رح)

= بین لهم ۔ (ابن عباس)

= و اترك البحر رهوا ۔ (س ۴۴ : ۲۴)

● ۔۔۔ فاوحینا الی موسی ان اضرب بعصاك البحر ۔ فانفلق فکان کل فرق کالطود العظیم [س ۲۶ : ۶۳

عام طور پر یہ معنی لئے جاتے ہیں کہ لاٹھی مارنے سے سمندر پھٹ گیا گویا کہ اس جملہ کو اس طرح پر بطور شرط و جزا کے قرار دیتے ہیں کہ شرط گویا علت ہے اور جزا اس کا معلول ۔ مگر یہ صحیح نہیں ، اس لئے

Marfat.com

کہ انفلق ماضی کا صیغہ ہے اور عربی زبان کا یہ قاعدہ ہے کہ جب ماضی جزا میں واقع ہوتی ہے تو اس کی دو حالتیں ہوتی ہیں ۔ اگر ماضی اپنے معنوں پر نہیں رہتی بلکہ شرط کی معلول ہوتی ہے تو اس وقت اس پر ف نہیں لاتے اور جب وہ اپنے معنوں پر باقی رہتی ہے اور جزا کی معلول نہیں ہوتی تب اس پر ف لاتے ہیں جیسے کہ اس مثال میں ہے :

ان اکرمتنی فاکرمتك امس یعنی اگر تعظیم کریگا تو میری تو میں تیری تعظیم کل کر چکا ہوں ۔ اس مثال میں جزا یعنی گذشتہ کل تعظیم کرنا شرط کی معلول نہیں ہے کیونکہ وہ اس سے پہلے ہوچکی تھی ۔ اسی طرح اس آیت میں سمندر کا پھٹ جانا یا زمین کا کھل جانا ضَرَبَ کا معلول نہیں ہو سکتا ۔ ۔ ۔

اِس مقام پر یہ بحث پیش آئے گی کہ جب ضَرَبَ کے معنی چلنے کے آتے ہیں تو اس کے صلہ میں فِیْ کا لفظ آتا ہے حالانکہ فاضرب بعصاك البَحر اور فاضرب بعصاك الحجر میں فِیْ نہیں ہے ۔ مگر فِیْ کے نہ ہونے سے کچھ حَرج نہیں ہے اس لئے کہ جب ضَرَبَ کے معنی چلنے کے لئے جاتے ہیں تو بواسطہ حرف جر یعنی فِیْ کے متعدی کیا جاتا ہے اور جو افعال کہ بَواسطہ حرف جر کے متعدی ہوتے ہیں ان میں حرف جر کو محذوف کرنا اور فعل کو بلا واسطہ مفعول کی طرف متعدی کرنا جائز ہے اور اس مفعول کو منصوب علی نزع الخافض کہتے ہیں ۔ اِس مقام پر فعل اضرب کے عصا کے ساتھ ربط دینے کو ایک حرف جر یعنی ب عصا پر آچکی تھی پھر اسی فعل کو مفعول کی جانب متعدی کرنے کے لئے دوسرے حرف جر فِیْ کا لانا کسی قدر فصاحت کلام کے مناسب نہ تھا اور اِس لئے اس کا حذف اولٰی تھا ۔ پس تقدیر کلام کی یہ ہے کہ فاضرب بعصاك فی البحر اور قرینہ حذف فِیْ کا خود قرآن سے پایا جاتا ہے کیونکہ یہی قصہ انہیں الفاظ سے سورۂ طٰہٰ (س ۲۰ : ۷۷) میں بھی آیا ہے جہاں فرمایا ہے کہ فاضرب لھم طریقا فی البحر ۔ پس ایک جگہ لفظ فِیْ مذکور ہے تو یہی قرینہ باقی مقامات میں اَس کے محذوف ہونے کا ہے ۔ اسی آیت میں فعل ضَرَبَ کے بلا واسطہ حرف جر متعدی الی المفعول ہونے کی مثال بھی موجود ہے ۔ ۔ ۔ اور لفظ طَرِیْقًا اس آیت میں اِضْرِبْ کا مفعول ہے اور بَلا واسطہ حرفِ جَر متعدی الی المفعول ہوا ہے ۔ (سید احمد رح)

● فقلنا اضرب بعصاك الحجر ۔ فانفجرت منه اثنتا عشرة عینا ۔ ۔ ۔ [س ۲ : ۶۰

(۳) = جَعَلَ کرنا ۔ بنانا ۔ ٹھہرانا ۔

● فلا تضربوا لله الامثال [س ۱۶ : ۷۴

= فلا تجعلوا لله اندادا (س ۲ : ۲۲)

● ۔ ۔ ۔ فضرب بینھم بسور ۔ ۔ ۔ [س ۵۷ : ۱۳

(۴) ڈال لینا ۔ رکھ لینا ۔ (+ ب)

● ۔ ۔ ۔ ولیضربن بخمرھن علی جیوبھن [س ۲۴ : ۳۱

(۵) = صَدَّ (تاج) ۔ روکنا ۔ بند کرنا ۔ (+ عن) ۔

● افنضرب عنکم الذکر صفحا ان کنتم قوما مسرفین [س ۴۳ : ۵

Marfat.com

= ایحسب الانسان ان یترك سدی ۔
(س ۷۵ : ۳۶)

فَضَرَبْنَا عَلٰی آذَانِهِمْ فِی الْكَهْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا
[س ۱۸ : ۱۱

= منعناهم السمع ۔ (ضحاك ۔ تاج)

اور کھوہ میں کئی سال تک ہم نے اُن کے کانوں پر مہر لگادی (لوگوں کے خیال کے مطابق وہ اس میں پڑے سوتے رہے یا غشی میں رہے یا مرے پڑے رہے ، چنانچہ اِنہیں خیالات کی رعایت سے آگے چلکر ایک جامع لفظ بَعَثْنَاهُمْ آیا ہے جو سونے کے بعد اُٹھنے پر غشی کے بعد افاقہ ہونے پر یا مرنے کے بعد زندہ ہونے پر یکساں استعمال ہوتا ہے) ۔

وَخُذْ بِیَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ
(س ۳۸ : ۴۳) اور اختیار کر مختصر متاع دنیا اور اسی سے رك رہ (اسی پر قناعت کر) ، اور گناہ نہ کر ۔

(۶) مثال بیان کرنا اور اسی سے سمجھانا ۔

● ۔۔۔ کذلك یضرب الله الحق و الباطل
[س ۱۳ : ۱۷

● وقالوا ءآلهتنا خیر ام هو ۔ ما ضربوه لك الا جدلا ۔ [س ۴۳ : ۵۸

● ۔۔۔ والتی تخافون نشوزهن فعظوهن واهجروهن فی المضاجع و اضربوهن
[س ۴ : ۳۴

= و اضربوا لهن مثلا ۔ اور انہیں مثالیں دیکر سمجھاؤ ۔

● وضرب الله مثلا [س ۱۶ : ۷۵

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا ۔ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۔ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۔ كَذٰلِكَ یُحْیِ اللّٰهُ الْمَوْتٰی وَیُرِیْكُمْ آیٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ (س ۲ : ۷۲)

اور اے بنی اسرائیل! تم نے تو عنقریب ایک جلیل القدر شخص کو (حضرت مسیح کو) مار ہی ڈالا تھا ، پھر اس کے مرنے کے بارے میں تم میں اختلاف ہوا (کوئی کہتا تھا کہ وہ مارے گئے اور کوئی اس کے خلاف) حالانکہ خدا ظاہر کرنے والا تھا اس بات کو جو تم چھپاتے تھے ۔ خدا کا فرمان ہوا کہ اچھا بیان کرو اِس کی مثال کچھ موت ہی کی سی کیفیت کے ساتھ ۔ (یہ امر تم پر مشتبہ ہو گیا اور تم نے اس کے مرنے کے یوں ہی قصے بنالئے) ۔ یوں خدا زندہ رکھ لیتا ہے جن کو تم مردے قرار دیتے ہو اور تم کو اپنی قدرت دکھاتا ہے کہ سمجھو اور بے وقوف نہ بنو ۔

ضَرْبٌ (اِسم فعل) مارنا ۔ مار ۔ چلنا پھرنا ۔

فَضَرْبَ الرِّقَابِ (س ۴۷ : ۴)

= فاضربوا الرقاب ضربا ۔ (بیضاوی)

ضَرَعَ

ضَرِیْعٌ کوئی سوکھا درخت یا پودھا ۔ (تاج ۔ قاموس) [س ۸۸ : ۶

تَضَرَّعَ عاجزی کا اظہار کرنا ۔

● ۔۔۔ لعلهم یتضرعون [س ۶ : ۴۲

اِضَّرَّعَ = تَضَرَّعَ

● ۔۔۔ لعلهم یضرعون [س ۷ : ۹۴

تَضَرُّعٌ (اِسم فعل) عاجزی ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ ادعوا ربکم تضرعا ۔۔۔
[س ۷ : ۵۴

ضَعُفَ

ضَعَفَ کمزور ہونا ۔
ضَعُفَ = ضَعَفَ [س ۲۲ : ۷۲
ضَعْفٌ (اِسم فعل) کمزوری ۔
● ۔۔۔ وعلم ان فیکم ضعفا [س ۸ : ۶۷
ضُعْفٌ = ضَعْفٌ
● خلقکم من ضعف [س ۳۰ : ۵۴
ضِعْفٌ (جمع أَضْعَافٌ) مانند ۔ مثل ۔ برابر حصہ ۔ اُتنا ہی اور ۔ دوگنا ۔ [س ۷ : ۳۶
● ۔۔۔ اضعافا کثیرة [س ۲ : ۲۵۴
۔۔۔ إِذًا لَأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ (س ۱۷ : ۷۵) تب ہم ضرور تجھے دوگنا زندگی کا اور دوگنا موت کا مزہ چکھاتے ۔
ضِعْفَانِ (تثنیہ) دو برابر حصے ۔ دوگنا ۔
[س ۲ : ۲۶۵
ضِعَافٌ (جمع ۔ واحد ضَعُوفٌ ۔ مذکر ومؤنث) کمزور ۔ [س ۴ : ۸
ضَعِيفٌ (جمع ضُعَفَآءُ) کمزور ۔
[س ۴ : ۲۷
أَضْعَفُ (أفعل التفضیل) نہایت ضعیف، کمزور ۔
[س ۱۹ : ۷۶
ضَاعَفَ دونا کرنا یا دونا دینا ۔
[س ۲ : ۲۶۱

مُضَاعَفٌ (اِسم مفعول) دونا کیا ہوا ۔
● ۔۔۔ اضعافا مضاعفة [س ۲ : ۱۲۹
مُضْعِفٌ (اِسم فاعل) دونا کرنے والا ۔
[س ۳۰ : ۳۹
اِسْتَضْعَفَ کسی کو کمزور سمجھنا اور اس پر ظلم کرنا ۔ کسی کی کمزوری سے فائدہ اُٹھانا ۔
● ان القوم استضعفونی و کادوا یقتلوننی
[س ۷ : ۱۵۰
مُسْتَضْعَفٌ (اسم مفعول) جس کو ضعیف سمجھا گیا اور اس پر ظلم کیا گیا ۔ محکوم ۔
[س ۴ : ۷۵

ضَغَثَ

ضِغْثٌ (جمع أَضْغَاثٌ) مختصر متاع دنیا ۔ (نہایہ) [س ۳۸ : ۴۴
أَضْغَاثٌ (جمع) پریشان ۔ پراگندہ ۔
[س ۱۲ : ۴۴

ضَغَنَ

أَضْغَانٌ (جمع ۔ واحد ضِغْنٌ) کینہ ۔ نفرت ۔
[س ۴۷ : ۲۹

ضَفْدَعَ

ضِفْدَعٌ (جمع ضَفَادِعُ) مینڈک ۔
[س ۷ : ۱۳۳

ضَلَّ

ضَلَّ (۱) غلطی کرنا (+ بِ)
(۲) بہک جانا (+ عَنْ)

Marfat.com

(۳) نقصان کرنا (+ عَلٰی) [س ۳۴ : ۳۹
(۴) خیال سے نکل جانا یا بھلا دینا ۔
● و اذا مسکم الضر فی البحر ضل من تدعون الا ایاہ [س ۱۷ : ۶۹
● ۔۔۔ لا یضل ربی [س ۲۰ : ۵۲
● ۔۔۔ ان تضل احدیھما فتذکر احدیھما الاخری [س ۲ : ۲۸۲
(۵) ساتھ چھوڑ دینا ۔ وقت پر دھوکا دینا ۔ (زمخشری)
(۶) گم ہوجانا ۔ چھپ جانا ۔ (+ فِیْ) ۔
● و قالوا ءاذا ضللنا فی الارض ءانا لفی خلق جدید [س ۳۲ : ۹
ضَالٌّ (اِسم فاعل) (۱) غلطی کرنے والا ۔ [س ۶۸ : ۲۶
(۲) بہک جانے والا ۔ بھٹکا ہوا ۔
(۳) ناواقف ۔
● قال فعلتھا اذا و انا من الضالین [س ۲۶ : ۲۰
(۴) طلب راہ میں سرگرداں و پریشان ۔
● ۔۔۔ و وجدک ضالا فھدی [س ۹۳ : ۷
= ما کنت تدری ما الکتاب ولا الایمان ۔۔۔ (س ۴۲ : ۵۲)
ضَلَالٌ غلطی ۔ خطا ۔
ضَلَالَۃٌ = ضَلَالٌ
أَضَلُّ (اَفعل التفضیل) نہایت بہکا ہوا ۔ [س ۷ : ۱۷۸
تَضْلِیْلٌ (اِسم فعل) غلطی ۔
● الم یجعل کیدھم فی تضلیل [س ۱۰۵ : ۲
= فی تضیع ۔ (کشاف ۔ بیضاوی)
أَضَلَّ (۱) گمراہ کرنا ۔ بہکانا ۔
(۲) گمراہ ہونے دینا ۔ بھٹکنے دینا ۔
● ۔۔۔ و ما یضل بہ الا الفاسقین [س ۲ : ۲۶
(۳) رائیگاں کرنا ۔ ضائع کرنا ۔
● ۔۔۔ اضل اعمالھم [س ۴۷ : ۱
(۴) = أَھْلَکَ (لسان ۔ تاج ۔ صحاح) ھلاک کرنا ۔
● ۔۔۔ لھمت طائفۃ منھم ان یضلوک [س ۴ : ۱۱۳
مُضِلٌّ (اِسم فاعل) گمراہ کرنے والا ۔

ضَمَّ

ضَمَّ (+ اِلٰی) ملا لینا ۔
أسلک یدک فی جیبک تخرج بیضاء من غیر سوء وَاضْمُمْ اِلَیْکَ جَنَاحَکَ مِنَ الرَّھْبِ (س ۲۸ : ۳۲) (اے موسی ! تو فرعون کے پاس جانے سے ڈرتا کیوں ہے؟ کیا تو نے واقعی کوئی جرم کیا ہے ؟) اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال ، (اپنے دل میں سوچ) تو پائیگا اپنا ہاتھ صاف کا صاف ، بے عیب ، (تیرا کوئی قصور نہیں کہ تو ڈرے) اور خوف رفع کرنے کے لئے اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں لے لے ، (گھبرا نہیں ، بلکہ تجلد اور ضبط سے کام لے) ۔

ضَمَرَ

ضَامِرٌ (اِسم فاعل) دُبلا ، پتلا ، تیز رفتار سواری کا جانور ۔ [س ۲۲ : ۲۷

ضَنَّ

ضَنِیْنٌ بخیل ۔
وَمَا ھُوَ عَلَی الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍ (س ۸۱ : ۲۴)

Marfat.com

ورنہ خدا غیب کی بات بتانے میں بخل نہیں کرتا (مگر کوئی ہو بھی تو اس کا اہل) ۔

ضَنُكَ

ضَنْكٌ (اِسم فعل ۔ مذکر و مؤنث) تنگ ۔ [س ۲۰ : ۱۲۴

ضَهِيَ

ضَاهَى (= ضَاهَأَ) مشابہ ہونا ۔ ملتا جلتا ہونا ۔
● ۔۔۔ یضاھئون قول الذین کفروا [س ۹ : ۳۰
يُضَاهِئُوْنَ = يُضَاهُوْنَ = يُضَاهُوْنَ

ضَآءَ

ضِيَآءٌ روشنی (جو بالذات ہو) ۔
● ھو الذی جعل الشمس ضیاء و القمر نورا [س ۱۰ : ۵
= وجعل القمر فیھن نورا وجعل الشمس سراجا (س ۷۱ : ۱۶)
أَضَآءَ روشن کرنا ۔ [س ۲ : ۱۷

ضَارَ

ضَيْرٌ (اِسم فعل) مضرت ۔ نقصان ۔ حرج ۔
● قالوا لا ضیر ۔ انا الی ربنا منقلبون [س ۲۶ : ۵۰

ضَازَ

ضِيْزَى (= ضُيْزَى) (۱) بیجا تقسیم ۔
(۲) = حَائِرَةٌ حیرت انگیز ۔ (اِبن عباس) [س ۵۳ : ۲۲

ضَاعَ

أَضَاعَ ضائع ہونے دینا ۔ غفلت کرنا ۔ خیال نہ رکھنا ۔
● ۔۔۔ انی لا اضیع عمل عامل [س ۳ : ۱۹۵

ضَافَ

ضَيْفٌ (اِسم فعل ۔ واحد اور جمع) مہمان ۔ [س ۵۴ : ۳۷
ضَيَّفَ ضیافت کرنا ۔ مہمان نوازی کرنا ۔
● ۔۔۔ فابوا ان یضیفوھما [س ۱۸ : ۷۸

ضَاقَ

ضَاقَ تنگ (دل) ہونا ۔
وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا (س ۱۱ : ۷۹) اس نے ان کے بارے میں اپنی طاقت کو تنگ پایا، اپنے تئیں ناقابل پایا ۔ وہ اُن کو بچانے کے لئے پریشان ہوا ۔
ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ (س ۹ : ۱۱۹) زمین ان پر تنگ ہوگئی ۔
ضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ (س ۹ : ۱۱۸) ان کی جانیں بھی ان کے لئے ضیق ہوگئیں ۔
ضَيْقٌ (اِسم فعل) تنگ دلی ۔ تکلیف ۔ رنج ۔
● ۔۔۔ ولا تک فی ضیق مما یمکرون [س ۱۶ : ۱۲۷
ضَيِّقٌ تنگ ۔ [س ۶ : ۱۲۵
ضَائِقٌ (اِسم فاعل) وہ جو تنگ ہو ۔
● ۔۔۔ وضائق بہ صدرک ان یقولوا لولا انزل علیہ کنز [س ۱۱ : ۱۲
ضَيَّقَ (+ عَلٰى) تنگ کرنا ۔ مصیبت میں ڈالنا ۔
● ۔۔۔ ولا تضاروھن لتضیقوا علیھن [س ۶۵ : ۶

Marfat.com

«باب الطاء»

طَالُوْتُ

طَالُوْتُ طالوت بنی اسرائل کا بادشاہ ۔

طَبَعَ

طَبَعَ (+ عَلٰی) = خَتَمَ مہر کردینا ۔ بند کردینا ۔

طَبَعَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ خدا نے سزاءً ان کے دلوں پر مہر کردی ہے ۔ اس نے ان کو بند کردیا، ان کے دل کام نہیں دے سکتے، ان کے دل و دماغ معطل ہوگئے ہیں ۔ یہ شقی القلب ہوگئے ہیں ۔

= فی قلوبهم مرض و القاسية قلوبهم ۔ [س ۲۲ : ۵۲

= ختم الله علی قلوبهم (س ۲ : ۷)

● ولكن من شرح بالكفر صدرا فعليهم غضب من الله ۔۔۔ اولئک الذين طبع الله علی قلوبهم و سمعهم و ابصارهم ۔ اولئک هم الغافلون [س ۱۶ : ۱۰۶ - ۱۰۸

= لهم قلوب لا يفقهون بها و لهم اعين لا يبصرون بها ولهم آذان لا يسمعون بها ۔۔۔ (س ۷ : ۱۷۹)

= ۔۔۔ بل ران علی قلوبهم ما كانوا يكسبون (س ۸۳ : ۱۴)

● ۔۔۔ فطبع الله علی قلوبهم فهم لا يفقهون [س ۶۳ : ۳

= جعلنا علی قلوبهم اكنة ان يفقهوه ۔ (س ۶ : ۲۵)

= جعلنا قلوبهم قاسية ۔ (س ۵ : ۱۳)

● ۔۔۔ وطبع الله علی قلوبهم فهم لا يعلمون [س ۹ : ۹۳

● ۔۔۔ و نطبع علی قلوبهم فهم لا يسمعون [س ۷ : ۱۰۰

● ۔۔۔ كذلک يطبع الله علی قلوب الكافرين [س ۷ : ۱۰۱

● ۔۔۔ كذلک نطبع علی قلوب المعتدين [س ۱۰ : ۷۴

● ۔۔۔ كذلک يطبع الله علی قلوب الذين لا يعلمون [س ۳۰ : ۵۹

● ۔۔۔ كذلک يطبع الله علی كل قلب متكبر جبار [س ۴۰ : ۳۵

طَبَقَ

طَبَقٌ حالت ۔ (صحاح ۔ تاج ۔ قاموس)

طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ (س ۸۴ : ۱۹) درجہ بدرجہ ۔ زینہ بہ زینہ ۔

● ۔۔۔ لتركبن طبقا عن طبق [س ۸۴ : ۱۹

از جمادی مردم و نامی شدم
و زنبا مردم بحیوان سر زدم
مردم از حیوانی و آدم شدم
پس چه ترسم کے زمردن کم شدم
حمله دیگر بمیرم از بشر
تا برآرم از ملائک بال و پر
بار دیگر از ملک قربان شوم
آنچه اندر وهم نآید آن شوم

Marfat.com

پس عدم گردم عدم چون ارغنون
گویدم کانا الیه راجعون
(مولینا روم)

طِبَاقٌ (جمع - واحد طَبَقَةٌ) ایک دوسرے سے مطابقت رکھتے ہوئے -
● الم تروا کیف خلق الله سبع سموات طباقا وجعل القمر فیهن نورا وجعل الشمس سراجا [س ۷۱ : ۱۵
= لعل المراد کونها طباقا کونها متوازیة لا انها متماسة - (ابن کثیر)

طِبْنَ (جمع مؤنث غائب ماضی)
[طَابَ (= طَیَبَ)

طَحَی

طَحَی کشادہ کرنا - پھیلانا -

طَرَحَ

طَرَحَ دور کرنا - پھینکنا - نکال باہر کرنا -
●---اقتلوا یوسف او اطرحوه ارضا---
[س ۱۲ : ۹

طَرَدَ

طَرَدَ حقیر سمجھ کر دور کرنا -
● ولا تطردا الذین یدعون ربهم [س ۶ : ۵۲
طَارِدٌ (اسم فاعل) حقیر سمجھکر دور کرنے والا -
● وما انا بطارد المؤمنین [س ۲۶ : ۱۱۴

طَرَفَ

طَرْفٌ (اِسم فعل - واحد وجمع) آنکھ - نظر - پلک کی حرکت -

قَبْلَ اَنْ یَرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ (س ۲۷ : ۴۰)
تیری آنکھ جھپکنے سے پہلے -
مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ (س ۴۲ : ۴۵) کن انکھیوں سے -
قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ (س ۵۵ : ۵۶) [تحت قصر
طَرَفٌ (جمع أَطْرَافٌ) (۱) = نَاحِیَةٌ (صحاح - قاموس -) جانب - کنارہ - ملک کا حصہ -
● انا ناتی الارض ننقصها من اطرافها
[س ۱۳ : ۴۱
(۲) سردار - شریف آدمی - (صحاح)
● --- لیقطع طرفا من الذین کفروا
[س ۳ : ۱۲۶
(۳) = طائفة - (کشاف - صحاح - قاموس) گروہ - جماعت -
طَرَفَیِ النَّهَارِ (س ۱۱ : ۱۱۶)
= أَطْرَافَ النَّهَارِ (س ۲۰ : ۱۳۰)
= غدوة وعشیة صبح وشام -

طَرَقَ

طَارِقٌ (اسم فاعل) وہ ستارہ جو رات کو دکھائی دیتا ہے -
أَلطَّارِقُ صبح کا ستارہ - [س ۸۶ : ۱
طَرِیْقٌ (مذکر ومؤنث) راستہ -
طَرِیْقَةٌ (۱) راستہ - (۲) چال چلن -

Marfat.com

(۳) مذهب ۔ مسلك ۔
(۴) معزز لوگ ۔ رؤساء (به معنی جمع) [س ۲۰ : ۶۶
أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً (س ۲۰ : ۱۰۴) بہترین چال چلن والے ۔
بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ (س ۲۰ : ۶۳)
(۱) تمہارے بہترین طریقے کو ۔
(۲) تمہارے بہترین پیشواؤں کو ۔

طَرَآئِقُ (جمع ۔ واحد طَرِيقَةٌ)
(۱) = حُبُكٌ (س ۵۱ : ۷) ستاروں کے چلنے کے راستے ۔
(۲) مجازاً ظرف سے مظروف به معنی ستارے، کواکب ۔
● ولقد خلقكم فوقكم سبع طرائق [س ۲۳ : ۱۷
(۳) طریقے ۔ مذاهب ۔
● ۔۔۔ كنا طرائق قددا [س ۷۲ : ۱۱

طَرَا (= طَرِيَ)

طَرِيٌّ تازه ۔
● لتاكلوا منه لحما طريا [س ۱۶ : ۱۴
لَحْمًا طَرِيًّا (س ۱۶ : ۱۴) تازه غذا، بمعنی مچھلی ۔

طٰسٓ

طٰسٓ محض حروف تہجی ۔
طٰسٓ ۔ تِلْكَ آيَاتُ الْقُرْآنِ وَكِتَابٍ مُبِينٍ (س ۲۷ : ۱) طَا، سِيْن، یہ ہیں نشانیاں پڑھنے کی اور واضح لکھائی کی ۔

طٰسٓمٓ

طٰسٓمٓ ، تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ (س ۲۶ : ۱ و ۲؛ س ۲۸ : ۱ و ۲) یہ ہیں نشانیاں واضح لکھائی کی ۔

طَعِمَ

طَعِمَ کھانا ۔ چکھنا ۔ پینا ۔
● ۔۔۔ فمن شرب منه فليس مني ومن لم يطعمه فانه مني ۔۔۔ [س ۲ : ۲۴۹
طَاعِمٌ (اِسم فاعل) وہ جو کھائے ۔ کھانے والا ۔ [س ۶ : ۱۴۶
طَعْمٌ (اِسم فعل) ذائقه ۔ [س ۴۷ : ۱۶
طَعَامٌ (اِسم فعل) (۱) کھانا ۔
(۲) کھانے کی چیز ۔ [س ۵ : ۹۷
(۳) کھلانا ۔ کھانا دینا ۔
● ۔۔۔ فدية طعام مسكين [س ۲ : ۱۸۰
● ۔۔۔ او كفارة طعام مساكين [س ۵ : ۹۶
أَطْعَمَ کھلانا ۔ کھانا دینا ۔
● ۔۔۔ اطعمهم من جوع [س ۱۰۶ : ۳
إِطْعَامٌ (اِسم فعل) کھلانا ۔ [س ۹۰ : ۱۴
إِسْتَطْعَمَ کھانا مانگنا ۔ [س ۱۸ : ۷۶

طَعَنَ

طَعَنَ (+ فِيْ) عیب لگانا ۔ طعن مارنا ۔
طَعْنٌ (اِسم فعل) طعن ۔ [س ۴ : ۴۶

Marfat.com

طَغَا

طَغَی (= طَغِیَ) (۱) حد سے گزر جانا ۔ نافرمانی کرنا ۔ فساد کرنا ۔

● ۔۔۔ الذین طغوا فی البلاد [س ۸۹ : ۱۱

(۲) سیلاب آنا ۔

● ۔۔۔ لما طغا الماء [س ۶۹ : ۱۱

(۳) غلطی کرنا ۔

● مازاغ البصر وماطغی [س ۵۳ : ۱۷

طُغْیَانٌ (اِسم فعل) سرکشی ۔ زیادتی کرنا ۔ [س ۲ : ۱۵

طَاغٍ (= طَاغِیٌ اِسم فاعل) سرکش ۔

● ۔۔۔ بل هم قوم طاغون [س ۵۱ : ۵۳

طَاغِیَةٌ بجلی کی کڑک اور طوفان ۔ سخت عذاب ۔ [س ۶۹ : ۵

أَطْغَی (= أَطْغٰی افعل التفضیل) نہایت سرکش ۔ [س ۵۳ : ۵۲

طَغْوَی سرکشی ۔

● کذبت ثمود بطغوٰها [س ۹۱ : ۱۱

طَاغُوتٌ (واحد بہ معنی جمع) سرکشی اور فساد کی طرف لے جانے والی چیزیں ۔ [س ۲ : ۲۵۷

أَطْغَی سرکشی کرانا ۔ سرکش بنانا ۔

● ۔۔۔ ما اطغیته ولکن کان فی ضلال بعید [س ۵۰ : ۲۶

طَفَّ

تَطْفِیفٌ (اسم فعل) وزن میں کمی کرنا ۔ دھوکا دینا ۔ ناپ اور تول میں کمی ۔ ادائیگی حق میں کمی ۔

مُطَفِّفٌ (اسم فاعل) وہ جو وزن میں کمی کرے ۔ وہ جو ادائیگی حق میں کمی کرے ۔ دھوکا دینے والا ۔

● ویل للمطففین الذین اذا اکتالوا علی الناس یستوفون واذا کالوهم اووزنوهم یخسرون [س ۸۳ : ۱

طَفِئَ

أَطْفَأَ بجھادینا ۔ گل کردینا ۔

● ۔۔۔ یریدون لیطفؤا نوراللہ ۔۔۔ [س ۶۱ : ۸

طَفِقَ

طَفِقَ (۱) شروع کرنا ۔ کام میں لگ جانا ۔

● فطفق مسحا بالسوق والاعناق [س ۳۸ : ۳۳

(۲) ارادہ کرنا ۔ (لغت غسان)

طَفُلَ

طِفْلٌ (واحد و جمع) بہت چھوٹا بچہ ۔ [س ۲۲ : ۵

أَطْفَالٌ (جمع) بچے ۔ [س ۲۴ : ۵۹

طَلَّ

طَلٌّ شبنم ۔ اُوس ۔ نمی ۔ [س ۲ : ۲۶۵

طَلَبَ

طَلَبَ (۱) تلاش کرنا ۔ (۲) پیچھا کرنا ۔

Marfat.com

● یغشی اللیل النهار یطلبه حثیثا
[س ۷ : ۵۴

طَلَبٌ (اِسم فعل) تلاش کرنا ۔ تلاش کر کے نکالنا ۔
●۔۔۔ فلن تستطیع له طلبا [س ۱۸ : ۳۹

طَالِبٌ (اِسم فاعل) درخواست کرنے والا ۔
[س ۲۲ : ۷۳

مَطْلُوْبٌ (اِسم مفعول) وہ جس سے درخواست کی جائے ۔ [س ۲۲ : ۷۳

طَلَحَ

طَلْحٌ کیلے کا درخت ۔ [س ۵۶ : ۲۸

طَلَعَ

طَلَعَ چڑھنا ۔ اُٹھنا ۔ (آفتاب کا) نکلنا ۔

طَلْعٌ (۱) کھجور کا گابھ (جس کے اندر کھجور کے پھول بند رہتے ھیں) یا کھجور جب یہ پھوٹ کر نکلتا ھے ۔ [س ۶ : ۱۰۰
(۲) خوشہ یا پھل ۔
● و من النخل من طلعها قنوان دانیة ۔۔۔ انها شجرة تخرج فی اصل الجحیم طلعها کانه رء وس الشیاطین ۔ فانهم لا کلون منها
[س ۳۷ : ۶۴

طُلُوْعٌ (اسم فعل) نکلنا ۔ اُٹھنا ۔
[س ۲۰ : ۱۳۰

مَطْلَعٌ (اسم فعل) طلوع کا وقت (آفتاب کے) ۔
[س ۹۷ : ۵

مَطْلِعٌ (اسم فعل) آفتاب کے طلوع کا مقام ۔
[س ۱۸ : ۹۰

مَطْلِعَ الشَّمْسِ (س ۱۸ : ۹۰) [تحت شَمَسَ

أَطْلَعَ (+ عَلٰی) ظاھر کرنا ۔ اطلاع دینا ۔
● وما کان الله لیطلعکم علی الغیب
[س ۳ : ۱۷۸

اِطَّلَعَ (= اِطْتَلَعَ) (۱) چڑھنا (+ اِلٰی)
●۔۔۔ اطلع الی اله موسی [س ۲۸ : ۳۸
(۲) تہ کو پہنچنا ۔ کنہ کو پہنچنا ۔
●۔۔۔ اطلع الغیب ام اتخذ عند الرحمان عهدا ۔۔۔ [س ۱۹ : ۷۸

أَطَّلَعَ (س ۱۹ : ۸۱)

= أَاطَّلَعَ
(۳) جھانک کر دیکھنا ۔
● فاطلع فرآه فی سواء الجحیم [س ۳۷ : ۵۲
(۴) آپہنچنا ۔ آ لینا ۔ (+ عَلٰی) ۔

مُطَّلِعٌ (اسم فاعل) وہ جو جھانک کر دیکھے ۔
[س ۳۷ : ۵۲

طَلَقَ

طَلَاقٌ (اسم فعل) نکاح کی بندش سے آزاد کرنا ۔ طلاق ۔ [س ۲ : ۲۲۹

طَلَّقَ طلاق دینا ۔ [س ۲ : ۲۳۱

مُطَلَّقَةٌ (مؤنث ۔ اسم مفعول) طلاق دی ھوئی بی بی ۔ [س ۲ : ۲۴۱

اِنْطَلَقَ (۱) روانہ ھونا ۔ اپنا راستہ لینا ۔
[س ۷۷ : ۳۰
(۲) آسانی سے چلنا (زبان) ۔
●۔۔۔ ویضیق صدری ولا ینطلق لسانی ۔۔۔
[س ۲۶ : ۱۳

Marfat.com

طَمَّ

طَامَّةٌ سخت‌ترین مصیبت - [س ۷۹ : ۳۴

اَلطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى (س ۷۹ : ۳۴) زبردست مصیبت کی گھڑی -

طَمَثَ

طَمَثَ چھونا - ہاتھ لگانا (بیوی کو) -

● - - - لم یطمثهن انس قبلهم ولا جان [س ۵۵ : ۵۶

= لم یمسسهن - (لسان)

طَمَسَ

طَمَسَ (+ عَلٰی) مٹا دینا - برباد کردینا -

● - - - ربنا اطمس علی اموالهم [س ۱۰ : ۸۸

- - - اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا (س ۴ : ۵۰) کہ ہم نے مسخ کردئے ان کے چہرے، یا ان کے سرداروں کو برباد کردیا -

- - - فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ (س ۵۴ : ۳۷) لوط کی قوم کی آنکھیں ہم نے بیکار کردیں، (جب سدوم کے آتشین پہاڑوں اور زمین کی گندھک اور نفطہ میں آتش پیدا ہوئی کہ اس کے دھوئیں کے گھٹ جانے سے ان کی آنکھیں بیکار ہوگئیں) -

طَمِعَ

قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (س ۶۵ : ۳)

خدا نے ہر چیز کے لئے ایک حساب رکھا ہے ۔

(۳) قدر ۔ اِستطاعت ۔ طاقت ۔ عظمت ۔

لَيْلَةُ الْقَدْرِ (س ۹۷ : ۱)

= لَيْلَةٌ مُّبٰرَكَةٌ (س ۴۴ : ۳) مبارک رات ۔ وہ رات جس میں آنجناب کی ریاضتیں ٹھکانے لگیں ، جس میں آپ پر پہلی بار وحی نازل ہوئی ۔ یہ ماہ رمضان کی ایک رات تھی (س ۲ : ۱۸۵) چنانچہ فرمایا ہے : لیلة القدر خیر من الف شهر ۔ تنزل الملائکة والروح فیها باذن ربهم من کل امر سلام ۔ هی حتی مطلع الفجر (س ۹۷ : ۳)

قَدَرٌ (اِسم فعل) (۱) مقرر شدہ ۔ مقدر ۔ [س ۲۰ : ۴۱

(۲) مقررہ مقدار ۔ مقررہ ناپ ۔ حساب ۔

- وما ننزله الا بقدر معلوم [س ۱۵ : ۲۱

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُورًا (س ۳۳ : ۳۹) اور خدا کا معاملہ تو ایک حساب کے ساتھ مقرر کیا ہوا ہوتا ہے ۔

(۳) وسعت ۔

- ۔۔۔ علی الموسع قدره و علی المقتر قدره [س ۲ : ۲۳۷

(۴) = مَوْعِدٌ (تاج) مقررہ وقت یا جگہ ۔

- ثم جئت علی قدر یا موسی [س ۲۰ : ۴۱

قُدُورٌ (جمع ۔ واحد قِدْرٌ مذکر و مؤنث) دیگیں ۔

قُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ (س ۳۴ : ۱۳) وزنی دیگیں ۔

قَادِرٌ (اسم فاعل) وہ جو طاقت رکھتا ہے ، غالب ہے ۔ [س ۶ : ۶۵

Marfat.com

قَدِیْرٌ زبردست قدرت رکھنے والا۔
[س ۱۶ : ۷۰
مَقْدُوْرٌ (اِسم مفعول) ایک حساب سے مقرر کیا ہوا۔
● وکان امر اللہ قدرا مقدورا [س ۳۳ : ۳۸
مِقْدَارٌ (۱) حساب۔ قاعدہ۔
● وکل شیٔ عندہ بمقدار [س ۱۳ : ۹
(۲) مُدّت۔
● ۔۔۔ فی یوم کان مقدارہ خمسین الف سنۃ
[س ۷۰ : ۴
قَدَّرَ (۱) بہ مقتضائے حکمت ترتیب دینا۔ مقدر کرنا۔ دائرۂ عمل تجویز کرنا۔
● ۔۔۔ والذی قدر فھدی [س ۸۷ : ۳
(۲) مقرر کرنا۔
● ۔۔۔ وقدر فیھا اقواتھا [س ۴۱ : ۱۰
(۳) حکم دینا۔
● ۔۔۔ الا امراتہ قدرنا انھا لمن الغابرین
[س ۱۵ : ۶۰
= جَعَلْنَا (تاج)
(۴) تدبیر کرنا۔
اِنَّہٗ فَکَّرَ وَقَدَّرَ (س ۷۴ : ۱۸) وہ فکر میں لگا اور تدبیریں کیں۔
(۵) ماپنا یا ناپنا۔
قَدَّرُوْھَا تَقْدِیْرًا (س ۷۶ : ۱۶) وہ لوگ اس کو ناپیں گے ناپ سے۔
وَقَدَّرْنَا فِیْھَا السَّیْرَ (س ۳۴ : ۱۷) اور منزلیں مقرر کردیں ہم نے ان میں آنے جانے کی۔
(مولینا محمود حسن رح)

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَیْنَکُمُ الْمَوْتَ (س ۵۶ : ۶۰)
ہم نے حساب سے تم لوگوں میں موت رکھی ہے۔
وَقَدَّرَہٗ مَنَازِلَ (س ۱۰ : ۵) اور اس نے حساب سے (چاند کی) منزلیں مقرر کی ہیں۔
وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ اللَّیْلَ وَالنَّھَارَ (س ۷۳ : ۲۰)
اور خدا نے رات اور دن حساب سے مقرر کئے ہیں۔
وَقَدِّرْ فِی السَّرْدِ (س ۳۴ : ۱۱) اور کڑیوں کے ملانے میں حساب رکھو، کڑیاں حساب سے ملاؤ۔
تَقْدِیْرٌ (اِسم فعل) (۱) بہ مقتضائے حکمت ترتیب دینا۔
(۲) حساب سے مقرر کیا ہوا انتظام۔
● ۔۔۔ والشمس والقمر حسبانا۔ ذلک تقدیر العزیز العلیم [س ۶ : ۹۷
مُقْتَدِرٌ (اِسم فاعل) = قَدِیْرٌ قدرت والا۔ غالب۔ (+ عَلٰی) [س ۴۳ : ۴۲

قَدَسَ

قُدُسٌ = قُدْسٌ (صحاح۔ قاموس) پاکیزگی۔ صفائی۔ برکت۔ (لسان)۔ رحمت۔ فضل۔ (تاج)
رُوْحُ الْقُدُسِ (۱) فرشتۂ رحمت۔
(۲) ملکۂ نبوت۔ [س ۱۶ : ۱۰۲
= الروح الامین (س ۲۶ : ۱۹۳)
= جبریل (س ۲ : ۹۷)
(۳) وحی مقدس۔ [س ۲ : ۸۷

Marfat.com

اَلْقُدُّوْسُ پاک ذات باری ۔ با برکت ذات باری ۔ [س ۵۹ : ۲۳

قَدَّسَ (+ لِ) پاک ثابت کرنا ۔ صاف ظاہر کرنا ۔

نُقَدِّسُ لَكَ (س ۲ : ۲۸) (۱) ہم تیری پاکیزگی بیان کرتے ہیں (لوگ جو جھوٹی باتیں تیرے بارے میں بناتے ہیں ہم ان سب سے تجھے بری ثابت کرتے ہیں) ۔
(۲) ہم محض تیرے ہی لئے اپنے تئیں برائیوں سے پاک رکھتے ہیں ۔ (زجاج) ۔
(۳) ہم محض تیری ہی وجہ سے (تیری ہی خوشنودی کے لئے) دنیا جہان کے لئے باعث برکت ہیں (اُن کو فائدے پہنچاتے ہیں) ۔

مُقَدَّسٌ (اِسم مفعول) صاف ، پاک کیا ہوا ۔ مبارک کیا ہوا ۔ برکت دی ہوئی ۔
[س ۲۰ : ۱۲

اَلْاَرْضُ الْمُقَدَّسَةَ (س ۵ : ۲۱) وہ سرزمین جہاں زندگی کے ہر طرح کے سامان مہیا ہوں ۔ عریش جو مصر اور فرات کے درمیان کی سرزمین تھی جس کے بارے میں عہد عتیق میں ہے کہ وہاں دودھ اور شہد بہتا تھا ۔ (کتاب گنتی باب ۱۳ : ۲۷)

قَدَمَ

قَدَمَ اِقدام کرنا ۔ آگے چلنا ۔

● یقدم قومه یوم القیامة [س ۱۱ : ۹۸

قَدِمَ (+ اِلٰی) رجوع ہونا ۔ آنا ۔

● ۔۔۔ وقدمنا الی ماعملوا [س ۲۵ : ۲۳

قَدَمٌ (۱) تقدم (باعتبار زمانہ یا شرف) سبقت فضیلت ۔
(۲) (مؤنث) پاؤں ۔ (جمع اَقْدَامٌ)
[س ۱۶ : ۹۴

قَدَمَ صِدْقٍ (س ۱۰ : ۲) [تحت صَدَقَ

قَدِيْمٌ قدیم ۔ پرانا ۔ [س ۳۶ : ۱۱

اَلْقَدَمُوْنَ اگلے زمانہ کے لوگ ۔
[س ۲۶ : ۷۶

قَدَّمَ (+ لِ) (۱) کسی پر (مصیبت) لانا ۔

● ۔۔۔ مَن قدم لنا هذا فزده عذابا
[س ۳۸ : ۶۱

(۲) پہلے سے کوئی کام کرنا ، تیاری کرنا ، پہلے سے بتانا ۔

● لبئس ماقدمت لهم انفسهم ۔۔۔
[س ۵ : ۸۰

● وقد قدمت الیکم بالوعید [س ۵۰ : ۲۸

۔۔۔ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ (س ۲ : ۲۲۳) اور پہلے سے خیال رکھو اور اپنے تئیں تیار کرو اپنی آئندہ نسل کے لئے ۔ ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة (س ۲ : ۱۹۵) اپنے ہاتھوں اپنی نسل کی ہلاکت کے باعث نہ بنو ۔ اپنی اور بیویوں کی صحت کا ضرور خیال رکھو ۔

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ (س ۲ : ۹۵) بہ وجہ اس کے جو اُن کے ہاتھوں نے پہلے کیا ۔ بہ وجہ اُن کے گزشتہ اعمال کے ۔

لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (س ۴۹ : ۱)
(۱) خدا اور اس کے رسول کے سامنے بڑھ

Marfat.com

بڑھ کر باتیں نہ بناؤ۔
(۲) خدا اور اس کے رسول کے آگے نہ بڑھ چلو (یعنی ان کا لحاظ رکھو)۔
(۳) خدا اور رسول کی باتیں نہ کاٹ چلو (یعنی ان کی نافرمانی نہ کرو)۔
(۴) خدا اور رسول کی باتوں پر اپنے نفس کو ترجیح نہ دو۔

تَقَدَّمَ (۱) کسی بات کا پہلے ہو جانا، گزر جانا۔

---مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ (س ۴۸ : ۲) وہ کسرشان باتیں جو تیرے متعلق لوگوں نے گڑھ رکھی تھیں۔ ظاہر ہے کہ اضافت بعض وقت حقیقت پر مبنی نہیں ہوتی۔ دوسری مثالیں یہ ہیں: این شرکاؤکم الذین کنتم تزعمون (س ۶ : ۲۲)، این شرکائی (س ۱۶ : ۲۷)،
---ان تبوا باثمی و اثمك (س ۵ : ۲۹)۔
(۲) آگے چلنا۔ بڑھ چلنا۔ سبقت لے جانا۔
●---لمن شاء منكم ان يتقدم اويتاخر [س ۷۴ : ۳۰

اِسْتَقْدَمَ آگے چلنے کا اِرادہ کرنا۔ آگے چلنا۔
●---لا يستاخرون ساعة ولا يستقدمون [س ۷ : ۳۴

مُسْتَقْدِمٌ (اِسم فاعل) (۱) آگے چلنے والا۔
(۲) نیک اعمال میں سبقت لے جانے والا۔
● ولقد علمنا المستقدمين [س ۱۵ : ۲۴

قَدَا

اِقْتَدَى (+ بِ) نقل کرنا۔
●---فبهديهم اقتده [س ۶ : ۹۰
= اَقْتَدِهْ = اَقْتَدِ + هْ (هاء الوقف)

مُقْتَدٍ (= مُقْتَدِيٌ اسم فاعل) وہ جو نقل کرے (+ عَلٰى) [س ۴۳ : ۲۲

قَذَفَ

قَذَفَ (۱) رکھ دینا۔ ڈال دینا۔ (+ فِيْ)
●---ان اقذفيه فى التابوت فاقذفيه فى اليم [س ۲۰ : ۳۹
(۲) پھینکنا۔ پھینک کر مارنا۔
●---بل نقذف بالحق على الباطل [س ۲۱ : ۱۸
(۳) استعارۃً ملامت کرنا۔
● ويقذفون من كل جانب دحورا [س ۳۷ : ۸

يَقْذِفُ بِالْحَقِّ (س ۳۴ : ۴۸) حق کے حربے چلا رہا ہے۔ (حافظ نذیر احمد)

قَرَّ

قَرَّ (+ فِيْ) سکون سے رہنا۔
يُقَرُّ (مضارع)
قَرْنَ = اِقْرَرْنَ (صیغہ امر حاضر جمع مؤنث) [س ۳۳ : ۳۳
وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ (س ۳۳ : ۳۳) بی بیو، اپنے گھروں میں (سکون سے) رہو، برخلاف اس کے کہ پچھلے دنوں کی جاہلیت کی طرح بناؤ سنگار دکھاتی پھرو، چنانچہ اسی آیت میں فرمایا ہے:
وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى

Marfat.com

قِرْنَ (= اِقْرِرْنَ) [وَقَرَ

قَرَّ ٹھنڈا ہونا ۔ تازگی پہنچانا ۔

قَرَّةٌ = قُرَّةٌ تازہ ہونا ۔ ٹھنڈا ہونا ۔

كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا (س ۲۰ : ۴۱) تاکہ اُس کی آنکھ ٹھنڈی ہو، (وہ دیکھے اور خوش ہو) ۔

وَقَرِّيْ عَيْنًا (س ۱۹ : ۲۶) اور ٹھنڈی کر (اپنی) آنکھ، (اس کو دیکھ اور خوش ہو) ۔

قَرَارٌ (اسم فعل) (۱) قرار ۔ استوار ۔ ٹھہرنا ۔ (۲) ٹھہرنے کی جگہ ۔ رہنے کی جگہ ۔ (صحاح)

ذَاتِ قَرَارٍ (س ۲۳ : ۵۰)

(۱) = خِصْب سرسبز و شاداب زمین ۔ (ابن عباس)

(۲) ایسی زمین جہاں پانی ٹھہرے ۔ (تاج)

قُرَّةٌ ٹھنڈ ۔ ٹھنڈک ۔

قُرَّةُ عَيْنٍ (س ۲۸ : ۹) آنکھ کی ٹھنڈک ۔ دیکھنے سے سرور کا باعث ۔ جس کو آنکھیں ڈھونڈتی ہوں اور جس کو پاکر سکون (قرار) ہو ۔

قَوَارِيْرُ (جمع ۔ واحد قَارُوْرَةٌ) (۱) شیشے ۔

● ۔۔۔ انه صرح ممرد من قوارير [س ۲۷ : ۴۴

(۲) شیشے کے برتن یا بوتل ۔

۔۔۔ قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ (س ۷۶ : ۱۶) شیشے کے ہونگے چاندی کے : ہونگے بنے چاندی کے مگر شفاف ہونگے شیشے کے سے ۔

أَقَرَّ (۱) توثیق کرنا ۔

● ۔۔۔ ثم اقررتم [س ۲ : ۸۴

(۲) ٹھہرانا ۔ قرار دینا ۔ (+ فِيْ)

● ۔۔۔ ونقر فی الارحام [س ۲۲ : ۵

اِسْتَقَرَّ ثابت رہنا ۔ قائم رہنا ۔

● ۔۔۔ فان استقر مکانه ۔۔۔ [س ۷ : ۱۴۳

مُسْتَقِرٌّ (اسم فاعل) وہ جو قائم اور ثابت ہو ۔

● ۔۔۔ وکل امر مستقر [س ۵۴ : ۳

مُسْتَقَرٌّ (اسم مفعول) (۱) مضبوط ۔ مستحکم ۔ (۲) رہنے کی جگہ ۔ مقررہ جگہ ۔ [س ۶ : ۹۸

(۳) مقررہ وقت ۔

● لکل نبا مستقر [س ۶ : ۶۶

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا (س ۳۶ : ۳۸) (۱) اور آفتاب چلتا ہے اپنی مقررہ جگہ کی طرف ، یا (۲) اپنی مقررہ حد کی طرف ، یا (۳) اپنی مقررہ میعاد پر ۔ دوسری دو قرءتوں میں ہے لَا مُسْتَقَرَّ لَهَا اور لَا مُسْتَقَرَّ لَهَا بہ معنی اور اس کو سکون نہیں ۔ (بیضاوی)

۔۔۔ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ (س ۶ : ۹۹) (پھر مقرر کیں تمہارے لئے) منزلیں اور حالتیں (جن میں رہ کر تم کام کرو) ۔

Marfat.com

قَرَأَ

قَرَأَ (۱) اعلان کرنا ۔(لغت عبری ۔ عہدعتیق کی کتاب یسعیاہ باب ۵۸ : ۱ ؛ و باب ۴۰ : ۶)۔

(۲) لوگوں کو ان کی شامت اعمال سے متنبہ کرنا ۔

● اقراباسم ربک ۔۔۔ [س ۹۶ : ۱

= قم فانذر (س ۷۴ : ۲)

(۳) پڑھنا ۔

● اقرا کتابک [س ۱۷ : ۱۴

(۴) پڑھ کرسُنانا (+ عَلٰی)

● و قرآنا فرقناہ لتقراہ علی الناس [س ۱۷ : ۱۰۷

(۵) بیان کرنا ۔ واضح کرنا ۔

● ۔۔۔ فاذا قراناہ فاتبع قرانہ [س ۷۵ : ۱۸

= بیناہ ۔ (ابن عباس)

قُرُوْءٌ بیبیوں کے حیض کا زمانہ ۔ [س ۲ : ۲۲۸

ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ (س ۲ : ۲۲۸)

= ثَلَاثَةً مِنَ الْقُرُوْءِ (لسان)

= ثَلَاثَةَ أَقْرُءٍ مِنَ الْقُرُوْءِ

قُرْآنٌ (۱) اِعلان ۔

اَلْقُرْآنُ (۱) وحی جو نبیوں پر وقتاً فوقتاً نازل ہوتی رہی ۔

● کما انزلنا علی المقتسمین الذین جعلوا القرآن عضین [س ۱۵ : ۹۰

(۲) وحی جو آنجناب پر نازل ہوئی اور جو بعد میں کتاب کی صورت میں شائع کی گئی ۔

(۳) پڑھنا ۔

● الٓرٰ ۔ تلک آیات الکتاب و قرآن مبین [س ۱۵ : ۱

ا ، ل ، ر ، (الف ، لام ، را) : یہ ہیں نشانیاں لکھائی کی اور واضح پڑھائی کی ۔

(۴) = الصلوٰۃ نماز (تاج)

● اقم الصلوٰۃ لدلوک الشمس الی غسق اللیل و قرآن الفجر ۔ ان قرآن الفجر کان مشھودا [س ۱۷ : ۷۸]

= صلوٰۃ الغداۃ (ابن عباس)

أَقْرَءَ پڑھوانا ۔ پڑھوا کرسنانا ۔

قَرِبَ

قَرِبَ قریب ہونا ۔ نزدیک آنا ۔

۔۔۔ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا (س ۲ : ۱۸۳) یہ حدبندیاں ہیں خدا کی طرف سے؛ پس ان کے پاس بھی نہ پھٹکو (کہ نکل جاؤ حد سے) ۔

قُرْبَةٌ (۱) نزدیکی ۔ قربت ۔ خوشنودی ۔

(۲) قربت حاصل کرنے کا ذریعہ ۔

● ۔۔۔ الا انھم قربة لھم [س ۹ : ۹۹

قُرُبَةٌ (جمع قُرُبَاتٌ) نیکی اور کام جس سے خدا کی قربت ، خوشنودی حاصل ہو ۔ [س ۹ : ۹۹

قَرِيْبٌ (مذکر و مؤنث) نزدیک ۔ قریب بہ لحاظ مکان یا زمانہ ، یا نسبت و مرتبہ و علم و قدرت [س ۲ : ۸۶

Marfat.com

مِنْ قَرِیْبٍ جلد ھی ۔ تھوڑے ھی بعد ۔ فوراً ۔
● ۔۔۔ ثم یتوبون من قریب [س ۴ : ۱۶
عَرَضًا قَرِیْبًا (س ۹ : ۴۳) فوری فائدہ ۔
مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِیْباً (س ۵۹ : ۱۰) ان سے کچھ ھی پہلے ۔
قُرْبٰی (= قُرْبٰی) قرابت ۔ رشتہ داری ۔
قُلْ لَا اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی (س ۴۲ : ۲۳) میں جو کچھ کرتا ھوں اس کے لئے میں تم سے کوئی بدلہ نہیں مانگتا ، اتنا ضرور چاھتا ھوں کہ تم میں اور مجھ میں جو قرابت ھے اس کی محبت کا ضرور لحاظ کرو (کہاں تو تم قرابت داری کی خاطر ناحق کو بھی مہلک لڑائیوں میں اُلجھ جاتے اور کہاں جب میں تمہاری ھی بھلائی کی باتیں تم سے کہتا ھوں تم میرے ھی خون کے پیاسے بن جاتے ھو ۔ ایسا نہ کرو ، میں تمہیں میں سے ھوں ، اتنی رعایت تو ضرور کرو کہ میری باتیں کان دھر کر سنو اور ان پر عمل کرو : تمہارا ھی بھلا ھوگا ۔)
ذُوا الْقُرْبٰی قرابت دار ۔ رشتہ دار ۔
قُرْبَانٌ (اِسم فعل) (۱) خدا کی قربت حاصل کرنے کا ذریعہ ۔
● فلولا نصرھم الذین اتخذوا من دون اللہ قربانا آلھة [س ۴۶ : ۲۷
(۲) قربانی جس میں پُرانے لوگ اپنے کئے ھوئے گناھوں کے بدلہ میں (یعنی کفارہ میں) غریب جانوروں کو ذبح کر کے اپنے معبودوں کو پیش کرتے تھے تاکہ وہ خوش ھو کر ان کے گناہ معاف کردیں ۔ یہ قربانیاں بہت پرانے زمانہ سے ھر قوم میں رھی ھیں اور اکثر اب تک کسی نہ کسی شکل میں چلی آئی ھیں ۔
یہود جس جانور کو بہ نظر تقرب الی اللہ ، بطور کفارہ قربانی دیتے ، اس کو ذبح کرنے کے بعد آگ میں جلا دیتے تھے ۔ قربانی سوختنی کا ذکر بہت جگہ تورات میں آیا ھے چنانچہ اس کے قواعد بھی مقرر ھیں ۔
(کتاب احبار باب ۱ : ۶ - ۹ اور باب ۶ : ۱۴-۱۶ و ۲۶ -) [س ۳ : ۱۸۲
اَقْرَبُ (اَفعل التفضیل) (۱) نزدیکترین ۔ نہایت نزدیک (باعتبار زمانہ ، درجہ یا رعایت) [س ۲ : ۲۳۷
کَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ ھُوَ اَقْرَبُ (س ۱۶ : ۷۹)
جیسے جھپکنا آنکھ کا یا اس سے بھی جلد ۔
اَقْرَبُوْنَ (جمع) رشتہ دار ۔ نزدیک ترین رشتہ دار ۔ [س ۴ : ۶
مَقْرَبَةٌ رشتہ ۔ قرابت ۔
● ۔۔۔ یتیما ذا مقربة [س ۹۰ : ۱۵
قَرَّبَ (+ اِلٰی) (۱) سامنے رکھنا ۔ [س ۵۱ : ۲۷
(۲) نزدیک بلانا ۔
● ۔۔۔ وقربناہ نجیا [س ۱۹ : ۵۲
(۳) قربانی دینا ۔
● اذ قربا قربانا [س ۵ : ۳۰

Marfat.com

مُقَرَّبٌ (اسم مفعول) جس کو قربت حاصل ہے، خدا کی خوشنودی حاصل ہے۔ مقبول بارگاہ۔ [س ۵۶ : ۱

اِقْتَرَبَ نزدیک ہونا یا آنا۔

● اقتربت الساعة ۔۔۔ [س ۵۴ : ۱

قَرَحَ

قَرْحٌ (اسم فعل) زخم جو کسی خارجی چیز سے پہنچے۔ [س ۳ : ۱۳۹

قَرَدَ

قِرَدَةٌ (جمع - واحد قِرْدٌ) (۱) بندر۔ لنگور۔ (۲) وہ جن کو لوگ ان کی حرکتوں کی وجہ سے ذلیل سمجھتے ہیں، جو دیکھنے میں تو انسان مگر قوانین وضابطہ کے پابند نہیں۔

● ولقد علمتم الذین اعتدوا منکم فی السبت فقلنالهم کونوا قردة خاسئین [س ۲ : ۶۵

= نطمس وجوها فنردها علی ادبارها او نلعنهم کما لعنا اصحاب السبت (س ۴ : ۴۷) وقال مجاهد ما مسخت صورتهم ولکن قلوبهم فمثلوا بالقردة کما مثلوا بالحمار فی قوله کمثل الحمار یحمل اسفارا۔ (بیضاوی)

= قیل بل جعل اخلاقهم کاخلاقها۔ (راغب)

قَرَشَ

قُرَيْشٌ عرب کے اس قبیلہ کا نام جس میں ہمارے رسول صلعم پیدا ہوئے۔ [س ۱۰۵ : ۱

قَرَضَ

قَرَضَ کاٹنا۔ قطع کرنا۔ کترا کرنکل جانا۔

● وتری الشمس اذا طلعت تزاور عن کهفهم ذات الیمین و اذا غربت تقرضهم ذات الشمال [س ۱۸ : ۱۷

(یہ بیان ہے اس کھوہ کا جس میں اصحاب کہف جا کر چھپے تھے۔ فرماتا ہے کہ اور تو دیکھیگا آفتاب کو جب وہ نکلتا ہے تو ان کی غار سے داہنی طرف کو جھک جاتا ہے اور جب غروب ہوتا ہے تو اُن سے بائیں طرف کو کترا جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس غار میں بالکل اندھیرا رہتا تھا اور اس غار کا منہ شمال کی جانب تھا)۔

قَرْضٌ (اسم فعل) قرض۔ کوئی چیز جو دی جائے یا کام جو کیا جائے اور جس کی واپسی یا بدل لازمی ہو۔ (تاج)

قَرْضٌ حَسَنٌ (س ۲ : ۲۴۵) ہر وہ کام جو کسی غرض سے نہیں بلکہ فرض سمجھکر محض خدا کے لئے کیا جائے۔

اَقْرَضَ (۱) کوئی چیز دینا کہ وہ واپس مل جائے۔ قرض دینا۔

(۲) وہ کام کرنا جس کا بدلہ ملے۔

وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا (س ۷۳ : ۲۰)

(۱) خدا کو قرض دو، اُس کے کہنے سے اُسی کی راہ میں خرچ کرو (خود غرضی سے نہیں) کہ جو کچھ تم اس کے کہنے سے خرچ کروگے وہ تم کو پورا پورا واپس کریگا۔

(۲) خدا کے کہنے سے (اچھے) کام کرو کہ وہ ان کا بدلہ ضرور دیگا۔

Marfat.com

قَرْضٌ حَسَنٌ (س ۵۷ : ۲۰) اچھا کام (عمل) جس کا بدلہ لازمی ہے۔

قَرْطَسَ

قِرْطَاسٌ (جمع قَرَاطِيْسُ) کاغذ۔ [س ۶ : ۷

قَرَعَ

قَارِعَةٌ زبردست مار۔ مصیبت۔ شامت اعمال۔

● ولا یزال الذین کفروا تصیبھم بما صنعوا قارعة ۔۔۔ [س ۱۳ : ۳۱

اَلْقَارِعَةُ (س ۱۰۱ : ۱) سخت مصیبت، شامت اعمال۔

● کذبت ثمود و عاد بالقارعة [س ۶۹ : ۴

قَرَفَ

اِقْتَرَفَ اکتساب سے حاصل کرنا۔ [س ۶ : ۱۱۴

مُقْتَرِفٌ (اسم فاعل) اکتساب کرنے والا۔

● ۔۔۔ ولیقترفوا ما ھم مقترفون [س ۶ : ۱۱۴

قَرَنَ

قَرْنَ (= اِقْرَرْنَ امر جمع مؤنث حاضر) [قَرَّ

قَرَنَ

قَرْنٌ (اسم فعل۔ جمع قُرُوْنٌ)

(۱) زمانہ۔ ایک زمانہ کے لوگ [س ۶ : ۶

(۲) سینگ۔

ذُوالْقَرْنَيْنِ (س ۱۸ : ۸۴)

یہ ملک چین کا مشہور خاقان چی وانگ ٹی (Che-hwang-te) تھا جو فغفورای چن کے بعد تیرہ برس کی عمر میں تخت پر بیٹھا۔ اس کی سلطنت دو زمانوں میں منقسم ہوتی ہے۔ پہلا زمانہ وہ تھا جب اس نے اپنی تمام ہمت اپنے لایق وزیر لی زی کی مدد سے ساز و سامان اور اسباب قوت اور سطوت سلطنت کے اکٹھا کرنے میں صرف کی اور دوسرا زمانہ وہ ہوا جب اس نے ملک گیری اور فتوحات نمایاں حاصل کیں۔ چین کی سلطنت نہایت وسیع تھی۔ تبت اور تمام ملک جو اس کے قریب واقع تھے جیسے برھما، انام، سیام وملایا سب اس میں شامل اور فغفور چین کے باجگزار تھے۔ فغفور چوسی انگ کے زمانہ میں اکثر صوبے اور باجگزار ملک باغی ہو گئے تھے۔ جب ای چن تخت نشین ہوا تو اس نے بعض کو شکست دی مگر کل ملک پر تسلط نہ کر سکا۔ جب چی وانگ ٹی بادشاہ ہوا تو اس نے ان کو سر کیا اور ان پر پورا تسلط جمایا۔ یہ فتوحات کرتا ہوا برھما اور ملایا کے کنارہ پر اس کے جانب غرب خلیج بنگالہ (مغرب الشمس) تک پہنچا۔ اس کے بعد اس نے مشرق کی طرف حملہ کیا اور مشرقی کنارہ (مطلع الشمس) پر پہنچا۔ پھر یہ مملکت چین کی شمالی حد پر پہنچا۔ وہاں قدیم سایتھیا (Scythia) کی رہنے والی تاتاری قوم (یاجوج و ماجوج) سے اس کا سامنا ہوا۔ یہ غارتگری اور لوٹ مار میں طاق تھے اور ان کی زبان بھی چینیوں سے مختلف تھی۔ سرحد چین کے لوگوں نے جو فغفور کی

Marfat.com

رعایا تھے تاتاریوں کی لوٹ مار اور غارتگری سے بچنے کے لئے اس سے درخواست کی کہ اُن کے درمیان ایک دیوار کھینچ دے۔ یہ مشہور دیوار بن کر تیار ہوگئی اور پھر نہ اس پر سے کوئی چڑھ کر حملہ آور ہوسکا اور نہ کسی نے اس میں نقب لگائی۔ اس فغفور نے سینتیس برس سلطنت کی اور سنہ ۲۱۰ قبل مسیح میں وفات پائی۔
(اُوپر کی عبارت سید احمد رح کی تفسیر سے لی گئی ہے حالانکہ ذوالقرنین کے بارے میں علماء میں بہت اختلاف ہے۔ حال میں علامہ عبداللہ یوسف علی نے بھی اپنے انگریزی ترجمہ قرآن میں اپنا رجحان کچھ اسکندر اعظم ھی کی طرف ظاہر کیا ہے۔ اس بارے میں ان کی بحث ضرور پڑھی جائے)۔

قَرِیْنٌ (جمع قُرَنَآءُ) مخلص ساتھی۔ ہم نشین۔ [س ۴ : ۳۸

قَارُوْنُ حضرت موسیٰ کی قوم کا ایک دولتمند شخص۔ [س ۲۸ : ۷۶

مُقَرَّنٌ (اسم مفعول) ایک ساتھ بندھے ہوئے، جکڑے ہوئے۔

● ۔۔۔ مقرنین فی الاسفاد [س ۱۴ : ۴۹

مُقْرِنٌ (اسم فاعل) وہ جو کسی کام کی طاقت رکھے (+ ل)۔

● وما کنا له مقرنین [س ۴۳ : ۱۳

مُقْتَرِنٌ (اسم فاعل) ایک دوسرے کے ساتھ ملکر چلنے والا۔ ایک دوسرے کی اعانت کرنے والا۔

● اوجاء معه الملائکة مقترنین [س ۴۳ : ۵۳

قَرَی

قَرْیَةٌ (جمع قُرًی)

(۱) بستی۔ شہر۔ [س ۲ : ۲۵۹

(۲) بستی کے لوگ۔ [س ۲۱ : ۶

(۳) بستی اور اس کے باشندے۔ [س ۷ : ۳

هٰذِهِ الْقَرْیَةَ (س ۲ : ۵۸)

= الارض المقدسة (س ۵ : ۲۱)

اَلْقَرْیَتَانِ (س ۴۳ : ۳۱) دو بستیاں یعنی مکہ اور طائف۔

قَسَّ

قِسِّیْسٌ راتوں کو تہجد اور ریاضت کرنے والا۔ مسیحی عبادت گزار۔ [س ۵ : ۸۲

قَسَرَ

قَسْوَرَةٌ (۱) شیر۔ (صحاح) [س ۷۴ : ۴۹

(۲) (اِسم جمع) = الرامی (تیرانداز) (فراء۔ صحاح۔ قاموس)

(۳) = الصائد (شکاری)

(۴) آدمیوں کی پکار، آواز، چلاہٹ۔ (تاج)

قَسَطَ

قِسْطٌ (اِسم فعل) عدل۔ اِنصاف۔ [س ۷ : ۲۹

بِالْقِسْطِ انصاف سے۔ دستور کے مطابق۔

۔۔۔ وَاِنْ حَکَمْتَ فَاحْکُمْ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ (س ۵ : ۴۲)

Marfat.com

ایک شخص جو اپنے تئیں کسی خاص گروہ کا بیان کرتا ہے اور ہمیشہ ان فائدوں سے جو اس گروہ میں ہونے کے سبب اس کو حاصل ہوسکتے تھے مستفید ہوتا رہا ہے اور کسی خاص معاملہ میں جس میں اس کا نقصان ہے دوسرے گروہ کے حاکم سے فیصلہ چاہے جن کی شریعت یا دستور کے مطابق وہ اس نقصان سے بچ سکتا ہے تو اس کے حق میں یہی انصاف ہوگا کہ دوسرے گروہ کا حاکم اس کو وہی حکم دے جو اس گروہ میں مروج ہے جس گروہ سے وہ شخص علاقہ رکھتا ہے۔ (سید احمد رح)

قَاسِطٌ (اِسم فاعل) نافرمانی کرنے والا - ظلم کرنے والا۔

● واما القاسطون فکانوا لجھنم حطبا۔
[س ۷۲ : ۱۵

أَقْسَطُ (افعل التفضیل) نہایت منصفانہ - نہایت مناسب۔ [س ۲ : ۲۸۲

أَقْسَطَ (+ فِیْ یا + اِلٰی) انصاف کرنا۔

● - - - و تقسطوا الیھم [س ۶۰ : ۸

مُقْسِطٌ (اِسم فاعل) انصاف کرنے والا۔ انصاف سے چلنے والا۔

● - - - ان اللہ یحب المقسطین [س ۵ : ۴۲

قُسْطَاسٌ

قُسْطَاسٌ ترازو - میزان۔ (لغت روم)

● وزنوا بالقسطاس المستقیم [س ۱۷ : ۳۵

قَسَمَ

قَسَمَ (+ بَیْنَ) تقسیم کرنا۔

● - - - نحن قسمنا بینھم [س ۴۳ : ۳۲

قَسَمٌ (۱) قسم۔

(۲) شہادت - دلیل۔

● و الفجر و لیال عشر و الشفع والوتر والیل اذا یسر - ھل فی ذلک قسم لذی حجر۔
[س ۸۹ : ۱ - ۵

● فلا اقسم بمواقع النجوم و انہ لقسم لو تعلمون عظیم انہ لقرآن کریم
[س ۵۶ : ۷۵ - ۷۷

قِسْمَةٌ تقسیم - حصہ کرنا - بٹوارہ۔
[س ۵۳ : ۲۲

مَقْسُومٌ (اسم مفعول) تقسیم کیا ہوا - جدا۔
[س ۱۵ : ۴۴

مُقَسِّمٌ (اسم فاعل) تقسیم کرنے والا۔
[س ۵۱ : ۴

قَاسَمَ قسم کھانا۔ [س ۷ : ۲۱

أَقْسَمَ (+ بِ) (۱) کسی بات کی قسم کھانا۔

● یقسم المجرمون مالبثوا غیر ساعۃ
[س ۳۰ : ۵۴

(۲) شہادت میں پیش کرنا - دلیل میں پیش کرنا۔

● لا اقسم بھذا البلد و انت حل بھذا البلد و والد وما ولد لقد خلقنا الانسان فی کبد
[س ۹۰ : ۱ - ۴

تَقَاسَمَ (+ بِ) آپس میں قسم کھانا (بطور عہد)۔

Marfat.com

● تقاسموا باللہ ۔۔۔ [س ۲۷ : ۴۹

مُقْتَسِمٌ (اِسم فاعل) وہ جو ٹکڑوں میں تقسیم کرڈالے، ٹکڑے ٹکڑے کرڈالے۔

۔۔۔ اَلْمُقْتَسِمِيْنَ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ (س ۱۵ : ۹۰) احکام کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے والے، جنہوں نے خدا کی وحی کے بھی ٹکڑے ٹکڑے کرڈالے، (پورے احکام پر کبھی عامل نہ ہوئے بلکہ رخنہ اندازھی رہے، نافرمانی ھی کرتے رہے)۔

اِسْتَقْسَمَ (۱) ازلام (پاسوں) کے ذریعہ سے (گوشت کا) حصہ کرنا۔ [س ۵ : ۴

(۲) اپنی قسمت معلوم کرنے کی خواھش کرنا۔ فال نکالنا۔ [س ۵ : ۴

قَسَا

قَسَا سخت ہونا۔

● ثم قست قلوبکم [س ۲ : ۷۴

قَسْوَةٌ (اسم فعل) = غلظ القلب دل کی سختی۔ (راغب)

● ۔۔۔ او اشد قسوة [س ۲ : ۷۴

قَاسٍ (= قَاسِيٌ اِسم فاعل) سخت۔

● فویل للقاسیة قلوبھم [س ۳۹ : ۲۲

قشعر

اِقْشَعَرَّ (+ مِنْ) کانپ اُٹھنا۔ (ڈر سے) تھرّا جانا۔

● ۔۔۔ تقشعر منه جلود [س ۳۹ : ۲۳

قَصَّ

قَصَّ (۱) نقش قدم پر چلنا۔ پیروی کرنا۔ پیچھے چلنا۔

● ۔۔۔ وقالت لاخته قصیه [س ۲۸ : ۱۱

(۲) بیان کرنا۔ ذکر کرنا۔ (+ عَلٰی) [س ۱۲ : ۳

قَصَصٌ (اسم فعل) (۱) بیان کرنا۔

(۲) پیچھے چلنا۔

● فارتدا علی آثارھما قصصا [س ۱۸ : ۶۴

قَصَصًا (س ۱۸ : ۶۴) قدم بہ قدم چلکر۔

قِصَاصٌ خون کا پیچھا کرکے خونی کوقتل کرنا۔ خون کا بدلہ انصاف کے ساتھ۔ [س ۲ : ۱۷۸

۔۔۔ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى۔ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى (س ۲ : ۱۷۸)

۔۔۔ مقتولوں کے لئے تم کو قصاص (یعنی بدلہ لینے) کا حکم دیا جاتا ھے۔ (لیکن بدلہ لینے میں ھر انسان دوسرے انسان کے برابر ھے:) اگر آزاد آدمی نے آزاد آدمی کو قتل کیا ھے تو اس کے بدلہ وھی قتل کیا جائے گا، (یہ نہیں ھو سکتا کہ مقتول کی بڑائی یا نسل کے شرف کی وجہ سے دو آدمی قتل کئے جائیں، جیسا کہ عرب جاھلیت میں دستور تھا)، اگر غلام قاتل ھے تو غلام ھی قتل کیا جائیگا، (یہ نہیں ھوسکتا کہ مقتول کے آزاد ھونے کی وجہ سے دو غلام قتل کئے جائیں)، عورت نے قتل

Marfat.com

قتل کیا ہے تو عورت ہی قتل کی جائیگی (نہ کوئی دوسرا مرد یا غلام) ۔
(از مولینا ابوالکلام احمد)

اس آیت کا پہلا حصہ ایک مستقل جملہ ہے: کتب علیکم القصاص فی القتلی جملة تامة مستقلة بنفسها ۔ (تفسیر کبیر) ۔ اور اس جملہ سے مطلقاً یعنی بغیر کسی قید کے قصاص کا حکم پایا جاتا ہے، یعنی قاتل بہ عوض مقتول کے مارا جائیگا ۔ کوئی شخص قاتل ہو اور کوئی شخص مقتول ہو، مرد ہو، یا عورت ہو، آزاد ہو، کافر ہو، مسلمان ہو ۔

غرضیکہ قرآن کے حکم سے قصاص تو ضرور لیا جائیگا، لیکن یہ طریقہ جو جاہلیت میں تھا کہ قاتل کو چھوڑ کر دوسرے شخص کو مارتے تھے اور غلام کے بدلے آزاد کو مارتے تھے اور عورت کے بدلے مرد کو مارتے تھے اور ایک مرد کے بدلے دو مردوں کو مارتے تھے یہ طریقہ نہیں رہا، بلکہ اگر کسی آزاد نے آزاد کو مارا ہے تو وہ آزاد ہی مارا جائیگا، اور اگر کسی غلام نے غلام کو مارا ہے تو غلام ہی مارا جائیگا، اور اگر کسی عورت نے عورت کو مارا ہے تو عورت ہی ماری جائیگی ۔ اور حر اور عبد اور انثی پر الف لام ہے، اس سے قصاص میں قاتل و مقتول کی تخصیص لازم آتی ہے ۔ اس بیان سے اوپر کے جملہ کی جس میں قصاص کا حکم ہے تفصیل مقصود نہیں ہے بلکہ جاہلیت میں جو رواج تھا کہ عورت کے بدلے مرد کو اور غلام کے بدلے آزاد کو مارتے تھے اس کا موقوف کرنا مقصود ہے ۔

قَصَدَ

قَصَدَ (۱) قصد کرنا ۔ (۲) اعتدال سے چلنا ۔ نرمی چلنا ۔

وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ (س ۳۱ : ۱۸) اور اپنی چال میں نرمی رکھو، تواضع اختیار کرو ۔ (مجاهد)

قَصْدٌ ٹھیک راہ ۔ سیدھی راہ ۔

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ (س ۱۶ : ۹) اور اللہ تک پہنچتی ہے سیدھی راہ ۔
(مولینا محمود حسن رح)

قَاصِدٌ (اسم فاعل) آسان (سفر) [س ۹ : ۴۳

مُقْتَصِدٌ (اسم فاعل) ٹھیک راہ پر چلنے والا ۔

● - - - فمنهم ظالم لنفسه و منهم مقتصد [س ۳۵ : ۳۲

قَصَرَ

قَصَرَ (+ مِنْ) کم کرنا ۔ مختصر کرنا ۔

قَصْرٌ (اسم فعل ۔ جمع قُصُوْرٌ) محل ۔ قلعہ ۔

قَاصِرٌ (اسم فاعل) وہ جو روکے ۔

قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ (س ۳۷ : ۴۸) اپنی نظروں کو شرم کی وجہ سے نیچی رکھنے والی بیبیاں ۔ چشم نیم باز، شرمیلی بیبیاں ۔

مَقْصُوْرٌ (اسم مفعول) تکلف سے رکھا ہوا ۔

Marfat.com

مَقْصُوْرَاتٌ فِی الْخِیَامِ (س ۵۵ : ۷۲) تکلف کے ساتھ خیموں میں رکھی ہوئی ، رہنے والی ، بیبیاں ۔

مُقَصِّرٌ (اِسم فاعل) چھوٹے بال رکھنے والا ۔ [س ۴۸ : ۲۷

اَقْصَرَ باز آنا ۔ رُکنا

● ۔۔۔ ثم لا یقصرون [س ۷ : ۲۰۱

قَصَفَ

قَاصِفٌ زوروں کی آندھی ۔ [س ۱۷ : ۶۹

قَصَمَ

قَصَمَ ٹکڑے ٹکڑے کرڈالنا ۔ منہدم کرڈالنا ۔

● ۔۔۔ وکم قصمنا من قریۃ [س ۲۱ : ۱۱

قَصَا

قَصِیٌّ دُور ۔ [س ۱۹ : ۲۲

اَقْصَی (= اَقْصَوُ افعل التفضیل ۔ مؤنث قُصْوَی ۔) بہت دور ۔

اَلْمَسْجِدُ الْاَقْصَی (س ۱۷ : ۱) بہت دور والی مسجد ، یعنی شہر یثرب جو مسجد حرام (مکہ) سے دوسو چھیاسی میل پر واقع ہے ، جہاں راتوں رات ہجرت کر کے آنجناب پہنچے تھے اور جہاں خدا کی طرف سے مسجد نبوی کی بنا مقدر ہوچکی تھی ۔

قَضَّ

اِنْقَضَّ گرنے کے قریب ہونا ۔

● یرید ان ینقض [س ۱۸ : ۷۸

قَضَبَ

قَضْبٌ ترکاری ۔ [س ۸۰ : ۲۸

قَضَی

قَضَی (۱) مقدر کرنا ۔

(۲) بنانا ۔

● فقضاھن سبع سمٰوٰت [س ۴۱ : ۱۱

(۳) پورا کرنا ۔ ختم کرنا ۔

● فلما قضی موسی الاجل [س ۲۸ : ۲۹

(۴) عزم کرنا ۔ فیصلہ کرنا ۔

● واذا قضی امرا ۔۔۔ [س ۲ : ۱۱۷

(۵) حکم جاری کرنا (+ عَلٰی)

● فلما قضینا علیہ الموت [س ۳۴ : ۱۳

(۶) حکم دینا (+ اَنْ)

● وقضی ربک الاتعبدوا الا ایاہ ۔۔۔ [س ۱۷ : ۲۳

(۷) بتادینا ۔ اطلاع دینا ۔ (+ اِلٰی)

● وقضینا الی بنی اسرائیل فی الکتاب لتفسدن فی الارض مرتین ۔۔۔ [س ۱۷ : ۴

= اعلمنا ۔ (ابن عباس)

(۸) انصاف کرنا (+ بِ)

● واللہ یقضی بالحق [س ۴۰ : ۲۰

(۹) فیصلہ کرنا ۔ (+ بَیْنَ)

● ان ربک یقضی بینھم ۔۔۔ [س ۱۰ : ۹۳

(۱۰) مقرر کرنا ۔

● ھو الذی خلقکم من طین ثم قضی اجلا [س ۶ : ۲

Marfat.com

فقضٰی علیہ (س۲۸ : ۱۴) اور اس نے اس کا کام تمام کردیا ، اس نے اس کو مار ڈالا ۔

قضٰی منہا وطرا (س ۳۳ : ۳۷) اس نے قطع کرلیا تعلق اس بی بی سے ، یعنی اس نے اس کو طلاق دے دیا ۔

قاض (اسم فاعل) وہ جوفیصلہ کرے، انصاف کرے، مقرر کرے ۔

یالیتہا کانت القاضیۃ (س ۶۹ : ۲۷) اے کاش (موت نے) میرا خاتمہ ہی کردیا ہوتا !

مقضی (اسم مفعول) فیصلہ شدہ ۔ مقدر کیا ہوا ۔ [س ۱۹ : ۲۰

قطّ

قطّ حاکم کا فیصلہ ۔

● ۔۔۔ عجل لنا قطنا [س ۳۸ : ۱۶

قطر

قطرٌ (۱) = النحاس پگھلا ہوا تانبا ۔ (لغت حمیر) [س ۱۸ : ۹۶

(۲) = الصفر پیتل ۔ (ابن عباس)

اقطارٌ (جمع ۔ واحد قُطْرٌ) جوانب ۔ اطراف ۔ [س ۵۵ : ۳۳

قطرانٌ رال ۔ تارکول ۔ گندھک ۔ [س ۱۴ : ۵۱

قطع

قطع (۱) قطع کرنا ۔ کاٹ ڈالنا ۔

والسارق والسارقۃ فاقطعوا ایدیہما (س ۵ : ۴۲) ۔ سیبویہ کا قول ہے کہ والسارق والسارقۃ مبتدا ہے اور اس کی خبر محذوف حکمہا فیما یتلی ہے ، اور فاقطعوا ایدیہما جداگانہ جملہ ہے ۔ سارق کے احکام کو جدا بیان کرنے کی یہی وجہ تھی کہ اس سے پہلی آیت میں جو الفاظ یسعون فی الارض فسادا آئے تھے اس میں سارق بھی شامل تھے ، مگر جو احکام سزائے بدنی کے وہاں بیان ہوئے تھے وہ سرقہ محض سے متعلق نہ تھے ، اس لئے اس کی نسبت علحدہ حکم بیان کرنے کی ضرورت ہوئی ۔ پس جب ان دونوں آیتوں پر یک شامل غور کی جائے تو نتیجہ یہ نکلیگا کہ سرقہ محض میں یا سارق کا ہاتھ کاٹا جائیگا جبکہ ملک و قوم کی حالت ایسی ہو کہ قیدخانوں کا انتظام نہ ہو ، یا قیدخانہ میں قید کیا جائے گا جبکہ وہ موجود ہوں ۔

(۲) قطع تعلق کرنا ۔

● ۔۔۔ و یقطعون ما امر اللہ بہ ان یوصل [س ۲ : ۲۷

(۳) سفر طے کرنا ۔

● ولا یقطعون وادیا [س ۹ : ۱۲۱

(۴) ندامت کے مارے کٹ جانا ۔ (راغب)

● لا یزال بنیانہم الذی بنوا ریبۃ فی قلوبہم الا ان تقطع قلوبہم [س ۹ : ۱۱۰

(۵) ہلاک کرنا ۔

● ۔۔۔ لیقطع طرفا من الذین کفروا [س ۳ : ۱۲۶

تقطعون السبیل (س ۲۹ : ۲۸) تم لوگ راہ زنی کرتے ہو ۔

Marfat.com

فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ (س ۲۲ : ۱۵) [سَبَبٌ تحت سَبَبٌ

قِطْعٌ حصه ۔ رات کا سب سے زیادہ اندھیرا حصه ۔

● فاسر با هلك بقطع من الليل [س ۱۱ : ۸۱ = سواد ۔ (ابن عباس)

قِطَعٌ (۱) رات کا حصه ۔ پچھلی رات کا اندھیرا ۔

(۲) (جمع ۔ واحد قِطْعَةٌ) خصے ۔

[س ۱۳ : ۳

قَاطِعٌ (اسم فاعل) فیصله کرنے والا ۔

● ما كنت قاطعة امرا حتى تشهدون

[س ۲۷ : ۳۲

مَقْطُوعٌ (اسم مفعول) قطع شده ۔ کٹا ہوا ۔

قَطَّعَ (۱) کاٹ ڈالنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ حصے کرنا ۔

..... اَنْ يُقَتَّلُوْا اَوْ يُصَلَّبُوْا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ (س ۵ : ۳۷) ۔ یہ سزائیں مختلف درجه کی ہیں اور ہر ایک سزا کو یا یه یا یه کرکے بیان کیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے که بلحاظ حیثیت و مقدار جرم کے وہ سزائیں مقرر کی گئی ہیں ۔ مثلاً ایسے شخص کے لئے جو فساد کرنے میں قتل کا بھی مرتکب ہوا ہو اس کو قتل کی سزا دی جائیگی ۔ اور جبکه وہ قاتل بھی ہو اور ڈاکه زنی میں مشہور ہو جس کا خوف ملکوں میں پڑ رہا ہو اس کو سولی پر لٹکا دینے کی سزا دی جائے گی تاکه بہت سے لوگ دیکھ لیں اور واقف ہو جائیں که وہ بدذات مارا گیا ۔ اور جبکه وہ ایسے ہوں که راسته لوٹتے ہوں اور دور دور جا کر ڈاکه مارتے ہوں مگر انہوں نے کوئی خون نه کیا ہو یا خون کرنا ان پر ثابت نه ہو تو ان کو ہاتھ اور پاؤں کاٹنے کی یا صرف ہاتھ کاٹنے کی سزا دی جائیگی یا ان کو قید خانه میں بند رکھا جائیگا ۔

ان آیتوں میں جو ہاتھ اور پاؤں کاٹنے کا حکم ہے اور نیز اس آیت میں جس میں چور کا صرف ہاتھ کاٹنے کا حکم ہے وہ لازمی نہیں ہے ۔ اول تو خود آیت ہی میں موجود ہے یا ان کے پاؤں کاٹ ڈالو یا قید خانه میں بند رکھو ۔ پس اختیار ہے که دونوں سزاؤں میں سے جو سزا مناسب حال ہو دو ۔ دوسرے جبکه تمام فقہاء نے ایک مقدار مال مقرر کی ہے که جب اس قدر مالیت کا مال چرایا جائے تب ہاتھ کاٹا جائے ، اس سے لازم آتا ہے که انہوں نے چوری کی سزا میں ہاتھ کا کاٹا جانا لازمی قرار نہیں دیا ، کیونکه قرآن میں کوئی مقدار مال کی ہاتھ کاٹنے کے لئے بیان نہیں ہوئی ہے ۔ تیسرے یه که ایسے واقعے بھی پائے جاتے ہیں که صحابه کے وقت میں بھی ہاتھ نہیں کاٹا گیا اور صرف قید کیا گیا ، بلکه اکثر ڈاکو سمجھتے تھے که اگر پکڑے جائینگے تو قید کئے جائیں گے اور ہاتھ اور پاؤں کاٹے جانے کا کسی کو خیال نه تھا ۔ حماسه کی شرح میں لکھا ہے که حریث بن عناب بن مضرا ایک غلام کے چرا کر بیچ ڈالنے کے جرم میں مدینه کے قیدخانه میں قید کیا گیا تھا ۔ ابوالنشناس بنی تمیم کے قبیله کا ایک مشہور چور تھا اور رهزنی کیا کرتا تھا ۔ مروان کے عاملوں نے اسے پکڑا اور

Marfat.com

قیدخانہ میں قید کیا گیا ۔ عبدالرحمٰن ابن حاطب سے منقول ہے کہ ایک شخص نے کسی کا ناقہ چُرایا ۔ حضرت عمر نے اول ہاتھ کاٹنے کی تجویز کی ، مگر اس کو ملتوی کیا اور مدعی سے پوچھا کہ وہ کس قیمت کا تھا ۔ اس نے چار سو درم قیمت بتائی ۔ حضرت عمر نے اس پر آٹھ سو درم کا جرمانہ کیا اور وہ درم مدعی کو دلوادئے اور مجرم کو رہا کردیا ۔

حضرت علی کے وقت میں عمر بن کریب ایک مشہور چور تھا جو رہزنی کیا کرتا تھا اس کے گرفتار کرنے کو حضرت علی نے شمیط کے بیٹوں کو بھیجا مگر وہ بھاگ گیا اور گرفتار نہ ہوا ، تب عمر بن کریب نے کچھ اشعار کہے جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا خیال تھا کہ اگر وہ پکڑا گیا تو قید خانہ میں جس کا نام مخیس تھا قید کردیا جائیگا ۔ (یہ ایک قید خانہ تھا جو حضرت علی نے بنوایا تھا ۔ اس سے پہلے حضرت علی نے بانسوں کا قیدخانہ بنوایا تھا اور اس کا نام نافع رکھا تھا ۔ اس میں سے چور کومل لگا کر نکل گئے تب انہوں نے یہ دوسرا مضبوط قیدخانہ بنوایا اور اس کا نام مخیس رکھا) ۔

(۲) کپڑے کاٹنا ۔ [س ۲۲ : ۲۰

وَتُقَطِّعُوا اَرْحَامَكُمْ (س ۴۷ : ۲۲) اور تم قطع رحم کرتے ہو ، یعنی قرابت داری کا لحاظ نہیں کرتے ۔

تَقَطَّعَ ٹکڑے ٹکڑے کردیا جانا ۔

--- لَقَدْ تَقَطَّعَ بَيْنَكُمْ (س ۶ : ۹۴) تمہارے تعلقات قطع ہوگئے ۔

قَطَفَ

قُطُوْفٌ (جمع ۔ واحد قِطْفٌ) گچھے انگور کے ۔ [س ۶۹ : ۲۳

قِطْمِيْرٌ

قِطْمِيْرٌ کھجور کی گٹھلی کے اُوپر کی مہین جھلی ۔ نہایت قلیل شئے ۔ [س ۳۵ : ۱۳

قَطَنَ [يَقْطِيْنٍ

قَعَدَ

قَعَدَ (۱) بیٹھنا ۔ چُپ بیٹھنا ۔ اپنی جگہ پر سکون سے رہنا ۔

(۲) ہو جانا ۔ بن جانا ۔

● --- فتقعد مذموما مخذولا [س ۱۷ : ۲۲

(۳) راستہ روک لینا (+ ب)

● --- ولا تقعدوا بكل صراط [س ۷ : ۸۶

(۴) جال بچھانا ۔ پھندے ڈالنا (+ ل)

● --- لاقعدن لهم صراطك المستقيم [س ۷ : ۱۶

قُعُوْدٌ (اِسم فعل) (۱) سکون سے بیٹھنا ۔ [س ۹ : ۸۴

(۲) جمع ۔ واحد قَاعِدٌ [س ۸۵ : ۶

قَعِيْدٌ (مذکر و مؤنث ۔ واحد و جمع) بیٹھے ہوئے نظر رکھنا ۔ [س ۵۰ : ۱۷

قَاعِدٌ (اِسم فاعل ۔ جمع قُعُوْدٌ) سکون سے بیٹھنے والا ۔ مکان پر رہنے والا ۔ کام میں سستی کرنے والا ۔ کام سے پیچھے ہٹنے والا ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ لا یستوی القاعدون ۔۔۔ والمجاھدون [س ۴ : ۹۵

قَوَاعِدُ (جمع مؤنث ۔ واحد قَاعِدَةٌ)

(۱) نیو ۔ بُنیادیں ۔ [س ۲ : ۱۲۷

(۲) بڑی عمر کی بیبیاں ۔ [س ۲۴ : ۶۰

مَقْعَدٌ (اسم فعل ۔ جمع مَقَاعِدُ)

(۱) سکون سے بیٹھنا ۔ مکان پر رہنا ۔

(۲) رہنے کی جگہ ۔ مقام ۔

مَقَاعِدُ لِلسَّمْعِ (س ۷۲ : ۹) کاہنوں اور نجومیوں کی رصد گاہیں ۔

[خَطِفَ الْخَطْفَةَ تحت خَطِفَ

مَقَاعِدُ لِلْقِتَالِ (س ۳ : ۱۱۷) لڑائی کے موقعے ۔ مورچے ۔

قعر

مُنْقَعِرٌ (اِسم فاعل) وہ جو جڑ سے اُکھڑ گیا ۔

● ۔۔۔ کانھم اعجاز نخل منقعر [س ۵۴ : ۲۰

= انقعرت الشجرة انقلعت من قعرھا ۔ (راغب)

قَفَلَ

أَقْفَالٌ (جمع ۔ واحد قُفْلٌ) تالے ۔ [س ۴۷ : ۴

قَفَا

قَفَا پیچھے پڑنا ۔ پیچھے لگ جانا ۔

● ولا تقف ما لیس لك بہ علم [س ۱۷ : ۳۶

قَفَّى (+ بِ) بعد کو بھیجنا ۔ پیچھے لگا دینا ۔

● وقفینا من بعدہ بالرسل [س ۲ : ۸۷

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا (س ۵۷ : ۲۷) پھر اُن کے بعد ہم نے اُن کے پے در پے اپنے رسول بھیجے ۔

قَلَّ

قَلَّ تھوڑا ہونا ۔ کم ہونا ۔ [س ۴ : ۶

قَلِيلٌ قلیل ۔ تھوڑے ۔ چند ۔ چھوٹا ۔ [س ۳ : ۱۹۷

أَقَلُّ (افعل التفضیل) نہایت کم ۔ [س ۱۸ : ۴۰

قَلَّلَ تھوڑا کر دینا ۔ کم دکھانا ۔

● ۔۔۔ و یقللکم فی اعینھم [س ۸ : ۴۵

أَقَلَّ اُٹھا کر لے چلنا ۔

● ۔۔۔ اذا اقلت سحابا ثقالا [س ۷ : ۵۷

قَلَبَ

قَلَبَ (+ اِلیٰ) پھیرنا ۔ پھرانا ۔ واپس کرنا ۔

قَلْبٌ (جمع قُلُوبٌ) (۱) دل ۔ قلب ۔

(۲) عقل اور علم ۔

● ان فی ذلك لذکری لمن کان لہ قلب [س ۵۰ : ۳۷

قَلَّبَ (۱) پھیرنا ۔ اُلٹ پلٹ کرنا ۔

۔۔۔ وَقَلَّبُوا لَكَ الْأُمُورَ (س ۹ : ۴۸) اور وہ اُلٹتے رہے تیرے کام ۔ (شاہ عبدالقادر رح) اور تیرے معاملہ میں تیرے کام بگاڑنے کے لئے غور اور فکر کرتے رہے ۔

Marfat.com

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ (س ۱۸ : ۴۰) وہ اپنا ہاتھ ملتا رہ گیا ، نادم ہوگیا ۔

(۲) پھیرنا ۔ باری باری سے پھیرنا ۔

● يقلب الله الليل و النهار [س ۲۴ : ۴۴

تَقَلَّبَ پھیرا جانا ۔ اُلٹ پھیر کیا جانا ۔ بدلا جانا ۔

● ۔۔۔ يوما تتقلب فيه القلوب والابصار [س ۲۴ : ۳۷

تَقَلُّبٌ (اسم فعل) (۱) پھیرنا ۔

● قد نرى تقلب وجهك فى السماء [س ۲ : ۱۴۴

(۲) تجارت میں ہیرا پھیری کرنا ۔ آنا جانا ۔

● لا يغرنك تقلب الذين كفروا فى البلاد [س ۳ : ۱۹۶

(۳) رویّہ ۔ طور طریقہ ۔ اُٹھنا بیٹھنا ۔

۔۔۔ اَلَّذِىْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ وَتَقَلُّبَكَ فِى السّٰجِدِيْنَ ۔۔۔ (س ۲۶ : ۲۱۹)

۔۔۔ وہ خدا جو تمہاری ہر روش پر نظر رکھتا ہے جب تم کھڑے ہوتے ہو اور اُٹھتے بیٹھتے ہو مؤمنوں میں (جو تمہارے اخلاق و عادات سے خوب واقف ہے) ۔۔۔

مُتَقَلَّبٌ وقت یا جگہ جہاں لوگ معاملات میں سرگرداں رہتے ہیں ۔ [س ۴۷ : ۱۹

اِنْقَلَبَ پھیرا جانا ۔ لپیٹ میں آجانا ۔ گھوم جانا ۔ واپس آنا ۔ مغلوب ہونا ۔

فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ (س ۳ : ۱۲۲) اور وہ لوٹ جائیں ناکام ۔

مَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ (س ۲ : ۱۳۸) وہ جو پھر جاتا ہے اُلٹے پاؤں ۔ جدھر سے آیا اُدھر ہی واپس جاتا ہے، یعنی کفر کی طرف ۔

اَىَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ (س ۲۶ : ۲۲۸) کیا ہی پلٹا وہ کھائیں گے ، ان کی حالت کیسی دگرگوں ہوجائیگی ۔

مُنْقَلَبٌ (اسم فاعل) وہ جو پلٹا لیے یا کھائے ۔

مُنْقَلَبٌ (اسم ظرف) حالت یا ٹھکانا جس طرف پلٹا کھا کر پہنچنا ہو ۔ [س ۲۶ : ۲۲۸

قَلَدَ

قَلَآئِدُ (جمع ۔ واحد قِلَادَةٌ)

(۱) بٹے ہوئے ہار ۔

(۲) حج کو جانے یا وہاں سے واپس آنے والے لوگ (جو اکثر ہار پہنائے جاتے ہیں) [س ۵ : ۲

مَقَالِيْدُ (جمع ۔ واحد مِقْلَادٌ)

(۱) کنجیاں ۔

(۲) = خزائن ، مفاتیح (راغب) ۔ خزانے

● له مقاليد السمٰوٰت والارض [س ۳۹ : ۶۴

قَلَعَ

اَقْلَعَ باز آنا ۔ رُک جانا ۔

● ۔۔۔ و ياسماء اقلعى [س ۱۱ : ۴۴

قَلَمَ

قَلَمٌ (جمع اَقْلَامٌ) لکھنے کا قلم ۔

Marfat.com

● ن والقلم [س ۶۸ : ۱
= دوات اور قلم کی قسم ۔ (اِبن عباس)
أَقْلَامٌ (جمع) = قداح قرعہ اندازی کے تیر۔ (زجاج) [س ۳ : ۴۳

قَلَى

قَلَى نفرت کرنا ۔ [س ۹۳ : ۳
قَالٍ (اسم فاعل) نفرت کرنے والا ۔
● انی لعملکم من القالین [س ۲۶ : ۱۶۸

قَمَحَ

مُقْمَحٌ گلے میں طوقوں کی تنگی کی وجہ سے سر کو اونچا کئے ہوئے ۔
● فھم مقمحون [س ۳۶ : ۸

قَمَرَ

قَمَرٌ (۱) چاند (تیسرے دن کے بعد کا) ۔ [س ۶ : ۷۸
(۲) ایام جاھلیت میں عربوں کا قومی نشان ۔
● اقتربت الساعة و انشق القمر [س ۵۴ : ۱
● فاذا برق البصر و خسف القمر و جمع الشمس والقمر ۔۔۔ [س ۷۵ : ۷ ۔ ۱۰

قَمَصَ

قَمِيْصٌ قمیص ۔ [س ۱۲ : ۲۶

قَمْطَرَ

قَمْطَرِيْرٌ مصیبت کا (دن) ۔
● یوما عبوسا قمطریرا [س ۷۶ : ۱۰

قَمَعَ

مَقَامِعُ (جمع ۔ واحد مِقْمَعَةٌ) گُرز۔
● ۔۔۔ ولھم مقامع من حدید [س ۲۲ : ۲۱

قَمِلَ

قُمَّلٌ جوئیں ۔ [س ۷ : ۱۳۲

قَنَتَ

قَنَتَ صادق و مخلص و دیندار ہونا (+ لِ) ۔
● ومن یقنت منکن للہ [س ۳۳ : ۳۱
قَانِتٌ (اسم فاعل) (۱) صادق ۔ مخلص ۔ دیندار
● ان ابراھیم کان امة قانتا للہ حنیفا [س ۱۶ : ۱۲۰
(۲) حکم بردار ۔
● کل لہ قانتون [س ۲ : ۱۱۶

قَنَطَ

قَنَطَ (+ مِنْ) مایوس ہونا ۔
● ومن یقنط من رحمة ربہ [س ۱۵ : ۵۶
قَنُوْطٌ (اسم فعل) (۱) مایوسی ۔
(۲) = قَانِطٌ
● ۔۔۔ فیؤس قنوط [س ۴۱ : ۴۹
قَانِطٌ (اِسم فاعل) وہ جو مایوس ہوجائے ۔
● فلا تکن من القانطین [س ۱۵ : ۵۵

قَنْطَرَ

قِنْطَارٌ (جمع قَنَاطِيْرُ) مال کثیر ۔

Marfat.com

مُقَنْطَرٌ (اِسم مفعول) ڈھیر کیا ہوا۔
اَلْقَنَاطِیْرُ الْمُقَنْطَرَۃ (س ۳ : ۱۲)
= المجموعۃ قنطارا قنطارا۔ (راغب)
ڈھیروں ڈھیر۔

قَنَعَ

قَنَعَ بھیک مانگنا۔
قَنِعَ قانع ہونا۔
قَانِعٌ (اِسم فاعل) (۱) وہ جو سوال کرے، مانگے۔
(۲) (قناع سے) وہ جو (اپنی حاجت چھپانے کے لئے) کسی طرح سر ڈھانک لیتا ہے۔
● ۔۔۔ و اطعموا القانع و المعتر
[س ۲۲ : ۳۶
مُقْنِعٌ (اسم فاعل) وہ جو سر اُٹھائے (گھبرا کر)
● ۔۔۔ مقنعی رء وسھم [س ۱۴ : ۴۳

قَنَا

قِنْوَانٌ (تثنیہ و جمع۔ واحد قِنًا) کھجوروں کے خوشے۔ [س ۶ : ۱۰۰

قَنَی

أَقْنَی حاصل کرانا۔
● وانہ ھو اغنی واقنی [س ۵۳ : ۴۸

قَهَرَ

قَهَرَ ذلیل کرنا۔ بے بس کرنا۔
● و اما الیتیم فلا تقھر [س ۹۳ : ۹

اَلْقَهَّارُ (مبالغہ) = الغالب۔ سب پر غالب۔ زبردست (خدا)۔
قَاهِرٌ (اِسم فاعل) غالب (+ فَوْقَ)
● وانا فوقھم قاھرون [س ۷ : ۱۲۷
اَلْقَاهِرُ سب پر غالب (خدا)۔ [س ۶ : ۱۸
قُوْا (جمع مذکر امر حاضر) [وَقَی

قَابَ

قَابٌ کمان میں پکڑنے کی جگہ، جہاں پکڑ کر تیر چلاتے ہیں۔ [س ۵۳ : ۹
قَابَ قَوْسَیْنِ دو کمانوں کی ایک قاب۔
اس بارے میں مولینا محمد علی (لاہوری) اپنی تفسیر میں روح المعانی سے خفاجی کا قول نقل کرتے ہیں کہ ایام جاہلیت میں عرب جب ایک دوسرے سے مضبوط عہد کرتے تھے تو وہ دو کمانیں نکالتے تھے اور ایک کو دوسرے کے ساتھ ملا دیتے تھے اور دونوں کے قاب مل جاتے تھے یہاں تک کہ وہ گویا ایک ہی قاب والی ہو جاتی تھیں، پھر ان دونوں کو اکٹھا کھینچتے اور ان سے ایک ہی تیر چلاتے اور یہ اس بات کی طرف اشارہ ہوتا کہ ان میں سے ایک کی رضامندی دوسرے کی رضامندی ہے اور ایک کی ناراضگی دوسرے کی ناراضگی اور اس کے خلاف ممکن نہیں۔
غرضیکہ ایک اپنے تئیں دوسرے کی رضا کے تابع کر دیتا اور اتحاد قصد و عمل کا عہد کرلیتا۔ اسی طرح آنجنابؐ کے لئے آیا ہے:
● ۔۔۔ فاستوی وھو بالافق الاعلی۔ ثم دنا فتدلی فکان قاب قوسین اوادنی [س ۵۳ : ۶-۹

Marfat.com

قَاتَ

أَقْوَاتٌ (جمع - واحد قُوْتٌ)
= مایمسك الرمق (راغب) - جو چیز جان کو بچائے رکھے - رزق - [س ۴۱ : ۱۰
مُقِيْتٌ (اسم فاعل) (۱) رزق دینے والا -
(۲) مقتدر - زبردست - (راغب)
(۳) = حافظ - حفاظت کرنے والا - (راغب)
● وکان الله علی کل شئی مقیتا [س ۴ : ۸۵

قَاسَ

قَوْسٌ (مذکر و مؤنث) قوس - کمان -
● قَابَ قَوْسَيْنِ (س۵۳ : ۹) [تحت قَابَ

قَاعَ

قَاعٌ (جمع قِيْعَةٌ) ہموار زمین یا میدان -
[س ۲۰ : ۱۰۶

قَالَ

قَالَ (+ لِ) (۱) (زبان سے) کہنا -
(۲) دل میں خیال کرنا -
● و یقولون فی انفسهم لولا یعذبنا الله بما نقول [س ۵۸ : ۸
(۳) دل میں قائل ہونا - دل سے سچ جاننا -
● ان الذین قالوا ربنا الله ثم استقاموا تتنزل علیهم الملائکة --- [س ۴۱ : ۳۰
(۴) کسی چیز کی حالت کا کسی بات پر دلالت کرنا - زبان حال سے کہنا -
● --- فقال لها وللارض ائتیا طوعا او کرها - قالتا اتینا طائعین --- [س ۴۱ : ۱۱

● قلنا یا نار کونی بردا وسلاما علی ابراهیم [س ۲۱ : ۶۹
● --- قلنا یا ذاالقرنین [س ۱۸ : ۸۶
(۵) عربی میں اس لفظ کا استعمال بھی ضَرَبَ کی طرح بے انتہا معنوں میں ہوتا ہے - (ابن اثیر)
(۶) کسی کے خلاف جھوٹی بات بنانا - (+ عَلٰی)
● --- ولا تقولوا علی الله الا الحق [س ۴ : ۱۷۱

قَوْلٌ (اِسم فعل - جمع أَقْوَالٌ) قول - جملہ - لفظ -
أَقَاوِيْلُ (جمع أَقْوَالٌ کی) باتیں -
[س ۶۹ : ۴۴
قِيْلٌ کہنا - بات چیت - بات -
وَقِيْلِهٖ (س ۴۳ : ۸۸) اور اُس (رسول) کا کہنا یَارَبِّ --- اس جملے کا عطف اَلسَّاعَةَ (آیت ۸۵) پر ہے - یعنی تمہاری شامت اعمال تم پر آکر رہے گی - کب آئیگی یہ خدا ہی جانے ، اور اُس کو اس نبی کے درد بھرے دل کا حال بھی معلوم ہے جب وہ تمہارے انجام پر خون کے آنسو بہا کر اپنے رب سے تمہارے لئے دعا کرتا ہے - نبی صلعم کے اس درد دل کا ذکر ایک دوسری جگہ یوں بیان کیا ہے :
فلعلك باخع نفسك علی آثارهم ان لم یؤمنوا بهذا الحدیث اسفا (س ۱۸ : ۶)
آپ کے دل کا بیان ایک جگہ یوں بھی آیا ہے :
عزیز علیه ما عنتم (س ۹ : ۱۲۸) - خدا ضرور اس درد بھرے دل کی دعا سنے گا اور تمہیں

Marfat.com

اپنی شامت اعمال بھی مل جائیگی۔

قَآئِلٌ (اسم فاعل) کہنے والا۔

[قَالَ (= قَیَلَ)

تَقَوَّلَ جھوٹی بات بنانا۔ [س ۵۲ : ۳۳

قَامَ

قَامَ کھڑا ہونا۔ جما رہنا۔ قائم رہنا۔ چپ چاپ کھڑا ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ نماز میں کھڑا ہونا (+اِلٰی)۔ جگہ سے اُٹھنا (+مِنْ)۔ سامنے کھڑا ہونا (+لِ)۔

یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ (س ۱۴ : ۴۲) جس دن حساب قائم ہوگا۔

لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ (س ۵۷ : ۲۵) تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوں۔

قَوْمٌ لوگ۔ قوم۔

قَیِّمٌ (مبالغہ) ٹھیک۔ سچا۔ جس کا قیام زبردست ہو۔ جس میں تبدیلی ممکن نہیں۔

[س ۳۰ : ۳۰

قِیَمٌ = قَیِّمٌ [س ۶ : ۱۶۲

قَآئِمٌ (اسم فاعل) (۱) قائم۔ جما ہوا۔ مضبوط۔ سیدھا۔

● ۔۔۔ قائما بالقسط [س ۳ : ۱۸

(۲) یقینی۔

● ۔۔۔ وما اظن الساعة قائمة [س ۱۸ : ۳۴

(۳) محافظ۔ نگہبان۔

● ۔۔۔ افمن ھو قائم علی کل نفس بما کسبت [س ۱۳ : ۳۳

(۴) موجود۔

● ذلك من انباء القرى نقصه عليك منها قائم وحصيد [س ۱۱ : ۱۰۱

اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ (س ۳ : ۱۱۳) لوگ جو حق پر قائم ہیں۔

قَوَامٌ قائم۔ جما ہوا۔ [س ۲۵ : ۶۷

قِیَامٌ (۱) (جمع۔ واحد قَوِیْمٌ) سیدھا کھڑا۔ سیدھا۔

(۲) (اِسم فعل) زندگی کا باعث، سہارا۔

● ۔۔۔ التی جعل الله لكم قياما [س ۴ : ۴

(۳) جائے پناہ۔

● جعل الله الكعبة البيت الحرام قياما للناس [س ۵ : ۹۸

قَوَّامٌ (۱) (مبالغہ کا صیغہ) وہ جو بہ وجہ انتظام کاروبار و اہتمام معاملات بیٹھنے کی مہلت نہ پائے اور اس کے زیادہ تر اوقات قیام میں گزرتے ہوں۔ کارپرداز۔ خدمت گزار۔

● الرجال قوامون على النساء [س ۴ : ۳۴

= کارگزار۔ (سعدی)

= تدبیر کارکنندہ۔ (شاہ ولی اللہ رح)

(۲) وہ جو مضبوطی سے جما رہے۔

● كونوا قوامين بالقسط شهداء لله [س ۴ : ۱۳۴

اَلْقَیُّوْمُ (قِیَامٌ سے مبالغہ) خود قائم اور دوسروں کو بھی قائم رکھنے والا (خدا)۔

[س ۲ : ۲۵۵

اَلْقِیَامَةُ وہ بات جو ہرگز نہیں ٹلنے کی۔ خدا کے حضور سے انسان کی جزا یا سزا۔

یَوْمُ الْقِیَامَةِ اِنسان کے اعمال کی جزا یا

Marfat.com

سزا کا وقت ۔

أَقْوَمُ (افعل التفضیل) نہایت درست رکھنے والا ۔ زیادہ ٹھیک ۔ زیادہ درست، مناسب ۔

أَقْوَمُ قِيلًا (س ۷۳ : ۶) بات (سمجھنے یا دلنشین ہونے) کے لئے زیادہ مناسب ۔

مَقَامٌ (۱) کھڑے ہونے کی جگہ ۔ رہنے کی جگہ ۔ بیٹھنے کی جگہ ۔

(۲) عدالت ۔

● واما من خاف مقام ربه ۔۔۔ [س ۷۹ : ۴۰

(۳) کھڑا ہونا ۔ ٹھہرنا ۔ [س ۱۰ : ۷۱

تَقْوِيمٌ (اسم فعل) ساخت ۔ سرشت ۔ تناسب ۔ [س ۹۵ : ۴

أَقَامَ (۱) سیدھا کھڑا کرنا ۔

(۲) کام کو ہمیشہ اس کی رعایت حقوق کے ساتھ انجام دینا، ٹھیک ٹھیک کرنا ۔ [س ۲ : ۱۷۲

(۳) قائم کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ [س ۱۸ : ۱۰۵

وَأَقِيمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ (س ۶۵ : ۲) اور للہ شہادت ٹھیک ٹھیک دو (کسی کے منہ کی طرف نہ دیکھو بلکہ خدا ہی کی طرف نگاہ رکھو) ۔

إِقَامٌ (= إِقَامَةٌ) قائم رہنا یا رکھنا ۔ ڈیرہ ڈالنا ۔ [س ۱۶ : ۸۲

مُقَامٌ ٹھہرنے کی جگہ یا وقت ۔ مقام ۔ ٹھکانا ۔

مُقَامَةٌ = مُقَامٌ [س ۳۵ : ۳۵

دَارُ الْمُقَامَةِ (س ۳۵ : ۳۲) مقیم ہونے کی جگہ ۔

مُقِيمٌ (اسم فاعل) قائم رہنے والا ۔ [س ۵ : ۴۰

مُقِيمُ الصَّلٰوةِ (س ۱۴ : ۴۰) وہ جو خدا کے ہر حکم کا لحاظ رکھتے ہوئے اپنے فرائض ادا کرے ۔ وہ جو ٹھیک ٹھیک نماز ادا کرے ۔

وَإِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ مُقِيمٍ (س ۱۵ : ۷۶) اور یہ (بستیاں) تو ایک مستقل سڑک پر واقع ہیں (جہاں سے ہو کر لوگوں کا مستقل آنا جانا ہے) ۔

اِسْتَقَامَ ٹھیک ٹھیک کام کرنا ۔ سیدھی طرح چلنا ۔ استقلال کے ساتھ کام کرنا ۔ حق پر جما رہنا ۔

●۔۔۔ لمن شاء منكم ان يستقيم [س ۸۱ : ۲۸

مُسْتَقِيمٌ (اسم فاعل) سیدھا ۔ ٹھیک ۔ مستقل ۔

اَلصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيمُ (س ۱ : ۶)

● وان الله ربی و ربكم فاعبدوه ۔ هذا صراط مستقيم ۔ [س ۱۹ : ۳۶

= س ۴۳ : ۶۴ و س ۳ : ۵۱

اس کی تشریح یوں کی ہے :

قل تعالوا اتل ماحرم ربكم عليكم الاتشركوا به شيئا و بالوالدين احسانا ۔ ولا تقتلوا اولادكم من املاق ۔۔۔۔ ولا تقربوا الفواحش ماظهر منها و ما بطن ۔ ولا تقتلوا النفس التی حرم الله الا بالحق ۔۔۔۔ ولا تقربوا مال اليتيم الا بالتی هی احسن حتی يبلغ اشده ۔ واوفوا الكيل والميزان بالقسط ۔۔۔ و اذا قلتم

Marfat.com

فاعدلوا و لوکان ذا قربیٰ - و بعهد الله اوفوا - ذلکم وصکم به لعلکم تذکرون وانَ هذا صراطی مستقیما --- (س ٦ : ١٥٢ - ١٥٣)

● --- ومن یعتصم بالله فقدهدی الی صراط مستقیم - [س ٣ : ١٠١

قَوَی / قَوِیَ قُوَّةٌ (جمع قُوًی) قوت - طاقت - جوش - عزم - زور -

خُذِ الْکِتَابَ بِقُوَّةٍ (س ١٩ : ١٢) خدا کا حکم قبول کرو اور عزم کرو کہ اس کی تعمیل کروگے -

ذُوْ قُوَّةٍ (س ٨٢ : ٢٠) زبردست روحانی طاقت والا (یہ ہمارے رسول صلعم کی تعریف میں ہے) -

ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ (س ٥١ : ٥٨) زبردست طاقت والا (خدا) -

شَدِیْدُ الْقُوٰی (س ٥٣ : ٥)

= ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ (س ٥١ : ٥٨)

زبردست طاقت والا (خدا) -

قَوِیٌّ قوی - طاقتور - [س ٨ : ٥٣

مُقْوٍ (= مُقْوِیٌ اسم فاعل)

(١) بادیه نشین - بیابان میں رہنے والا -

(٢) مسافر -

● --- ومتاعا للمقوین [س ٥٦ : ٧٣

= للمسافرین - (ابن عباس)

قَاضَ

قَیَّضَ تیار کرنا - لازم کردینا - ساتھ لگادینا (جیسا انڈے پر اُس کا چھلکا) -

● وقیضنا لهم قرناء فزینوا لهم مابین ایدیهم وماخلفهم --- [س ٤١ : ٢٥

= تنح لیستولی علیه استیلاء القیض علی البیض و هوالقشرالاعلی - (راغب)

قَالَ

قَالَ (= قَیْلَ)

قَائِلٌ (اسم فاعل) وہ جو دوپہر دن کو سوئے، قیلولہ کرے -

● فجاءها باسنا بیاتا اوهم قائلون [س ٧ : ٤

مَقِیْلٌ قیلولہ کرنے کی جگہ یا وقت -

● --- خیر مستقرا و احسن مقیلا [س ٢٥ : ٢٤

Marfat.com

ـ« باب الکاف »ـ

كَ

(الف) حرف جر ہے ۔
(۱) به معنی تشبیه ۔
(۲) = لِأَجْل (تعلیلیه)
● کما ارسلنا فیکم رسولا منکم [س ۲ : ۱۵۱
= لاجل ارسلنا ۔ (اخفش)
● واذکروه کما هدیکم [س ۲ : ۱۹۸
= لاجل هدایته ایاکم
(۳) به معنی توکید یا زائده ۔
(ب) (۱) حرف خطاب، جیسے ذٰلِكَ وغیره (اسم اشاره) الفاظ میں ۔
(۲) (اِسم) = مِثْل
أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ (س ۲ : ۲۵۹)
اس آیت میں لفظ كَالَّذِي میں کاف حرف تشبیه کا ہے اور كَأَنَّ بھی اسی کاف تشبیه سے بنا ہے اور کاف تشبیه کو به سبب کسی ضرورت کے مثلاً بغرض اهتمام تشبیه یا تبدیل سیاق کلام یا کسی اور ضرورت کے مشبه به سے جدا کر کے مقدم کردینا جائز ہے ۔ مثلاً زید کالاسد سے جب کاف تشبیه کو کسی سبب سے جدا کر کے مقدم کریں تو یوں کہینگے: کان زیدالاسد ۔ اس مقام پر بھی الَّذِي مشبه به نہیں ہے بلکه اس سے اس شخص کے سرور کی تشبیه یا تمثیل مراد ہے ۔ پس تقدیر آیت کی یه ہے که الم ترالی الذی کانه مرعلی قریة یعنی کیا نہیں دیکھا تو نے اس شخص کو جو گویا که گزرا تھا ایک قریه پر ۔ در حقیقت وه شخص گزرا نہیں تھا بلکه اس نے رویا میں دیکھا که میں ایک قریه پر گزرا هوں جو ویران پڑا ہے ۔ اور جو تقدیر آیت کی هم نے بیان کی ہے اس سے صاف پایا جاتا ہے که اس شخص کا حال بیان کیا جاتا ہے جو یه سمجھا تھا که گویا میں ایک قریه میں گیا هوں، اور اس طرح کا بیان صریح دلالت کرتا ہے که وه رؤیا کا واقعه ہے ۔ مگر نحوی قاعده کے موافق كَأَنْ کا لفظ الذی موصول کے صله میں واقع نہیں هوسکتا اس ضرورت سے حرف تشبیه یعنی لفظ كَأَنْ کو مقدم لانا پڑتا تھا اور وه مقدم نہیں هوسکتا تھا کیونکه اس کے اسم وخبر صله کے جزو تھے اس لئے حرف کاف جو اصل لفظ تشبیه کا تھا وه اس کی جگه مقدم کیا گیا ۔ (سید احمد رح)

كَأْسٌ

كَأْسٌ (مؤنث) (۱) پیالی ۔ (۲) بھری پیالی ۔ [س ۳۷ : ۴۵

كَأَنَّ

كَأَنَّ = كَ (تشبیه) + أَنَّ ۔

Marfat.com

اس کا استعمال اشد مشابہت ھی کے موقعہ پر ھوتا ھے ۔

● ۔۔۔ قیل اھکذا عرشک ۔ قالت کا نہ ھو [س ۲۷ : ۴۲

كَأَيِّنْ

= كَ (تشبیہ) + أَيٍّ (حرف استفہام) + ن (تنوین) تعداد میں زیادتی ۔ کتنے ھی ۔ [س ۳ : ۱۴۶

كَبَّ

كَبَّ (+ فِيْ) مُنھ کے بل گرانا ۔

● فكبت وجوههم [س ۲۷ : ۹۰

مُكِبٌّ (اسم فاعل) اوندھا ۔ (+ عَلٰى)

مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖ (س ۶۷ : ۲۲) اپنے منھ کے بل اوندھا گرا ھوا ۔

كَبَتَ

كَبَتَ مُنھ کے بل گرانا ۔ ذلیل کرنا ۔

● اویکبتھم فینقلبوا خائبین [س ۳ : ۱۲۷

كَبَدَ

كَبَدٌ جگرسوزی ۔ رنج و محنت ۔ [س ۹۰ : ۴

كَبُرَ

كَبُرَ (۱) بڑا ھونا ۔

(۲) شاق گزرنا ۔ (+ عَلٰى) [س ۱۰ : ۷۱

كَبُرَ مَقْتًا (س ۴۰ : ۳۷) یہ نہایت ھی ناپسندیدہ بات ھے ۔

كَبُرَتْ كَلِمَةً (س ۱۸ : ۴) یہ سخت بری بات ھوئی ۔

أَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ (س ۱۷ : ۵۱) یا کوئی اور خلقت جس کو تم نے اپنے دلوں میں زبردست سمجھ رکھا ھے ۔

(۳) بالغ ھونا ۔ بلوغ کو پہنچنا ۔

كِبْرٌ (۱) بڑائی ۔ فخر ۔ [۴۰ : ۵۶

(۲) بڑا حصہ ، بوجھ ، ذمہ [س ۲۴ : ۱۱

وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ (س ۲۴ : ۱۱) اور اُن میں سے جس نے اس کا بڑا حصہ لیا یا اس کو بڑھانے کا ذمہ لیا ۔۔۔

كِبَرٌ (كَبِرَ سے اسم فعل) بوڑھی عمر ۔ بڑی عمر ۔ بڑھاپا ۔ [س ۲ : ۲۶۸

كَبِيْرٌ (جمع كُبَرَآءُ) (۱) بڑا ۔ بزرگ ۔ اُستاد ۔ سردار ۔

(۲) بہت بُرا ۔ شاقہ ۔

● ۔۔۔ قل قتال فیہ کبیر [س ۲ : ۲۱۷

كَبَآئِرُ (جمع ۔ واحد كَبِيْرَةٌ) بڑے بڑے ۔ سخت جرم ۔ [س ۴ : ۳۰

كَبِيْرَةٌ (جمع كَبَآئِرُ) (۱) بڑی بات ۔ [س ۱۸ : ۵۰

(۲) گراں ۔ شاقہ ۔ [س ۲ : ۴۵

(۳) بہت ۔ زیادہ ۔ [س ۹ : ۱۲۲

كُبَّارٌ بڑی وسعت والا ۔ زبردست ۔ [س ۷۱ : ۲۲

أَكْبَرُ (جمع أَكَابِرُ ۔ افعل التفضیل) (۱) بہت بڑا ۔ (۲) زیادہ بُرا ۔

Marfat.com

● ---والفتنة اکبر من القتل [س ۲ : ۲۱۷

كُبْرٰى (مؤنث) بہت بڑی۔

كُبَرُ (جمع مؤنث)

اَلْكُبْرُ (س ۷۴ : ۳۸) زبردست مصیبت۔

كِبْرِيَآءُ برتری۔ بزرگی۔ [س ۴۵ : ۳۶

كَبَّرَ بڑا ثابت کرنا۔ بڑا کر کے دکھانا۔

وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ (س ۷۴ : ۳) اور (اپنے اخلاق حمیدہ سے لوگوں پر) ثابت کرد کھاؤ کہ تمہارا پروردگار بڑا ہے (زبانی تو دوسرے بھی اپنے معبودوں کو بڑا کہتے ہیں)۔

تَكْبِيْرٌ (اسم فعل) بڑا ثابت کرنا۔

[س ۱۷ : ۱۱۱

أَكْبَرَ بڑا ماننا۔

● فلما رأينه أكبرنه [س ۱۲ : ۳۱

تَكَبَّرَ تکبر کرنا۔ اپنے تئیں بڑا دکھانا۔

[س ۷ : ۱۲

مُتَكَبِّرٌ (اسم فاعل) تکبر کرنے والا۔

[س ۴۰ : ۳۵

اَلْمُتَكَبِّرُ ذات باری جس کو بڑائی سزاوار ہے۔ [س ۵۹ : ۲۳

اِسْتَكْبَرَ (۱) تکبر کرنا۔ [س ۷۱ : ۷

أَسْتَكْبَرْتَ (س ۳۸ : ۷۶)

= أَاسْتَكْبَرْتَ

(۲) تکبر کی وجہ سے نہ ماننا (+ عَنْ)۔

اِسْتِكْبَارٌ (اِسم فعل) تکبر۔ سرکشی۔

[س ۳۵ : ۴۳ ◉

مُسْتَكْبِرٌ (اسم فاعل) تکبر اور سرکشی کرنے والا۔ [س ۱۶ : ۲۳

كَبْكَبَ [كَبَّ

كَتَبَ

كَتَبَ (۱) نقش کرنا۔ جما دینا۔

●---کتب فی قلوبهم الایمان [س ۵۸ : ۲۱

(۲) لکھنا۔ نقل کرنا۔

(۳) واجب کرنا۔ لازم کرنا۔

● كتب على نفسه الرحمة [س ۶ : ۱۲

● كتب عليكم الصيام---[س ۳ : ۱۸۳

---مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ إِسْرَآئِيْلَ أَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ (س ۵ : ۳۲)

اس آیت میں كَتَبْنَا کا مفعول کیا ہے؟ كَتَبْنَا کو بہ معنی حَكَمْنَا لیکر اس جملہ کو بذریعہ لفظ أَنَّهٗ کے اس کا مفعول قرار دینا درست نہیں، اس لئے کہ اس میں کوئی حکم مندرج نہیں ہے بلکہ وہ صرف بطور بیان کے یا بطور خبر کے ہے۔ پس كَتَبْنَا کا مفعول محذوف ہے جو قرینہ مقام سے ظاہر ہوتا ہے، اور وہ لفظ قصاص ہے، اور أَنَّهٗ بحذف لام علت قصاص کے حکم کی علت کو بیان کرتا ہے اور ایسے مقام پر لام علت کا حذف کرنا کثرت سے کلام عرب میں جاری ہے۔ پس تقدیر آیت کی یوں ہوگی: كتبنا على بنى اسرائيل القصاص لانه من قتل نفسا---(سید احمد رح)

Marfat.com

(۴) مقرر کرنا۔
● ۔۔۔ الا ما کتب اللہ لنا [س ۹ : ۵۱
(۵) حتماً تجویز کرنا ۔
● ۔۔۔ کتب اللہ علیھم الجلاء [س ۵۹ : ۳
(۶) عالم ہونا۔ (صحاح) ۔ علم رکھنا، جاننا۔
● أم عندھم الغیب فھم یکتبون [س ۵۲ : ۴۱
● فمن یعمل من الصالحات وھو مؤمن فلا کفران لسعیه ۔ وانا له کاتبون [س ۲۱ : ۹۴
کَاتِبٌ (اِسم فاعل) لکھنے والا ۔ کاتب ۔ [س ۲ : ۲۸۲
کِرَامًا کَاتِبِیْنَ (س ۸۲ : ۱۱) معزز لکھنے والے، وہ جو سب باتوں کو، اعمال کو انسان کے محفوظ کرتے ہیں۔ یہ بھی ملائک حفظہ ھی ہیں جن کو دوسری حیثیت کی وجہ سے دوسرا نام دیا گیا ۔ [حَفَظَةً تحت حَفِظَ
● وان علیکم لحافظین کراما کاتبین یعلمون ماتفعلون [س ۸۲ : ۱۰-۱۲
وکذا لم یصح خبر قلمھا ومدادھا ۔ (روح المعانی)
= له معقبات من بین یدیه ومن خلفه یحفظونه من امر اللہ ۔ (س ۱۳ : ۱۱)
= فاتوا بکتاب من عند اللہ ھو اھدی منھما اتبعہ ۔۔۔ (س ۲۸ : ۴۹)

مِثْلُ ذٰلِكَ اُسی طرح ۔

مِثْلَيْهِمْ (س ۳ : ۱۱) اُن کے دُگنے ۔ ان کے دوچند ۔

مَثَلٌ (جمع أَمْثَالٌ) مانند ۔ مشابہت ۔ برابر ۔

Marfat.com

مثل ۔ مثال ۔ تشبیہ ۔ تمثیل ۔ اِستعارہ ۔

وَلَهُ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ (س ۳۰ : ۲۶) اعلی ترین شان خدا کی ہے ۔ سب مثالوں سے خدا بالا تر ہے۔

مَثَلًا مَا (س ۲ : ۲۴) کوئی سی مثال ۔

أَمْثَلُ (مذکر ۔ مؤنث مُثْلَىٰ) اعلی ۔ بالاترین (مثال) ۔

طَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ (س ۲۰ : ۶۶)

(۱) تمہارے سربرآوردہ رءوساء ۔

(۲) تمہارا بہترین طریقہ ، مذہب ۔

أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً (س ۲۰ : ۱۰۴) طور طریقہ میں ان میں کا بہترین شخص ۔

مَثُلَةً عبرت انگیز سزا ۔

● وقدخلت من قبلهم المثلات [س ۱۳ : ۷

تَمَاثِيلُ (جمع ۔ واحد تِمْثَالٌ) مجسمے ۔ تصویریں ۔ مورتیں ۔ [س ۳۴ : ۱۳

تَمَثَّلَ (+ ل) عالم مثال (خواب) میں معلوم ہونا (دکھائی دینا) ۔

فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا (س ۱۹ : ۱۷) اور وہ مریم کو خواب میں پورا آدمی دکھائی دیا ۔

مَثْوَاهُ (= مَثْوَيَهُ) [ثوی

مَجَدَ

مَجِيدٌ کرم و جلال والا ۔ کریم ۔ جلیل ۔

[س ۵۰ : ۱ ⊙

مَجُوسُ

مَجُوسُ فرقہ مجوس ۔ [س ۲۲ : ۱۷

مَحَصَ

مَحَّصَ نکھار دینا ۔ صاف کردینا ۔ آزمانا ۔

● ۔۔۔ ولیمحص ما فی قلوبکم [س ۳ : ۱۵۴

● ۔۔۔ ولیمحص اللہ الذین آمنوا [س ۳ : ۱۴۱

مَحَقَ

مَحَقَ برکت دور کرنا ۔ برکت اُٹھالینا ۔ برباد کرنا ۔

● ۔۔۔ یمحق اللہ الربا [س ۲ : ۲۷۶

مَحَلَ

مَحَالٌ (اِسم فعل) طاقت ۔ [س ۱۳ : ۱۳

مُحَلِّقِينَ (س ۵ : ۱) = مُحَلِّينَ [حَلَّ

مَحَنَ

اِمْتَحَنَ (سختی میں ڈالکر) آزمانا ۔ صاف کرنا ۔

● اولئك الذين امتحن الله قلوبهم للتقوى [س ۴۹ : ۳

مُمْتَحَنَةٌ (اِسم مفعول) وہ جس کو پرکھا گیا ۔

مَحَا

مَحَا مٹا دینا ۔ منسوخ کرنا ۔

● ۔۔۔ ویمحوا اللہ الباطل [س ۴۲ : ۲۴

● لکل اجل کتاب ۔ یمحوا اللہ ما یشاء ویثبت ۔ وعنده ام الکتاب [س ۱۳ : ۳۸ و ۳۹

Marfat.com

مَحْيَا [حَيَّ
مَحِيْضٌ [حَاضَ (= حَيَضَ)
مُخْتَالٌ [خَالَ (= خَيَلَ)

مَخَرَ

مَوَاخِرُ (جمع - واحد مَاخِرَةٌ - اِسم فاعل مؤنث) موجوں کو چیرتے پھاڑتے سمندر میں چلنے والی (کشتیاں) - [س ۱۶ : ۱۴

مَخَضَ

مَخَاضٌ درد زہ - [س ۱۹ : ۱۳

مَدَّ

مَدَّ پھیلانا - کھینچ کر بڑھانا - بڑھانا - زیادہ کرنا -
مَدٌّ (اسم فعل) پھیلانا -
... فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا (س ۱۹ : ۷۶) تو خدائے رحمان اس آدمی کو ڈھیل دیتا رہیگا -
مَدَدٌ اضافہ - [س ۱۸ : ۱۱۰
مَدَادٌ روشنائی - [س ۱۸ : ۱۱۰
مُدَّةٌ مدت - وقت مقررہ - [س ۱۴ : ۳
مَمْدُوْدٌ (اِسم مفعول) پھیلا ہوا - وسیع - [س ۵۶ : ۳۰
مُمَدَّدٌ (اِسم مفعول) بہت وسیع - [س ۱۰۴ : ۹
أَمَدَّ (+ بِ) عطا کرنا - مدد کرنا - بڑھنے دینا -

● واتقوا الذی امدکم بما تعلمون - امدکم بانعام و بنین وجنات وعیون ---
[س ۲۶ : ۱۳۲
مُمِدٌّ (اِسم فاعل) مدد کرنے والا -
[س ۸ : ۹
مُدَّثِّرٌ [دَثَرَ

مَدَنَ

مَدِيْنَةٌ (جمع مَدَآئِنُ) شہر -
اَلْمَدِيْنَةُ پرانا شہر یثرب جس کو لوگ آنجناب کی ہجرت کے بعد مدینۃ النبی کہنے لگے - مدینۂ منورہ -
مَدَنِيٌّ (مؤنث مَدَنِيَّةٌ) مدینہ میں اُتری ہوئی سورت -
مَدْيَنُ حجاز میں ایک شہر کا نام -
مُدْهَامَّتٌ [دَهَمَ
مَدِيْنٌ [دَانَ (= دَيَنَ)

مَرَّ

مَرَّ طرف سے گزر جانا (+ عَلٰی) - گزرنا - جانا - (+ بِ) -
مَرٌّ (اِسم فعل) گزرنا -
مَرَّةٌ ایک بار - ایک دفعہ -
أَوَّلَ مَرَّةٍ شروع میں - پہلی بار -
فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ (س ۸ ; ۵۸) ہر بار -
مَرَّةً ایک بار -

Marfat.com

مَرَّتَانِ دوبار۔

اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ (س۲ : ۲۲۹) طلاق دوھی بار ھوسکتی ھے ۔ (اِسلام سے پہلے لوگ غصہ میں اپنی بیویوں کو کئی کئی بار طلاق دے دیتے اور پھر رجوع کر لیتے ۔ اِسلام نے اس کو روکا) ۔

مِرَّةٌ سمجھ ۔

● --- ذومرة [س ۵۳ : ۶

اَمَرُّ (افعل التفضیل) نہایت کڑوا ۔

مُسْتَمِرٌّ (اسم فاعل) (۱) کوئی بات جو مدت سے ایک طریقہ پر ھوتی چلی آئی ھے ۔ [س ۵۴ : ۲

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ وَاِنْ يَّرَوْا آيَةً يُّعْرِضُوا وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ (س ۵۴ : ۱ و ۲) گھڑی آگئی ، اور چاند شق ھوگیا۔ اورجو یہ لوگ نشانی بھی دیکھیں تو اعتراض کرتے ھیں اور کہتے ھیں یہ تو نا حق (بے معنی بات) ھے جو برابر یوں ھی چلی آئی ھے ۔

[روایتوں سے معلوم ھوتا ھے کہ آنجناب کے زمانہ میں جب آدھے چاند کو گہن لگا تھا تو آپ نے اس سے زمانہ جاھلیت کا خاتمہ بتایا، کیونکہ چاند عرب جاھلیت کا قومی نشان بھی تھا ۔ اس پر لوگوں نے ایسے خسوف کو مدتوں سے ایک طرح پر چلی آنے والی بے معنی بات بتائی] ۔

(۲) زبردست ۔ سخت (مصیبت)

[س ۵۴ : ۱۹ ◉

مَرَأَ

مَرْءٌ آدمی ۔

مَرِئٌ خوش گوار ۔ سریع الھضم ۔ فائدہ بخش ۔ [س ۴ : ۳

مَرَأً = مَرِيْئًا = مَرِيًّا مزے کے ساتھ ۔

اِمْرُؤٌ آدمی ۔

اِمْرَأَةٌ (۱) بی بی ۔ (۲) بیوی ۔

مُرْتَابٌ [رَابَ (= رَيْبَ)

مَرَجَ

مَرَجَ کھول کر چھوڑ دینا ۔ [س ۵۳ : ۳۰

مَارِجٌ شعلہ ۔ [س ۵۵ : ۱۴

مَرِيْجٌ (فعیل بہ معنی مفعول) پریشان ۔ اُلجھا ھوا ۔ [س ۵۰ : ۵

مَرْجَانٌ چھوٹے موتی ۔ [س ۵۵ : ۲۲

مَرِحَ

مَرِحَ اِترانا ۔

● وبما كنتم تمرحون [س ۱۹ : ۷۴

مَرَحٌ (اِسم فعل) اِترانا ۔ اکڑنا ۔

مَرَحًا اکڑتا ھوا ۔ [س ۱۷ : ۳۷

مَرَدَ

مَرَدَ (+ عَلٰى) متمرد ھونا ۔ اڑبیٹھنا ۔

● --- مردوا على النفاق [س ۹ ; ۱۰۲

Marfat.com

مَارِدٌ (اسم فاعل) سرکشی میں اڑا رہنے والا ۔
مَرِیْدٌ سرکشی میں اڑا ہوا ۔
مُمَرَّدٌ (اِسم مفعول) ہموار کیا ہوا ۔ چکنا بنا ہوا ۔ [س ۲۷ : ۴۴

مَرِضَ

مَرِضَ بیمار ہونا ۔ [س ۲۶ : ۸۰
مَرَضٌ (اِسم فعل) (۱) مرض ۔ بیماری ۔ کمزوری ۔
(۲) دل کی کمزوری ، اخلاق کمزوریاں ۔ (راغب)
اَلَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ (س ۸ : ۴۹) وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض ہے ، جن کے دل ٹھیک کام نہیں دیتے ، جن کی عقل وہوش صحیح نہیں ۔
مَرِیْضٌ (جمع مَرْضٰی) بیمار ۔ مریض ۔

مَرَوَ

اَلْمَرْوَةُ مکہ کے نزدیک پہاڑ کا نام ۔ [س ۲ : ۱۵۳

مَرَی

مِرْیَةٌ شک ۔ شبہ ۔
مَارَی کسی سے کسی بارے میں جھگڑنا ۔
مِرَآءٌ (اِسم فعل) جھگڑنا ۔ جھگڑا ۔
تَمَارَی (+ بِ) کسی بارے میں شک کرنا ۔
اِمْتَرَی (+ فِیْ یا + بِ) کسی بارے میں شک کرنا ۔
مُمْتَرٍ (= مُمْتَرِیٌ اِسم فاعل) شک کرنے والا ۔

مَرْیَمُ

مَرْیَمُ حضرت مریم ۔ جناب مسیح کی والدہ ماجدہ ۔ (لغت عبرانی) [س ۱۹ : ۲۸

مَزَجَ

مِزَاجٌ وہ جو کسی چیز میں ملائی جائے ۔ [س ۷۶ : ۵
مُزْجَاةٌ [زَجَا
مُزْحِزِحٌ [زَحْزَحَ
مُزْدَجَرٌ [زَجَرَ

مَزَقَ

مَزَّقَ تتر بتر کرنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ۔
مُمَزَّقٌ (اِسم مفعول) ٹکڑے ٹکڑے ۔
مُزَّمِّلُ [زَمَلَ

مَزَنَ

مُزْنٌ بادل ۔ [س ۵۶ : ۶۸

مَسَّ

مَسَّ (۱) چھونا ۔ ہاتھ لگانا ۔
(۲) عارض ہونا ۔ واقع ہونا ۔
(۳) بیوی کے پاس جانا ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ مالم تمسوھن اوتفرضوا
[س ۲ : ۲۳۶
(۴) مس رکھنا ۔ مطلب تک رسائی رکھنا ۔
● ۔۔۔ لایمسه الاالمطھرون [س ۵۶ : ۷۹
= یطلبه
مَسٌّ (اِسم فعل) (۱) چھونا ۔ ھاتھ لگانا ۔
(۲) ضرر ۔ عذاب ۔ چپیٹ ۔
● ۔۔۔ ذوقوا مس سقر [س ۵۴ : ۴۸
● الذی یتخبطه الشیطان من المس
[س ۲ : ۲۷۶
= من الجنون ۔ (رازی)
مَسَاسٌ (اِسم فعل) ھاتھ لگانا ۔ چھونا ۔
۔۔۔ فَاِنَّ لَكَ فِی الْحَیٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مَسَاسَ (س ۲۰ : ۹۷) موسیٰ نے سامری کو پھٹکارا اور کہا (تجکو کوڑھ پھوٹ جائے) کہ اس حیات میں تو کہتا رہے ھمیں ھاتھ نہ لگانا ، ھم سے دور رھو ۔
تَمَاسَّ ایک دوسرے کو ھاتھ لگانا ، چھونا ۔
[س ۵۸ : ۴
مُسْتَطِیْرٌ [طَارَ (= طَیَرَ)
مُسْتَوْدَعٌ [وَدَعَ

مَسَحَ

مَسَحَ (+ بِ) مسح کرنا ۔ ھاتھ پھیرنا ۔ ھاتھ سے پونچھنا ۔
● ۔۔۔ فامسحوا برء وسکم ۔۔۔ [س ۵ : ۷
مَسْحٌ (اسم فعل) شفقت سے ھاتھ پھیرنا (جیسے سوار اپنے گھوڑوں کو کرتے ھیں) ۔
● ۔۔۔ فطفق مسحا بالسوق و الاعناق
[س ۳۸ : ۳۲
اَلْمَسِیْحُ (زبردست سیاح ۔) حضرت عیسیٰؑ کا لقب ۔ [س ۵ : ۷۵
(لسان میں اس لفظ کو سَاحَ سے بتایا گیا ھے ۔ مگر یہ لغت شام سے ھے ۔)

مَسَخَ

مَسَخَ (۱) بدل دینا ۔ شکل سیرت یا ھیئت بدل دینا ۔
(۲) حالت بری کردینا ۔
(۳) ھلاک کردینا ۔ (اِبن عباس)
۔۔۔ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰی مَكَانَتِهِمْ (س ۳۶ : ۶۷) باوجود اُن کی طاقت کے یا مرتبہ کے ھم ان کو ھلاک کردیں ، یا اُن کو بگاڑدیں ۔

مَسَدَ

مَسَدٌ کھجور کے درخت کے بٹے ھوئے ریشے ۔

مَسَكَ

مِسْكٌ (مذکر و مؤنث) مُشک ۔
مَسَّكَ (+ بِ) مضبوطی سے پکڑنا ۔
اَمْسَكَ پکڑنا ۔ مضبوطی سے پکڑنا ۔ روکنا ۔ رکھنا ۔
اِمْسَاكٌ (اِسم فعل) (۱) روک رکھنا ۔
(۲) تعلق برقرار رکھنا ۔ (راغب)
[س ۲ : ۲۲۹
مُمْسِكٌ (اِسم فاعل) وہ جو روکے ۔

Marfat.com

اِسْتَمْسَكَ (+ بِ) پکڑ لینا ۔ مضبوطی سے پکڑنا ، پکڑے رہنا ۔
مُسْتَمْسِكٌ (اِسم فاعل) مضبوطی سے پکڑنے والا ۔

مَسَا

اَمْسَى شام کو ہونا ، یا شام کو کرنا ۔
حِيْنَ تُمْسُوْنَ (س ۳۰ : ۱۶) شام کے وقت ۔

مُسَيْطِرٌ [سَطَرَ

مَشَجَ

اَمْشَاجٌ (جمع ۔ واحد مَشِيْجٌ) ملے ہوئے ۔
مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ (س ۷۶ : ۲) مرد و بی بی کے ملے نطفے سے ۔
= اختلاط ماء الرجل و ماء المراة ۔ (اِبن عباس ۔ عکرمہ)

مِشْكَاةٌ [شَكَا

مَشَى

مَشَى (+ عَلٰى یا + فِيْ) چلنا ۔ جانا ۔ آگے بڑھنا ۔
مَشْيٌ (اِسم فعل) پیدل چلنا ۔ چلنا ۔
مَشَّآءٌ (اِسم فاعل) پھرنے والا (بدگوئیاں کرتے) ۔ [س ۶۸ : ۱۱

مَصَرَ

مِصْرٌ (مذکر و مؤنث) (۱) بڑا شہر ۔ (۲) ملک مصر ۔

مُصَيْطِرٌ (= مُسَيْطِرٌ) [سَطَرَ

مُضَارٌّ [ضَرَّ

مَضَغَ

مُضْغَةٌ گوشت کا لوتھڑا ۔

مَضَى

مَضَى گزر جانا ۔ چلا جانا ۔
مُضِيٌّ (اِسم فعل) گزر جانا ۔

مَطَرَ

مَطَرٌ (اسم فعل) (۱) بارش ۔ [س ۴ : ۱۰۳
(۲) عذاب کی بارش [س ۲۶ : ۱۷۳
اَمْطَرَ عذاب کی بارش کرنا ۔ [س ۷ : ۸۴
مُمْطِرٌ (اِسم فاعل) وہ جو بارش لائے ۔ [س ۴۶ : ۲۴

مُطْمَئِنٌّ [طَمْنَ

مَطَا

تَمَطَّى اکڑ کر چلنا ۔ [س ۷۵ : ۳۳

مُطَوِّعٌ [طَاعَ (= طَوَعَ)

مَعَ

مَعَ (۱) = عِنْدَ (پاس)
● هذا ذكر من معي و ذكر من قبلي [س ۲۱ : ۲۴

Marfat.com

(۲) اجتماع (مکان یا وقت کے لحاظ سے) -
● و دخل معه السجن فتیان [س ۱۲ :
● ارسله معنا غدا یرتع ویلعب [س ۱۲ :
(۳) اشتراک محض بلا لحاظ مکان یا زمانه (بلکه مجازاً به معنی معونت اور حفظ) -
● و کونوا مع الصادقین [س ۹ : ۱۱۹
● ان الله مع الصابرین [س ۸ : ٦٦
(۴) = مِنْ -
● - - - الا الذین تابوا و اصلحوا و اعتصموا بالله واخلصوا دینهم لله فاولئك مع المؤمنین [س ۴ : ۱۴۵

مَعَاذَ [عَاذَ (= عَوَذَ)
مُعْتَد [عَدَا
مُعْتَرّ [عَرَّ
مَعَرَّةٌ [عَرَّ

معز

مَعْزٌ (جمع - واحد مَاعِزٌ) بکریاں -

معن

مَاعُوْنٌ پناه - اِمداد - (لغت عبری)

معی

اَمْعَآءٌ (جمع - واحد مَعًى - مذکر و مؤنث) انتڑیاں -

مَعِيْنٌ [عَانَ (= عَيَنَ)
مُغِيْرَاتٌ [غَارَ (= غَوَرَ)
مُغْنُوْنَ (جمع - واحد مُغْنٍ) [غَنَى
مَفْتُوْنَ [فَتَنَ

مقت

مَقْتٌ (اسم فعل) (۱) نفرت - غصه -
(۲) نفرت انگیز بات - [س ۴ : ۲٦

مُقْوٍ (= مُقْوِيٌ) [قَوَى
مُقِيْتًا [قَاتَ (= قَوَتَ)

مك

مَكَّةُ مکه معظمه -
مَكِّيٌّ (مؤنث مَكِّيَّةٌ) مکه کی - مکّی -

مكث

مَكَثَ (+ فِيْ) دیر کرنا - ٹھہرنا - رهنا -
مُكْثٌ (اسم فعل) ٹھہرنا -
عَلٰى مُكْثٍ (س ۱۷ : ۱۰۷) ٹھہر ٹھہر کر -
مَاكِثٌ (اسم فاعل) ٹھہرنے والا - رهنے والا -

مكر

مَكَرَ (۱) زبردست تدبیر کرنا (عام اس سے که برائی کے لئے هو یا بهلائی کے لئے) -
● - - - ومکروا مکرا ومکرنا مکرا [س ۲۷ : ۵۰
● - - - ویمکرون ویمکر الله [س ۸ : ۳۰
● فوقاه الله سیئات مامکروا [س ۴۰ : ۴۵
● والذین یمکرون السیئات [س ۳۵ : ۱۰
(۲) سازش کرنا (+ بِ)

Marfat.com

● ۔۔۔ واذ یمکربک الذین کفروا ۔۔۔
[س ۸ : ۳۱

مَکْرٌ (اسم فعل) پختہ تدبیر ۔ زبردست تدبیر (عام اس سے کہ برائی کے لئے ہو یا بھلائی کے لئے) ۔
● وقد مکروا مکرھم وعنداللہ مکرھم وان کان مکرھم لتزول منہ الجبال [س ۱۴ : ۴۶
● ومکرالسئی ولایحیق المکر السئی الا باھلہ
[س ۳۵ : ۴۳

مَاکِرٌ (اسم فاعل) تدبیر کرنے والا ۔
● ۔۔۔ واللہ خیر الماکرین [س ۸ : ۳۰

مَکُنَ

مَکَانٌ [تحت کَانَ

مَکِیْنٌ = مُتَمَکِّنٌ زبردست جما ہوا ۔ قدر اور منزلت والا ۔ (راغب)

مَکَّنَ (۱) قائم کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ جمانا ۔
● ۔۔۔ ولیمکنن لھم دینھم [س ۲۴ : ۵۴
(۲) کسی کو حکومت دینا ۔ حاکم بنانا ۔ (+ ل)
● ۔۔۔ مکنا لیوسف فی الارض [س ۱۲ : ۲۱

مَکِّنِّیْ (س ۱۸ : ۹۴) = مَکَّنَنِیْ

أَمْکَنَ قابو دینا ۔ مسلط کرنا ۔
فَأَمْکَنَ مِنْھُمْ (س ۸ : ۷۲) تو اُس نے (تم کو) اُن پر قابو دیا ۔

مَکَا

مُکَاءٌ (اسم فعل) سیٹی بجانا ۔ [س ۸ : ۳۰

مَلَّ

مِلَّۃٌ مذہب ۔ ملت ۔

أَمَلَّ عبارت لکھوانا ۔
● ۔۔۔ ولیملل الذی علیہ الحق
[س ۲ : ۲۸۲

مَلَأَ

مَلَأَ بھرنا ۔
لَأَمْلَأَنَّ جَھَنَّمَ (س ۷ : ۱۷) میں ضرور بھردونگا جہنم کو ۔
مِلْءٌ (= مِلْأٌ) مقدار جس سے کوئی چیز بھرجائے ۔
۔۔۔ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَھَبًا (س ۳ : ۸۵) دنیا بھرسونا ۔

مَلَأٌ جتھا ۔ جماعت ۔ ساتھی ۔
اَلْمَلَإِ الْأَعْلٰی (س ۳۸ : ۶۹) اعلیٰ صحبت کے لوگ ۔

مَالِئٌ (= مَالِأٌ اسم فاعل) بھرنے والا ۔

اِمْتَلَأَ بھرجانا ۔

مُلَاقٍ (اسم فاعل) [لَقِیَ

مَلَائِکَۃٌ [مَلَکَ

مَلَحَ

مِلْحٌ (مؤنث) نمکین ۔ کھاری ۔ [س ۲۵ : ۵۳

Marfat.com

مَلَقَ

إِمْلَاقٌ (اسم فعل) محتاجی - [س ۶ : ۱۵۲

مَلَكَ

مَلَكَ (۱) مالک ہونا۔ قابض ہونا۔ قابو رکھنا۔ تسلط رکھنا ۔ اختیار رکھنا۔ قابلیت رکھنا ۔

فَمَنْ يَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئاً (س ۴۸ : ۱۱)
تو کون ہے جو تمہارے لئے خدا کے خلاف کچھ بھی کرسکے ؟

مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ جن کے مالک تمہارے داہنے ہاتھ ہوئے ۔ جو تمہارے ہاتھ میں ہیں ۔ جو تمہارے تابع ہیں۔

واضح رہے کہ مَلَكَتْ ماضی کا صیغہ ہے جو ملکیت مستقبلہ پر دلالت نہیں کرتا اور قطع نظر اس کے ان آیتوں کے معانی بھی کسی طرح رقیت مستقبلہ پر اشارہ نہیں کرتے۔ یہ بات صحیح ہے کہ قرآن مجید میں بہت سے افعال صیغہ ماضی سے بیان ہوئے ہیں حالانکہ جو احکام ان کی نسبت ہیں وہ زمانہ مستقبل کو بھی شامل ہیں ۔ مگر افعال انسانی دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ کہ جن کا تحقق اور وقوع دونوں ایک ساتھ ہیں ، مثلاً قتل کہ جب وہ واقع ہوگا اس کا تحقق بھی ہوگا۔ پس ایسے افعال جو صیغہ ماضی سے بیان ہوں ان کے احکام مستقبل کو بھی شامل ہیں کیونکہ ان کا تحقق صرف وقوع فعل پر منحصر ہے ۔ مگر دوسری قسم کے افعال یعنی وہ جن کا تحقق حکمی ہے تو ان کا تحقق بغیر موجود ہونے حکم کے نہیں ہوتا ۔ رقیت ایک حکمی شئی ہے، توجب تک حکم رقیت موجود نہ ہو تحقق رقیت کسی فعل انسانی سے نہیں ہوسکتا ۔ اور حکم رقیت قرآن مجید میں موجود نہیں ہے ۔ پس جو الفاظ متضمن معنی رقیت بہ صیغہ ماضی بیان ہوئے ہیں وہ رقیت مستقبلہ پر حاوی نہیں ہوسکتے۔
(سید احمد رح)

برعکس اس کے قرآن مجید کے تمام احکام میں جو غلام نہ ملنے کی حالت میں اور دوسری قسم کے کفاروں کا ذکر آیا ہے اس سے بھی رقیت مستقبلہ کے معدوم ہونے پر ضرور اشارہ نکلتا ہے۔

(۱) جو تمہارے نکاح میں آچکیں ۔ بیویاں۔
● حرمت علیکم امہاتکم . . . والمحصنات من النساء الا ماملکت ایمانکم ۔ کتاب اللہ علیکم [س ۴ : ۲۴
= والثانی الحرائر محرمات علیکم الا ما اثبت اللہ لکم ملکا علیھن و ذلک عند حضور الولی والشھود وسایر الشرایط المعتبرۃ فی الشریعۃ فھذا الاول فی تفسیر قولہ الا ماملکت ایمانکم و ھو المختار و یدل علیہ قولہ تعلی والذین ھم لفروجھم حافظون الاعلی ازواجھم او ما ملکت ایمانھم جعل اللہ ملك الیمین عبارۃ عن ثبوت الملك فیھا فوجب ان یکون ھھنا مفسرا بذلک لان تفسیر کلام اللہ بکلام اللہ اقرب الطرق الی الصدق والصواب ۔ (تفسیر کبیر)
● لا یحل لك النساء من بعد ولا ان تبدل بھن من ازواج ۔ ۔ ۔ الا ما ملکت یمینك [س ۳۳ : ۵۲

مَلْكٌ (اسم فعل) وہ جو اپنی طاقت میں ہو ، اپنے اختیار میں ہو۔

بِمَلْكِنَا (س ۲۰ : ۹۰) ہماری طاقت کے مطابق ۔

Marfat.com

مُلْكٌ ملك ۔ طاقت ۔ سلطنت ۔

مَلَكٌ (واحد وجمع) ۔

(۱) خدا کی بے انتہا قدرتوں کا ظہور اور وہ قوی جو خدا نے اپنی تمام مخلوقات میں مختلف قسم کے پیدا کر رکھے ہیں ۔ مثلاً پہاڑوں کی صلابت ، پانی کی رقت ، درختوں کی قوت نمو ، برق کی قوت جذب و دفع ۔ غرضکہ تمام قوی جن سے مخلوقات عالم موجود ہیں اور جو مخلوقات میں ہیں ، ان ہی کو قرآن میں مَلَک یا ملائکہ کہا ہے ۔

(۲) فرشتہ ۔ فرشتے ۔ ملائکہ ۔ جیسا زمانۂ جاہلیت میں یہود ، نصاری ، اور عرب مانتے تھے ۔

● وقالوا لولا انزل علیه ملك ۔۔۔ ولو جعلناه ملكا لجعلناه رجلا وللبسنا علیهم ما یلبسون [س ۶ : ۸ و ۹

● قل لو كان فی الارض ملائكة یمشون مطمئنین لنزلنا علیهم من السماء ملكا رسولا [س ۱۷ : ۹۵

● فقال الملؤ الذین كفروا ۔۔۔ ولوشاء الله لانزل ملائكة [س ۲۳ : ۲۴

(۳) انسانی نقائص سے پاك اور اعلی تقدس کا انسان ۔

● ۔۔۔ وقلن حاش لله ما هذا بشرا ۔ ان هذا الا ملك كریم [س ۱۲ : ۳۱

● ۔۔۔ وما انزل علی الملكین ببابل هاروت وماروت ۔۔۔ [س ۲ : ۱۰۲

= ما نافیة ۔ (ابن جریر)

هَارُوْتُ [

مَلِكٌ (جمع مُلُوْكٌ) بادشاہ ۔

مَالِكٌ (اسم فاعل) مالک ۔

مَلَكُوْتٌ (۱) سلطنت ۔ [س ۳۶ : ۸۳

(۲) موجودات عالم اور اس کی خلقت اور فطرت ۔

● اولم ینظروا فی ملكوت السموات والارض وما خلق الله من شئی [س ۷ : ۱۸۴

مَلِيْكٌ شہنشاہ ۔ [س ۵۴ : ۵۵

مَمْلُوْكٌ (اسم مفعول) جو کسی کی ملک ہو ۔ [س ۱۶ : ۷۷

مَلَا

مَلِيًّا بہت دنوں کے لئے ۔ ہمیشہ کے لئے ۔ [س ۱۹ : ۴۷

أَمْلَى (۱) کسی کی عمر بڑھانا ۔ مہلت دینا (+ ل)

(۲) جھوٹے لمبے وعدے کرنا ۔

● ۔۔۔ الشیطان سول لهم ۔ و املی لهم [س ۴۷ : ۲۷

(۳) لکھوانا ۔ (+ علٰی)

● ۔۔۔ فهی تملی علیه بكرة و اصیلا [س ۲۵ : ۵

مِمَّ = مِمَّا = مِنْ + مَا

مِمَّا = مِنْ + مَا

مَمَاتٌ [مَاتَ

مُمْتَحَنَةٌ [مَحَنَ

مُمْتَرِيْنَ (جمع) [مَرَى

مَمَدَّ [مَدَّ

Marfat.com

مِمَّنْ = مِنْ + مَنْ

مَنْ

مَنْ (۱) اسم موصوله (جو کوئی)
● وله من فی السموات والارض
(۲) شرطیه -
● من یعمل سوء یجزبه [س ۴ : ۱۲۲
(۳) استفهامیه (کون ؟)
● من بعثنا من مرقد نا [س ۳۶ : ۵۲
(۴) نکره موصوفه (به معنی فریق)
● ومن الناس من یقول آمنا [س ۲ : ۸
(۵) = مَا (مذکر و مؤنث - واحد و جمع)
● - - - فلما جاءها نودی ان بورك من فی النار ومن حولها - - - [س ۲۷ : ۸

مِنْ حرف جر -
(۱) ابتداء غایت بلا لحاظ مکان یا زمانه
● من المسجد الحرام [س ۱۷ : ۱
● انه من سلیمان [س ۲۷ : ۳۰
(۲) = تبعیض بمعنی بعض
● - - - حتی تنفقوا مما تحبون [س ۳ : ۹۱
(۳) بمعنی تبیین (بیانیه) -
● ما یفتح الله للناس من رحمة [س ۳۵ : ۲
● مهما تاتنا به من آیة [س ۷ : ۱۲۹
● فاجتنبوا الرجس من الاوثان [س ۲۲ : ۳۱
(۴) تعلیلیه (سببیه)
● یجعلون اصابعهم فی اذانهم من الصواعق [س ۲ : ۱۹
(۵) فصل بالمهمله کے لئے -
● والله یعلم المفسد من المصلح [س ۲ : ۲۲۰
(۶) بدل کے واسطے -
● ارضیتم بالحیوة الدنیا من الاخرة [س ۹ : ۳۸
● ولو نشاء لجعلنا منکم ملائکة فی الارض یخلفون [س ۴۳ : ۶۰
(۷) عموم کی تنصیص کے لئے (به معنی استغراق) -
● وما من اله الا الله [س ۳ : ۶۱
(۸) = حرف با -
● - - - ینظرون من طرف خفی [س ۴۲ : ۴۵
● - - - تنزل الملائکة و الروح فیها باذن ربهم من کل امر [س ۹۷ : ۴
= فیها یفرق کل امر حکیم (س ۴۴ : ۴)
(۹) = عَلٰی
● و نصرناه من القوم الذین کذبوا بایاتنا [س ۲۱ : ۷۷

(۱۰) = فِیْ
● اذا نودی للصلوٰة من یوم الجمعة - - - [س ۶۲ : ۹

(۱۱) = عَنْ
● یا ویلنا قد کنا فی غفلة من هذا [س ۲۱ : ۹۷

(۱۲) = اِلٰی
● وسبح بحمد ربك حین تقوم ومن اللیل فسبحه وادبار النجوم [س ۵۲ : ۴۸ و ۴۹
= و الی اللیل و بعد دخول اللیل - (ابن عباس)

(۱۳) = عند
● لن تغنی عنهم اموالهم ولا اولادهم من الله شیئا [س ۵۸ : ۱۷
(۱۴) نفی اور استفہام میں استغراق کے لئے - (راغب)

Marfat.com

● فما منكم من احد عنه حاجزين
[س ۶۹ : ۴۷
(۱۵) ایجاب (اثبات) کے لئے۔
● ولقد جاءك من نبائی المرسلين
[س ۶ : ۳۴
● يحلون فيها من اساور من ذهب
[س ۱۸ : ۳۱
(۱۶) تاکید کے لئے (زائدہ)۔
● وما تسقط من ورقة الا يعلمها [س ۶ : ۵۹
● ماتری فی خلق الرحمان من تفاوت۔ فارجع البصرهل تری من فطور [س ۶۷ : ۳
مِنْهُمْ (س ۲۸ : ۵) اُن کے ہاتھوں سے۔
مِنْ فَوْرِهِمْ (س ۳ : ۱۲۱) (۱) فوراً ہی۔ یکایک۔
(۲) اپنے پورے جوش سے۔
مِنْ خِلَافٍ (س ۵ : ۳۷) مخالف اطراف سے۔
مِنْ وُجْدِكُمْ (س ۶۵ : ۶) تمہاری استطاعت کے مطابق۔
فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ (س ۳ : ۲۷) تو (اس کو) خدا سے کوئی تعلق نہیں۔

مَنَّ

مَنَّ (۱) احسان کرنا۔ (+ عَلٰی)
(۲) احسان جتانا۔
● ۔۔۔ يمنون عليك ان اسلموا
[س ۴۹ : ۱۷
● وتلك نعمة تمنها علی ان عبدت بنی اسرائيل
[س ۲۶ : ۲۱
وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ (س ۷۴ : ۶) اوراحسان نہ جتا کہ تو بہت کچھ کر رہا ہے۔

مَنٌّ (اسم فعل) احسان۔ فیاضی۔
● ۔۔۔ فاما منا بعد او فداء [س ۴۷ : ۵
اَلْمَنُّ (۱) مَنٌّ۔ ترنجبین کی قسم کی ایک چیز جو ایک خاص قسم کی جھاڑیوں پر شبنم کی طرح جم جاتی ہے اور اس میں مٹھاس بھی ہوتی ہے، جیسے کھمبی۔ (بخاری)
[س ۲ : ۵۷
(۲) المن و السلوی کو ایک ہی چیز مانا ہے وقيل المن والسلوی كلا هما اشارة الی ما انعم الله به عليهم و هما بالذات شئ واحد لكن سماه منا بحيث انه امنن به عليهم وسماه سلوی من حيث انه كان لهم به التسلی (راغب)۔ اور اس سے اشارہ ہے گوشت اور نباتات کی طرف جو خدا نے اپنے بندوں کے لئے رزق مقرر کیا ہے۔ قال بعضهم اشار ابن عباس بذلك الی ما زرق الله تعلی عباده من اللحوم والنبات واورد بذلك مثالا۔ (راغب)
مَنُوْنٌ زمانہ۔
رَيْبَ الْمَنُوْنِ (س ۵۲ : ۳۰) گردش زمانہ۔
مَمْنُوْنٌ (۱) احسان کیا ہوا۔
۔۔۔ لهم اجر غير ممنون (س ۴۱ : ۷) اُن کے لئے بدلہ ہے جو اُحسان کے طور پر نہ ہوگا بلکہ جو اُن کا حق واجب الادا ہوگا۔

مَنَاصٌ [نَاصَ (= نَوَصَ)
مُنْتَهًى [نَهَى
مَنْسَأَةٌ [نَسَأَ
مُنْشَآتٌ [نَشَأَ

Marfat.com

مَنَعَ

مَنَعَ (۱) انکار کرنا ۔ منع کرنا ۔ روکنا ۔
(۲) بچانا (+ مِنْ)

● ام لھم آلھة تمنعھم من دوننا ۔
[س ۲۱ : ۴۳

۔۔۔ مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ (س ۱۲ : ۶۳) ھم سے غلہ روک دیا گیا ۔ ھمیں بھرتی کی ممانعت کردی گئی ھے ۔

مَانِعٌ (اسم فاعل) وہ جو بچالے ۔

● ۔۔۔ وظنوا انھم مانعتھم حصونھم من اللہ
[س ۵۹ : ۲

مَنُوعٌ خسیس ۔ بخیل ۔ [س ۷۰ : ۲۱

مَنَّاعٌ وہ جو روکے یا رکاوٹ ڈالے ۔
[س ۵۰ : ۲۴

مَمْنُوعٌ (اِسم مفعول) منع کیا ھوا ۔ ممنوع ۔
[س ۵۶ : ۳۲

مُنْفَكِّينَ [فَكَّ

مِنْهَاجٌ [نَهَجَ

مَنَى

مَنَاةُ عرب جاھلیت کا ایک بت ۔ منات ۔
[س ۵۳ : ۲۰

مَنِيٌّ منی ۔ [س ۷۵ : ۳۷

أُمْنِيَّةٌ (جمع أَمَانِيُّ)
(۱) بیجا تمنا ، آرزو ، خواھش ۔

● وقالوا لن یدخل الجنة الا من کان ھودا اونصاری ۔ تلک امانیھم ۔۔۔
[س ۲ : ۱۰۵
(۲) جھوٹ ۔ (مجاھد)

● ۔۔۔ وغرتکم الامانی [س ۵۷ : ۱۴

(۳) پڑھنا ۔ قرأت ۔

● وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیتہ ۔ فینسخ اللہ ما یلقی الشیطان ثم یحکم اللہ آیاتہ
[س ۲۲ : ۵۲

اے نبی ! ھم نے تجھ سے پہلے کوئی رسول یا نبی ایسا نہیں بھیجا کہ جب اس نے (ھمارے احکام) پڑھ کر سنا دیئے تو (بعد میں) بد معاشوں نے اس کی قرأت (پڑھے ھوئے احکام) میں کچھ باتیں (اپنی طرف سے) نہ ڈال دی ھوں (اس کے دیئے ھوئے احکام میں تحریف نہ کردی ھو) ۔ مگر جو کچھ بد معاش (ان میں) ڈال دیتے ھیں خدا اس کو میٹ دیتا ھے اور پھر (آنے والے نبی یا رسول کے ذریعہ) خدا اپنے احکام مستحکم کردیتا ھے ۔۔۔

مَنَّى کسی میں بے جا اور ناحق آرزوئیں پیدا کرنا ۔

● ۔۔۔ ولامنینھم ۔۔۔ [س ۴ : ۱۱۸

أَمْنَى قطرے ڈالنا ۔

تَمَنَّى (۱) آرزو کرنا ۔
(۲) پڑھنا ۔ [س ۲۲ : ۵۲

تَمَنَّوْنَ (س ۳ : ۱۳۷)
= تَتَمَنَّوْنَ

مَهَدَ

مَهَدَ (۱) بچھونا بچھانا ۔

Marfat.com

(۲) آسائش کے سامان کرنا ۔
فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ (س ۳۰ : ۴۴) یہ تو اپنے ہی لئے سامان آسائش کر رہے ہیں ۔

مَهْدٌ (اسم فعل) (۱) وسیع جگہ ۔ فرش ۔ [س ۲۰ : ۵۳

(۲) گہوارہ ۔
مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا (س ۱۹ : ۲۹) وہ جو تھا (کل ہمارے سامنے) بچہ گہوارہ میں ۔
وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ (س ۳ : ۴۶) اور مخاطب کریگا لوگوں کو (اپنی) صغر سنی ہی میں ۔

مَاهِدٌ (اسم فاعل) آسائش کے سامان کرنے والا ۔
● ۔۔۔ فنعم الماهدون [س ۵۱ : ۴۸

مِهَادٌ (۱) تیار کی ہوئی جگہ ۔
○ ۔۔۔ ولبئس المهاد [س ۲ : ۲۰۶
(۲) فرش ۔ وسیع جگہ ۔
● الم نجعل الارض مهادا [س ۷۸ : ۶

مَهَّدَ تیار کرنا ۔ سامان مہیا کرنا ۔
● ۔۔۔ ومهدت له تمهيدا [س ۷۴ : ۱۴

تَمْهِيدٌ (اسم فعل) سامان مہیا کرنا ۔ [س ۷۴ : ۱۴

مَهَلَ

مُهْلٌ (۱) تیز حرارت سے پگھلا ہوا تانبا ۔
(۲) = عکرالزیت تیل کی گاد (ابن عباس) [س ۷۰ : ۸

مَهَّلَ مہلت دینا ۔ تھوڑی دیر طرح دینا ۔ [س ۸۶ : ۱۷

اَمْهَلَ آہستگی اور نرمی سے پیش آنا ۔ [س ۸۶ : ۱۷

مَهْلِكَ [هَلَكَ

مَهْمَا

مَهْمَا = مَا (شرطیہ) + مَا (زائدہ) (تکرار دور کرنے کے لئے پہلے مَا کا الف هَا سے بدل دیا گیا ۔) جو کچھ بھی ۔ جب کبھی بھی ۔ [س ۷ : ۱۳۲

مَهُنَ

مَهِينٌ ذلیل ۔ [هَانَ (= هَوَنَ)
مهيمن [هَيْمَنَ
مَوَاخِرُ (جمع) [مَخَرَ
مَوَاطِنَ [وَطَنَ
مَوَاقِيتُ (جمع) [وَقَتَ
مَوَالِيَ (جمع) [وَلَى
مَوْبِقٌ [وَبِقَ

مَاتَ

مَاتَ (= مَوَتَ = مَوِتَ = مَيِتَ) مر جانا ۔
مَوْتٌ (۱) قوت نامیہ کا انسان حیوان اور نباتات سے زائل ہونا ۔

Marfat.com

● یحیی الارض بعد موتها [س ۵۷ : ۱۶
● احییناہ بلدة میتا [س ۵۰ : ۱۱
(۲) جاندار سے قوت حاسہ کا زائل ہوجانا۔ غشی ۔بے ہوشی۔
● فاخذتکم الصاعقة ۔۔۔ثم بعثناکم من بعد موتکم۔۔۔ [س۲ : ۵۵ و ۵۶
(۳) قوت عاقلہ کا زائل ہونا۔ جہالت۔ گمراہی۔
● اومن کان میتا فاحییناہ [س ۶ : ۱۲۲
= ضالا فهدیناہ۔ (ابن عباس)
(۴) وہ رنج وغم جوزندگی کومکدر کردے۔ احوال شاقہ۔
● ۔۔۔ و یاتیہ الموت من کل مکان و ما ہو بمیت۔ [س ۱۴ : ۱۷
= لا یموت فیها ولا یحیی (س ۲۰ : ۷۴)
(۵) نیند۔
(۶) موت ۔جان کا جسم سے نکل جانا۔

مَمَاتٌ موت۔
مَیْتٌ (مَیِّتٌ سے مخفف۔ جمع اَمْوَاتٌ) مردہ۔
مَیِّتٌ (جمع مَیِّتُوْنَ اور مَوْتَی) (۱) مردہ۔
(۲) مرنے والا۔ [س ۳۹ : ۳۱
مَوْتَةٌ (واحدة) ایک موت۔
مَیْتَةٌ مردہ۔ مردار۔
أَمَاتَ مارڈالنا۔
أَمَتَّنَا اثْنَتَیْنِ (س ۴۰ : ۱۱) تو نے موت دی ہم کو دوبار۔
مُؤْتَفِكٌ [أَفَكَ

مَاجَ

مَاجَ (+ فِیْ) موجوں کی طرح موج مارنا۔
مَوْجٌ (اسم فعل) موج۔
فِیْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ (س ۱۱ : ۴۴) پہاڑ کی طرح بلند لہروں میں۔

مَارَ

مَارَ حرکت میں آنا۔ جنبش میں آنا۔ مضطرب ہونا۔
مَوْرٌ (اسم فعل) لرزنا۔ کپکپانا۔
● یوم تمور السماء مورا [س ۵۲ : ۹
= تموج موجا۔ (صحاح)
= تشقق السماء۔ (ابن عباس)
= تشقق السماء بالغمام (س ۲۵ : ۲۵)
مُوْرِیَاتٌ [وَرَی

مُوْسَی

مُوْسَی ۱ ۴۱ حضرت موسی۔
مُؤْصَدَةٌ [أَصَدَ
مَوْقُوْتٌ [وَقَتَ
مَوْقُوْذَةٌ [وَقَذَ

مَالَ

مَالٌ (جمع أَمْوَالٌ) مال۔ مال ومتاع خصوصاً مویشی۔ ملکیت۔ دولت۔
مَالِیَهْ (س ۶۹ : ۲۸) ہ = هَاءُ الْوَقْف
مَوْلَا [وَلَی
مُؤْمِنٌ [أَمِنَ

Marfat.com

مَاهَ

مَآءٌ (= مَوَهٌ) پانی - شراب -

مَوْؤُدَةٌ	[وَأَدَ
مَوْئِلٌ	[وَأَلَ
مِيثَاقٌ	[وَثِقَ

مَادَ

مَادَ (۱) کھانا دینا - کھلانا - (راغب)
(۲) بڑی چیز کا ہل جانا -
(۳) مائل ہونا -
(۴) دورہ کرنا - گھومنا -
أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ (س ۱۶ : ۱۵)
(۱) تاکہ زمین تم کو لیکر دورہ کرے (تم اس پر رہ سکو اور وہ گھومتی رہے) - = ان تدور بکم - (رازی)
(۲) وہ تمہیں غذا بہم پہنچائے -

مَآئِدَةٌ (۱) وہ خوان جس پر کھانا چُنا جائے -
(۲) غذا - کھانا - کھانے کی چیز -
(۳) معطیة - (رازی) - نعمت -
مَائِدَةً مِنَ السَّمَآءِ (س ۵ : ۱۱۲) اپنے حضور سے رزق - غیب سے رزق -

مَارَ

مَارَ غلّہ مہیا کرنا -
● ونمیر اهلنا [س ۱۲ : ۶۵

مَازَ

مَازَ فرق کرنا - تمیز کرنا - (+ مِنْ)

● - - - حتی یمیز الخبیث من الطیب [س ۳ : ۱۷۸

تَمَيَّزَ پھٹ پڑنا -
تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ (س ۶۷ : ۸) کوئی دم میں مارے جوش کے پھٹ پڑیگی -
تَمَيَّزُ (س ۶۷ : ۸) = تَتَمَيَّزُ
اِمْتَازَ علحدہ ہوجانا -
وَامْتَازُوا (س ۳۶ : ۵۹) علحدہ ہوجاؤ تم مجرمو -

مَيْسَرَةٌ	[يَسَرَ
مِيعَادٌ	[وَعَدَ
مِيقَاتٌ	[وَقَتَ

مِيكَالُ

مِيكَالُ بہ معنی عبداللہ، خدا کا کام کرنے والا - (لغت عبری) [س ۲ : ۹۸

مَالَ

مَالَ (۱) مائل ہونا - جھک جانا -
(۲) گھوم پڑنا - حملہ آور ہونا - (+ عَلٰی)
● - - - فیمیلون علیکم میلة واحدة [س ۴ : ۱۰۲
مَيْلٌ (اِسم فعل) مائل ہوجانا - جھک پڑنا - [س ۴ : ۱۲۸
مَيْلَةٌ (واحدة) ایک جھکنا -
مَيْلَةً وَاحِدَةً (س ۴ : ۱۰۳) یک بارگی -

Marfat.com

-«باب النون»-

ن

ن = نُوْنٌ

(۱) = اَلدَّوَاتُ - دوات - (اِبن عباس)

● نٓ والقلم وما یسطرون ما انت بنعمة ربك بمجنون [س ۶۸ : ۱ و ۲

= اقسم الله بالنون - (اِبن عباس)

(۲) = حُوْتٌ مچھلی -

● - - - وذا النون اذ ذهب مغاضبا [س ۲۱ : ۸۷

ذُوالنُّوْن (س ۲۱ : ۸۷)

= صَاحِبُ الْحُوْت (س ۶۸ : ۴۸) جب حضرت یونس اپنی قوم سے خفا ہو کر ایک پوری لدی ہوئی کشتی پر سوار ہو گئے تو کشتی والوں نے اُنہیں اٹھا کر دریا میں ڈال دیا - تو ایک بڑی مچھلی نے اُن کو منہ سے پکڑلیا-(س ۳۷ : ۱۳۹-۱۴۵) - ایک حدیث میں آیا ہے کہ آنجنابؐ سے کسی نے پوچھا تو آپ نے فرمایا یونس کو مچھلی نے ایڑی میں پکڑ لیا تھا - قرآن میں ہے وہ زبردست تیراك ہونے کی وجہ سے اس سے بچ گئے - (س ۳۷ : ۱۴۳ و ۱۴۴) - اسی واقعہ سے حضرت یونس کا یہ نام پڑا -

نَادَتْ (مؤنث غائب واحد) [نَدَا

نَأَی

نَأَی چل دینا دور چلے جانا - (+ عَنْ)

● - - - وهم ینهون عنه و ینئون عنه [س ۶ : ۲۶

وَنَأَی بِجَانِبِهٖ (س ۱۷ : ۸۳) اور وہ بچا جاتا ہے اپنا پہلو -

نَبَأَ

نَبَأٌ (جمع اَنْبَاءٌ)

(۱) خبر - اِعلان - مژدۂ نجات و فلاح و حیات -

(۲) نبی کا پیغام -

● لکل نبا مستقر [س ۶ : ۶۶

(۳) حال - قصہ -

(۴) عذر - (تاج)

● - - - فعمیت علیهم الانباء یومئذ [س ۲۸ : ۶۶

نَبِیٌّ (جمع نَبِیُّوْنَ اور اَنْبِیَآءُ) پیغامبر - وہ جو ایک گری ہوئی ، ذلیل ، محکوم قوم کو مژدۂ نجات و فلاح مع اس کے شرائط لاکر سنائے -

نُبُوَّةٌ نبی کا منصب - نبوت - [س ۳ : ۷۹

نَبَّأَ خبر دینا - اطلاع کرنا - حالت بیان کرنا -

اَنْبَأَ (+ بِ) آگاہ کرنا - بتانا -

Marfat.com

اِسْتَنْبَأَ کسی سے خبر دریافت کرنا ۔
[س ۱۰ : ۵۳

نبت

نَبَتَ پیدا کرنا ۔ نکالنا ۔ (+ بِ)
نَبَاتٌ (اِسم فعل) (۱) جڑی بوٹیوں کا اور بچوں کا پیدا ہونا اور پرورش پانا ۔
[س ۳ : ۳۲
(۲) نباتات جو زمین سے پیدا ہوتے ہیں ۔
اَنْبَتَ (زمین سے) پیدا کرنا ۔ نباتات کی طرح نشو و نما دینا ۔
● ۔۔۔ واللہ انبتکم من الارض نباتا
[س ۷۱ : ۱۷

نبذ

نَبَذَ (۱) پھینک دینا ۔
(۲) باطل سمجھکر پھینک دینا ، نہ ماننا ۔
● ۔۔۔ فقبضت قبضة من اثرالرسول فنبذتها
[س ۲۰ : ۹۶
● و اما تخافن من قوم خیانة فانبذ الیهم علی سواء
[س ۸ : ۵۸
۔۔۔ فَانْبِذْ اِلَیْهِمْ (س ۸ : ۶۰)
= ۔۔۔ فانبذ الیهم عهدهم
اِنْتَبَذَ (+ مِنْ) علحدہ ہوجانا ۔
[س ۱۹ : ۲۲

نبز

تَنَابَزَ (+ ب) ایک دوسرے کو نام رکھنا ، آپس میں نام دھرنا ۔
● ۔۔۔ ولا تنابزوا بالالقاب [س ۴۹ : ۱۶

[آنجناب صلعم نے یہود یا نصرانی کو یا یہود یا نصرانی کہکر پکارنا منع فرمایا ہے ۔ (ثعلب)] ۔

نبط

اِسْتَنْبَطَ علم اور سمجھ سے کام لیکر کسی بات کی تہ کو پہنچنا ۔
● ۔۔۔ لعلمه الذین یستنبطونه منهم
[س ۴ : ۸۳

نبع

یَنْبُوعٌ (جمع یَنَابِیعُ) پانی کا چشمہ ۔
[س ۱۷ : ۹۰

نتق

نَتَقَ = زعزع ۔ زوروں سے ہلانا ، جیسے زلزلہ سے ۔ (قاموس ۔ لسان)
● واذ نتقنا الجبل فوقهم کانه ظلة وظنوا انهم واقع بهم
[س ۷ : ۱۷۱
= فلما اخذتهم الرجفة
[س ۷ : ۱۵۵

نثر

مَنْثُورٌ بکھرے ہوئے ۔
[س ۲۵ : ۲۳
اِنْتَثَرَ بکھر جانا ۔
[س ۸۲ : ۲

نجد

نَجْدٌ (اِسم فعل) کھلی شاہراہ ۔
وَهَدَیْنَاهُ النَّجْدَیْنِ (س ۹۰ : ۱۰) اور بتادیں انسان کو دونوں شاہراہیں (تباہی اور فلاح کی) ۔

Marfat.com

نَجِسَ

نَجَسٌ (اِسم فعل) میلہ پن ۔ پلیدی ۔ (مبالغہ کے لئے اِسم) ۔
● انما المشرکون نجس [س ۹ : ۲۸

نَجَلَ

اَلْاِنْجِیْلُ اِنجیل جو حضرت مسیح کی کتاب مانی جاتی ہے ۔ [س ۳ : ۵۸

نَجَمَ

نَجْمٌ (جمع نُجُوْمٌ)
(۱) ستارہ ۔
(۲) بطوراِسم جمع ، ستارے ۔
[س ۱۶ : ۱۶
(۳) بیل بوٹی ۔ (اِبن جریر)
● والنجم والشجر یسجدان [س ۵۵ : ۶
(۴) آیت قرآنی جو نجما نجما نازل ہوتی تھی ۔ (اِبن عباس ۔ مجاھد)
● والنجم اذا ھوی ماضل صاحبکم وما غوی [س ۵۳ : ۱ و ۲
● فلا اقسم بمواقع النجوم وانه لقسم لو تعلمون عظیم انه لقرآن کریم [س ۵۶ : ۷۵
(۴) چھوٹی چھوٹی سلطنتیں ۔
● اذا الشمس کورت واذا النجوم انکدرت [س ۸۱ : ۲
(۵) رؤسائے قوم ۔

نَجَا

نَجَا (+ مِنْ) مصیبت سے نجات پانا ۔
نَجِیٌّ (۱) راز ۔ راز کی بات ۔
نَاجٍ (اِسم فاعل) نجات پانے والا ۔
نَجَاۃٌ (اِسم فعل) مصیبت سے نجات ، چھٹکارا ۔
[س ۴۰ : ۴۱
(۲) جمع نَجْوٰی = مُتَنَاجُوْنَ خفیہ طور پر مشورہ کرنے والے ۔ (بیضاوی)
● ۔۔۔ واذھم نجوی [س ۱۷ : ۵۰
نَجِیًّا (س ۱۲ : ۸۰) خفیہ طور پر ۔
نَجْوٰی = نَجْوَۃٌ ۔ (اِسم فعل)
(۱) خفیہ ملاقات ۔ خفیہ بات ۔
● ۔۔۔ الذین نھوا عن النجوی
[س ۵۸ : ۸
(۲) خفیہ طور پر (مشورہ کرنا) ۔
[س ۱۷ : ۵۰
نَجَّی نجات دینا ۔ آزاد کرنا ۔ بچالینا ۔
● ۔۔۔ فالیوم ننجیك ببدنك [س ۱۰ : ۹۲
مُنْجٍ (= مُنَجِّیْ ۔ اسم فاعل ۔ جمع مُنْجُوْنَ = مُنَجِّیُوْنَ) نجات دینے والا ۔ بچالینے والا ۔
● انا منجوك واھلك [س ۲۹ : ۳۳
نَاجٰی کسی سے خفیہ بات کرنا ۔
● ۔۔۔ اذا ناجیتم الرسول ۔۔۔
[س ۵۸ : ۱۲
اَنْجٰی نجات دینا ۔ بچانا ۔
● ۔۔۔ فانجیناہ ومن معه [س ۲۶ : ۱۱۹
ثُمَّ یُنَجِّیْهِ (س ۷۰ : ۱۴) پھر (وہ چاہتا ہے) یہ (فدیہ) اُسے بچادے ۔
تَنَاجٰی (+ بِ) آپس میں خفیہ باتیں کرنا ۔

Marfat.com

● ۔۔۔ ویتناجون بالاثم [س ۵۸ : ۸

نَحَبَ

نَحْبٌ (اسم فعل) نذر۔ منت۔
۔۔۔ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ (س ۳۳ : ۲۳)
اور انَ میں وہ بھی ہیں جنہوں نے اپنی جان نذر میں پیش کردی۔

نَحَتَ

نَحَتَ تراشنا ۔ گڑھنا ۔
● ۔۔۔ وتنحتون من الجبال بیوتا
[س ۷ : ۷۳

نَحَرَ

نَحَرَ (۱) دسترس پیدا کرنا۔ دستگاہ حاصل کرنا۔ حاوی ہونا ۔
[نَحَرَ الْأُمُورَ عِلْمًا اس نے علم سے معاملے میں دسترس پیدا کی ۔ (زمخشری کی کتاب اساس) ۔
يَنْحَرُ الْعِلْمَ نَحْرًا اس نے دستگاہ حاصل کی علم میں دستگاہ کی طرح ۔(اساس اور قاموس)
أَنَا نَحَرْتُ الشِّعْرَ نَحْرًا میں نے شعر میں دستگاہ حاصل کی دستگاہ کی طرح ۔ (اساس)
نَحَرْتُ الشَّيْءَ عِلْمًا میں علم سے اس چیز پر حاوی ہوا] ۔
● ۔۔۔ فصل لربک و انحر [س ۱۰۸ : ۲
= وانحرالامر نحرا (اور حاوی ہوجا اس امر پر حاوی ہونے کی طرح) ۔
(۲) = نحربالصلوۃ کرنا ۔ رجوع قلب کے ساتھ سیدھا کھڑا ہونا ۔ (امام شافعی)

نَحَسَ

نَحْسٌ (سَعْدٌ کی ضد)
(۱) = جھد، ضر، دقت ۔ مصیبت ۔ تکلیف ۔ تکان ۔ نقصان ۔ بری حالت ۔(تاج)
(۲) = شُؤْمٌ ۔ (تاج)
ناکامی ۔ فلاح نہ ہونا ۔ نحوست ۔
(صحاح ۔ قاموس)
۔۔۔ فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ (س ۵۴ : ۱۹)
سخت مصیبت کے دن میں ۔ (اِن کے لئے) سخت نحوست کے دن میں ۔
نَحِسٌ جس کو فلاح نہیں ۔ جس میں فلاح نہیں ۔ (تاج)
● ۔۔۔ فی ایام نحسات [س ۴۱ : ۱۶
نُحَاسٌ (۱) = قطْرٌ ، صُفْرٌ ، تانبا ، پیتل ۔
(۲) آگ ۔ (قاموس)
(۳) چنگاریاں جو لوہا لال کرکے پیٹا جانے میں نکلتی ہیں (تاج ۔ قاموس)
[س ۵۵ : ۳۵
(۴) دھواں ۔ (فراء)

نَحَلَ

نَحْلٌ (مذکر و مؤنث) شہد کی مکھیاں ۔
[س ۱۶ : ۶۸
نِحْلَةٌ وہ عطیہ جس کا معاوضہ کچھ نہیں، جو بغیر مطالبہ بطیب خاطر دیا جائے ۔ تحفہ ۔
● ۔۔۔ واتوا النساء صدقاتهن نحلة
[س ۴ : ۴

Marfat.com

نَحْنُ

نَحْنُ (مذکر و مؤنث - تثنیه و جمع) هم -

نَخَرَ

نَخِرٌ بوسیده - گلی هوئی (هڈی) - [س ۷۹ : ۱۱

نَخَلَ

نَخْلٌ (مذکر و مؤنث - جمع نَخِيلٌ) کھجور - (بطور اسم جمع) کھجور کے درخت - [س ۵۵ : ۶۸

نَخْلَةٌ (واحدة) کھجور کا ایک درخت [س ۱۹ : ۲۵

نَدَّ

أَنْدَادٌ (جمع - واحد نِدٌّ) وہ چیزیں جو اصل میں ایک ہی سی ہوں یا ایک دوسرے کی مانند یا ضد ہوں - مثل - برابر -

● - - - فلا تجعلوا لله انداداً - - - [س ۲ : ۲۲

نَدِمَ

نَادِمٌ (اسم فاعل) وہ جو پچھتائے، نادم ہو - [س ۵ : ۵۵

نَدَامَةٌ (اسم فعل) ندامت - پچھتاوا - [س ۱۰ : ۵۵

نَدَا

نَادٍ (= نَادِيٌ) مجلس شوریٰ -

● - - - فلیدع ناديه [س ۹۶ : ۱۷

نَدِيٌّ مجلس

● - - - واحسن نديا [س ۱۹ : ۷۳

نَادَى (۱) پکارنا - [س ۱۱ : ۴۲ و ۴۵

(۲) اعلان کرنا (+ فِيْ) [س

(۳) دعوت دینا (+ اِلٰى یا + لِ)

● - - - واذا ناديتم الى الصلوة [س ۵ : ۶۱

- - - يُنَادَوْنَ مِنْ مَكَانٍ بَعِيْدٍ (س ۴۱ : ۴۴) وہ لوگ (گویا) دور کی جگہ سے پکارے جاتے ہیں - وہ صداقت سے اس قدر دور پڑے ہوئے ہیں کہ حق کی آواز ان کے دل کے کانوں تک نہیں پہنچتی - (مولینا شبیر احمد) یہ باتیں اُن کی سمجھ میں ٹھیک نہیں آتیں، یہ اُن کو اجنبی معلوم ہوتی ہیں -

- - - يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَكَانٍ قَرِيْبٍ (س ۵۰ : ۴۰) منادی کرنے والا نزدیک ہی کی جگہ سے پکاریگا، (اُس کی آواز ہر ایک کو یکساں نزدیک معلوم ہوگی) -

نِدَآءٌ (= نِدَاءٌ - اسم فعل) پکارنا - پکار - [س ۱۹ : ۳

مُنَادٍ (= مُنَادِيٌ اسم فاعل) منادی کرنے والا - [س ۵۰ : ۴۰

تَنَادَى ایک کا دوسرے کو مدد کے لئے پکارنا - [س ۶۸ : ۲۱

تَنَادٍ (= تَنَادِيٌ = تَنَادُّ اسم فعل) ایک دوسرے کو مدد کے لئے پکارنا -

اَلتَّنَادِ (س ۴۰ : ۳۲) = اَلتَّنَادِيْ

Marfat.com

نَذَرَ

نَذَرَ مَنَّت ماننا ۔ نذر ماننا ۔ (+ لِ)

● ۔۔۔ انی نذرت للرحمان صوما [س۱۹ : ۲۶

نَذْرٌ (اسم فعل ۔ جمع نُذُرٌ) نذر ۔ منت ۔

نُذْرٌ انجام بد سے آگاہ کرنا ۔ تنبیہ کرنا ۔ ڈرانا ۔ دھمکانا ۔

نُذُرٌ (۱) = نُذْرٌ

(۲) جمع ۔ واحد نَذِیرٌ

نَذِیرٌ (۱) انجام بد سے آگاہ کرنے والا ۔

(۲) انجام بد سے ڈرانا ۔

● فستعلمون کیف نذیر [س ۶۷ : ۱۷

أَنْذَرَ (۱) ایک بات بتانے کے ساتھ ساتھ اس کے انجام کار سے بھی آگاہ کرنا ۔ انجام بد سے آگاہ کرنا ۔ ڈرانا ۔ نصیحت کرنا ۔

(۲) = أَعْلَمَ بتا دینا ۔ (قاموس)

مُنْذِرٌ (اسم فاعل) وہ جو متنبہ کرے، خطرات سے آگاہ کرے ، ڈرائے ، سمجھائے ۔

مُنْذَرٌ وہ جس کو متنبہ کیا گیا، ڈرایا گیا ، نصیحت کی گئی ۔

نَزْدَادُ (جمع متکلم) [زَادَ (= زَیَدَ)

نَزَعَ

نَزَعَ (۱) نکالنا ۔ نکال پھینکنا ۔ دور کرنا ۔

(۲) چھین لینا ۔ اُتار لینا (+ عَنْ)

[س ۷ : ۲۶

نَازِعٌ (اسم فاعل) ستارہ ۔

● والنازعات غرقا [س ۷۹ : ۱

= النجوم تنزع من مکان الی مکان ۔ (تاج)

= النجوم تنزع من برج الی برج ۔

(منتهی الارب)

نَزَّاعٌ (صیغہ مبالغہ) زوروں سے کھینچنے والا ۔

نَزَّاعَةً لِلشَّوَی (س ۷۰ : ۱۶) کلیجے کو کھینچ لینے والی ۔ (شاہ عبد القادر رح و مولینا محمود حسن رح)

نَازَعَ کسی سے جھگڑنا ۔

تَنَازَعَ (۱) آپس میں جھگڑنا ۔ [س ۸ : ۴۶

(۲) آپس میں چھینا جھپٹی کرنا (بطور خوش طبعی) ۔

● ۔۔۔ یتنازعون فیها کاسا [س ۵۲ : ۲۳

نَزَغَ

نَزَغَ (۱) کوئی تکلیف دہ بات دل میں ڈالنا ۔ وسوسہ ڈالنا ۔

● ۔۔۔ واما ینزغنك من الشیطان نزغ ۔۔۔ [س ۷ : ۱۹۹

(۲) جھگڑا ڈالنا ۔ (+ بَیْنَ)

● ان الشیطان ینزغ بینهم [س ۱۷ : ۵۳

نَزْغٌ (اسم فعل) برائی کی ترغیب ۔ وسوسہ ۔ [س ۷ : ۲۰۰

نَزَفَ

نَزَفَ (+ عَنْ) ہوش زائل ہونا ۔

● ۔۔۔ ولا هم عنها ینزفون [س ۳۷ : ۴۷

Marfat.com

نَزَلَ

نَزَلَ اُوپرسے نیچے اُترنا ۔ [س ۱۷ : ۱۰۵

نُزُلٌ ضیافت ۔ مہمانی کا سامان ۔ ھدیہ ۔ تحفہ ، اترنے کی جگہ ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔

- ۔۔۔ نزلامن عند الله [س ۳ : ۱۹۷
- ۔۔۔ لهم جنات الفردوس نزلا [س ۱۸ : ۱۰۸

نَزْلَةٌ (واحدة) ایک اُترنا ۔ ایک موقعہ ، کیفیت ۔

نَزْلَةً ایک بار ۔

وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى (س ۵۳ : ۱۳)
اور رسول (صلعم) نے اپنے آپ کو ایک اور کیف میں پایا ۔

مَنَازِلُ (جمع ۔ واحد مَنْزِلٌ) سیاروں کے ٹھہرنے کی جگہیں ۔ منزلیں [س ۳۶ : ۳۹

نَزَّلَ (۱) اُوپر سے اُتارنا ، بھیجنا ۔

- نزل من السماء ماء [س ۲۹ : ۶۳
- مانزل الله بها من سلطان [س ۷ : ۷۰

(۳) قلب پر اُتارنا ۔ ذھن میں ڈالنا ۔

- ۔۔۔ فانه نزله على قلبك [س ۲ : ۹۷
- ۔۔۔ نزله روح القدس [س ۱۶ : ۱۰۲

تَنْزِيلٌ (اسم فعل) اُوپر سے اُتارنا ، بھیجنا ۔ [س ۲۶ : ۱۹۲

مُنَزِّلٌ (اسم فاعل) وہ جو اوپر سے بھیجے یا اُتارے ۔ [س ۵ : ۱۱۵

مُنَزَّلٌ نازل کیا ہوا ، اُتارا ہوا ۔ [س ۶ : ۱۱۴

أَنْزَلَ (۱) اُتارنا ۔ بھیجنا ۔

- وانزل من السماء ماء [س ۲ : ۲۲

(۲) قلب پر اُتارنا ۔ ذھن میں ڈالنا ، دل میں ڈالنا ۔ وحی کرنا ۔

- فانزل الله سكينته عليه [س ۹ : ۴۱
- و انزل الله عليك الكتاب [س ۴ : ۱۱۲
- انزل الكتاب بالحق [س ۴۲ : ۱۷
- انا انزلناه قرآنا عربيا [س ۱۲ : ۲

= ولو نزلنا عليك كتابا فى قرطاس فلمسوه بايديهم لقال الذين كفروا ان هذا الاسحر مبين [س ۶ : ۷

(۳) نعمتوں کے حصول کے اسباب بہم پہنچانا ۔

- ۔۔۔ وانزل لكم من الانعام [س ۳۹ : ۶
- قد انزلنا عليكم لباسا [س ۷ : ۲۰
- و انزلنا الحديد [س ۵۷ : ۲۵
- ۔۔۔ و انزلنا عليهم المن والسلوى ۔۔۔ [س ۷ : ۱۵۹
- وانزلنا اليكم نورا مبينا [س ۴ : ۱۷۳

(۴) عذاب بھیجنا ، اُتارنا ۔

- ۔۔۔ فانزلنا على الذين ظلموا رجزا من السماء ۔۔۔ [س ۲ : ۵۹

مُنْزِلٌ (اسم فاعل) (۱) عذاب لانے والا ۔ [س ۲۹ : ۳۴

(۲) اُتارنے والا ۔ [س ۵۶ : ۶۸

(۳) مہمان نواز ۔ [س ۱۲ : ۵۹

مُنْزَلٌ (اِسم مفعول) نازل کیا ہوا ۔ اُتارا ہوا [س ۲ : ۱۲۰

مُنْزَلاً اسم زمان یا مکان ۔

- رب انزلني منزلا مباركا [س ۲۳ : ۳۰

Marfat.com

تَنَزَّلَ (+ عَلٰی) خوش گوار طور سے اُترنا ۔ آہستہ آہستہ اُترنا ۔ [س ۹۷ : ۴

نَسَأَ

نَسِیْءٌ عرب میں قدیم سے معمول چلا آتا تھا کہ سال کے بارہ مہینوں میں سے چار مہینے اشہر حرم (خاص ادب و احترام کے مہینے) مانے جاتے تھے ۔ یہ مہینے ذوالقعدہ ذوالحجہ محرم اور رجب تھے ۔ ان میں خونریزی اور جدال و قتال قطعاً بند کردیا جاتا تھا ۔ حج و عمرہ اور تجارتی کاروبار کے لئے امن و امان کے ساتھ آزادی سے سفر کرسکتے تھے ۔ کوئی شخص ان ایام میں اپنے باپ کے قاتل سے بھی تعرض نہ کرتا تھا ۔ اسلام سے ایک مدت پہلے جب عرب کی وحشت و جہالت حد سے بڑھ گئی اور باہمی جدال وقتال میں بعض بعض قبائل کی درندگی اور انتقام کا جذبہ کسی آسمانی یا زمینی قانون کا پابند نہ رہا تو نسی کی رسم نکالی یعنی جب کسی زورآور قبیلہ کا ارادہ ماہ محرم میں جنگ کرنے کا ہوا تو ایک سردار نے اعلان کر دیا کہ اس سال ہم نے محرم کو اشہر حرم سے نکال کر اُس کی جگہ صفر کو حرام کردیا ، پھر اگلے سال کہہ دیا کہ اس مرتبہ حسب دستور قدیم محرم حرام اور صفر حلال رہیگا ۔ اس طرح سال میں چار مہینوں کی گنتی تو پوری کرلیتے تھے لیکن ان کی تعین میں حسب خواہش ردوبدل کرتے رہتے تھے ۔ (از مولینا شبیر احمد)

اِسی طرح مہینوں کے آگے پیچھے کرنے کو نَسِیْ کہتے تھے ۔ اس سے امن و امان بالکل اُٹھ جاتا اور دوردور سے آنے والے حاجیوں کو بڑی دقتیں پڑتیں ۔

● ۔۔۔ انما النسیٓ زیادۃ فی الکفر یضل بہ الذین کفروا یحلونہ عاما ویحرمونہ عاما ۔۔۔ [س ۹ : ۳۷

اس بارے میں ایک لائق مضمون نگار نے نہایت دلچسپ بحث کی ہے جو میں ضمیمہ میں درج کرتا ہوں ۔ شایقین اسے ضرور بغور پڑھیں ۔

مِنْسَأَۃٌ عصا ۔ گریڑیا کی لاٹھی ۔

۔۔۔ تَأْکُلُ مِنْسَأَتَہٗ (س ۳۴ : ۱۴) کہ کھوکھلی کرڈالی اس نے سلیمان کی سلطنت اور برباد کرڈالا اس کو ۔ [تحت دَابَّۃ

نَسَبَ

نَسَبٌ (جمع أَنْسَابٌ) قرابت ۔ رشتہ ۔ ماں باپ یا دونوں میں سے کسی ایک کی طرف سے قرابت ۔ [س ۲۳ : ۱۰۱

نَسَبًا وَّصِهْرًا (س ۲۵ : ۵۶)

= ذَا نَسَبٍ وَّسِهْرٍ

نَسَخَ

نَسَخَ (۱) ایک چیز کا دوسری چیز سے ازالہ کرنا ۔ [س ۲۲ : ۵۱

(۲) ایک حکم کا ازالہ کرکے دوسرے حکم کا اثبات کرنا ۔

۔۔۔ مَا نَنْسَخْ مِنْ آیَۃٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَیْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا (س ۲ : ۱۰۶)

Marfat.com

ان المراد من الايات المنسوخة هى الشرايع التى فى الكتاب القديمة من التورية والانجيل كالسبت والصلوة الى المشرق والمغرب مما وضعه الله تعلى عنا و تعيدنا بغيره فان اليهود والنصارى كانوا يقولون لا تؤمنوا الا لمن تبع دينكم فابطل انه عليكم ذلك بهذه الاية ۔ (ابو مسلم اصفهانى)

واعلم انا بعد ان قررنا هذه الجملة فى كتاب المحصول فى اصول الفقه تمكنا فى وقوع النسخ بقوله تعلى ماننسخ ۔۔۔ الاستدلال به ايضا ضعيف لانما ههنا تفيد الشرط و الجزاء وكما ان قولك من جاءك فاكرمه لا يدل على حصول المجئى بل على انه متى جاء وجب الاكرام فكذا هذه الاية لاتدل على حصول النسخ بل على انه متى حصل النسخ وجب ان ياتى بما هو خير منه ۔ (تفسير كبير)

(۳) لكهنا ۔

نُسْخَةٌ نسخه ۔ لكهائى ۔ تحرير [س ۷ : ۱۵۴

اِسْتَنْسَخَ نقل كرنا ۔ لكهنا ۔

● ۔۔۔ انا كنا نستنسخ ما كنتم تعملون [س ۴۵ : ۲۹

نَسَرَ

نَسْرٌ عرب جاهليت كا ايک بُت [س ۷۱ : ۲۳

نَسَفَ

نَسَفَ كسى چيز كو جڑ سے اُكھاڑ پھينكنا ، ريزه ريزه كرنا ، اور بكھير دينا ۔ [س ۲۰ : ۱۰۵

نَسْفٌ (اسم فعل) كسى چيز كو جڑ سے اُكھاڑ كر ريزه ريزه كركے بكھير دينا ۔ [س ۲۰ : ۹۷

نَسَكَ

نُسُكٌ (اِسم فعل ۔ جمع ۔ واحد نَسِيْكَةٌ) رسمى قربانيان ۔ [س ۶ : ۱۶۳

نَاسِكٌ (اسم فاعل) رسوم (حج) ادا كرنے والا ۔ [س ۲۲ : ۶۶

مَنْسَكٌ رسم ۔ دستور ۔ طريقه عبادت ۔ [س ۲۲ : ۳۴

مَنَاسِكُ (جمع ۔ واحد مَنْسِكٌ اور مَنْسَكٌ) رسوم ، طريقه عبادت ۔

● فاذا قضيتم منا سككم فاذكروا الله [س ۲ : ۲۰۰

● ۔۔۔۔ وارنا مناسكنا [س ۲ : ۱۲۸

نَسَلَ

نَسَلَ (+ مِنْ) دوڑنا ۔ نكل بها گنا ۔

● ۔۔۔ مَن كل حدب ينسلون [س ۲۲ : ۹۶

نَسْلٌ (اسم فعل) (۱) اولاد ۔ بنياد ۔ نسل ۔ (۲) مويشى ۔

● ۔۔۔ و يهلك الحرث والنسل [س ۲ : ۲۰۱

نَسِيَ

نَسِيَ بھولنا ۔ غفلت كرنا ۔

نَسْيٌ بھولى هوئى چيز ۔ [س ۱۹ : ۲۲

نَسِيٌّ بھولنے والا ۔ غافل ۔

Marfat.com

نِسْوَةٌ (جمع - واحد میں اِمْرَأَةٌ) بیبیاں - [مَرَءَ
نَسَآءٌ = نِسْوَةٌ
مَنْسِيٌّ بُھلایا ہوا - بھولا بسرا - [س ۱۹ : ۲۲
اَنْسٰى (۱) بُھلا دینا -
(۲) یوں ہی چھوڑ دینا -
مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا --- (س ۲ : ۱۰۰) جس آیت کو ہم بدل دیں یا یوں ہی چھوڑدیں ، نہ بدلیں ---
= ما نبدل من آية اونترکها فلا نبدلها - (ابن عباس)

نَشَأَ

نَشَأَ اُگنا ، بڑھنا اور ترقی کرنا - اُٹھنا - زندہ ہونا اور بہ تدریج ترقی کرنا - (تاج)
نَاشِئَةٌ سو کر اُٹھنا -
نَاشِئَةُ اللَّيْلِ (س ۷۳ : ۶) رات کا اُٹھنا -
نَشْأَةٌ ایک چیز کا وجود میں آنا اور تربیت پانا - پیدائش - [س ۵۶ : ۶۲
نَشَّأَ تربیت دینا - تعلیم دینا - [س ۴۳ : ۱۸
اَنْشَأَ پیدا کرنا - اُگانا - بنانا - تربیت کرنا -
● هوالذی انشاکم [س ۶ : ۹۹
اِنْشَآءٌ (اِسم فعل) پیدائش - خلقت - تربیت - [س ۵۶ : ۳۴
اِنَّا اَنْشَاْنَاهُنَّ اِنْشَآءً (س ۵۶ : ۳۴) ہم نے تربیت کی اُن کی ایک (خاص) تربیت - ہم نے اُن کو اعلی تربیت یافتہ بنایا -

مُنْشِئٌ (اسم فاعل) وہ جو تربیت دے - وہ جو بہ ترتیب نشوونما دے ، اُگائے -
● ---ءانتم انشاتم شجرتها ام نحن المنشؤن [س ۵۶ : ۷۲
مُنْشَاةٌ (جمع مُنْشَآتٌ = مُنْشَاَاتٌ) اُونچی اُٹھی ہوئی - اُونچی اُونچی بنائی ہوئی (کشتیاں) -
● وله الجوار المنشئات فی البحر کالاعلام [س ۵۵ : ۲۴

نَشَرَ

نَشَرَ تہہ کھولنا - پھیلانا -
نَشْرٌ (اِسم فعل) پھیلانا -
نُشُوْرٌ (اِسم فعل) بحال کرنا - تازگی پیدا کرنا - نئی روح پیدا کرنا -
● واللہ الذی ارسل الریاح فتثیر سحابا فسقناہ الی بلد میت فاحیینا به الارض بعد موتها - کذلك النشور [س ۳۵ : ۹
● واتخذوا من دونه آلهة لایخلقون شیئا --- ولا یملکون موتا ولا حیوة ولا نشورا [س ۲۵ : ۳
● وهوالذی جعل لکم اللیل لباسا والنوم سباتا وجعل النهار نشورا [س ۲۵ : ۴۷
نَاشِرٌ (اِسم فاعل) وہ جو پھیلائے -
--- وَالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا (س ۷۷ : ۳) وہ اشخاص (رَسول) جو حق کو پھیلاتے ہیں -
مَنْشُوْرٌ (اِسم مفعول) پھیلایا ہوا -
[س ۵۲ : ۳
مُنْشَرٌ (اِسم مفعول) کھلا ہوا - پھیلا ہوا -

Marfat.com

أَنْشَرَ تازگی لانا ۔ روح پیدا کرنا ۔
[س ۸۰ : ۲۲
مُنْشَرٌ (اِسم مفعول) مردہ حالت سے اُٹھایا ہوا ۔ [س ۴۴ : ۳۴
اِنْتَشَرَ پھیلادیا جانا ۔ منتشر ہوجانا ۔
[س ۳۳ : ۵۳
مُنْتَشَرٌ (اِسم فاعل) وہ جو پھیل جائے ۔
[س ۵۴ : ۷

نَشَزَ

نَشَزَ (۱) اُٹھ کھڑا ہونا (مجلس میں دوسروں کو جگہ دینے کے لئے) ۔
● ۔۔۔ و اذا قیل انشزوا فانشزوا
[س ۵۸ : ۱۱
(۲) بد سلوکی کرنا میاں کا بیوی سے یا بیوی کا میاں سے ۔
نُشُوْزٌ (اِسم فعل) میاں یا بیوی کا ایک دوسرے سے بدسلوکی کرنا ۔
● ۔۔۔ وان امراۃ خافت من بعلھا نشوزا او اعراضا ۔۔۔ [س ۴ : ۱۲۸
● ۔۔۔ و اللاتی تخافون نشوزھن
[س ۴ : ۳۴
أَنْشَزَ اُٹھا کر کھڑا کرنا ۔ زندہ کرنا ۔
[س ۲ : ۲۵۹

نَشَطَ

نَشَطَ ایک جگہ سے نکل جانا ۔
نَشْطٌ (اِسم فعل) اپنی جگہ سے باہر نکلنا ۔ نشط من المکان نشطا بیرون آمداز جائے ۔ (منتھی الارب)
نَاشِطٌ (اسم فاعل) اپنی جگہ سے نکلنے والا (ستارہ) ۔
الناشط الثور الوحشی یخرج من ارض الی ارض ۔ (منتھی الارب)
وَالنّٰشِطٰتِ نَشْطاً (س ۷۹ : ۲)
= النجوم تنشط من برج الی برج کالثور الناشط من بلد الی بلد ۔ (صحاح)
= النجوم تنشط ای تطلع ۔ (تاج تحت نزع)

نَصَبَ

نَصَبَ (۱) رکھنا ۔ جمانا ۔ کھڑا کرنا ۔
● ۔۔۔ و الی الجبال کیف نصبت ۔۔۔
[س ۸۸ : ۱۹
(۲) تکلیف دینا ۔
نَصَبَ جان فشانی سے کام کرنا ؛ تن دھی سے کام کرنا ۔
فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ (س ۹۴ : ۷) اب جبکہ ہم نے تیرا بوجھ ہلکا کردیا اور تجھے غم و فکر سے خالی کردیا (جیسا اُوپر بیان ہوچکا ہے) اور اسطرح تیرے تفکرات دور ہوگئے ہیں تو جو کام تیرے سپرد ہوا ہے اس میں پوری تن دھی سے لگ جا ۔
نُصُبٌ (اِسم فعل) = نَصْبٌ = نَصَبٌ (قاموس) ۔ بُرائی ۔ (صحاح) ۔ آزمائش ۔ مصیبت ۔ (صحاح ۔ قاموس)
● ۔۔۔ انی مسنی الشیطان بنصب و عذاب
[س ۳۸ : ۴۱
نَصَبٌ (اِسم فعل) (۱) تکان ۔ محنت ۔
[س ۱۸ : ۶۳

Marfat.com

(۲) دقت ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔ (تاج)
[س ۹ : ۱۲۱

نَصَبٌ (جمع اَنصَابٌ) (۱) = نَصَبٌ = نَصَبٌ = علم منصوب (قاموس) ۔ عَلم ۔ جھنڈا ۔

● ۔۔۔ کانھم الی نصب یوفضون
[س ۷۰ : ۴۳

(۲) جمع ۔ واحد نَصِیبَۃٌ ۔ (تاج) جھنڈے ۔

(۳) (جمع ۔ واحد نَصِیبٌ) ۔

(۱) وہ پتھر جو کعبہ کے گرد گڑے ہوئے تھے جن پر دیوتاؤں کے نام لیکر جانور ذبح کئے جاتے تھے ۔

(۲) وہ اَن گڑھے پتھر جو اکثر بت پرست لوگ کسی دیوتا کے نام پر نصب کرلیتے ھیں اور اسی کی پرستش بھی کرتے ھیں گو اس پر کوئی صورت کھدی نہیں ھوتی ۔

● ۔۔۔ وما ذبح علی النصب [س ۵ : ۴

(۴) بُت ۔

● ۔۔۔ والمیسر والانساب [س ۵ : ۹۲

نَصِیبٌ حصہ ۔ [س ۴ : ۳۱

نَاصِبٌ (اسم فاعل) محنت کرنے والا ۔ تھکاھوا ۔

● ۔۔۔ عاملۃ ناصبۃ [س ۸۸ : ۳

نَصَتَ

نَصَتَ چُپ رھنا ۔

اَنصَتَ = نَصَتَ

● ۔۔۔ فاستمعوالہ وانصتوا [س ۷ : ۲۰۳

نَصَحَ

نَصَحَ نصیحت کرنا ۔ مشورہ دینا ۔ نیک صلاح دینا ۔ خلوص برتنا ۔

نُصحٌ (اسم فعل) مشورہ ۔ صلاح ۔

نَاصِحٌ (اسم فاعل) نصیحت کرنے والا ۔ نیک صلاح دینے والا ۔

نَصُوحٌ سچا اور مخلص ۔

تَوبَۃً نَصُوحًا (س ۶۶ : ۸) سچائی اور خلوص کے ساتھ اپنی روش بدلنا ۔

نَصَرَ

نَصَرَ (۱) مدد دینا ۔ اعانت کرنا ۔

وَلَیَنصُرَنَّ اللہ من ینصرہٗ (س ۲۲ : ۴۱) اور خدا ضرور اُس کی مدد کریگا جو اپنی آپ مدد کرے ۔

(۲) بچانا ۔ (+ مِنْ)

● ۔۔۔ و من ینصرنی من اللہ ۔۔۔
[س ۱۱ : ۳۰

(۳) فتح دینا (+ عَلٰی) ۔

● ۔۔۔ وینصرکم علیھم [س ۹ : ۱۴

نَصرٌ (اسم فعل) امداد ۔ اعانت ۔ فتح ۔

نَاصِرٌ (اسم فاعل ۔ جمع نَاصِرُوْنَ اور اَنصَارٌ) وہ جو مدد کرے ، بچائے ۔

نَصِیرٌ (جمع اَنصَارٌ) مدد کرنے والا ۔ بچانے والا ۔

اَلاَنصَارُ (س ۹ : ۱۰۱) یثرب کے وہ لوگ

Marfat.com

جو سب سے پہلے ایمان لائے اور آنجناب صلعم اور آپ کے ساتھیوں کے حامی ہوئے۔

نَصَارٰی (جمع ۔ واحد نَصْرَانٌ) حضرت مسیح کے پیرو۔ مسیحی لوگ۔ [س۲ : ۵۹

نَصْرَانِیٌّ مسیحی۔ [س۳ : ۶۰

مَنْصُوْرٌ وہ جس کی مدد کی گئی۔ [س۱۷ : ۳۵

تَنَاصَرَ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَنَاصَرُوْنَ (س۳۷ : ۲۵)

= تَتَنَاصَرُوْنَ

اِنْتَصَرَ (۱) (+ مِنْ) ظالم سے بدلہ لینا۔ سزا دینا۔

● ولویشاء اللہ لا نتصر منھم [س۴۷ : ۴

(۲) اپنے تئیں بچانا۔

● والذین اذا اصابھم البغی ھم ینتصرون [س۴۲ : ۳۹

--- اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (س۵۴ : ۱۰) کہ میں مغلوب ہوگیا ہوں بس تو میرا بدلہ لے۔

مُنْتَصِرٌ (اسم فاعل) وہ جو اپنے تئیں بچاسکے۔

● --- نحن جمیع منتصر [س۵۴ : ۴۵

اِسْتَنْصَرَ اپنے دشمن کے خلاف کسی سے مدد مانگنا۔

● --- الذی استنصرہ بالامس [س۲۸ : ۱۸

نَصَفَ

نِصْفٌ آدھا۔

نَصَا

نَاصِیَةٌ (جمع نَوَاصٍ) پیشانی کے بال۔

اَخذ بناصیہ : پیشانی کے بال پکڑنا۔ کسی کو بے بس کر کے قبضے میں رکھنا، کام لینا، یا سزا دینا۔

● ماامن دابۃ الا ھو آخذ بناصیتھا [س۱۱ : ۵۶

نَضِجَ

نَضِجَ اچھی طرح پک جانا۔ [س۴ : ۵۹

نَضَخَ

نَضَّاخَةٌ افراط سے مسلسل جاری رہنا۔ [س۵۵ : ۶۶

نَضَدَ

نَضِیْدٌ ایک پر ایک ڈھیر لگا ہوا۔

● --- والنخل باسقات لھا طلع نضید [س۵۰ : ۱۰

مَنْضُوْدٌ (اِسم مفعول) (۱) ایک پر ایک بچھا ہوا۔ تہ بہ تہ۔

● --- وطلح منضود [س۵۶ : ۲۸

(۲) ایک کے بعد ایک۔ تابڑ توڑ۔ پے درپے۔

● --- وامطرنا علیھا حجارۃ من سجیل منضود [س۱۱ : ۸۲

= یتبع بعضہ بعضا۔ (ابن جریر)

نَضَرَ

نَضْرَةٌ چمک۔ تازگی۔

Marfat.com

● ۔۔۔ ولقاهم نضرة و سرورا
[س ۷۶ : ۱۱

نَاضِرَةٌ (اسم فاعل) تازہ ۔ چمکیلا ۔
[س ۷۵ : ۲۲

نَطَحَ

نَطِيحَةٌ وہ جانور جو دوسرے جانور کے سینگ سے زخمی ہو کر مر جائے ۔ [س ۵ : ۴

نَطَفَ

نُطْفَةٌ (۱) صاف پانی ۔ (تاج ۔ لسان)
(۲) انسان کے بدن کا جوہر جسے نطفہ انسانی کہتے ہیں ۔ [س ۲۳ : ۱۲

نَطَقَ

نَطَقَ (۱) صاف صاف بولنا ۔ بات کرنا ۔
(۲) مجازاً دلیل ہونا ۔
● هذا كتابنا ينطق عليكم بالحق
[س ۴۵ : ۲۹

مَنْطِقٌ (اسم فعل) بولی ۔
مَنْطِقُ الطَّيْرِ فوج کی بولی ۔ فوج کے قواعد ۔
● وَورث سليمان داؤد و قال يا ايها الناس علمنا منطق الطير ۔۔۔ و حشر لسليمان جنوده من الجن و الانس و الطير فهم يوزعون
[س ۲۷ : ۱۶ و ۱۷

أَنْطَقَ صاف بات کرانا ۔ بولنے کی قوت دینا ۔
● قالوا انطقنا الله الذى انطق كل شئ
[س ۴۱ : ۲۱

نَظَرَ

نَظَرَ (+ إِلٰى یا + فِيْ) (۱) دیکھنا ۔ دیکھتے رہنا ۔
فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ (س ۳۷ : ۸۸) تو ابراہیم نے تاروں کی طرف ایک نظر ڈالی (کہ اُن کی قوم ان ہی کی پرستش کرتی تھی ۔ گویا کہ حضرت ابراہیم اپنی قوم کو اشارہ سے بولے کیا یہی تمہارے خیال میں تمہارے معبود ہیں ؟) ۔۔۔
(۲) توقع کرنا ۔
● ۔۔۔ وما ينظر هؤلاء الا صيحة واحدة
[س ۳۸ : ۱۴
● ۔۔۔ هل ينظرون الا ان يا تيهم الله فى ظلل من الغمام و الملائكة و قضى الامر
[س ۲ : ۲۰۶
(۳) دیکھنا اور غور کرنا ۔ (+ إِلٰى)
● ۔۔۔ فانظر الى طعامك ۔۔۔
[س ۲ : ۲۵۹
(۴) تصور کرنا ۔
● ۔۔۔ على الارائك ينظرون
[س ۸۳ : ۲۳
(۵) انتظار کرنا ۔
● ۔۔ انظرونا نقتبس من نوركم
[س ۵۷ : ۱۳
(۶) لحاظ کرنا ۔ پروا کرنا ۔
● ۔۔۔ لايخفف عنهم العذاب ولاهم ينظرون
[س ۲ : ۱۵۷
= ۔۔۔ نہ اُن کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا ہی جائیگا ، نہ اُن کا لحاظ کیا جائیگا ، نہ اُن کی تکلیف کی پروا کی جائے گی ۔

نَظَرٌ (اسم فعل) نظر ۔
نَاظِرٌ (اسم فاعل) نظر رکھنے والا ۔

Marfat.com

نَظْرَةٌ ایک نظر۔
نَظَرَةٌ مہلت۔
اَنْظَرَ کسی کو مہلت دینا ۔کسی کا لحاظ کرنا ۔
● ۔۔۔ ثم کیدون فلا تنظرون [س ۷ : ۱۹۴
تُنْظِرُوْنِ (س ۷ : ۱۹۴) = تُنْظِرُوْنَنِیْ
مُنْظَرٌ (اسم مفعول) جس کو مہلت دی گئی۔
اِنْتَظَرَ انتظار کرنا ۔
مُنْتَظِرٌ (اسم فاعل) وہ جو انتظار کرے ۔

نَعَجَ
